حزبِ امام ولی اللہ دہلویؒ

کی

اجمالی تاریخ کا مقدمہ

از

حضرت مولانا عبید اللہ سندھی

منصور حیدر راجہ

حزبِ امام ولی اللہ دہلویؒ

کی

اجمالی تاریخ کا مقدمہ

از

حضرت مولانا عبید اللہ سندھی

ناشر:

کتاب خانہ پنجاب لاہور

قیمت عہ قسم اول عاہ

سنہ ۱۹۴۲ء

بار اول

فہرستِ مضامین

عرضِ حال ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۷
اجمالی فہرست ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۹
عرضِ مرتّب (حاشیہ) ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱۱

حزبِ ولی اللہ کا پہلا دور

حکیم الہند امام ولی اللہ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱۳
شاہ ولی اللہ کا زمانہ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱۳
شاہجہان کے دارالخلافہ کے پہلو میں ایک بیت الحکمتہ (شاہ عبدالرحیم کا مدرسہ رحیمیہ) ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱۵
۱۔ ۱۷۱۹ء میں دہلی میں ایک عالمگیر انقلاب کی تاسیس سلطان عالمگیر کے تخت پر محمد شاہ کا جلوس اور مدرسہ رحیمیہ میں حکیم الہند امام ولی اللہ کی مسندِ تدریس پر جلوہ افروزی ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱۵
حکیم الہند نے قرآن عظیم کے ترجمہ اور حکمتِ عملیہ اور اشراقِ قلبی کو علمی حقائق کی تفتیش کا ذریعہ بنایا ۱۶
۲۔ حکیم الہند بارہ سال تک علمی حقائق اور دہلی کی سوسائٹی کے مطالعہ میں مصروف رہے۔ ۱۹
۳۔ اصلاحی پروگرام کے اساسی اصول ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۲۱

ب

اعجاز قرآن کی نئی تشریح .. ۲۲
ملت کے اخلاق کا مدار اقتصادی توازن ہے .. ۲۲
۴۔ علم حدیث کی تکمیل کے لئے سفر حجاز .. ۲۳
انقلاب کے لئے کس درجے کا اجتہاد ضروری ہے؟ .. ۲۴
۵۔ الہامی خواب .. ۲۶
اس الہام کی تعبیر فکّ کُلّ نظام .. ۲۷
حکومت کے نظام کی تجدید .. ۲۸
دینی اجتماعی نظام کی تجدید .. ۲۹
اس تجدید کے ساتھ ایک طویل سلسلہ باہمی قتال کا ضروری ہے .. ۳۰
فتح الرحمٰن ترجمہ قران کے حواشی میں اجمالی پروگرام .. ۳۰
انقلابی پروگرام متعدد بار شکست کھاکر کامیاب ہوتا ہے .. ۳۱
شیخ الہندؒ کی رہنمائی سے نئے پروگرام کی تاسیس .. ۳۲
نیشنل کانگرس اس وقت ڈومنین سٹیٹس سے آگے نہیں جاسکتی .. ۳۳
ہندوستانی نوجوان جب تک قرآن حکیم کی تفسیر میں حکیم الہندؒ کو امام مان کر انسانیت کو اپنا نصب العین نہیں بناتا۔ پریشان دماغی سے نجات نہیں پاسکتا ۳۴
حکیم الہندؒ کی تجدید در اصل ایک پارٹی پروگرام ہے۔ مخالف پارٹیوں کا مظاہرہ ۳۵
ہندوستان میں قرآن عظیم کا پہلا فارسی ترجمہ شیر شاہ سوری کے استادنے کیا تھا جس کا مطمح نظر بلاغت کا اعجاز تھا۔ دوسرا ترجمہ امام ولی اللہ دہلویؒ کا ہے جس کا نصب العین حکمت کا اعجاز ہے .. ۳۶
امام ولی اللہ کی تصانیف میں جس قدر قواعد کلیہ ہیں وہ اُن کے فلسفے کا متن ہیں اور جس قدر مسائل شریعت ہیں وہ مثالیں ہیں۔ ۳۸

حکیم الہندؒ یہود و نصاریٰ کے رہبانوں کو اور یونان، فارس اور ہند ۳۹
کے حکماء کو اپنی دعوت میں یکساں خطاب کرتے ہیں۔
دہلی ایک ایسا مرکز ہے۔ جہاں سے بین الاقوامی دعوت کا انتظام ہو سکتا ہے ۴۰
دہلی نے حکیم الہندؒ کو اپنا امام مان لیا ۔ ۴۲
مدرسۂ رحیمیہ سے دہلی کالج ۔ ۴۳
حکیم الہندؒ کا پروگرام چلانے والی مرکزی کمیٹی ۔ ۴۴
مولانا محمد عاشق ۴۵
مولانا محمد امین ۴۶
مولانا نور اللہ ۴۶
مرکزی کمیٹی کی شاخیں نجیب آباد کا مدرسہ ۴۷
رائے بریلی کا تکیہ شاہ علم اللہ ۴۸
ٹھٹھہ میں ملا معین سندھیؒ کا مدرسہ ۴۸
عارف سندھ شاہ عبد اللطیف بھٹائی ۔ ۴۹
معرکۂ پانی پت ۵۰
امام ولی اللہ کے افکار مخصوصہ میں سے پہلا نظریہ:- ۵۴
قرآن عظیم کا انٹرنیشنل انقلابی نظام مستقل اور ناقابل تنسیخ ہے ..
دوسرا نظریہ:- قرآن پر عمل کا پہلا دور جو فتنہ عثمان پر ختم ہوتا ہے فقط ۵۵
وہی زمانہ خیر القرون کا مصداق ہے۔ .. ..
اس کا نتیجہ ہے کہ موطا امام مالکؒ اصح الکتب بعد کتاب اللہ قرار پائیگی ۵۶
تیسرا نظریہ۔ قرآن عظیم کا تمام ادیان پر غلبہ خیر القرون میں متحقق ہو چکا ۵۷
ہے اس کی تکمیل کے لئے کسی نبی یا ولی کا انتظار غلط ہے۔

چوتھا نظریہ۔ انسانیت کی فلاح چار اخلاق سے وابستہ ہے۔ تمام ادیان انہی اخلاق کی تلقین کرتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ کوئی دینی تعلیم کسی حکومت کو اجازت نہیں دیتی کہ وہ اقتصادی نظام کو ایسا بنا دے جس سے ایک اجتماع اِن اخلاق کے لئے وقت نہ نکال سکے ... ٦٢

پانچواں نظریہ:۔ قرآنی انقلاب پر عمل کرنے کے لئے عرب اول یعنی مہاجرین اور انصار کا نمونہ سامنے رکھنا ضروری ہے ... ٦٨

جملہ معترضہ:۔ حکیم الہند کے چوتھے نظریے کا کارل مارکس کے انقلابی پروگرام سے مقابلہ ... ٦٩

سراج الہند امام عبد العزیز رح ... ٧١

شاہ عبد العزیز رح کی امامت ... ٧٢

امام عبد العزیز رح کا الہامی خواب ... ٧٦

سراج الہند کا پشتو سیکھنا ... ٧٨

اس زمانے میں جو مقصد پشتو سے وابستہ تھا۔ اب یورپین زبانوں کے سوا پورا نہیں ہوسکتا ... ٧٩

پچھلے پچاس سال میں جن ہندوستانیوں نے انگریزی سیکھی اُن کو ضرر زیادہ پہنچا۔ اب کاشتکار کو اگر یورپین سپاہی بنا دیا جائے گا تو اس سے نفع زیادہ ہوگا ... ٨٠

دینی حفاظت کا اصلی پروگرام ... ٨٢

معرکہ پانی پت سے متوقع فائدہ حاصل نہیں ہوا ... ٨٣

حکیم الہند کے الہامی خواب کے ایک حصے کی تعبیر نادر شاہ اور احمد شاہ کے حملے ... ٨٤

سراج الہند نے اجتماعی نظام میں انقلاب کا فیصلہ کر لیا۔ سلطنت کی ذمہ داری امراء سے عوام کی طرف منتقل کرنے کی تنظیم شروع کر دی ... ٩٢

قومی حکومت کی تاسیس ۹۳

جملہ معترضہ میں ایک تاریخی مثال عباسی خلافت میں۔ قانونی حکومت کی تنظیم کے لئے امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی مساعی ۹۴

امام ولی اللہ دہلویؒ کی تجدید نظام حکومت میں امام عبدالعزیزؒ نے امام ابو یوسفؒ کا کام کر دکھایا ۹۸

اگر امام عبدالعزیزؒ کا اتباع نہ کیا گیا تو کوئی شرعی نظام مسلمانان ہند میں قائم نہیں ہو سکتا ۹۹

سراج الہند کی تمام مساعی حکیم الہند کے پروگرام کی تکمیل ہیں "فتح العزیز" "فتح الرحمٰن" کا مقدمہ ہے۔ اور "تحفہ اثنا عشریہ" "ازالۃ الخفاء" کا .. ۱۰۰

تحفہ اثنا عشریہ کی ضرورت ۱۰۲

جملہ معترضہ شیعی تحریک مسلمانوں کو قرآن عظیم سے غافل بناتی ہے اور یورپین قومیں قرآنی انقلاب سے استفادہ کر رہی ہیں ۱۰۷

سراج الہند نے المسوّی کو داخل درس بنا کر اپنے تجدیدی نظام حکومت کے لئے ایسے محققین کا ایک طبقہ تیار کر دیا جو قضاء و افتاء کا منصب سنبھال سکتا ہے ۱۰۸

سراج الہند نے اپنے نوجوانوں کو مہاجرین اوّلین کی سیرۃ کی پابندی سکھا کر انہیں حکیم الہند کے انقلاب کا داعی بنا دیا ۱۰۹

حکیم الہند کے انقلاب کے لئے نوجوان داعی (دعاۃ حزب) ۱۱۱

سراج الہند کی مرکزی کمیٹی ۱۱۴

الامیر الشہید مصلحۃ حربیہ کے امیر ہیں ۱۱۶

سراج الہند کے بعد الصدر الحمید مصلحۃ حزبیہ (پارٹی پالیٹکس) کے امیر ہیں ۱۱۷

سراج الہند کی مرکزی کمیٹی کے اعمال ۱۱۹

مولانا رفیع الدینؒ ۱۱۹

مولانا محمد اسمٰعیل شہیدؒ ... ۱۲۰

مولانا عبدالقادرؒ ... ۱۲۱

مولانا عبدالحیؒ ... ۱۲۱

"تقویۃ الایمان" ... ۱۲۳

سراج الہند استانبول کی مرکزی تقویت کے لئے دہلی کو نہیں چھوڑتے ۱۲۴

خالد کردی ... ۱۲۵

حکیم الہند اور سراج الہند اپنا خصوصی مسلک رکھتے ہیں ... ۱۲۷

حکیم الہند کی تحریک اور نجدی تحریک میں فرق ... ۱۲۹

الشیخ ابراہیم کردی مدنیؒ ... ۱۳۱

"تقویۃ الایمان" اور کتاب "التوحید" کا فرق ... ۱۳۲

حکیم الہند اور نجدی تحریکوں کے تفارق پر نواب صدیق حسن خاں کی شہادت ۱۳۵

امام شوکانیؒ ... ۱۳۸

مولانا محمد اسمٰعیل شہیدؒ اور امام شوکانیؒ کا اصولی اختلاف ... ۱۳۹

حکیم الہند کے لئے سلفِ صالح امام ربانی شیخ احمد سرہندی ہیں ... ۱۴۱

سراج الہند کی مرکزی کمیٹی میں ایک امیر المجاہدین کا اضافہ ... ۱۴۲

الامیر الشہید السید احمدؒ کی تعلیم و تربیت ... ۱۴۳

الامیر الشہیدؒ کی فطری اولوالعزمی ... ۱۴۶

الامیر الشہید کی تربیتِ عسکری ... ۱۴۷

الامیر الشہیدؒ کی حکومتِ موقتہ ... ۱۴۸

جملہ معترضہ: ڈکٹیٹر، بورڈ، سوسائٹی اور پارلیمنٹ کے بیان میں ۱۵۱

سراج الہند نے دو بورڈ بنائے عسکری امور کے لئے الامیر الشہیدؒ کا بورڈ اور تنظیمی امور کے لئے الصدر الحمید کا بورڈ ... ۱۵۳

ذ

سراج الہند نے امام محمد اسحاقؒ کو اپنا جانشین بنایا ۱۵۵

حزب الامام ولی اللہ دہلویؒ کی اساسی مصلحت امام محمد اسحاقؒ سے متعلق رہے گی اور سیاسی سرداری امیر شہیدؒ سے ۱۵۶

مولانا عبدالحیؒ کے آخر حیات تک امیر شہیدؒ کی شخصی ڈکٹیٹرشپ قائم نہیں ہو سکی ۱۵۷

ہند میں امیر شہیدؒ کی امامت پر بیعت ہوئی ۱۵۷

امیر شہیدؒ کی امارت ڈکٹیٹرشپ میں تبدیل ہو گئی ۱۵۹

نجدی اور یمنی افکار کا حکیم الہند کی پارٹی میں اختلاط ۱۵۹

جملہ معترضہ: اس اختلاط کا منشا وہ تحریک ہے۔ جو مولانا محمد اسمٰعیل شہید نے حجۃ اللہ البالغہ پر عمل کرنے والی ایک جماعت دہلی میں بنائی تھی اور دہلی چھوڑنے سے پہلے اس کا پروگرام چھوڑ چکے تھے ۱۶۱

اس پرانی جماعت کے بعض افراد جو نجد یمن میں رہ چکے تھے۔ وہ اس مصلحت کی پابندی سے انکار کرتے رہے جس کے لئے وہ جماعت توڑ دی گئی تھی ۱۶۲

جملہ معترضہ: ایک نیشنل پارٹی جو انٹرنیشنل رجحان رکھتی ہے۔ ایسی پارٹی کے ساتھ نہیں چل سکتی جو خالصاً انٹرنیشنلسٹ ہو ۱۶۲

افاغنہ اور ہندوستانیوں کی کشیدگی نکاح کے معاملات میں ۱۶۳

افاغنہ اور ہندوستانیوں میں اختلاف امیر شہیدؒ کی آمریت سے ۱۶۵

امیر شہیدؒ کو زہر دیا گیا ۱۶۵

ہم ہندوستانی بننا کابل میں سیکھے ۱۶۶

بدؒ کی افغانوں سے لڑائیاں ۱۶۷

فتح پشاور ۱۶۹

الامیر الشہیدؒ کا استبدادی فیصلہ اور پشاور کی واپسی ۱۶۹

شکست خوردہ افغانی خاندان کا انتقام ننگ افغانی کی صورت میں ۱۷۰
ہندوستانی مجاہدین کا قتل عام .. ..
امیر شہیدؒ کا کشمیر جاتے ہوئے بالاکوٹ میں قیام ۱۷۱
معرکہ بالاکوٹ میں السید احمد الامیرؒ اور مولانا محمد اسمٰعیلؒ اور شاہ عبدالرحیم ۱۷۱
افغانیؒ کی شہادت .. ..
حکیم الہند کی تحریک پر ایک صدی گذر گئی ۱۷۲
اس تحریک کے پہلے دور پر ہمارا تبصرہ جو المسوی کے ساتھ مکہ معظمہ میں چھپ چکا ہے ۱۷۳
چالاک تاریخ نویس پہلے دور کے خاتمے پر تحریک کو ختم کر دیتا ہے ۱۷۵

حزب ولی اللہ کا دوسرا دور

(الصدر الحمید مولانا محمد اسحاق سے شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی تک)

اس دور کی خصوصیات حنفی مذہب کی سختی سے پابندی اور ترکی سلطنت سے ۱۷۸
سیاسی اتصال .. ..
تحریک کا پہلا مرکز دہلی قرار پایا۔ مولانا مملوک علی کی ریاست میں مرکزی کمیٹی ۱۸۱
کا قیام .. ..
مولانا مملوک علیؒ ۱۸۱
مولانا مظفر حسینؒ ۱۸۲
مولانا امداد اللہ ۱۸۳
ترکی سلطنت سے اتصال کے اسباب ۱۸۴
دہلی کی شاہی حکومت کے زوال پر تحریک کا مرکز دیوبند بن گیا .. ۱۸۵
دیوبندی جماعت کا سیاسی مسلک ۱۸۶

مولانا محمد قاسمؒ ۱۸۶

مولانا رشید احمدؒ ۱۸۷

مولانا محمود حسنؒ ۱۸۸

جملہ معترضہ: دوسرے دور میں تحریک دو حصوں میں منقسم ہوگئی الصدر الحمید کی جماعت جو دیوبندی کہلاتے ہیں مولانا ولایت علیؒ کی جماعت جو صادقپوری مشہور ہیں مولانا نذیر حسین اور نواب صدیق حسن صادقپوری پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں ۱۸۹

مولانا نذیر حسین دہلوی ۱۹۶

نواب صدیق حسن خاں ۱۹۷

مولانا ولایت علی کی پارٹی کے متعلق مولانا شمس الحق کی تصریح ۱۹۸

محاربہ دہلی میں الصدر الحمید کی پارٹی میں اتفاق ۲۰۰

مولانا شیخ محمد تھانوی ۲۰۱

جملہ معترضہ: ارتجاعی عناصر سے پارٹی کو صاف رکھنا سب سے پہلا کام ہے۔ ۲۰۲

مولانا محمد قاسمؒ کے زمانے سے مرکز حجاز سے دیوبند کو منتقل ہوگیا ۲۰۴

پچھلے دور کے معارف حنفی فقہ کی پابندی سے شائع کرنا اور کابل دارالسلطنت میں اپنا سیاسی وقار قائم رکھنا دیوبندی حزب کا اساسی مسئلہ ہے۔ ۲۰۸

مدرسہ دیوبند حکومت انگریزی کے مصالح سے غیر جانبداری برتے گا۔ ۲۰۸

مدرسہ دیوبند کی تاریخ کا پہلا دور مولانا رشید احمدؒ کی وفات پر ختم ہوتا ہے ۲۰۸

دوسرا دور شیخ الہند مولانا محمود حسن کی ریاست میں ۱۳۲۳ھ سے ۱۳۳۹ھ تک جس پر تنظیم الہند کی تحریک کا دوسرا دور ختم ہوگیا۔ ۲۰۹

حزب ولی اللہ کا دوسرا دور اگر امام عبدالعزیز کے وفات سے شروع کیا جائے تو شیخ الہند کی وفات پر ایک صدی پوری ہوئی ۲۰۹

مولانا شیخ الہند کا پہلا کام شوریٰ الانصار کی تنظیم ۔ ۔ ۲۰۹

مولانا شیخ الہند کا دوسرا کام درجۂ تکمیل کا افتتاح جس میں امام ولی اللہ کی تصنیفات اور مولانا محمد قاسمؒ کی کتابیں نصاب بنا کر پڑھائی جائیں گی ۔ ۔ ۔ ۲۱۰

مدرسہ دیوبند کو دار العلوم بنایا دار الحدیث کو اس کا مرکزی کالج قرار دیا ۲۱۰

حزب عمومی میں جمعیۃ الانصار کے توسط سے اپنی پارٹی کی پوری طاقت کو خلافت اسلامیہ کی تائید میں استعمال کرنے کا فیصلہ کیا ۔ ۔ ۲۱۰

مولانا شیخ الہند کی مذہبی تحریک سے دنیا کی انقلابی تحریک اور ہند کی تحریک آزادی متاثر ہوئی۔ اس پر مستقل کتب انگریزی میں لکھی جائیگی۔ الصدر الحمید نے حزب الامام ولی اللہ کے دوسرے دور کو دولۃ عثمانیہ کے اشتراک سے شروع کیا تھا۔ دولۃ عثمانیہ کے زوال پر دوسرا دور ختم ہوا۔ ۲۱۱

تیسرا دور

دولۃ عثمانیہ کی شکست کے بعد مولانا شیخ الہند نے ہندوستانی تحریک کو اپنا مستقل موضوع بنا لیا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۲۱۲

مولانا شیخ الہند کے ارشاد اور عمل سے ہم تیسرے دور کے نئے اپنا مستقل پروگرام استنباط کرتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۲۱۲

مولانا شیخ الہند اس سیاسی دور کے فاتح ہیں جو رولٹ ایکٹ کی ایجیٹیشن کے بعد کانگریس میں انقلابی عنصر لایا ۔ ۔ ۔ ۔ ۲۱۲

تم الکتاب بحمدہ تعالیٰ

عرضِ حال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد و سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

اما بعد۔ ۱۹۱۵ء میں ہم کابل پہنچے۔ چونکہ یہ سفر ہم نے حضرت مولینا شیخ الہند قدس سرہٗ العزیز کے فیصلے کی تعمیل میں اختیار کیا تھا۔ اس لئے وہ تاریخ ہند کا ایک اہم تاریخی واقعہ بن گیا۔ غالباً ڈاکٹر سر اقبال ؒ نے "خضرِ راہ" میں ہمارے ہی حضر و سفر کا ذکر کیا ہے۔ مصرع:-

وہ حضر بے برگ و ساماں، وہ سفر بے سنگ و میل

کابل میں سات برس رہ کر ہم نے اس مسئلے کے سمجھنے کی کوشش شروع کر دی۔ کہ ہندوستان کی تاریخ کا آج کی دنیا سے کیا تعلّق ہے؟ ہمیں آہستہ آہستہ محسوس ہونے لگا کہ ہمارے ملک میں چند نفوس عالیہ حقیقت شناس تو ضرور موجود ہیں جنہوں نے فراستِ خداداد سے تاریخ کو صحیح طور پر سمجھ لیا ہے۔ یا جنہوں نے یورپ میں رہ کر دنیا کے انقلاب کا مطالعہ کیا ہے۔ ورنہ عام طور پر مفکرین۔

ہیں خواب میں ہنوز، جو جاگے ہیں خواب میں

کے مصداق ہیں۔

اس کے بعد جب ہم نے یورپ پہنچکر انقلاب فرانس اور اسکے نتائج کا عمیق مطالعہ شروع کیا، تو ہمیں اضطراب کے اُس سمندر میں، جو عالمگیر کے بعد تاریخ ہند میں موجیں مارہا تھا، روشنی کا ایک مینار نظر آیا۔ وہ امام ولی اللہ کی اجتماعی تحریک تھی جس کے انقلابی اصول ہم نے مکہ معظمہ میں بیٹھ کر متعین کر لئے۔

بفضلہ تعالے اس قدر وسعتِ فہم پیدا ہونے کے بعد ہم امام ولی اللہ کی تحریک کو کارل مارکس (KARL MARX) کے نظریات (THEORIES) کے مقابلے میں دنیا کے لئے زیادہ مفید ثابت کر سکتے ہیں۔ اسکے نتیجہ کے طور پر جو انقلاب ہمارے دماغ میں پیدا ہوا، اس کا لازمی اثر ہے کہ واقعہ بالاکوٹ کے بعد جس قدر نئی تحریکیں ہندوستان میں پیدا ہوتی رہیں، اُن میں سے کسی ایک کو بھی ہم صحیح نہیں مانتے۔

اس وقت ہم اس اجتماعی تاریخ کے ایک مختصر مقدمہ کا تعارف کرانا چاہتے ہیں، جس میں امام ولی اللہ سے شیخ الہند تک اہم واقعات کا اشارۃً ذکر کر دیا ہے اِسے مقدمۂ تاریخ حزب ولی اللہ (حزب ولی اللہ کی تاریخ کا مقدمہ) کہا جائے گا امام ولی اللہ کی فلاسفی کی حقیقت جس طرح ہم سمجھتے ہیں۔ اُسے ہم ہرگز سمجھا نہیں سکتے جب تک اس تحریک کی تاریخ نہ پڑھا لیں۔ ہمارا یہ مقدمہ اس تاریخ کے لئے تمہید کا

کام دے گا۔ اصل میں یہ کام (یعنی وطنی تاریخ کی تحقیق) ہمارے ذہین نوجوانوں کا ہے اگر وہ ادھر متوجہ ہوئے۔ تو ہمارے اس فکر کی بنیاد پر ایک ہسٹاریکل کالج کھڑی کردینگے۔

مقدمۂ تاریخ حزبِ ولی اللہ کی

اجمالی فہرست

حکیم الہند امام ولی اللہ نے ۱۲ ذی قعدہ ۱۱۴۴ھ (۵ مئی ۱۷۳۱ء) سے دہلی کے مفاسد کو ختم کرنے کے لئے توکلاً علی اللہ اپنی ذمہ داری پر ایک مستقل انقلابی تحریک شروع کرنے کا فیصلہ کیا۔ غالباً اس سے پانچ سال پہلے وہ اس مطلب کے لئے قرآن مجید کا فارسی ترجمہ ۱۱۳۹ھ میں شروع کرنے کا فیصلہ کر چکے تھے۔

تاریخ ہند کا یہ عظیم الشان واقعہ انقلاب فرانس سے (۵۸) سال پہلے ہو گذرا ہے۔

حکیم الہند نے اپنا نصب العین معین کیا اپنے پروگرام کی تدوین کی۔ جمعیتہ مرکزیہ بنائی اور اسکی شاخیں ملک میں پھیلیں۔ اس طرح حزب ولی اللہ ایک مسلم پارٹی کی صورت میں ظاہر ہوا۔ اس نے "حکومت موقتہ" (Provisional Government) بنائی۔ لیکن ۲۷ ذیقعدہ ۱۲۴۶ھ (۶ مئی ۱۸۳۱ء) (بروز جمعہ) کو بالاکوٹ کے معرکۂ شہادت میں اس کا خاتمہ ہو گیا۔

اس صدی میں اس تحریک کے لئے تین امام ظاہر ہوئے اور ایک امارت منعقد ہوئی

(الف) امام ولی اللہ ۱۷۳۱ء تا ۱۷۶۳ء
(ب) امام عبدالعزیز ۱۷۶۳ء تا ۱۸۲۴ء
(ج) امام محمد اسحاق ۱۸۲۴ء تا ۱۸۴۶ء
(د) حکومت موقتہ کے امیر شہید سید احمد ۱۸۲۶ء تا ۱۸۳۱ء۔

اس سال اس تحریک کا پہلا دور پورا ہوا۔

اس دور میں حزب ولی اللہ میں ایک ایسا انسان بھی پیدا ہوا۔ جو نہ امیر تھا نہ امام لیکن اپنی مبارک زندگی اور شہادت سے اپنے جد امجد کی تحریک کو زندہ کر گیا۔ وہ مولینا محمد اسمٰعیل شہید بن عبدالغنی بن ولی اللہ ہے۔

اس تحریک کا دوسرا دور امام محمد اسحاق نے ۱۸۳۱ء سے شروع کیا۔ آپ ۱۸۴۱ء تک دہلی میں رہے۔ اور ۱۸۴۶ء تک مکہ معظمہ میں۔ دہلی میں انکا نائب مولانا مملوک علی، انکے بعد الامیر امداد اللہ بارہ برس دہلی میں رہے یعنی ۱۸۵۸ء تک۔ اسکے بعد مکہ معظمہ میں۔

اُن کا پہلا نائب یعنی مولینا محمد قاسم ۱۸۷۹ء تک، پھر مولینا رشید احمد ۱۹۰۵ء تک شیخ الہند مولینا محمود الحسن ۱۹۲۰ء تک۔

اس سال تحریک مذکور کا دوسرا دور ختم ہوا۔

تیسرے دور کو مولینا شیخ الہند نے ۱۹۲۰ء سے تھوڑا عرصہ پہلے شروع کیا تھا

۲۵ر اکتوبر ۱۹۴۰ء ھندی بیت الحکمۃ ۔ دہلی

عبیداللہ سندھی

"متی اضع العمامۃ تعرفونی"

زیر نظر مقالہ حضرت مولانا عمر فیضہم نے خود اپنے قلم سے ۱۱ راکتوبر ۱۹۴۱ء کو شروع کرکے ۲۵ راکتوبر کو ختم کیا۔ مقالہ جدید حقائق کا مرقع ہونے کے علاوہ بھولی ہوئی تاریخ کا تذکرہ، اور محرف کردہ واقعات کی اصلی تصویر ہے۔ اس سے اس میں اغلاق کا پیدا ہونا ضروری امر تھا۔ ساتھ ہی حضرت نے مقالے کو مختلف قطعات کی صورت میں قلم بند فرمایا۔ بنا بریں میں نے محسوس کیا کہ خود حضرت مولانا سے سبقاً سبقاً پڑھ کر ہی اسکو حل کیا جا سکتا ہے چنانچہ حضرت نے کمال شفقت سے مقالہ مذکورہ مجھے ۲۴ راکتوبر ۱۹۴۱ء سے پڑھانا شروع کیا جو تین مجلسوں میں ۲۶ راکتوبر کو ختم ہوا۔ مشکل و مغلق مقامات پر جو کچھ آپ ارشاد فرماتے گئے ساتھ ساتھ قلمبند کرتا چلا گیا۔ بعد ازاں حافظے سے کام لیکر صفحہ قرطاس پر لے آیا۔ ایسے تمام مقامات پر میں نے حضرت کا حوالہ ضروری سمجھا۔ اسکے علاوہ حضرت کی کتاب التمہید لائمۃ التجدید سے میں نے ضروری اقتباسات جابجا نقل کرکے اشکال کو رفع کرنے کی کوشش کی ہے۔ اسکے ماسوا تاریخی مستندات سے بھی مناسب مقامات پر حوالے نقل کرکے واقعات کی توضیح کی گئی ہے۔ بعض مقامات پر تکرار محسوس ہوگا

مگر جوانئی میں ہونے کے علاوہ اس قسم کے فراموش شدہ حقائق و واقعات، اور محرف کردہ تاریخ میں تکرار گوارا کیا جا سکتا ہے۔ تاکہ تحریف کا پرانا داغ کسی صورت سے مٹ سکے۔

اس اہم کام میں جس قدر عجلت اور روا روی برتی گئی ہے۔ وہ اس سے ظاہر ہے کہ اتنا بڑا تاریخی، علمی، اور حکمت کا خزانہ ۲۵ راکتوبر ۱۹۴۲ء کو شروع ہو کر ۱۱ ر نومبر کی سحر کو ختم ہوتا ہے۔ اسکے ساتھ یہ بھی ملحوظ خاطر رہے کہ مجھے اپنے ذاتی اور منصبی فرائض کے ادا کرنے سے بھی چارہ نہ تھا۔ زیادہ وقت اُدھر صرف کرنا پڑتا تھا۔ ان حالات میں ان تمام کوتاہیوں کو میں اپنے ذمہ لیتا ہوں۔ جو ناظرین کرام کو مقالے کی ترتیب و تالیف میں نظر آئیں گی ؎

نہ گلم، نہ برگ سبزم، نہ درخت سایہ دارم
ہمہ حیرتم کہ دہقاں بچہ کار کشت مارا؟

ھذا ما لزم

محمد نور الحق العلوی

تاج پورہ لاہور

حزبِ ولی اللہ کا پہلا دور

حکیم الہند امام ولی اللہ

سنہ ۱۱۳۱ھ تا سنہ ۱۱۷۶ھ

جس سال عالمگیر کے تخت پر سلطان محمد شاہ[1] متمکن ہوا۔ اُسی سال دہلی کے

---

[1] شاہ ولی اللہ کا زمانہ | بتاریخ ۱۵ ذیقعد سنہ ۱۱۳۱ھ بروز شنبہ سریر آرائے دارائی ہند گردید۔ تا سنہ ۱۱۶۱ء۔ بہ لقب ابوالفتح ناصرالدین محمد شاہ ملقب گشت۔ واز میامن نام مبارکش نرخ غلہ ارزانی گرفت۔ ومقرر شد کہ ابتدائے سال سلطنت محمد شاہ بعد از عزل فرخ سیر (کہ بروز چہارشنبہ ۹ ربیع الثانی سنہ ۱۱۳۱ھ وقوع پذیرفت) نویسند۔ وایام فترت کہ ہفت ہشت ماہ۔ از زمان سلطنت رفیع الدرجات ورفیع الدولہ وخروج نیکو سیر بود۔ اعتبار نہ نمایند۔ سیر المتاخرین ۴۲۲

یہ عجیب اتفاق ہے کہ امام ولی اللہ اور سلطان کی ولادت کا سال ایک ہے۔ صرف مہینے کا فرق ہے۔ شاہ صاحب کی ولادت ماہ شوال میں ہے اور سلطان غالباً ماہ ذیقعد میں پیدا ہوئے۔ دیکھو تاریخ ذکاء اللہ دہلوی۔

امام ولی اللہ کی ولادت بروز چہار شنبہ ۴ شوال ۱۱۱۴ھ اور وفات ۱۱۷۶ھ ہوئی۔ اور
سلطان مجدد عالمگیر کی وفات بروز جمعہ ۲۸ ذیقعدہ ۱۱۱۸ھ کو ہوئی ۔ اس حساب سے شاہ صاحب
کی ولادت سلطان مجدد کی وفات سے چار سال پہلے ہوئی۔ اور شاہ عالم ثانی نابینا مکحول بادشاہ
(جو ۱۱۷۳ھ سے ۱۲۲۱ھ تک تخت دہلی پر متمکن رہا) کے عہد میں آپ کا انتقال ہوا۔

بنابریں شاہ صاحب کو دس سلاطین دہلی کی سلطنت دیکھنے کا اتفاق ہوا یعنی۔ ۱۔
عالمگیر اعظم ۔ ۲۔ بہادر شاہ اول ۔ ۳۔ معز الدین جہاندار شاہ ۔ ۴۔ فرخ سیر ۔ ۵۔ رفیع الدرجات ۔
۶۔ رفیع الدولہ ۔ ۷۔ محمد شاہ ۔ ۸۔ احمد شاہ ۔ ۹۔ عالمگیر ثانی ۔ ۱۰۔ شاہ عالم ثانی ۔ آخر الذکر نابینا
سلطان کے عہد میں شاہ صاحب کی وفات سے تقریباً ۲ سال بعد کلائیو نے بمقام الہ آباد بنگال
و بہار اڑیسہ کی دیوانی بادشاہ سے لے کر کمپنی بہادر کے حوالے کی۔ سیر المتاخرین میں ہے "فرمان
اسناد دیوانی ہر سہ صوبہ بنگال و بہار اڑیسہ بنام کمپنی بہادر از وزیر شجاع الدولہ بادشاہ شاہ عالم
درخواست نمود چار ناچار قبول نمودہ بدون خواہش او فرامین اسناد نوشتہ دادند۔" نیز
دیکھو تاریخ ذکاء اللہ ص ۳۶۴ ۔

دہلی میں محمد شاہ کی سلطنت جس اضطراب سے گذر رہی تھی۔ شاہ ولی اللہ اس کو اچھی طرح جانتے
تھے۔ حجاز میں رہ کر سلطنت عثمانیہ اور دوسری اسلامی حکومتوں کا مطالعہ کرتے رہے۔ آپ ایک خط
میں لکھتے ہیں۔ "احوال ہند بر ما مخفی نیست۔ کہ خود مولد و منشاء فقیر است۔ بلاد عرب نیز دیدیم۔ و احوال
مردم ولایت از ثقات آنجا شنیدیم" ھ کتاب "التمہید لائمۃ التجدید" از مولنا عم فیضہم۔

تاریخ ہند کا عالم جانتا ہے کہ مذکورہ بالا سلاطین کے عہد میں ہندوستان کو کن کن لرزہ خیز
واقعات و حوادث سے گذرنا پڑا۔ سادات بارہ کا تسلط۔ فرخ سیر کا ان کے ہاتھوں بصد بیکسی قید میں
مرنا۔ پھر تورانی امراء کے ہاتھوں سادات بارہ کا زوال۔ مرہٹوں کی بغاوت اور انکا عروج۔ سکھوں کی بغاوت
نادر شاہ کی یلغار۔ اور دہلی میں قتل عام۔ احمد شاہ ابدالی اور معرکہ پانی پت میں حق کا باطل پر غلبہ۔ سیاست
ہند میں روہیلوں کی شرکت و مساہمت۔ ایرانی و تورانی امراء کی رقیبانہ چپقلش۔ ہندوستان میں یورپین

مرتاض صوفی، عالم، مولانا عبدالرحیم بن وجیہ الدین العمری (متوفی ۱۱۳۱ھ) کے مدرسے میں حکیم الہند امام ولی اللہ دہلوی اپنے باپ کی مسندِ تدریس پر جلوہ افروز ہوئے یہ ۱۷۱۹ء بمطابق ۱۱۳۲ھ کا واقعہ ہے۔

۲۔ حکیم الہند نے بارہ برس پڑھانے میں صرف کئے جو کچھ اپنے والد اور اُن کے رفقاء

اقوام کی للچائی ہوئی نگاہیں۔ پھر انگریزوں کا بنگال و بہار وغیرہ میں عمل و دخل، اور اس قسم کے دوسرے انقلابات شاہ صاحب نے اپنی آنکھوں سے دیکھے۔

ظاہر ہے کہ ان لرزہ خیز حوادث کا اثر دہلی پر پڑا۔ جو شاہ صاحب کا مستقر تھی۔ اس سے اُنکا متاثر ہونا لازمی امر ہے۔ انہی واقعات و حوادث کے پیشِ نظر انہوں نے اپنا انقلابی نظامِ نامۂ حکومت مرتب کیا۔ اسی انقلابی دستورِ عمل کی تشریح مقالہ زیرِ بحث میں کی گئی ہے و باللہ التقۃ۔

۱؎ قلت وقد تحقق عندی ان الشیخ الاجل عبد الرحیم ھو الذی یذہب مذہب التحقیق والتجدید الذی ید عوالیہ الامام ولی اللہ ہ التمھید فی ائمۃ التجدید ص ۱۳۹

۲؎ چوں سال پنجم درآمد فقیر بہ مکتب نشست۔ و در سال ہفتم والد بزرگوار بر نماز ایستادہ کردند۔ و بروزہ داشتن فرمودند، و تطہیر نیز دریں سال واقع شد۔ و خیال در خاطر ماندہ است۔ کہ آخر ہمیں سال قرآن عظیم ختم کردم۔ و در سال دہم شرح ملا جامی مے خواندم۔ و راہ مطالعہ فی الجملہ کشادہ۔ و سال چہاردہم تزوج صورت گرفت۔ و دریں معنے والد بزرگوار غایت استعجال کردند۔ و پانزدہم سال بود کہ با والد بزرگوار بیعت کردم۔ و بہ اشتغال صوفیہ۔ خصوصاً نقشبندیہ بمشائخ مشغول شدم۔ و ہماں سال طرفے از بیضاوی خواندم و حضرت والد بزرگوار طعام وافر مہیا ساختند و خواص و عوام را دعوت فرمودند۔ و فاتحہ اجازت درس خواندند۔ و بالجملہ از فنون متعارفہ بحسب رسم ایں دیار در سال پانزدہم فراغ حاصل شد۔ و در سال ہفدہم از عمر فقیر حضرت ایشاں برحمت حق پیوستند (جزء لطیف)

۳؎ بعد از وفات حضرت ایشاں، فقیر، دوازدہ سال کما بیش بہ درس کتب دینیہ و عقلیہ مواظبت نمود و در ہر علمی خوض واقع شدہ (جزء لطیف)

سے سیکھا تھا۔ اسی میں سے قرآن عظیم[۲] کا ترجمہ۔ اور حکمت عملیہ[۳]۔ اور اشراق قلبی سے علمی حقائق کا انکشاف اُنکی توجہ کا خاص مرکز بنے رہے۔ اس فکر عمیق سے وہ دہلی کی سوسائٹی کا مطالعہ کرتے رہے۔ اُس زمانے کی دہلی میں ایک طرف خرابی پیدا ہو گئی تھی۔ تو اس

فتح الرحمن[۱]

از منن عظمی بر این فقیر آں بود کہ چند بار در مدرسہ قرآن مجید با تدبر معانی و شان نزول در جوع بہ تفاسیر بخدمت ایشاں حاضر شدم۔ و این معنی سبب

فتح عظیم افتادہ "جزء لطیف"

والد بزرگوار غالباً در حلقۂ یاراں۔ دو ں از تلاوت ہر روز در درسہ رکوع بہ تدبیر و بیان معانی آں می خواندند (انفاس العارفین)

تسوید ترجمۂ زہراوین در ۱۱۴۲ھ۔ و شروع ترجمہ قرآن در ۱۱۵۰ھ و اختتام فتح الرحمان در ۱۱۵۱ھ و افتتاح تدریس فتح الرحمان در ۱۱۵۶ھ شاہ صاحب نے فتح الرحمان کے شروع میں لکھا ہے کہ حج سے واپس آکر [اور اوائل ۱۱۴۵ھ جزء لطیف] پانچ سال بعد ترجمہ لکھا گیا۔ اور گیارہ سال بعد پہلی بار اس کی تعلیم شروع ہوئی اس سے مرزا حیرت دہلوی کی ایک غلطی نمایاں ہو جاتی ہے وہ لکھتا ہے کہ شاہ ولی اللہ نے ترجمہ قرآن لکھا۔ اس سے دہلی میں اس قدر شورش برپا ہوئی کہ وہ حج کے لئے مجبور ہو گئے۔ کتاب التمہید از مولانا عم فیضہم۔

[فائدہ] شاہ ولی اللہ تفہیمات الٰہیہ ۸۲ میں اپنے زمانے کی تین چیزوں کو خصوصیت سے ذکر کرتے ہیں۔ (الف) البرہان [عقل۔ حکمت عملی اسکا ایک شعبہ ہے] و ذالک لاختلاط علوم الیونانیین و اشتغال القوم بالکلام (ب) الوجدان [اشراق قلبی۔ کشف] اس زمانے کے لئے یہ عنوان اس طرح بنا کہ ہمارے زمانے کے لوگ شرقاً و غرباً صوفیہ کے علوم قبول کرنے پر مجتمع ہو چکے ہیں یہاں تک کہ اُن کے اقوال اور حالات کتاب و سنت کی نسبت لوگوں کے قلوب سے زیادہ چسپاں ہوتے ہیں۔ بلکہ عامۃ الناس کوئی چیز اُن کے رموز و اشارات کے بغیر قبول کرنے

بقیہ پر صفحہ ۱۷۔ (ض۲۔۳) پر صفحہ ۱۷، ۱۸ دیکھو۔

کو تیار نہیں ہیں۔ فمن انکرہم وزھم ومنشارُ ذہم او کان منہم علی جانب فانہ لا یقبل ولا یعد من الصلحین۔ (ج) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول علوم [نقل قرآن عظیم علی الخصوص] جن کا عنوان ہے "السمع" وذالک لدخولهم فی الملة الاسلامیة۔ ان تین امور کے ماسوا اس زمانے میں "اتباع کل ذی رای رایہ" کا مرض بھی پیدا ہو چکا تھا۔ حالت یہ تھی کہ کوئی شخص مشکلات کو حل کرنے کے لئے کسی سے دریافت کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا تھا۔ ہر کہ ومہ اپنی سمجھ کے مطابق احکام شرعیہ کے معانی اور اسرار پر بحث کر لیتا ہے اور عقلیت کو اس تمام معاملہ میں اصل قرار دیتا ہے۔ ولن ترقیہ احداً لیقف علی المتشابہات وما تشکل علیه من العلم ولن ترا احداً الا و یخوض فی فہم معانی الاحکام واسرارہا۔ ویمیل فی ذالک الی المغو وصار لکل رجل مذہب حسب ما فہمہ اسی کے ساتھ ذکر کرتے ہیں کہ اہل عصر فقہ کے مختلف اصناف میں اختلاف کر رہے ہیں خصوصاً حنفیہ اور شافعیہ۔ اور ہر فرقہ اپنے اساتذہ کے لئے تعصب برتتا ہے۔ اس سے ہر مذہب میں تخریجات بڑھ گئیں اور حق مستور ہو گیا۔

یہ اس زمانے کا اچھا خاصہ نقشہ ہے۔ شاہ صاحب اپنی تجدید کو انہی امور کی اصلاح سے مخصوص کرنا چاہتے ہیں۔ کما قال۔ فکان من جود اللہ ورحمتہ ولطفہ وحکمتہ ان جعل تفسیر ھذا الوحی للشریعۃ بوجہ لو امعنوا فیہ لا ضمحل الخلاف ھ

حکمت عملی مولینا الشیخ مدظلہم العالی نے ۲۵ اکتوبر ۱۹۴۲ء کو اسکی تشریح میں مجھے فرمایا کہ حکمت عملی سے مراد مطلق حکمت عملی ہے قرآن عظیم کی حکمت عملی بہ شاہ صاحب کا اپنا استخراج اور فیصلہ ہے۔ بالفاظ دیگر اس حکمت عملی کو قرآن کے تعارف کا ذریعہ بنانا یہ انکا اپنا ذاتی اساسی فکر ہے کیونکہ بلاغت کے ذریعے قرآن کا تعارف کرانے سے یہ سوسائٹی دور ہو چکی ہے بلاغت کے علوم پڑھتے پڑھتے انکی عمریں ختم ہو جاتی ہیں۔ اور قرآن حکیم کو ہاتھ تک لگانا نصیب نہیں ہوتا۔

اکبر کے دور سے ہندوستانی سوسائٹی حکمت عملی کی طرف خاص طور پر متوجہ ہوئی۔ ابوالفضل

کے ساتھ ابھی تک ایک خوبی بھی یقیناً باقی تھی۔ طبقۂ امراء میں آصف جاہ[1] جیسا فرزانہ اور طبقۂ صوفیہ میں مرزا محمد مظہر جانجاناںؒ اسی زمانے کی یادگار ہیں شہر میں مختلف کتبخانے اور باکمال اساتذہ موجود تھے۔ گویا ایک مفکر کے لئے کافی وسیع میدان موجود تھا۔

---

[2] نے اکبری دربار میں ایک انقلاب پیدا کر دیا۔ وہ دربار اکبری کی، اور ہندوستان کی ہیئت اجتماعیہ کی تاریخ لکھتا ہے۔ اس تاریخ کی اساس حکمت عملی ہے۔ وہ اکبر کے سوا کسی کو ماننے کے لئے تیار نہیں کیونکہ وہ اسی نقطہ نظر سے اپنی فرمانروا کو دنیا میں اپنے عہد کا بہترین انسان ثابت کرنا چاہتا ہے یہی فکر سلطان محمد شاہ تک دربار شاہی میں غالب رہا۔

بنا بریں شاہ صاحب نے اپنے شہر کی اعلیٰ سوسائٹی کو قرآن کی طرف متوجہ کرنے کے لئے جو راستہ بنایا ہے اسمیں بہت زیادہ کامیابی کی توقع ہے۔ اکبر کے عہد سے حکمت عملی میدان میں آچکی تھی شاہ صاحب اسی کے پیش نظر قرآن کو سامنے لے آتے ہیں۔

ذہنیتوں کی تبدیلی صدیوں کو دنوں کی طرح طے کرتی ہے۔ جو کام ایک انسان ایک دن میں کرسکتا ہے اگر اسی کی جماعت کی ذہنیت کو بدلکر ہم وہی کام کرانا چاہیں تو اسمیں سو برس ختم ہو جائیں گے۔

ہمارے خیال میں ہندوستانی مسلمانوں میں آجتک دوسری مسلم اقوام کی نسبت قرآن عظیم کی طرف جس قدر زیادہ توجہ پائی جاتی ہے، ان صدہا سال کی پیہم محنتوں کا نتیجہ ہے۔

محمد نور الحق عفرلہٗ۔ ۲۶ راکتوبر ۱۹۴۱ء

[1] آصف جاہ اوّل حضور نظام کا جدامجد ہے سلطان عالمگیر کے دربار کا پروردہ اور سربرآوردہ ہے عالمگیر کی سلطنت ختم ہو گئی مگر آصف جاہ کی اولاد اب تک حکمران ہے آصف جاہ نے دہلی کی سلطنت کو تقویت دینے کے لئے سکیم تیار کی وہ اپنی عقل اور دانش کو دربار محمد شاہ کی تقویت کا ذریعہ بنانا چاہتا تھا، لیکن ناکام رہا اس پر اس نے اپنی عقل کو خود اپنی شخصی ترقی و ترفع

بقیہ بر صفحہ ۱۹ ۔ [2] بر صفحہ ۱۹

کے لئے لگا دیا جس میں وہ کامیاب ہوا۔ محمد شاہ ابتدا میں اُس کا طرفدار تھا مگر بد اندیش درباریوں نے بادشاہ کو آصف جاہ سے بدظن کر دیا۔ بعد ازاں اُس نے خود اپنے لئے جو کچھ کرنا تھا کیا۔ پہلے وہ اپنی تمام قوتیں دربار کے لئے صرف کرنا چاہتا تھا۔ مولینا سید سلیمان ندوی مقدمہ سیرت سید احمد شہید ص۱۱ میں لکھتے ہیں۔ شاہ عبدالرحیم کے مکاتیب کا ایک نسخہ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد کے کتب خانہ میں میری نظر سے گذرا، اُس میں آپ کا ایک خط نظام الملک آصف جاہ اول کے نام ہے جس میں انہوں نے نواب مرحوم کو مرہٹوں سے جہاد کرنے کی ترغیب دی ہے" آصف جاہ کے حالات اور اسکے کارناموں کے لئے سیر المتاخرین اور تاریخ ہند از ذکاءاللہ جلد نہم کافی ہے۔ وفات ۱۱۶۱ھ۔

۵۔ مرزا مظہر جانجاناں شہید شمس الدین حبیب اللہ مجددی قدس سرہ۔ از سادات عظام علوی است۔ آبا و اجداد وے از امرائے نامدار شاہی بودند۔ و قرابت بسلسلہ تیموریہ داشتند۔ از ہر فن و علوم ظاہری بہرۂ کامل حاصل نمود۔ بہ شب چہارشنبہ محرم الحرام ۱۱۹۵ھ پاسے از شب گذشتہ بود کہ چند کس بر دروازہ خانقاہ دستک زدند۔ خادم عرض نمود کہ بعضی مردم برائے زیارت حاضر آمدہ اند۔ فرمود بیایند۔ ایں سہ کس اندروں آمدند۔ از ایشاں یکے مغل زادہ بود حضرت مرزا را زخم قریب دل رسانیدہ فرار نمودند تا سہ روز بقید حیات بود بروز جمعہ بوقت شام جان حق تسلیم کرد۔ آں شب شب شنبہ بود و بگاہ آں دہم محرم الحرام ۱۱۹۵ھ

خزینۃ الاصفیاء

قال مولینا الشیخ عم فیضہم فی کتاب التمہید النوع الخامس فی تذکرۃ اصحاب الامام عبد العزیز دہلوی من المظہریین۔ فصل فی تذکرۃ قیم الطریقۃ الاحمدیۃ المجددیۃ الامام شمس الدین حبیب اللہ محمد مظہر جانجاناں من الفقراء الامام ولی اللہ الدہلوی "قال الشیخ محسن فی الیانع الجنی بعد ذکر الامام الربانی الشیخ احمد السرہندی ومن اجلۃ اصحابہ

المتاخرين قيم الطريقة الشيخ شمس الدين المظهر المعروف بجان جانان الشهيد الدهلوي من ذرية محمد بن الحنفية۔ كان ذا فضائل كثيرة۔ قرء الحديث على الحاج محمد افضل السيالكوتي۔ واخذ الطريقة المجددية من اكابر اهلها۔ وكان وليه في اتباع السنة والقوة الكشفية بشان عظيم۔ شهد ائمة الصوفية والمحدثون بفضله وجلالته كشيخه السيالكوتي وابي عبد العزيز والحاج فاخر الاله آبادي وله شعر بديع ومكاتيب نافعة۔ واقر المحدث محمد حيات السندي المدني على قوله بوجوب العمل بالحديث اثره وان خالف المذهب۔ توفي ليلة عاشوراء وقد ارخ بعضهم عام وفاته بما ورد في بعض الاحاديث عاش حميداً ومات شهيداً۔ ومن اجلة اصحابه القاضي ثناء الله الاموي ثم العثماني من علماء فاني فت بلدة بقرب دهلي۔ كان فقيهاً اصولياً زاهداً مجتهداً۔ له اختيارات في المذهب وتصنيفات عظيمة في الفقه والتفسير والزهد وكان شيخه المظهر يفتخر به۔ انتهى۔ قلت لصاحب الامام حبيب الله محمد مظهر والامام ولي الله احمد كالاخوين المتزامنين المتعاصرين۔ ولا يزال الرحمي بينهما على البلاد۔ توفي الامام محمد مظهر في سنة ١١٩٥ شهيداً باغتيال خدام لبعض الشيعة من امراء دهلي۔

قال رضي الله عنه ؎

بہ لوحِ تربتِ من یافتند از غیب تحریرے
کہ ایں مقتول را جز بے گناہی نیست تقصیرے

امیر الروایات میں ہے کہ حضرت مرزا صاحب کی قتل میں نجف علیخاں حاکم دہلی کا ہاتھ تھا جو مذہباً رافضی تھا۔

بحوالہ ش۔م۔ صفحہ ٢٦٦

*

۳- امام ولی اللہ نے اپنے اس بارہ برس کے مطالعے میں اصلاحی پروگرام کے دو اصول معیّن کر لیے:-

(الف) علمی اصلاح کے لئے قرآن عظیم کی حکمتِ عملی کو اسکے معجزہ ثابت کرنے کا عنوان بنانا۔

(ب) دولت و ملّت کے تمام اخلاقی اور عملی مفاسد کا مرجع اور مدار، اقتصادی عدمِ توازن کو قرار دینا۔

۴- وہ اپنے فن کو مدلّل کر کے، اُسے قوم میں شائع کرنا چاہتے تھے۔ اس کے لئے جس قدر علمِ حدیث کی ضرورت انہیں محسوس ہوئی وہ دہلی میں حاصل نہیں

نظریہ اعجاز قرآن | قرآن حکیم کا ترجمہ انہوں نے سفرِ حج سے پیشتر شروع کر دیا تھا۔ تسوید زہراوین ۱۱۴۲ھ میں ہوئی دکتاب تمہید۔ لیکن آئندہ اسی مقالہ میں تصریح فرمائیں گے کہ شاہ صاحب نے ترجمہ کا کام تمام ۱۱۵۰ھ میں شروع کرنے کا ارادہ کر لیا تھا،

فلسفی مزاج مدعیان اسلام نے بہت پہلے اس اعجاز قرآن کو، جو عربی بلاغت سے وابستہ ہے۔ چنداں اہمیت نہیں دی۔ اس پر آن کے مخالفین نے بہت کچھ لے دے کی ہے لیکن اگر اُن اقوال کی یہ توجیہہ کی جائے کہ عجمی اقوام چونکہ عربی بلاغت کے سمجھنے سے قاصر تھیں اس لئے اُنکے سامنے اعجاز قرآن کا معیار عربی بلاغت نہیں ہونا چاہیئے۔ بلکہ ان اقوام کے لئے اعجاز کا معیار کوئی دوسری چیز بنانا ضروری ہے۔ تو یہ قول قابلِ قبول ہو سکتا ہے عبدالرحیم خیاط معتزلی عالم کتاب "الانتصار" میں ناقل ہے "وکان النظام (ابراہیم بن سیار) یزعم ان نظم القرآن وتالیفه لیسا بحجة للنبی صلی اللہ علیه وسلم، وان الخلق یقدرون علی مثله"

ابوالعلاء احمد معرّی نے ایک کتاب اسی باب میں لکھی ہے جس کا نام "الصرفة" ہے یعنی خدا تعالیٰ نے از جانب خود قوائے بشریہ کو معارضہ قرآن سے روکا ہوا ہے ورنہ انسان

ؔ بر صفحہ ۲۲ دیکھو۔

ایسا قرآن بنا سکتے۔ وقال فی ذالک ان القرآن لہ یخرق العادۃ بالفصاحۃ حتی صار معجزۃ للنبی صلی اللہ علیہ وسلم لان کل فصیح وبلیغ قادر علی الاتیان بمثلہ۔ الا انہم صرفوا من ذلک لا ان یکون القرآن فی نفسہ معجزاً لفصاحتہ۔ وھو مذھب لجماعۃ من المتکلمین والرافضۃ منھم الشریف المرتضی والمرتضی ابوالقاسم۔
معجم الادباء لیاقوت الحموی ص۱۳۹ج۳ ۱۲ محمد نور الحق علوی۔

اقتصادی توازن

عام طور پر تصوف فلسفۂ اخلاق سے شروع کیا جاتا ہے! اقتصادی ضروریات حیوانی زندگی کے لئے بیشک ضروری مانی جاتی ہیں لیکن انسانیت سے براہ راست انکا تعلق نہیں مانا جاتا۔ اس نے ہماری سیاست کو کھوکھلا کر دیا ہے ہمارے بڑے عقلمند اور زاہد با اخلاق صوفیہ سب کے سب اجتماعی سیاست سے دور رہنا اپنا کمال سمجھتے ہیں اور یہ کتب تصوف کی سب سے بڑی کوتاہی ہے۔ مگر شاہ ولی اللہ اس اصول کو حجۃ اللہ میں متعدد مواقع پر نہایت وضاحت سے سمجھاتے ہیں چنانچہ حجۃ اللہ ص۱۰۳ میں فرماتے ہیں "اگر کسی قوم میں تمدن کی مسلسل ترقی جاری رہے تو انکی صنعت وحرفت اعلےٰ کمال پر پہنچ جاتی ہے اسکے بعد اگر حکمران جماعت آرام وآسائش، اور زینت وتفاخر کی زندگی اپنا شعار بنالیں تو اسکا بوجھ قوم کے کاریگر طبقات پر اتنا بڑھ جائے گا کہ سوسائٹی کا اکثر حصہ حیوانوں جیسی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہوگا۔ انسانیت کے اجتماعی اخلاق اسوقت برباد ہو جاتے ہیں جب کسی جبر سے انکو اقتصادی تنگی پر مجبور کر دیا جائے اسوقت وہ گدھوں اور بیلوں کی طرح صرف روٹی کمانے کے لئے کام کریں گے۔ جب انسانیت پر ایسی مصیبت نازل ہوتی ہے تو خدائے تعالےٰ انسانیت کو اس سے نجات دلانے کے لئے کوئی راستہ ضرور الہام کرتا ہے یعنی ضروری ہے کہ قدرت الٰہیہ انقلاب کے سامان پیدا کرکے قوم کے سر سے اس ناجائز حکومت کا بوجھ اتار دے چنانچہ کسریٰ وقیصر کی حکومت نے بھی دنیرہ (آرام وآسائش رفاھیۃ بالغۃ) اختیار کر رکھا تھا اس مرض کے ازالے کے لئے امیتین میں رسول اللہ صلی اللہ کو پیدا کیا گیا۔ فرعون کی ہلاکت

ہوسکتا تھا۔اس کی تحصیل و تکمیل کے لئے انہوں نے سفر حجاز[1] اختیار کیا۔کامل اساتذہ کی صحبت، اور اعلیٰ علمی کتابوں کے مطالعے سے دو سال میں انہوں نے حدیث

اور قیصر و کسریٰ کی تباہی اسی اصول پر لوازم نبوت سے شمار ہوتی ہے
یہاں ضمنی طور پر مثالوں کے ذیل میں کہ دہلی کے بادشاہوں اور امیروں کبھی لت بھی کسریٰ و قیصر کے لگ بھگ جا پہنچی ہے فرماتے ہیں۔ وما نراه من ملوك بلادك يغنيك عن حكايا تهم

دوسرے موقع پر جہاں ربا سے بحث کی ہے (دیکھو حجۃ اللہ البالغہ صفحہ ۲) کہ اسلام نے ربا کو قطعی طور پر بند کر دیا ہے وہاں تفصیل سے بتایا کہ رفاہیت بالغہ کے مرض سے سوسائٹی کو محفوظ کر دینا ضروری ہے"۔

اس طرح پورا فلسفہ نہایت اعلےٰ طریق پر مرتب ہو جائے گا انسانی اجتماعی زندگی کے لئے اقتصادی نظام ایسا ہونا ضروری ہے جو اُنکا ضروریات کو پورا کر دے اور اسکے بعد اُن کے پاس کچھ وقت بچ جائے تاکہ وہ اپنے لطائف کی تکمیل کر سکیں۔ اقتصادی نظام کی درستی کا نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ انسانی اجتماعیت کے اخلاق مکمل ہونگے۔اور ان اخلاق کی تکمیل ہی قبر اور حشر کی مصیبتوں سے نجات دلائے گی۔ پھر ان اخلاق کی تکمیل دوسرے درجہ پر جنت کی نعمتوں سے مستفید کرے گی۔اور تیسرے درجے پر جا کر اس کو رؤیت رب العالمین کے لئے تیار کرے گی۔ اگر اسے نبوت کا مقصد ٹھہرایا جائے اور جہاں نبوت نہ ہو وہاں انبیاء کے اتباع (صدیق و حکیم) اُن کا کام کریں تو نبوت انسانیت کے لئے ایک فطری چیز بن جائے گی، اور یہی شاہ ولی اللہ کی فلاسفی کی روح ہے ھ مولینا محمد نور الحق علوی - ۲۷ر اکتوبر ۱۹۴۱ء

[1] سفر حجاز۔ بعد ازاں، دوازدہ سال، شوق زیارت حرمین محترمین در سر افتاد - و در آخر ۱۱۴۳ھ (فقیر) بحج مشرف شد و بسال ۱۱۴۴ھ بہ مجاورت مکہ معظمہ و مدینہ منورہ، و روایت

وفقہ میں مجتہدانہ کمال پیدا کر لیا۔ جو تجدید انقلاب کے لئے ایک ضروری امر ہے اس کے ساتھ اُن کی قوت اشراقی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت سے استفادہ کا موقع بہم پہنچایا۔ فیوض الحرمین میں انہوں نے وہ فلسفی، سیاسی اجتماعی فوائد جمع کر دیے ہیں۔ جو اس طرح حاصل کئے۔

(بقیہ صفحہ ۲۳) از شیخ ابو طاہر قدس سرہٗ۔ وغیرہ از مشائخ حرمین محترمین موفق گشت۔ ودراں میان بروضہ منورہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم متوجہ شدہ فیض ہا یافت وبا متوطنان حرمین۔ از علماء وغیر ایشاں صحبت ہائے رنگین افتاد۔ وخرقہ جامعہ شیخ ابو طاہر کہ حاوی جمیع خرق صوفیہ تواں گفت۔ پوشید۔ وآخر ایں سال حج گذاردہ سال ۱۱۴۵ھ متوجہ وطن مالوف شد۔ وروز جمعہ چہاردہم رجب در کنف صحت وسلامت بہ وطن رسید۔ واما بنعمت ربک فحدث جزء لطیف

[5] اجتہاد

مقدمہ مصفی یوں ہے "اجتہاد در ہر عصر فرض بالکفایہ است۔ ومراد از اجتہاد دراینجا نہ اجتہاد مستقل است مثل اجتہاد شافعی کہ در معرفت تعدیل وجرح رجال، ومعرفت لغت ومثل آں محتاج بہ شخصی دیگر نبود۔ وہم چنیں دررہ آمد مجتہدانہ مسبوق بارشاد کسے نہ۔ بل معرفت احکام شرعیہ از ادلہ تفصیلیہ وتفریع وترتیب مجتہدانہ اگرچہ بارشاد صاحب مذہبے بودہ باشد۔ وآنکہ گفتیم کہ اجتہاد در ہر عصر فرض است بجہتہ آں است کہ مسائل کثیر الوقوع غیر محصور اند۔ ومعرفت احکام الٰہی دراں ہا واجب، وآنچہ مسطور ومدون شدہ است غیر کافی۔ ودراں ہا اختلاف بسیار۔ کہ بدون رجوع بادلہ حل اختلاف آں نتواں کرد۔ وطرق آں تا مجتہدین غالباً منقطع۔ پس بہ غیر عرض بر قواعد اجتہاد راست نباید" صفحہ ۱۲ طبع قدیم۔

حضرت مولٰینا نے ۲۵ راکتوبر ۱۹۴۱ء کو مجھ سے فرمایا، جب تک کوئی انسان اپنے فکر پر مستقل اعتماد نہ رکھتا ہو وہ کوئی انقلاب پیدا کر ہی نہیں سکتا۔ استقرار فکر کے

تین درجے ہیں (اول) شرعیات میں خلافت راشدہ کو امام بنانا ضروری ہے۔ جو شخص اپنے آپ کو اس سے بھی مستثنیٰ بنالے اور قرآن عظیم کو اپنے مستقل فکر سے حل کرنا چاہے اُسے ہم مجتہدین میں شمار نہیں کرتے وہ در اصل اپنی موروثی ذہنیت کو قرآن کا لباس پہنا دیتا ہے۔ خلافت راشدہ کا اتباع کرنے والا ایک حکیم اگر اپنا مستقل فکر رکھتا ہے اور اس کے فکر میں اور خلافت راشدہ میں کوئی واسطہ نہیں آتا۔ اور وہ خلافت راشدہ کے دستور العمل کو پڑھ کر اپنے فکر سے تطبیق دے لیتا ہے تو یہ ہے مجتہد مطلق مستقل، اس کی مثال ائمہ ثلثہ ہیں۔ کیونکہ امام احمد کو ہم امام شافعی کے اتباع میں شمار کرتے ہیں۔ اگر امام شافعی کے مذہب کے ساتھ امام احمد کا مذہب ملا کر مدون کیا جائے تو یہ ایک بڑی چیز ثابت ہوگا۔ جیسے صاحبین کا مذہب امام ابوحنیفہ کے مذہب سے ملکر بہت بڑی چیز بن گیا ہے۔ جس نے چاردانگ عالم کو مسخر کر رکھا ہے۔ قلت قال الشیخ فی کتاب التمہید ونحن نحسب ان مذهب الامام احمد تتمة المذهب الشافعی۔ قال الامام ولی الله فی کتاب "الانصاف" ومنزلة مذهب احمد من مذهب الشافعی بمنزلة مذهب ابی یوسف ومحمد من مذهب ابی حنیفة الا ان مذهبه لم یجمع فی التدوین مع مذهب الشافعی کما دون مذهبهما مع مذهب ابی حنیفة فلذلك لم یعد مذهبا واحدا فیما نری۔ ولیس تدوینه مع مذهبه عسیرا علی من تلقاها علی وجههما فنحن نرجو من الفقهاء الحنابلة ان یکونوا متبحرین فی مذهب الامام الشافعی وکذلك نرجو من الشوافع ان یتبحروا فی الفقه الحنبلی۔ فان اصطلح الحنیفة والمالکیة علی مثل ذالك یکون خیرا للمسلمین عـ نور]

(دوم) دوسرا درجہ یہ ہے کہ ایک مجتہد مستقل کو استاد مان کر یہ فن اُس سے سیکھ لیا جائے۔ مگر استاد کی طرح اس عالم کا اعتماد بھی براہ راست خلافت راشدہ پر ہو۔ جیسے صاحبین ایسے ائمہ کو مجتہد منتسب کہا جاتا ہے یہ دوسرا درجہ ہے اجتہاد کا اور انقلاب کے لئے کم از کم

۵ - اب ان کی انقلابی قوتِ علمی اپنے مرتبۂ کمال پر پہنچ گئی۔ جو کچھ انہیں مستقبل میں پیش آنے والا ہے اُسے انہوں نے خواب میں دیکھ لیا چنانچہ انہوں نے شب جمعہ ۲۱ ذیقعدہ ۱۱۴۴ھ ہجری ۱۷۳۱ء کو مکہ معظمہ میں ایک الہامی خواب دیکھا۔ اس کا حاصل ہم اپنی زبان میں تحریر کرتے ہیں۔

(بقیہ صفحہ ۲۵) اس درجہ کا مجتہد ہونا ازبس ضروری ہے۔
(سوئم) اسکے بعد ایک تیسرا درجہ تجویز کیا گیا ہے جسے مجتہد فی المذہب کہتے ہیں۔ اس کا تعلق خلافت لاشدہ سے نہیں ہوتا۔ مجتہد مستقل اور اسکے اتباع میں جتنے مجتہد منتسب پیدا ہوئے انکے اختلافات کو یہ ایک اصول کے اندر حل کر دیتا ہے۔ اس لئے ایک مذہب کی کتابیں پڑھانے کا یہ استاذ کامل ہوتا ہے۔ نیز یہ شخص داخلی انتظام کے لئے (قاضی مفتی بننے کے لئے) بہت کارآمد ہے۔ یہی تنظام داخلی کو مستحکم بنا دیتا ہے جیسے حنفیہ میں شمس الائمہ سرخسی وغیرہ ائمہ حنفی فقہ میں جس قدر مجتہد گزرے اس کی نظیر نہیں ملتی۔ خراسان کے ایک ایک گاؤں میں دس دس مجتہد فی المذہب گذرے ہیں۔ مذہب حنفی کے بقا اور استحکام کی یہی وجہ ہے سلطنتیں مٹ گئیں۔ مگر عوام میں مذہب حنفی موجود و محفوظ ہے۔ اور اس کی مخالفت ترک اسلام کے مترادف سمجھی جاتی ہے ۱۲ محمد نور الحق شب ۲۷ انا

شاہ صاحب کا الہامی خواب

اصل خواب "فیوض الحرمین" ص۸۹ میں مذکور ہے حضرت مولانا عظم فیضہم کتاب التمہید (حصہ اردو) ص۲ میں فرماتے ہیں "استبدادی حکومتوں کا خاصہ ہے کہ حکمران کے ماسوا کوئی شخص سیاسیات پر رائے زنی نہیں کرسکتا۔ اس لئے حکما اسلام کا ایک طبقہ جو شعر و شاعری کا مذاق رکھتا ہے اپنی منظوم تصانیف میں قصص و حکایات، یا مدائح و نصائح کی صورت میں اپنی رائے ظاہر کرتا ہے۔ اور جنہیں اس طرح اظہار خیالات کا موقعہ نہیں ملتا۔ ان کے افکار صادقہ کا سلسلہ واقعات مستقبلہ کی صورت اختیار کرکے خواب میں نظر آتا ہے۔ ان کے معتقد اس بشارت کو سنتے ہیں اور اس کی تعبیر میں غور کرتے ہیں اور حقیقت واقعہ عریاں ہو کر نظر آنے لگتی ہے۔

(بقیہ صفحہ ۲۶) شاہ صاحب نے اپنا انقلابی نظریہ حجاز میں مکمل کر لیا تھا۔ جسے آپ نے "فیوض الحرمین" میں ایک خواب
کی شکل میں لکھا ہے۔ فرماتے ہیں شب جمعہ ۲۱ ذی قعدہ ۱۱۴۴ھ کو میں نے مکہ معظمہ میں خواب دیکھا کہ خدا تعالےٰ
نے مجھے اس زمانے کا نظام قائم کر رکھنے میں ایک واسطہ بنایا ہے۔ میں نے دیکھا کہ کفار کا سردار مسلمانوں
کے شہروں پر غالب آگیا ہے۔ اس نے ان کے اموال لوٹ لئے۔ اور انہیں قید کر لیا۔ اور اجمیر جیسے شہر میں کفر
کے خصوصی احکام جاری کر دئے۔ اور اسلامی قانون کے خاص کام ممنوع قرار دئے۔ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے متاثر
ہو کر میں غضب سے بھر گیا۔ اور میرے غضب کا اثر اس ہجوم میں بھی پھیل گیا جو میرے گرد جمع ہو رہا تھا۔ انہوں
نے مجھ سے دریافت کیا کہ اس وقت خدا تعالیٰ کی رضا کس طرح حاصل ہو سکتی ہے؟ میں نے جواباً کہا "فَکُّ
کُلِّ نِظَامٍ" (تمام بوسیدہ نظاموں کو توڑ دو) اس کے بعد وہ ہجوم آپس میں جنگ شروع کر دیتا ہے۔ پھر
میں ایک شہر کے قریب پہنچا تاکہ اس کو برباد کر دوں۔ ادھر وہ لوگ بھی میرے پیچھے پیچھے چلے آئے۔ اور لگاتار
شہروں کو برباد کرتے ہوئے اجمیر پہنچ گئے۔ یہاں میں نے دیکھا کہ ان لوگوں نے کفار کے سردار کو ذبح کر ڈالا۔
اور اس کی رگ ہائے گردن سے خون بڑے زور سے بہہ رہا ہے۔

اس خواب کی تعبیر میں غور کرنے سے یہی معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ مرہٹوں کی بڑھی ہوئی قوت کی شکست
کا اشارہ ہے۔ اور شاہ ولی اللہ ایک طرح بر اس کے سرانجام دینے کا واسطہ ہیں۔ اجمیر کا ذکر اس لئے آتا
ہے۔ کہ دہلی کا روحانی مرکز اجمیر تھا۔ خواجہ معین الدین چشتی قدس سرہٗ اجمیر میں تشریف لائے۔ اور یہیں سے اشاعت
اسلام کا کام شروع کیا جس کے نتیجے میں دہلی فتح ہوئی۔

اس خواب کے دو سال بعد ۱۱۴۶ھ میں باجی راؤ شمالی ہند پر حملہ آور ہوا۔ ادھر ۱۱۵۰ھ میں نادر شاہ
کی یلغار سے تمام سابقہ انتظامات کمزور ہونا شروع ہوئے۔ نادر شاہ کے بعد احمد شاہ ابدالی نے اس سلسلہ
کو جاری رکھا جس میں مسلمانوں کی خانہ جنگی اور ان کے نظام سلطنت کی بوسیدگی ظاہر کرنے کے ماسوا کوئی
فائدہ نظر نہیں آتا۔ مگر اسی احمد شاہ نے ۱۹ ذیقعدہ ۱۱۷۴ھ میں پانی پت پر مرہٹوں کا خاتمہ کر دیا۔

ہندوستان کے جن مسلمان امیروں نے احمد شاہ کو اس حملے کی دعوت دی تھی۔ ان میں نواب
نجیب اللہ پیش پیش تھے جیسے۔ یہ تاریخی حقیقت معلوم ہے۔ کہ نواب نجیب اللہ شاہ ولی اللہ کے خاص

الف : انہیں یقین دلایا گیا۔ کہ وہ ان مفاسد کے علاج میں ایک مستقل ذمہ دار حیثیت کے مالک ہیں یعنی ان کا انقلابی کمال اپنی مستقل حکومت کا مقتضی ہے۔

ب۔ انہیں بتایا گیا۔ کہ پہلا نظام توڑ کر اس کے عوض وہ نیا نظام قائم کرنے کا ذریعہ بنیں گے یعنی وہ ہندوستانی مسلمان کے تمام دینی علوم اور سیاسی و اجتماعی تحریکات میں مستقل امام ہوں گے۔

(بقیہ صفحہ ۲۷) مسترشدین میں سے تھے۔ اُسے ہماری تعبیر قبول کرنے میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ (قلت وسیجئی بعض ما یتعلق بذالک۔ نور)

اس واقعہ کے قاعدے "فَكُّ كُلِّ نِظَامٍ" کو شاہ ولی اللہ نے اپنے انقلابی نظریے کا عنوان قرار دیا اور تفسیر و حدیث، فقہ و تصوف کی تمام کتابوں میں جو بچاس کے قریب ہیں۔ مناسب مواقع پر اجتماع کے فساد کی تفصیل، اور انقلاب کی ضرورت پر کافی بسط سے بحث کی ہے۔ محمد نور الحق علوی

لہ مستقل حکومت الخ مجتہد جس طرح کبھی منتسب ہوتا ہے اسی طرح بعض حکومتیں بھی پہلے خاندان حکومت کے تابع ہو کر منتسب کا درجہ پیدا کر لیتی ہیں۔ اس کے بالمقابل مجتہد مستقل کی طرح اصل انسانیت پر غور کر کے نئے اصول و ضوابط پر ایک حکومت پیدا ہوتی ہے اسی کو حقیقی مستقل حکومت کہنا چاہیئے۔ شاہ صاحب کے علوم کا تقاضا ہے کہ ایسی حکومت پیدا کی جائے جس کو خلافت راشدہ کے سوا کسی اور سے انتساب نہ ہو۔

ع۔ ۲ اگر شاہ صاحب کے اصول کو چھوڑ کر کوئی شخص اسلام کی علمی طاقت کو محفوظ رکھنا چاہے تو کامیاب نہیں ہو سکے گا۔ نیز اگر ان کے سیاسی اصول ترک کر کے حکومت بنانا چاہے گا تو یقیناً ناکام رہے گا تفہیمات الٰہیہ ص۱۰۴ میں ہے کہ "مجھے تقرب الی اللہ کا ایک نیا طریقہ عطا کیا گیا ہے۔ جس سے تمام پرانے طریقے منسوخ ہو گئے ہیں۔ لوگوں کو پرانے طریقوں سے محبت ہے۔ جس سے ان کو ایک قسم کی لذت محسوس ہوتی ہے مگر تقرب الی اللہ ان طریقوں سے حاصل نہیں ہو سکتا۔"

(بقیہ صفحہ ۲۸ تنبیہ) یہاں پر اس قدر تنبیہ کرنے کی ضرورت ہے۔ کہ امام ولی اللہ اپنے طریقے میں خدا یاد کرنے کے اشغال اور حکومت بنانے کے قوانین۔ ہر دو چیزوں کو ایک مرتبہ پر جمع کر دیتے ہیں۔ انہوں نے حکومت کا نام خلافت ظاہرہ رکھا ہے۔ اور حکومت پیدا کرنے والی جماعت کا نام خلافت باطنہ تجویز کیا ہے۔ آج کی اصطلاح میں اگر اس کا ترجمہ کیا جائے۔ تو پہلے درجے کو گورنمنٹ کہا جائے گا۔ اور دوسرے درجے کو وہ پولیٹیکل پارٹی جو اس گورنمنٹ کو پیدا کرتی ہے۔ قلت راجع فیوض الحرمین ص۔ نور الحق۔

یہ دونوں چیزیں سیاست میں آگے پیچھے نہیں کی جا سکتیں۔ بلکہ مساوی عزت کی مستحق ہیں۔ شاہ صاحب ان کے لئے سیاست کا وہ خصوصی لفظ جو اسلام میں مستعمل تھا۔ یعنی خلافت۔ اس کو دو حصے بنا کر دونوں جماعتوں کو ایک نقطے پر جمع کرنا چاہتے ہیں۔ ان کی پولیٹیکل پارٹی کے لئے ذکر و فکر ضروری ہے۔ ورنہ وہ دینی حکومت کبھی پیدا نہیں کر سکے گی۔

اب وہ جس وقت "اپنا طریقہ" کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ تو اس میں ان کی ساری تحریک علمی ہو یا اخلاقی وجدانی یا سیاسی سب کے سب یکساں داخل ہیں۔

اس تنبیہ کے بعد ہمارا یہ کہنا صحیح ہوگا۔ کہ شاہ صاحب کے خلاف کوئی طریقہ ذکر و فکر کا مقرب الی اللہ نہیں ہوگا۔ اور اسی طرح شاہ صاحب کے اصول چھوڑ کر کوئی سیاسی تحریک، حکومت ہو یا حکومت پیدا کرنے والی جماعت، وہ دینی حکومت پیدا کرنے میں کامیاب نہ ہوگی۔ شاہ صاحب کے مذکورہ ذیل جملوں کا مطلب ہم یہی سمجھتے ہیں۔ کہ طریقت و اشغال۔ اور مذہب و سیاست۔ سب چیزیں ان ہی کے اتباع میں تقرب الی اللہ کا باعث بن سکتی ہیں۔ فلن ترٰی مذهبًا بعد مذهبه، ولا طریقًا فی السلوك بعد طریقته یشتمل علی روح الجذب۔ نعم ترٰی اهل الطرق والمذاهب یتمسکون برسوم المذاهب والطرق ویشتغلون بالاشغال المفیدة لنوع من السلوك۔ واما الجذب فمفقود فتلك القیامة التی وعدت لهذا الوصی وعزت من کماله قبل ان یوجد فی الناسوت ص ۱۸

الغرض یہ تصریحات بظاہر طریقت کے لئے لکھی گئیں۔ مگر ہماری سمجھ یہ ہے کہ سیاسی اصول میں

ج۔ انہیں سمجھایا گیا۔ کہ ان کی اصلاحات نافذ ہونے کے لئے باہمی لڑائیوں کا طویل سلسلہ پیش آنے والا اس طرح سارے خواب کا حاصل یہ نکلا۔ کہ حکیم الہند مکمل اجتماعی انقلاب کے شروع کرنے والے ہیں۔

اس عزم کے ساتھ وہ دہلی واپس آئے۔ اور سب سے پہلے انہوں نے اپنا ترجمہ قرآن (فتح الرحمان) مکمل کیا جس میں اپنا پروگرام اجمالاً مندرج کر دیا۔ اور ۱۱۵۶ھ ۱۷۴۳ء سے اس کی تدریس شروع کر دی۔

(بقیہ صفحہ ۲۸) بھی وہ دنیا بھر کے امام ہیں۔ ہندوستان تو رہا بجائے خود۔ یورپ میں بھی ان کے اصول سے ہٹ کر کوئی حکومت نہیں رہ سکتی۔ ہم اس موضوع پر ایک مستقل کتاب لکھوا سکتے ہیں۔ مگر ہماری ملک کی فضا اس کے موافق نہیں ہے۔

شاہ صاحبؒ کا اجمالی پروگرام

فتح الرحمان کے حواشی میں آپ نے تمام وہ چیزیں درج کر دی ہیں جو ان کی تجدید کے لئے بمنزلہ اساس ہیں۔ سب سے پہلا امر یہ ہے کہ حکومت مکہ میں پیدا ہوئی۔ اور اس کا نظام لڑائی کے بغیر مستقل تھا۔ وہ عدم تشدد کی پابندی سے حکومت پیدا کرنے کا مستقل نظام تھا۔ یہ سورۂ رعد کے آخری فائدہ میں انہوں نے درج کر دیا ہے۔

قلت قال تعالیٰ اولم یروا انا ناتی الارض ننقصھا من اطرافھا واللہ یحکم لا معقب لحکمہ۔ وھو سریع الحساب یعنے روز بروز شوکت اسلام بزمین عرب منتشر مے شود۔ و دار الحرب ناقص مے گردد از اطراف آں۔ عامۂ مفسرین این آیت را مدنیہ دانند۔ ونزدیک مترجم لازم نیست کہ مدنی باشد۔ ومراد از نقصان دار الحرب اسلام اسلم وغفار وجہینہ ومزینہ وقبائل یمن است پیش از ہجرت۔ حاشیہ فتح الرحمان غرض مکہ میں عدم تشدد کے اصول پر ایک حکومت بن چکی تھی۔ نور الحق۔

شاہ صاحب نے اپنے تصوف کے طریقہ کی بیعت کو اسی نظام مکی کی نقل بنایا۔ یہ امر اُن کی

(بقیہ صفحہ ۲۸) سیاست میں تصوف کو دینی بلند درجہ دینے کا حقیقی سبب ہے۔ جو شخص حکومت کے سارے مناصب چلانے کے لئے افراد کی تربیت عدم تشدد کی پابندی میں پہلے مکمل نہیں کر لیتا۔ وہ لڑکر کوئی نیا نظام حکومت پیدا نہیں کر سکتا۔ لڑکر پچھلی حکومت کو توتوڑ سکتا ہے۔ مگر اس کی جگہ نیا نظام قائم کرنے کے لئے اس کو آدمی میسر نہیں ہوں گے۔ تفہیمات صفحہ ۱۲۱،۱۲۲ میں ایک اشارہ ہے۔ کہ آپ کو اس الہام کے مکمل کرنے کے لئے انبیاء کی طرح صبر سے کام کرنا چاہئے۔ جس میں ان سے وعدہ کیا گیا ہے۔ کہ وہ امام مہدی کی طرز کے آدمی ہیں۔ اس کا مطلب یہی ہے۔ کہ وہ اپنی جماعت پہلے تیار کریں۔ چنانچہ وہ اس میں کامیاب ہوئے۔ شاہ عبدالعزیز نے نظام حکومت چلانے کے لئے پورے آدمی تیار کر دیئے۔

یہاں ایک خدشہ پیدا ہوتا ہے۔ کہ پھر وہ شکست کیوں کھا گئے؟ ہم اپنی پرانی ذہنیت میں اس شبہے سے بہت متاثر رہے۔ پھر رو کر کسی کو دو چار جلی کٹی سنا کر اپنا جی ٹھنڈا کر لیتے ہیں۔ مگر اثنائے سیاحت میں جب ہمیں یورپ کی انقلابی تحریکوں کے مطالعے کا موقعہ ملا۔ تو یہ اصول سمجھ میں آیا۔ کہ ایک اعلیٰ انقلاب کے لئے متعدد بار شکست کھانا ضروری ہے۔ اسی لئے اسلام کی ابتدائی تاریخ میں باہمی خانہ جنگیاں پیدا ہوتی رہیں۔ یہ چیز اصل میں انقلابی تحریک کے لوازم میں سے ہے۔ اسکے بعد ہم مطمئن ہو گئے۔ کہ اگر شاہ صاحب کی تحریک ایک بار شکست کھا گئی۔ تو یہ حقیقت میں تحریک کی شکست نہیں ہے۔ اس کے بعد ہم نے اپنے دیوبندی اساتذہ کے کام کو نئے شاہ صاحب کی تحریک کا دوسرا دور قرار دیا۔ دیکھا سیجئے تفصیل سے اصل المقالہ۔ نوٹ) اس دوسرے دَور کو ہم مولانا شیخ الہند کی وفات پر ختم کرتے ہیں۔ اس دَور میں بھی وہ تحریک دوبارہ شکست کھا چکی ہے۔ مگر وہ اپنے نتیجہ میں تیسرے دَور کے لئے مبادی تیار کر گئی ہے۔ اور میں اسی امید پر زندہ ہوں مجھے اس تحریک کی آخری کامیابی میں کسی قسم کا شبہ و تردد دامنگیر نہیں ہے۔

سوشلسٹ انقلابی تحریک سب سے پہلے فرانسیسی انقلاب کے موقع پر شروع ہوئی۔ اور ٹوٹ گئی۔ پھر دوسری بار منظم ہوئی۔ اور شکست کھا گئی۔ بعد ازاں روس میں لینن نے اس کو

تیسری بار منتظم کیا۔ اور روس کا نام اسی مناسبت سے تھرڈ انٹرنیشنل تجویز ہوا۔ اصل کارل مارکس کے نظام میں اور لینن کے موجودہ نظام نامہ میں بہت کچھ تبدیلی آ چکی ہے۔ مگر وہی تحریک اپنے تیسرے دَور میں کامیاب ہو کر رہی۔ اور زمین کے ایک بڑے قطعہ پر اپنی حکومت قائم کر سکی۔

اسی طرح میں تیسری اجتماعی تحریک شاہ صاحب کے اصول کے لئے تجویز کرنا چاہتا ہوں (الف) اس میں مصطفےٰ کمال کا قومی انقلاب ایک جزو ہوگا۔ (ب) شاہ ولی اللہ کا عقلی و اقتصادی فلسفہ اس پر حکومت کرے گا (ج) اور عدم تشدد کی پابندی سے انڈین نیشنل کانگریس کے اندر رہ کر حکومت بنانے کے لئے لائق آدمی تیار کرنا ضروری ہوں گے۔ ہم ان چیزوں کی ذمہ داری لے کر ایک نئی پارٹی مولانا شیخ الہندؒ کی یادگار میں قائم کرنا چاہتا ہوں۔ یہ ہر سہ اصول حضرت شیخ الہند کے تلقین کردہ ہیں۔

۱۔ شاہ ولی اللہ کے فلسفے کو وہ درجۂ تکمیل میں داخل کر چکے ہیں۔

۲۔ ان کے زمانے میں ٹرکی کی نقل علی گڈھ کالج میں موجود تھی۔ مولانا شیخ الہند کالج کی تحریک اپنے اندر ہضم کرنے کا ارادہ کر چکے تھے۔ ان کے آگے کام کرنے والوں میں اگر ایک طرف مولانا کفایت اللہ اور مولانا شبیر احمد تھے۔ تو دوسری طرف ڈاکٹر انصاری اور مولانا محمد علی بھی تھے۔ علی گڈھ کالج اگر ایک قدم آگے بڑھائے گا۔ تو مصطفےٰ کمال کی نقل کرے گا۔ ہم اس ترقی یافتہ علی گڈھ کو اپنے اندر لینا چاہتے ہیں۔ دیوبندی جماعت کا جو آدمی حوصلہ نہیں رکھتا اس کو سیاسیات سے کنارہ کش ہو جانا چاہئے اس کو کوئی حق نہیں کہ اپنے کسی کام کو مولانا شیخ الہند کی طرف منسوب کرے ؎

وتلك شرائعٌ للشعر قد ما   وقد نسخت بشيخ الهند حالاً

۳۔ ملکی زندگی کے لئے شاہ صاحب نے جو سیاسی اصول مقرر کیا ہے اس کی اتباع اور تیاری کے لئے انڈین نیشنل کانگریس میں وسیع میدان ملتا ہے۔ اس اصول کو پیش نظر رکھ کر ہم کانگریس میں نئی پارٹی بنانا چاہتے ہیں۔

ہماری قوم پرانے اصولِ حکومت بھول چکی ہے۔ اب یورپین طریقے کے نظام حکومت پر

(بقیہ صفحہ ۳۲) کامیاب ہو سکے گی۔ افغانستان۔ ٹرکی عربی ممالک سب کے سب یورپین طریقے پر اپنی حکومتوں کی تجدید کر رہے ہیں۔ اب ہم شاہ جہاں کی حکومت کا اعادہ نہیں کر سکتے۔ روح وہی رہے گی مگر صورت یورپین ہوگی۔ ہمیں ڈومینین سٹیس قبول کرنا ہے۔ اس تیاری کے لئے ہمیں یورپ کی ایک بڑی حکومت کا تعاون حاصل کرنا ہوگا۔ ہم بہت سی مصلحتوں کو ملحوظ رکھ کر برٹش کامن ویلتھ میں رہنا منظور کرتے ہیں:۔

مگر کانگریس کے عام طرفداران ان چیزوں کو صحیح طور پر نہیں سمجھ سکتے۔ یورپ میں جس طرح انقلاب ہوا۔ اسی قسم کے انقلاب کی وُہ یہاں توقعات باندھے بیٹھے ہیں۔ لیکن ہمارا ملک یورپ سے بہت سی بنیادی امور میں مختلف ہے۔ اُن کے یہاں (۱) تعلیم عمومی نے اور (۲) پریس کی ترقی نے۔ اور (۳) فوجی خدمت کے لزوم نے انقلاب کے لئے میدان تیار کر دیا۔ ہمارے عوام علم سے بے بہرہ، اور فوجی ڈسپلین سے ہزاروں کوس دُور ہیں۔ لہذا وُہ یورپ کے طریقے پر انقلاب کو کبھی سنبھال نہیں سکتے۔

اس کا دو بار تجربہ ہو چکا ہے۔ پہلے روس میں ہوا۔ روس کی عمومی تعلیم اچھی نہیں تھی۔ تاہم خیال کر لیا گیا۔ کہ ہم اس انقلاب کو کامیاب بنا کر دکھا دیں گے۔ مگر وہ اس میں سو فیصدی فیل ہوئے شکست کے بعد انہوں نے عوام کی تعلیم کو اساس قرار دے کر جبر اور ڈکٹیٹر شپ سے کام لے کر ایک حصئہ ملک کو تیار کیا۔ اور اس کے مناسب انقلابی نظام بھی تبدیل کر دیا۔ تب کہیں جا کر وہ حکومت بنا سکے۔ جو لوگ کارل مارکس کے متبع ہیں وہ لینن کے کام کو کبھی تعریف کی نگاہ سے نہیں دیکھ سکتے۔ اس میں انہوں نے بہت سی تبدیلیاں منظور کر لی ہیں۔ جو اس ملک کے لئے ضروری ہیں۔ روس کے انقلاب کو ہندوستان میں بیٹھ کر پڑھنے والے ایسے امور سے کبھی واقف نہیں ہو سکتے:۔

دوسری بار انقلاب ٹرکی میں ہوا۔ روسی عوام میں فی الجملہ ابتدائی تعلیم تھی۔ ٹرکی اس سے بالکل بے بہرہ تھا۔ مصطفےٰ کمال مجبور رہا۔ کہ عربی زبان اور عربی رسم الخط کو قطعی طور پر ترک کر کے اپنے ساتھیوں کو مادری زبان رومن حروف میں سکھائے۔ اپنی ڈکٹیٹر شپ کے زور سے

وہ بہت جلد ایک پارٹی بنانے میں کامیاب ہوگیا۔

ہمارا ملک روس اور ترکی ہر دو سے پیچھے ہے۔ ہمارے ہاں ایک مختصر متوسط طبقہ پیدا ہوا جو یورپ کے تمام علوم جانتا ہے۔ وہی کانگریس کو چلا رہا ہے اور وہی انقلاب کی توقعات باندھے ہوئے ہے مگر انقلاب عوام کی مشارکت کے بغیر کبھی کامیاب نہیں ہوا۔ اور یہ لوگ ہندوستانی عوام کے نزدیک جانا بھی پسند نہیں کرتے۔

گاندھی جی ان تمام چیزوں کو سمجھتے ہیں۔ مگر گجرات سے باہر ہندوستان کے کسی ٹکڑے میں اپنی طرز کی حکومت نہیں بنا سکتے۔ گاندھی جی ادنیٰ طبقہ کی خدمت اور تربیت کے لئے متوسط طبقے کو (جو ان کو لیڈر مانتا ہے) متوجہ کرسکتے ہیں۔ ہم اس کی پوری قدر کرتے ہیں۔ مگر یہ انقلاب کے مبادی میں معمولی درجے کی چیز ہے۔ انسانیت کے مفادِ عامہ کے لئے انقلاب میں اپنے مقصد کے لئے......
..... اپنی جان قربان کرنے کا جذبہ پیدا کرنا انقلاب کی اصل اساس ہے۔ یہ چیز گاندھی جی کی شخصیت میں علے وجہ الکمال موجود ہے۔ لیکن ان کے معتقدوں میں شاید فی صدی ایک میں ہو اس لئے ہم گاندھی پارٹی کے مصنوعی شور و شغب سے متاثر نہیں ہوتے۔

ہم اپنے تعلیم یافتہ نوجوانوں میں قرآن حکیم کے ارشاد کے مطابق انسانیت کی اصلاح کے لئے قربانی کا جذبہ نہایت آسانی سے پیدا کرسکتے ہیں۔ قرآن عظیم کا یہ مقصد معیّن کرنے میں امام ولی اللہ ہماری نظر میں متفرد ہیں۔ اس لئے ہم ان کے سوا کسی کی تفسیر کو قبول نہیں کرسکتے۔

ہم جس طرح اپنے نوجوانوں کو قرآن عظیم کی تعلیم سے اس مقصد عالی پر لے آتے ہیں۔ اسی طرح اگر ہندو تعلیم یافتہ نوجوان ہم پر اعتماد کرے۔ تو ہم اس کو ولی اللہ فلاسفی پڑھا کر بھگوت گیتا کی تعلیم سے اس مقصد پر لے آئیں گے۔ یہی طرز ہمارا بائیبل ماننے والی اقوام کے ساتھ رہے گا۔ ہم ولی اللہ فلاسفی پر ساری بائیبل پڑھا کر انسانیتِ عامہ کے مفاد پر ان کو جمع کردیں گے۔

الغرض مولٰنا شیخ الہندؒ ہمیں تین چیزیں بتا گئے ہیں اوّل یہ کہ آپ نے درجۂ تکمیل میں شاہ ولی اللہ کا فلسفہ اور مولٰنا محمد قاسمؒ کی حکمت داخل کرائی۔ دوّم سیاسی تحریک میں دیوبندی جماعت کے ساتھ

اس زمانے میں ایسے باخبر لوگ موجود تھے جنہیں اس انقلابی تحریک کا احساس ہوا اُنھوں نے عوام میں شورش پھیلا کر فتحپوری سے نکلتے وقت حکیم الہندؒ پر حملہ کرا دیا۔ حکیم الہندؒ نے اپنے پروگرام کی تفصیل میں بیسیوں کتابیں لکھیں۔ وہ سب دہلی کی علمی زبان یعنی عربی۔ اور شاہی زبان یعنی فارسی میں لکھی گئیں جن میں اپنے اصول اور مسائل منتشر کر دئیے۔ تاکہ نااہل لوگوں کی دست بُرد سے محفوظ رہیں۔

(بقیہ صفحہ ۳۴) علی گڑھ پارٹی کو مساوی درجے پر شامل کرنا منظور کر لیا۔ سوئم یہ کہ انڈین نیشنل کانگریس کے اندر جا کر بیرونی ممالک اسلامیہ کی سیاسیات سے علیحدگی اختیار کر کے کام کیا جائے۔ وباللہ التوفیق۔

شاہ صاحبؒ پر قاتلانہ حملہ

شاہ ولی اللہؒ پہلے بزرگ ہیں جنھوں نے گیارہ سو برس کے بعد سرزمین ہندوستان میں قرآن کا ترجمہ فارسی زبان میں کیا لیکن جب اس کی اشاعت ہوئی تو تھلکہ مچ گیا۔ کٹ ملاؤں نے سمجھ لیا۔ کہ ہماری روزی کی عمارت ڈھا دی گئی۔ اب جہلا کبھی قابو میں نہیں آئیں گے۔ اور ہر بات پر بحث کرنے کو تیار ہو جایا کریں گے۔ علاوہ کفر کے فتوے دینے کے شاہ صاحب کے جانی دشمن ہو گئے۔ اور قتل کرنے پر تل گئے۔ ان کے اشارے پر چند بدمعاش شاہ صاحب کی تاک میں رہنے لگے۔ اس سازش کا آپ کو وہم و گمان بھی نہ تھا ایک روز شاہ صاحب عصر کی نماز فتحپوری میں پڑھ رہے تھے۔ ابھی آپ نے سلام پھیرا ہی تھا۔ کہ دروازے پر شور و غل کی آوازیں آنے لگیں۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ آوارہ گردوں کی ایک جماعت حملہ آور ہونا چاہتی ہے۔ شاہ صاحب کے ساتھ فقط چند خدام تھے۔ اور یہ جماعت بڑی تعداد میں تھی۔ شاہ صاحب نے چاہا کہ کھاری باولی والے دروازے سے نکل جائیں۔ مگر انھوں نے اس طرف آ کر گھیر لیا۔ شاہ صاحب کے پاس ایک چھڑی تھی۔ آپ نے حملہ آوروں سے دریافت کیا کہ آخر آپ لوگ میرے قتل در پے

(بقیہ صفحہ ۳۵) کیوں ہیں؟ انھوں نے جواب دیا کہ تو نے قرآن کا ترجمہ کرکے عوام کی نگاہ میں ہماری وقعت برباد کردی۔ اگر یہی حالت رہی تو ہماری آیندہ نسلوں کو کوئی ذرہ برابر وقعت نہیں دے گا۔ آپ نے نہ صرف ہمیں برباد کیا ہے۔ بلکہ ہماری اولاد کو بھی تباہ کر دیا۔ اس پر آپ نے فرمایا۔ کہ یہ کس طرح ممکن ہے کہ خدا تعالیٰ کی عام نعمت کو چند افراد یا اُن کی اولاد کے لئے خاص کر دیا جائے؟ کچھ دیر ردّ و بدل رہی قریب تھا کہ وہ کوئی بُرا اقدام کریں۔ کہ شاہ صاحب کے خدام نے تلواریں سونت لیں۔ اور وہ اوباش جوان ملاؤں کے ساتھ تھے تلواریں دیکھتے ہی بھاگ کھڑے ہوئے۔ اور آپ سلامت گھر پہنچ گئے (حیات ولی ص ۱۲۲)

واضح رہے کہ یہ طرز بیان مؤلف حیات ولی نے مرزا حیرت دہلوی سے لیا ہے۔ اس ادبی فسانہ طرازی کو چھوڑ کر اصل واقعے کو حقیقی طور پر معلوم کرنے کی ضرورت ہے عوام میں اور امام ولی اللہ میں کیا بات ہوئی۔ اور کس طرح تلواریں دکھا کر ان کو ڈرایا گیا۔ یہ سب سخن گسترانہ امور ہیں۔ اصل واقعہ اتنا معلوم ہوتا ہے کہ شیعہ حکام کو یہ بات ناگوار گزری کہ عوام قرآن سے واقف ہوں (مولانا محمد فیضم امیر الروایات میں ہے) دہلی میں نجف علیخان کا تسلط تھا۔ (اس کے حالات کے لئے سیر المتاخرین اور تاریخ ذکاء اللہ دہلوی ملاحظہ ہوں۔ نور) جس نے شاہ ولی اللہ کے پہنچے اتروا کر ہاتھ بیکار کر دیے تھے تاکہ وہ کوئی کتاب یا مضمون نہ تحریر کر سکیں۔ اور اسی نے مرزا مظہر جانجاناں کو شہید کروا دیا تھا۔ اور شاہ عبدالعزیز و شاہ رفیع الدین کو اپنے قلمرو سے نکال دیا تھا۔ بحوالہ مش۔ م ص ۲۷۔

فائدہ (قرآن کریم کا فارسی ترجمہ) ہندوستان میں سب سے پہلے ملک العلماء شہاب الدین ہندی دولت آبادی (متوفی ۸۴۹ھ مؤلف بحر مواج و بدیع المیزان وغیرہما۔ ترجمتہ فی ابجد العلوم ص ۸۹۳۔ نور) نے اپنی تفسیر بحر مواج میں لکھا ہے۔ بحر مواج میں وہ ہر ایک فن کے متعلق تحقیق قرآنی علیحدہ علیحدہ عنوانوں سے لکھتے ہیں مثلاً سب سے پہلے ایک آیت نقل کرینگے۔ اور اُسکے نیچے لکھیں گے "الترجمہ" پھر فارسی ترجمہ کر دیتے۔ پھر لکھیں گے۔ الاعراب پھر البلاغت۔ پھر شان نزول وغیرہ۔ ساری کتاب اسی طرح مرتب کی ہے۔ تو اب اس میں ترجمہ قرآن ایک مستقل باب اور مکمل صورت اختیار کر گیا اس کتاب کی پہلی جلد طبع ہو چکی ہے۔ ملک العلماء کے حاشیہ کافیہ اور بیر سید شراب کے ترجمہ فارسی کو دیکھکر مولانا جامی نے ایک جدت پیدا کرکے شرح ملا جامی لکھی ہے ملک العلماء کی شرح کافیہ کا نہایت خوشخط نسخہ پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں موجود ہے۔

اس پروگرام کی نوعیّت سمجھنے کے لیئے جاننا چاہیئے کہ امام ولی اللہ امّت محمدیّہ میں ایک عظیم الشان[1] صدیق اور حکیم تھے۔ اس مدرسے کے ارباب کمال، انبیا کی طرح اپنا مخاطب تمام انسانیت کو بناتے ہیں۔ اگرچہ بظاہر وُہ اپنی قوم کو دعوت دیتے ہیں۔ اگر امام ولی اللہ کی کتابیں غور سے پڑھی جائیں۔ تو صاف نظر آئے گا۔ کہ اُن کی زبان اگرچہ دہلی کی زبان ہے لیکن اُن کا مخاطب دہلی کے اعلےٰ طبقے کے توسّط سے، ایک طرف یہود و نصارٰی اور مُسلمانوں کی عربی و عجمی قومیں ہیں۔ تو دوسری طرف یونان، ایران، ہند کے صابی (آرین) قومیں بھی مساوی درجے پر خطاب میں شریک ہیں:۔

اذہانِ عامّہ کا استبعاد[2] دُور کرنے کے لئے مولٰینا محمد اسماعیل شہید (۱۲۴۶ھ نور) کی کتاب العبقات (قلت راجع ص۱۵۶ وما قبلہ وبعدہ۔ نور) سے چند سطریں نقل کرنا

---

[1] یعنے شاہ ولی اللہ جب قرآن شریف کی تشریح کرتے ہیں۔ تو اُس میں یونان اور ہند کو بھی سامنے رکھتے ہیں۔ یہ چیز ہمارے اہل علم پر گراں گزرتی ہے۔ وُہ شاہ صاحب کو ایک مدرسے اور ایک مسجد کا مجدد اور امام وغیرہ وغیرہ سب کچھ مانتے ہیں۔ مگر انسانیت کا ذمہ دار قرار دینا انہیں سخت ناگوار گذرتا ہے۔ ہم صلاحیت پسند بزرگوں کے استبعاد کو دُور کرسکتے ہیں۔ ضدی طبیعتوں کو خطاب کرنا نہیں چاہتے۔ قرآن شریف نے "مَنْ تَوَلّٰى وَاَدْبَرَ" کو اپنے مخاطبین کی صف سے نکال دیا ہے ہم ایک حکیم امّتِ محمدیہ کے کلام میں، قرآن شریف کے اسی اصول پر عمل کرنا چاہتے ہیں۔ اس لئے ضدی طبیعتوں کو مخاطب بنانا نہیں چاہتے:۔

شاہ صاحب[2] کا مقصودِ اصلی انسانیت عامہ | استبعاد دُور کرنے میں امام ولی اللہ کا

(بقیہ صفحہ ۳۷) صریح فیصلہ نقل کر دینا کافی ہوگا۔

(الف) بدورِ بازغہ میں ارتفاقات کا بیان لکھتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

اذا نحن امعنا فی تصویر هذه الارتفاقات باحکامها وعلومها فلا تغفلن عن نکتتین احدٰهما انا نذکر صورة ولا نریدها بخصوصها بل ایاها وما یماثلها و یقاربها مما یصححه القواعد الکلیة التی علمناها وتختلف بحسب علوم کل قوم وعاداتهم بعد دخولها فی تلک القواعد والثانیة ان میزان الارتفاق الاول هو حاجة کل محتاج من بنی آدم من قبل طباعه ومیزان الثانی هذا الارتفاق الاول مع العلوم التجاربیة والاخلاق الصحیحه وعلی هذا القیاس (ص۵)

(ب) اس سے زیادہ تفصیل "بدورِ بازغہ" کے مقالہ ثالثہ کے شروع میں ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں:۔

"هل تستطیع ان تعلم ان الارتفاقات التی بنی علیها نظام البشر والاقترابات التی اودعت فی طباع البشر ولا سیما الاحسان والتعبد والاجتناب عن الشرور کلها امور عینیة تتأتی بصور کثیرة فمن هذا النکاح مثلا فمن اتی بالاعلان الدال [illegible] غناء فقد اتی بالواجب علیه کما ان من جعل من شرطه الشهود والایجاب و القبول لفظا فقد اتی به ایضا وذٰلک لان الواجب الاصلی هو تعیین المنکوحة بحیث لا یشارک فیها احد وهذا حاصل فی الفصلین کذلک التقریب الی الله تعالی یمکن بالتجرد وقلع خواص الانسانیة ویمکن بالتادب بآداب الجوارح مع بقاء اصل الانسانیة وخواصها وقس علیه جمیع ما اعطیناک من امهات المسائل فی الارتفاقات والاقترابات فانما یمکن ان یحصل فی صور شتّٰی۔

ولا تغتر بما سقنا الیک من تصویرها وتمهیدها علی الملة الحنیفیة فانها علی طریقة التمثیل لا غیر۔

فلا تظنن الواجب الاصلی محصورًا فیه بل الحق ان الواجب الاصلی لا یکاد

ضروری ہیں۔ مولینا شہید مقربین کے وہبی کمالات کا تذکرہ کرتے ہوئے حکیم اور صدیق کے حق میں لکھتے ہیں

"وانه لو وسّد له وسادة لقضٰی بین اهل التوراة بتوراتهم و اهل الانجیل بانجیلهم و اهل القرآن بقرآنهم۔ وسرّه انه ما من مذهب اجتمع علیه جم غفیر من العقلاء ولا سیّما اصحاب الاتصال بالغیب کبراها بین النصاری والیهود واشراقیة الیونان واصحاب النور و الظلمة من الفرس۔ وجوگیة الهند، الّا وله مقامٌ راسخ فی خطیرة القدس واصل مؤسّس فیها۔

یعنی راہب ۱۲ نور

(بقیہ صفحہ ۳۸) یدل هل عنه ملة من الملل ولا ان ینکره احد ممن یسمی بشرًا وان عصاه انما النزاع والخلاف فی التصویر بصورة معینة والتمهید علی وضع خاص انتہی منہ۱۸)

ان نصوص سے ثابت ہوتا ہے۔ کہ امام ولی اللہ کی تصانیف میں جس قدر قواعد کلیہ مذکور ہیں۔ وہ ان کے فلسفے کا متن ہیں۔ اور جس قدر مسائل شریعت بیان ہوئے۔ وہ ان قواعد کی مثالیں ہیں۔

ان قواعد کو ان مثالوں میں منحصر نہیں سمجھنا چاہئے۔ اس طرح متدیّن اقوام کے عقل مند افراد ایک بین الاقوامی تحریک پر مجتمع ہو سکتے ہیں۔ قرآن عظیم کا خصوصی قانون فقط اس بین الاقوامی سپرٹ کو صحیح اصول پر محفوظ کرے گا۔ واللہ الموفق۔

کتبہ عبید اللہ السندھی ۱۲ اکتوبر ۱۹۴۱ء ہندی

ثم اختلط به الفساد من اهل الافکار الردیة وشوب المزخرفات المخزونات من التقلیدات والرسوم والخطاء فی التعبیر وعدم المطابقة بین العاقلة وبین المتلقیٰ من الغیب وحمل الخلف کلام سلفہم علی مالم یریدوا واشباہ ذٰلك. فالحکیم یدرك اصلہم المؤسس فی حظیرة القدس ممتازاً عن التخالیط للتیقظ روحہ فتنبہ ولا تکن من الغافلین" ھ (العبقات)

اپنی[1] قوم کی تخصیص محض اس لئے ہے کہ اُن کے تعلیم یافتہ حصّے کو دنیا کے سامنے عملی نمونہ بنا سکیں۔ اگر زیادہ غور سے اُن کی کتابیں پڑھی جائیں۔ تو یہ محسوس ہوگا کہ وُہ اپنی قوم کے ہر فرد کو انسانیتِ عامّہ کی تعلیم کے لئے تیار کر رہے ہیں۔ اُن کے زمانے کی دہلی[2] ایک ایسا مرکز تھی جس میں اقوامِ عالم کے سب نمونے ملتے ہیں۔ دہلی میں یہ استعداد ہے کہ اُسکے توسّط سے یہ تعلیم سارے ہند، اور پھر ساری دنیا میں پھیل سکے۔

---

[1] اشارة الی ما مرّ من قولہ عم فیضہم۔ " اگرچہ وُہ بظاہر اپنی قوم کو دعوت دیتے ہیں۔" (نور الحق)

[2] **دہلی کی مرکزیّت** دہلی کی اس مرکزیّت کا سنگ بنیاد اس وقت سے بہت پہلے سلطان شمس الدین التمش (خلیفہ خواجہ بختیار، المتوفی ۶۳۳ھ) کے عہد سے رکھ دیا گیا تھا۔ خواجہ ضیاء الدین برنی۔ تاریخ فیروز شاہی ص۲۷ میں اور قاضی منہاج الدین طبقات

(بقیہ ص۴۲) ناصری ص۱۶۶ میں فرماتے ہیں۔ از عہد شمس الدین سلطان از خوف قتل ونکال چنگیز خاں ملوک وامرائے نامدار کہ سالہا سال سری وسرداری کردہ بودند۔ ووزراء ومعارف بسیار بدرگاہ شمس الدین پیوستند۔ از وجود آنچناں ملوک ووزراء ومعارف کہ در ربع مسکوں نظیر خود نداشتند بارگاہ شمس الدین درگاہ محمودی وسنجری شدہ بود۔ از اول عہد دولت او استجماع علمائے با نام و سادات کرام وملوک وامراء وصدور وکبراء، زیادت از ہزار لک ہر سال بذل فرمود۔ خلائق اطراف گیتی بدہلی جمع آوردہ تا آنکہ شہر دہلی از فضل وکرم او محط رجال آفاق گردید۔

۲۔ اس کے بعد سلطان غیاث الدین بلبن متوفی ۶۸۶ھ جسکے عہد میں خیر الاعصار کہا جاتا ہے کے عہد میں ماوراء النہر خراسان، عراق، آذربائیجان فارس، روم وشام کے ملوک اور شہزادے چنگیزیوں کی دست بردو ترکتاز سے بھاگ کر بلبن کے زیرسایہ دہلی میں باعزت زندگی بسر کرنے لگے تھے۔ ان نوواردوں کے اسماء کی مناسبت سے دہلی میں پندرہ محلے آباد ہوئے جن کے اسماء کی تفصیل تاریخ فرشتہ ص۷۵ میں موجود ہے۔ ان کے علاوہ اکناف عالم میں سے ہر فن اور ہر علم کی بے نظیر اور یگانہ دہر ہستیاں بلبنی بارگاہ میں مجتمع ہوگئیں جن کی وجہ سے دانشمندوں نے بارگاہ بلبنی کو بارگاہ محمود اور سنجری پر ترجیح دی ہے۔

۳۔ سلطان علاء الدین خلجی اسکندر ہند متوفی ۷۱۶ھ کے عہد کا نقشہ امیر خسرو متوفی ۷۲۵ھ نے ان کبھی نہ بھولنے والے الفاظ میں کھینچا ہے۔ ؎

خوشا ہندوستان و رونق دیں ‏ شریعت را کمال عز و تمکیں
ز علم باعمل دہلی بخارا ‏ ز شاہاں گشتہ اسلام آشکارا
مسلماناں بہ نعمانی روش خاص ‏ ز دل ہر چار آئیں را بہ اخلاص
نہ کیں با شافعی نے مہر بازید ‏ جماعت راو سنت را بجاں صید

قال الامام عبد العزیز بن ولی اللہ الدہلوی ؎

یَا مَنْ یُسَائِلُ عَنْ دِهْلِیْ وَ رِفْعَتِهَا ‏ عَلَی الْبِلَادِ وَمَا حَاذَتْهُ مِنْ شَرَفٍ

حکیم الہند اپنی دعوت سے دہلی کے اعلیٰ طبقے کو کامیابی سے متاثر کر سکے۔
اس کے لئے دو تاریخی شہادتیں کافی ہیں۔

(الف) مرزا محمد مظہر جانجاناں فرماتے ہیں: "حضرت شاہ ولی اللہ محدث رحمہ اللہ طریقۂ جدیدہ بیان نمودہ اند۔ در تحقیق اسرار معارف و غوامض علوم طرز خاص دارند با ایں ہمہ علوم و کمالات، از علماء ربانی اند مثل ایشاں در محققان صوفیہ کہ جامع اند در علم ظاہر و باطن و علم نو بیان کردہ اند چند کس گذشتہ باشند۔" (راجع کلمات طیبات صہ۸۳ و صہ۸۴ نورالحق)

(ب) دوسری شہادت سلطان محمد شاہ کے دربار کا فیصلہ ہے جو امام ولی اللہ کے

(بقیہ صفحہ ۴۱)

إِنَّ الْبِلَادَ إِمَاءٌ وَهِيَ سَيِّدَةٌ ... وَأَنَّهَا دُرَّةٌ وَالْكُلُّ كَالصَّدَفِ
فَاقَتْ بِلَادَ الْوَرَى عِزًّا وَمَرْتَبَةً ... غَيْرَ الْحِجَازِ وَغَيْرَ الْقُدْسِ وَالنَّجَفِ
سُكَّانُهَا خَيْرُ أَهْلِ الْأَرْضِ قَاطِبَةً ... خَلْقًا وَخُلْقًا بِلَا عُجْبٍ وَلَا صَلَفِ
بِهَا مَدَارِسُ لَوْ طَافَ الْبَصِيرُ بِهَا ... لَمْ تَفْتَحِ عَيْنُهُ إِلَّا عَلَى الصُّحُفِ
كَمْ مَسْجِدٍ زُخْرِفَتْ فِيهَا مَنَارَتُهُ ... لَوْ قَابَلَتْهُ الشَّمْسُ الضُّحَى تَنْكَسِفُ
لَا غَرْوَ إِنْ زَانَتِ الدُّنْيَا بِزِينَتِهَا ... كَمْ مِنْ أَبٍ قَدْ عَلَا بِابْنٍ ذِي شَرَفِ
وَمَاءُ جَوْنٍ جَرَى مِنْ تَحْتِهَا فَكَلَى ... أَنْهَارُ خُلْدٍ جَرَتْ فِي أَسْفَلِ الْغُرَفِ

كتاب التمهيد۔ نقلاً من آثار الصناديد للشيخ السيّد احمد خان (محمد نورالحق)

مدرسے کو پرانی دہلی کے ایک چھوٹے سے احاطے میں دیکھنا نہیں چاہتے بلکہ جہاں آباد کا ایک پورا محلہ اس کے لئے خاص کر دیتے ہیں۔ یہی مدرسہ مذکورہ بالا تحریک کا مرکز تھا۔ امام ولی اللہ اور اُن کے بعد امام عبدالعزیز (متوفی ۱۲۳۹ھ نور) اور آپ کے بعد امام محمد اسحاق (متوفی ۱۲۶۲ھ نوہ) نے اسی مدرسے میں بیٹھ کر اس تحریک کی رہنمائی کی۔ جو سلطنت دہلی کی تجدید کے لئے کام کرتی تھی

اس کے نمونے پر دوسرے دَور میں مدرسہ دیوبند بنایا گیا۔

مدرسہ رحیمیہ شاہ ولی اللہ صاحب نے اپنے والد کی وفات کے بعد "مدرسہ رحیمیہ" میں جس کی بنیاد شاہ عبدالرحیم ڈال گئے تھے۔ طلبہ کو درس دینا شروع کیا۔ بارہویں صدی کے آغاز اور گیارہویں صدی کے اختتام پر شاہ عبدالرحیم نے پرانی دہلی میں اس مقام پر ایک مدرسہ قائم کیا جو اب مہندیوں کے نام سے مشہور ہے۔ اور اس کا نام مدرسہ رحیمیہ رکھا (حیات ولی ص ۲۷)

ولی اللہ کالج جب شاہ صاحب کے علمی کمال کا شہرہ بڑھا اور طلبہ اطراف و اکناف سے آنے لگے تو مدرسہ رحیمیہ اُن کے لئے ناکافی ثابت ہوا۔ سلطان محمد شاہ نے امام ولی اللہ کو بلا کر شہر میں ایک عالی شان مکان دے کر دارالحدیث کا اس میں افتتاح کرایا اس کے بعد قدیم جگہ غیر آباد ہو گئی۔ یہ نیا مدرسہ کسی زمانے میں نہایت عالی شان اور خوبصورت تھا۔ اور بڑا دارالعلوم سمجھا جاتا تھا۔ اس کے استحکام کی یہ حالت تھی۔ کہ شورش ۵۷ء تک اپنی اصلی حالت پر قائم رہا۔ اگر اس کے ساتھ یہ واقعہ پیش نہ آتا۔ کہ اس شورش میں مکانات لوٹ لیے گئے۔ کڑی تختے تک لوگ اٹھا لے گئے۔ تو آج بھی شاید وُہ باقی رہتا۔ اس کی وسعت اور کشادگی کا یہ عالم تھا۔ کہ اب متفرق لوگوں کے مکانات اس جگہ بن گئے ہیں۔ مگر محلہ شاہ عبدالعزیز صاحب

حکیم الہند نے اپنے پروگرام کی تدوین کے ساتھ اپنے رُفقا کی مرکزی جماعت بھی تیار کی جو تعلیم و ارشاد کے ذریعے سے انقلابی تحریک کی اشاعت، ایک طرف صوفیہ اور علماء میں۔ اور دوسری طرف امراء و اولیائے دولت میں کرتی رہی۔ اُن میں سے مولانا محمد عاشق پھلتی۔ مولٰینا نوراللہ بڈھانوی۔ مولانا محمد امین کشمیری مشہور ہیں :۔

(بقیہ صفحہ ۴۳) کے مدرسہ سے نام سے مشہور ہے۔ اور آج تک پکارا جاتا ہے۔ شاہ ولی اللہ صاحب کے بعد ان کے چاروں صاحبزادوں نے وہی مشغلۂ درس و تدریس جاری رکھا۔ اور اس مدرسے نے تعلیم دینیات میں وُہ نام پیدا کیا کہ ہندوستان میں شہرہ ہوگیا۔ جب شاہ صاحب کے صاحبزادوں میں کوئی نہ رہا۔ تو مولانا محمد اسحاق مہاجر مکّی (متوفی ۱۲۶۲ھ۔ نور) نے مدرسے کی خدمت اپنے ذمے لی۔ اس مدرسے کی مسجد کا حال شاہ عبدالعزیز صاحب اس طرح بیان فرماتے ہیں:

"دراں ہنگام بزرگاں بسیار و اولیاء بسیار از یاران والد معتکف مسجد بودند" (ملفوظات شاہ عبدالعزیز صفحہ ۱۰۹) جب مولانا محمد اسحاق نے ۱۲۵۶ھ میں ہجرت کی تو مولٰینا مخصوص اللہ (متوفی ۱۲۷۳ھ نور) اور مولٰینا موسیٰ خلف مولانا رفیع الدین (متوفی ۱۲۳۳ھ نور) اس کی نگرانی فرمانے لگے۔ ان حضرات کے انتقال کے بعد مولوی موسیٰ صاحب کے ایک صاحبزادے میاں عبدالسّلام بہت صغیر سن رہے۔ اور ایک صاحبزادی رہ گئیں۔ خاندان بھر میں کوئی ایسا نہ تھا۔ جو عبدالسّلام صاحب کو پڑھاتا لکھاتا۔ غرض یہ سلسلہ جو کئی پشت سے اس خاندان میں جاری تھا بند ہوگیا۔ اب چونکہ یہ کل جائیداد رائے بہادر لالہ شیو پرشاد کی ہے اس لئے اس گلی پر مدرسہ بنائے بہادر لالہ رام کشن داس کا تختہ لگا دیا گیا ہے۔ (التقاط از کتاب "دارالحکومت دہلی" صفحہ ۲۸۶ و صفحہ ۱۶۷ ۲۔ از مولوی محمد بشیر صاحب سبحان من لا یزول ملکہ، وھوالحی القیوم۔ نورالحق)

مولینا محمد عاشق پھلتی

مولانا عم فیضہم کتاب التمہید (حصہ اردو) میں فرماتے ہیں عام طور پر صدہا اہل علم شاہ ولی اللہ صاحب سے مستفید ہوئے حرمین شریفین سے با مذاق عالم اُن سے علم سیکھنے کے لئے دہلی آتے رہے۔ لیکن ان کے مکمل نظریئے کو سمجھنے والے تین چار رفقا سے زیادہ نہیں ہیں۔ (الف) اُن کے ماموں زاد بھائی شاہ محمد عاشق (ب) جمال الدین شاہ محمد امین ولی اللہی کشمیری (ج) شاہ نور اللہ بڈھانوی (د) شاہ ابوسعید بریلوی پہلے تین حضرات شاہ عبدالعزیز کے استاد ہیں۔ اور چوتھے حضرت شاہ ابوسعید خلیفہ ولی اللہ و جد مادری حضرت سید احمد شہید ہیں۔ امیر شہید آپ ہی کے نواسے ہیں۔ ص (۲۳)

الشیخ محمد عاشق [بن الشیخ عبید اللہ بن الشیخ محمد قدس سرہ (وہو رضی اللہ عنہ جدی الوامی)]

اودع محبتی من اول ترعرعہ وکان سیدی الوالد یرانی وایاہ متحابین للہ — فیقول انہ سیر فی ذلک، وعسیٰ ان یکون لہ شان۔ ثم اُلہم طلب طریق الحق منی ومنح محبتہ عظیمۃ فی مستوعبۃ بظاہرہ وباطنہ وقلبہ وقالبہ ولسانہ۔ ورزق الاقبال التام علی الاخذ منی فمازال یصعد ویتصعد حتی رایت فیہ تیقظ لطیفۃ انا وانجرا لبحث وحتی رایت فیہ تمکنا تامًا واستقرارًا قویًا۔ وامنت من تقلب احوالہ وتذبذب اقوالہ۔ ورایتہ قد انفتح لہ باب الذی بینہ وبین علیہ الثابتۃ فہو یاخذ ما یاخذ من منبعہ من غیر تقلید۔ ورضیت اخلاقہ واعمالہ واستحسنت اطوارہ واوضاعہ۔ وہو بحمد اللہ رمنّہ نعمی ودعاء سعی وحافظ اسراری وناظر کتبی۔ بل ہو کان الباعث علی تسوید کثیرًا منہا والمباشر لتبییضہ۔ واظن ان علوم تبقی فی الناس من جہتہ۔ فالہمت ان ابثت الناس خبرہ ولا ادع سرہ مکنونًا ولا ذرۃ فالبستہ الخرقۃ الصوفیۃ الباس اجازۃ کما البسہا سیدی الوالد الباس اجازۃ وانابۃ وکما البستیہا ابو طاہر المدنی۔ وخرقتہا مستوعبۃ لجمیع خرق الاولیاء واجزت لہ ان یلقن الاشغال الصوفیۃ التی سمعہا منی او لم

ﮧ اس کے بعد آپ نے مرکزی جمعیت کی شاخیں اطرافِ مملکت میں قائم کرائیں۔ نجیب آباد کا مدرسہ اور دائرہ (تکیہ) شاہ علم اللہ[۲] رائے بریلی، حکیم الہند[۳] کی انقلابی تحریک کے مرکز تھے۔

بقیہ صفحہ ۵۴۔ یسمع وان یتصرف فی المریدین السالکین و یاخذ الفتوح من طبقات الناس اجمعین وان یدرس الحدیث والفقہ والتفسیر وسائر علوم الدین مما اخذ منی وشارکنی فی اخذہ من مشائخ الحرمین المحترمین الخ تفہیمات الٰہیہ ص۱۲۵ ج۱ و ص۱۲۶ ج۱ ۔

روزے در اواخر ایام خود۔ بایں فقیر و صلاح آثار محمد عاشق اشارہ کردہ والد ماجد فرمودند کہ بایکدگر دوستی دارند۔ وایں دوستی سبب انبہاج و سرور من مے شود۔ سرّ ایں کلمہ من بعد بظہور پیوست، کہ ایں عزیز باایں فقیر ارتباط طریقت پیدا کرد۔ و متبع شد۔ وامید ایں است کہ ایں دوستی مثمر فوائد بسیار باشد (انفاس العارفین ص۶۵) بعد از والد ماجد از یاران عمدہ ایشاں مثل شاہ محمد عاشق۔ و خواجہ محمد امین ولی اللٰہی نیز علوم حاصل کردم۔ شاہ محمد عاشق در سماع و قرأت بر شیخ ابوطاہر و دیگر مشائخ حرمین شریک حضرت ایشاں بودند (عجالہ نافعہ ص۱۰)

قال الشیخ محسن فی "الیانع الجنی" ومن اجلۃ اصحاب الشیخ ولی اللہ الشیخ محمد عاشق، قد شارکہ فی الاخذ من مشائخ الحجاز۔ ومن مؤلفاتہ کتاب فی السلوک معروف۔ والشیخ محمد امین الکشمیری بخارا و الدہلوی قراراً، کان ینتسب الی شیخہ و یعرف بالنسبۃ الیہ وھما اللذان اخذ عنھما الشیخ عبد العزیز۔ کما ذکرہ فی عجالتہ ص۹۴) سے ہے مولانا نور اللہ بڈھانوی آپ امام ولی اللہ کے تلامذہ سے ہیں۔ تفہیمات ج۱ اول صفحہ اول پر شاہ صاحب نے اُن کو

جو اجازت نامہ لکھ کر دیا ہے مفصل موجود ہے۔ فقہ حنفی میں شاہ عبد العزیز کے استاد اور آپ کے خسر بھی ان کے بیٹے مولانا ہبۃ اللہ ہیں جن کے صاحبزادے مولانا عبد الحی ہیں۔ مولینا عبد الحی شاہ عبد العزیز کے تلامذہ میں اُن کے بھائیوں کے بعد سب سے بڑے آدمی ہیں۔ انفاس العارفین حالات شاہ عبد الرحیم میں اُن کے جستہ جستہ حالات موجود ہیں ۱۲ ادنو ر الحق،
(حاشیہ صفحہ ۴۶)

نجیب آباد کا مدرسہ

احمد شاہ ابدالی کو دعوت دینے میں نواب نجیب اللہ خاں اور نواب حافظ الملک رحمت خاں والی بریلی وغیرہ امراء شریک تھے۔ حافظ الملک کی سرکار سے سینکڑوں طلبہ کو ماہوار امداد ملتی تھی۔ جو شاہ صاحب کے کالج میں تعلیم پاتے تھے۔ نواب نجیب الدولہ شاہ ولی اللہ کے خاص مسترشدین سے تھے شاہ صاحب ہی کے مشورے سے انہوں نے اور اُن کے رفقا نے احمد شاہ ابدالی کو قندہار سے بلایا۔ احمد شاہ کے بلانے میں وہ ایک واسطہ ثابت ہوئے۔ دراصل شاہ صاحب کی روحانیت کام کر رہی تھی۔ اس جنگ میں افواج ابدالی کے ساتھ نواب شجاع الدولہ وزیر اور نواب نجیب الدولہ کی افواج سرگرم کار ہیں اور بڑے اعلیٰ کارنامے دکھائے۔ ابدالی کی جنگ میں نواب نجیب الدولہ مقدمۃ الجیش کے افسر تھے۔ سیر المتاخرین میں ہے "بعد از حصول ایں فتح (۱۱۷۴ھ) احمد شاہ ابدالی از میدان جنگ (پانی پت) خرامیدہ در سواد دہلی نزول فرمود۔ وچند روز توقف نمودہ سلطنت برائے شاہ عالم و وزارت بنام شجاع الدولہ و امیر الامرائی بنام نجیب الدولہ مقرر نمود۔ و بہر دو سفارش ہم گر نمودہ نجیب الدولہ را مامور بہ بودن شاہجہان آباد کرد۔ ۱۶ شعبان ۱۱۷۴ھ از باغ شالامار دہلی بقصد قندہار بکران ہمت زیر ران کشید [۱۵]"

نواب نجیب الدولہ نے ایک مدرسہ قائم کیا۔ تاکہ شاہ ولی اللہ کے طریقے کی تعلیم و اشاعت ہو۔ نواب مذکور کی عظمت و جلالت۔ اور علم دوستی کا اندازہ شاہ عبد العزیز کے ارشاد ذیل سے کیا جا سکتا ہے "نزد نجیب الدولہ نہ صد عالم بود او نے پنج روپیہ و اعلیٰ پنج صد روپیہ می یافت"

(ملفوظات شاہ عبد العزیز ص ۸۱)

سندھ میں ملا محمد معین[۱] کا مدرسہ ٹھٹھہ ان کا ایسا مرکز تھا جس سے مشہور عارف

(بقیہ صفحہ ۴۷) نواب نجیب الدولہ ایسا عاقل اور ہوشیار تھا۔ کہ کمتر ہوتے ہیں امانت اور ایمانداری تو اس وقت اس پر ختم تھی۔ وہ اپنے پرانے آقاؤں۔ نواب دوندے خاں رحیلہ۔ اور نواب وزیر شجاع الدولہ کی فرماں برداری کئے جاتا تھا۔ اُس وقت بھی جوانمرد اس ٹوٹی پھوٹی سلطنت کو نبھا رہا تھا۔ (تاریخ ہند از ذکاء اللہ ص۳۱۶)

دائرہ شاہ علم اللہ[۲] سید شاہ علم اللہ عہد عالمگیر کے مشہور عالم ربانی اور صاحب سلسلہ شیخ تھے۔ آپ شیخ آدم بنوری کے بڑے خلفاء میں سے تھے۔ اس طرح سے آپ اور حضرت مجدد کے درمیان صرف حضرت شیخ بنوری کا واسطہ تھا۔ سرتاپا اتباع سنت کا نمونہ تھے۔ شاہ غلام علی صاحب نقشبندی دہلوی کے درالمعارف میں ہے۔ کہ آپ کے انتقال کی رات عالمگیر نے خواب میں دیکھا۔ کہ آج رات جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوگئی۔ بادشاہ کو اس خواب سے بہت تشویش ہوئی۔ علماء سے تعبیر دریافت کی۔ تو انہوں نے کہا۔ کہ یہ تاریخ لکھ لینی چاہیئے۔ اس رات کو سید علم اللہ صاحب کی وفات ہوئی ہوگی۔ کیونکہ وہی اس وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سب سے زیادہ مشابہ ہیں۔ سرکاری وقائع نگار کی اطلاع سے معلوم ہوا۔ کہ اسی شب کو سید صاحب نے انتقال فرمایا

سید احمد امیر شہید کی ولادت اسی دائرے میں جو آپ تکیہ علم اللہ کے نام سے مشہور ہے۔ صفر ۱۲۰۱ھ میں اپنے والد سید محمد عرفان کے گھر ہوئی۔ (سیرت سید احمد ص۵۲-۵۷) ۱۲ نورالحق

[۱] الشیخ معین الدین ٹھٹوی۔ عرف مخدوم ٹھارو الفقیر عبداللہ، مخدوم محمد ہاشم اور ان کے صاحبزادے عبداللہ کے استاد ہیں۔ شیخ عبدالحق دہلوی کے طریقہ کے خلاف شاہ ولی اللہ کے طریقے کو ترجیح دینے کے لئے آپ نے دراسات اللبیب لکھی۔ اس کتاب کا الدراسۃ الثانیہ عشر خصوصی طور پر مطالعہ کرنا چاہیئے جس میں انہوں نے امام بخاری کی تاریخ صغیر کی اس عبارت کا رد لکھا ہے۔ جہاں

شاہ عبداللطیف[لہ] بھٹائی بھی خصوصی تعلق رکھتے تھے۔

(بقیہ صفحہ ۴۸) انہوں نے امام ابوحنیفہ پر جرح کی ہے۔ کتاب مذکور لاہور میں طبع ہو چکی ہے۔ اہلحدیث ہی نے طبع کرائی۔ اس کا ردّ شیخ عبداللہ مذکور نے لکھا جس میں شیخ عبدالحق کے طریقے کی ترجیح ہے۔ کتاب کا نام "ذب الذبابات عن الدراسات" ہے۔ دارالرشاد سندھ میں اس کا ایک نسخہ خطیہ موجود ہے۔ پورا تذکرہ شاہ معین الدین کا تحفۃ الکرام و تاریخ سندھ میں موجود ہے۔ کتاب مطبوعہ ہے۔ کاش میرے پاس بھی اس کا کوئی نسخہ ہوتا۔ کراچی مدرسہ مظہر العلوم میں کتاب موجود ہے۔ و من شعرہ ؎

شکست را خون دل دادم کہ با من آشنا گردد   ندانستم ز بخت بد کہ او دیوانہ خواہد شد

شاہ عبداللطیف بھٹائی[سلہ]

شاہ عبداللطیف بھٹائی کی کتاب الرسالہ مطبوعہ سندھی زبان میں وہی درجہ رکھتا ہے، جو فارسی میں مثنوی مولانا روم کا ہے۔ اس کو ہندو اور مسلمان سب مساوی طور پر پڑھتے ہیں۔ اس کتاب کا ترجمہ انگریزی میں بھی ہو چکا ہے۔

شاہ محمد معین مصنف "دراسات اللبیب" اور شاہ عبداللطیف ہم مسلک بزرگ ہیں اور وحدۃ الوجود کے دونوں یکساں عارف ہیں۔ شاہ محمد معین جب فوت ہونے لگے۔ تو آپ نے وصیت فرمائی۔ کہ میرا جنازہ تیار کر کے مسجد میں رکھ دینا جب تک شاہ عبداللطیف نہ آئیں اُن کا انتظار ضروری ہے۔ شاہ عبداللطیف صحرا نورد تھے۔ کیا معلوم کہ وہ کس صحرا میں ہوں گے اور اُن کو کس طرح اطلاع ہو گی۔ اور کب آئیں گے؟ مگر جنازہ تیار ہونے کے تھوڑی دیر بعد آپ تشریف لے آئے۔ اور امامت کرائی۔ بعدہٗ کہا کہ آج کے بعد ٹھٹھہ سے ہمارا تعلق منقطع ہو گیا ہے

فائدہ۔ کپتان الیگزنڈر ہملٹن اپنے سفرنامہ میں لکھتا ہے۔ کہ شہر ٹھٹھہ (سندھ) میں مختلف علوم و فنون کے چار سو کالج تھے۔ علامہ مقریزی جو ہندوستان کی سیاحت کے لئے تشریف لائے

حکیم الہند نے دہلی کی حکومت کے اشتراک سے اپنے پروگرام کا ایک حصہ مکمل کر لیا۔ وہ ہے معرکۂ پانی پت۔ پانی پت کا واقعہ حکیم الہند کے مذکورہ بالا خواب کی تعبیر تھی۔ اس تعبیر کے دو برس بعد ۱۱۷۶ھ (۱۷۶۳ء) میں امام ولی اللہ نے وفات پائی۔

اگر اہل علم حکیم الہند کی تصانیف انہماک سے پڑھیں۔ تو انہیں اُن کے مخصوص نظریات پر یقین حاصل ہوگا۔ اُن کے وہ افکار جو اُن کو بالبداہتہ معلوم ہونگے ہم اُن میں سے پانچ بطور نمونہ یہاں ذکر کرتے ہیں:۔

(بقیہ صفحہ ۴۹) اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں۔ محمد شاہ تغلق کے عہد میں صرف دلی شہر میں ایک ہزار مدارس تھے۔ پروفیسر ماکس ملز سرکاری کاغذات کی بنا پر لکھتا ہے۔ کہ برطانوی حکومت سے قبل بنگال میں ۸۰ ہزار دیسی مدارس تھے۔ اس کے دوسرے لفظوں میں یہ معنی ہوئے کہ آبادی کے ہر چالیس افراد کے لئے ایک مدرسہ قائم تھا۔ ریورنٹ وارڈ نے ۱۸۲۱ء میں بیان کیا تھا۔ کہ انڈیا ڈسٹرکٹ سکولوں سے بھرا ہوا ہے۔ وہاں ہر اکتیس ۳۱ لڑکے پر ایک سکول ہے۔ ھذا التقاط از مش۔ م ص ۱۱۳)

معرکۂ پانی پت

امام ولی اللہ کی ۱۱۴۴ھ کی مذکورہ بالا خواب کے دو حصے ہیں حصۂ اول کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

رأیتُ ملك الکفار قد استولی علی بلاد المسلمین۔ اس خواب کا مشاہدہ یوں کرایا گیا۔ کہ لال قلعے پر مرہٹوں نے قبضہ کر لیا۔ نوزد ہم ماہ ذی الحجہ ۱۱۷۳ھ قلعہ (لال قلعہ) بدست بھاؤ افتاد۔ دھرم سرائے شاہی وجمیع کارخانہ ہائے سلطنت باختیار مرہٹہ رفت۔ وذلك

(بقیہ صفحہ ۵۰)، تقدیر العزیز العلیم۔ سیر المتاخرین ص۱۲ـ۹ قولہ۔ وھب اموالھم جسوقت لال قلعہ پر مرہٹوں نے قبضہ کیا۔ اس وقت کی لوٹ گھسوٹ کا اندازہ لگانے کے لئے ذیل کا حصہ پڑھئے "ونائت وتنگ چشمی بھاؤ بمرتبہ بود کہ سقف دیوان خاص شاہی را کہ از نقرہ مینا کار بود۔ برکندہ مسکوک ساخت۔ وطلا آلات۔ ونقرہ آلات مزار اقدام نبوی ومقبرہ نظام الدین معروف بہ اولیاء۔ ومرقد محمد شاہ مثل عود سوز، وشمع دان و قنادیل وغیرہ طلبیدہ مسکوک نمود۔" ص۱۲ـ۹ "ملک الکفار" بھاؤ کی مذکورہ ذیل دنائت بھی قابل تعجب ہے۔ میر غلام علی خزانہ عامرہ ص۴۸ میں لکھتے ہیں "بالاجی راؤ باآں اقتدار کہ سلطنت دکن و ہند بدست آوردہ بود۔ نان باجرہ مے خورد۔ نان گندم خوش نداشت۔ بادنجان خام وانبہ خام وکرسنہ خام برغبت تمام مے خورد۔ چوں اصل پیشۂ براہمہ گدائی است۔ ودر کیش ہندواں مقرر شدہ کہ صدقات را بہ براہمہ باید داد۔ طباع آں قوم نسلاً بعد نسل بدریوزہ گری معتاد شدہ۔ وطماعی و ابن الغرضی لازم ماہیت برہمنی گردیدہ۔ بنا بریں باوجود حصول مرتبۂ سلطنت و امارت شیوۂ گدائی از طینت آں ہا برنمے رود۔ ہر محتاجی کہ بحکام ومتصدیان براہمۂ مذکور رجوع مے کند نظر آں ہا بر ہمیں کہ برائے ماچہ آوردہ ؎

بدست خلق عالم کاسۂ دریوزہ مے بینم گدا چوں پادشاہ گردد گدا سازد جہانے را

ومدار غذائے آں ہا خواہ غنی باشد یا فقیر۔ بر دال تور (اڑہر) است وبادال علاوہ از روغن کہ آں را در ہندی "بگھار" گویند مے کنند۔ واز خارج نیز روغن بکار نمی برند۔ کہ یبوست او را دور نماید۔ ومرچ سرخ وحلتیت (ھینگ) وزرد چوبہ ہم در ماکولات اشیاء بسیار استعمال مے شود۔ مرچ سوائے آنچہ در پختن داخل نمودہ اند۔ ہنگام خوردن باطعام بافراط مے خورند۔"

قولہ۔ اظھر فی بلدۃ اجمیر شعائر الکفر وابطل شعائر الاسلام۔ یعنے دہلی جس کا روحانی مرکز اجمیر ہے۔ اور خواجہ معین الدین نے وہیں سے اشاعت وتبلیغ اسلام کا کام شروع کیا تھا جس کے نتیجہ میں دہلی فتح ہوئی۔) اسی دہلی پر ملک الکفار کا قبضہ ہو

(بقیہ صفحہ ۱۵۱) چکا ہے۔ جس کے بعد اس نے شعائر کفر کا اعلان کر دیا۔ اور شعائر اسلام کو ختم کر دیا۔
سیر المتاخرین میں ہے: "بھاؤ قلعہ داری شاہجہان آباد بہ نارو شنکر برہمن تفویض نمودہ جمعے را بحراست قلعہ ہمراہ او کرد۔ ھ ص ۹۱۲۔

الغرض امام ولی اللہ نے جس رنگ سے خواب میں دیکھا۔ انہیں خصوصیات کے ساتھ ملک الکفار مسلمانانِ ہند پر غالب آیا۔ اور اُن کے مرکزِ سیاسی پر اُس نے قبضہ کر لیا۔

خواب کا دوسرا حصّہ

احمد شاہ ابدالی نے یکا یک ہندوستان پر حملہ کر کے مرہٹہ تحریک کو پانی پت کے میدان میں ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا۔

سیر المتاخرین میں ہے کہ "افواج دکن مع بھاؤ (شیوراؤ) وسواس راؤ وغیرہ سرداران مستاصل گشتہ۔ بیخ و بنیاد عمر و دولت مرہٹہ برکندہ گشت و تا مدتے اثر جماعت مذکور در ہندوستان نمایاں نہ بود۔ و در تمام قلمرو ہندوستان یک نفر مرہٹہ نے نمود۔ ھ ص ۹۱۳۔ درحقیقت اس کا سبب خواب مذکورہ بالا کا یہ ٹکڑہ ہے۔ رأیتنی فی المنام قائم الزمان اعنی بذلک ان اللہ اذا اراد شیئاً جعلنی کالجارحۃ لاتمام مرادہ۔ آپ کے جارحہ ہونیکا تحقق عالم اسباب کے رو سے اس طرح ہوا۔ کہ سب سے پہلے بھاؤ نے اپنی حکومت کے استحکام کے لئے نواب شجاع الدولہ والیئے اودھ سے سازباز شروع کی۔ اسی سلسلے میں اپنا ایک برہمن سفیر اُس کے پاس بھیجا۔ اُس کے جواب میں شجاع الدولہ نے کہا "از مدتے براہمۂ دکن بر ہندوستان مسلّط شدہ اند۔ روادار آبرو۔ و رفاہ و آسائش احدے از خلق نیستند۔ ہمہ را برائے خود و اتمام خود می خواہند۔ مردم از دستِ ایشاں بجاں آمدہ۔ برائے پاس ناموس و آبروئے خود۔ و رفاہ عالمے شاہ ابدالی را بمنت از ولایت طلب داشتہ۔ وصدمات او را بہ نسبت ایذائے مرہٹہ سہل انگاشتہ ھ سیر۔ اس کے بعد نواب نجیب الدولہ وغیرہ امراء ہند کے متعلق تحریر ہے: "نواب نجیب الدولہ و راجہائے ہندوستان از دستِ مرہٹہ و عماد الملک بجاں آمدہ زوال دولت و ملک خود از دست برد مرہٹہ برائے العین مشاہدہ نمودہ بعرائض

استدعا بخدمت احمد شاہ ابدالی نگاشتہ خواہانِ ورود او در ہند شدند۔ ہ سیر۔ قولہ یتقاتلون بینہم وقولہ فقام رجل وسألنی عن المسلمین اقتتلوا فیما بینہم فتوقفتُ عن الجواب فلما اصبح۔ تاریخ ہند شاہد ہے کہ مرہٹوں کی اس جنگ میں مسلمانوں کی ایک جماعت اُن کی فوج میں بھرتی ہو کر میدانِ جنگ میں لڑی۔ عرب اور ہندوستانی فوج کے علاوہ توپ خانے کا سردار ابراہیم گاردی تھا۔ اس نے ہمت کر کے توپوں کی زنجیر بندی کی۔ اور مرہٹوں کو کچھ دیر تک بچائے رکھا۔ سیر میں ہے "بتاریخ ۶ جمادی الاخری بروز چہار شنبہ ۱۱۷۴ھ۔ بھاؤ فوج ہا را ترتیب دادہ۔ ابراہیم خاں را بع توپ خانہ فرنگی پیش روگذاشتہ۔ افواج مرہٹہ سر بسر گو یاں از سنگر بہ لشکر ابدالی رو آوردند۔ و ابراہیم تگرگ باز گولہ توپ از حد گذرانید۔ و بھاؤ مغلیہ ملازم خود را حکم پیش رفتن داد۔ و آں اسپاں را عناں دادہ مقابل عساکر ابدالی آمدند" ہ ص ۹۱۴ قولہ فبطش بہ القوم فذبحوہ فلما رایت الدام یخرج من اوداجہ ...... فقلت الخ۔ تاریخ ہاشمی میں مذکور ہے کہ بھاؤ نے دلی پر قبضہ کرنے کے بعد ارادہ کیا کہ اپنے بھتیجے بسواس راؤ پسر بالاجی راؤ کو تخت دہلی پر بٹھا کر یہ اعلان کر دے کہ اب سے ہندوستان کے تخت و نگین کے مالک مرہٹہ برہمن ہیں۔ مگر جنگ پانی پت کے خاتمے تک اُس نے اس اعلان کو ملتوی کرنا مناسب خیال کیا ہ۔ لیکن اسی جنگ میں بسواس راؤ امیدوار تخت و تاج۔ اور تخت بخش والا بھاؤ ہر دو کام آئے۔ سیر المتاخرین میں ہے۔ "از سرداران اول بسواس راؤ پسر بالا راؤ کہ شاہزادۂ آنہا بود۔ در عین شباب بزخم تفنگ کُشتہ شد۔ و بعد او سپہ سالار سدا شیو راؤ معروف بھاؤ۔ برادر عم زاد بالاجی راؤ ہلاک گردید۔ و از سرداران نامور غنیم کسے جاں بسلامت نہ برد۔ الا دو سہ کس و بعد ازیں شکست فاش بالاجی راؤ ہم غصہ مرگ گشتہ۔ پس از پنج ماہ و سیزدہ روز نوزدہم ذی قعدہ سال مذکور بہ پسر و برادر ملحق گردید۔ و ابراہیم خاں گاردی اسیر گشتہ ساعتے سرِ مایۂ ماہیانِ میدان بود۔ پس از زبانۂ آب شمشیر از سرش گذشت" ہ ص ۹۱۴

(الف) قرآن عظیم اپنے انٹرنیشنل انقلابی نظام میں مستقل مؤثر ہے یعنی رہتی دنیا تک مسلمانوں کی کوئی جماعت جب بھی اس پر عمل کرے گی۔ اس سے وہی نتائج پیدا ہونگے۔ جو دورِ اوّل میں دنیا نے دیکھے۔ یہ قرآن کی تاثیر ہے کسی آدمی یا زمانے کی تخصیص لغو ہے۔

(بقیہ صفحہ ۵۲) یہ ہے تفسیر و معنی کا لجادحۃ کی۔ اور یہی معنے اس ارشاد کے ہیں۔ ونفث من تلك الحضرة في نفسی لا من جهة هذا العالم۔

قولہ حتی وصلنا الاجمیر۔ بعینہ اسی طرح ابدالی مع افواج قاہرہ کے شہروں کو فتح کرتا ہوا دہلی پہنچا۔ اسی "جارحہ" کا تقاضا ہے کہ شاہ ابدالی فتح کے بعد حکومت مذا حقداروں کے حوالے کر کے خود سیدھا قندھار روانہ ہو گیا۔ یہاں حکومت کرنے کا خیال تک اُس کو نہ آیا۔ فللّٰه الحمد فی الاولیٰ و الاٰخرة محمد نور الحق۔

لے اسلام کی انقلابی حقیقت کا ادراک اِسی ایک اصول سے وابستہ ہے۔ کہ اسکے تمام تر انقلابی اثر کی اصل الاصول قرآن عظیم کی تعلیم ہے۔ اور اس کا اثر کسی دور سے مخصوص نہیں ہے۔ جب کبھی کوئی جماعت صدق دل سے اس پر عمل کرنے کے لئے تیار ہوگی۔ نتائج یکساں مرتب ہونگے۔ عیسائی دنیا اسی چیز کو عام نظروں سے اوجھل کرنے کے سعی کرتی رہتی ہے۔ جرجی زیدان نے تو صاف صاف لکھ دیا کہ خلافت شیخین کا نظام محض بخت و اتفاق کا نتیجہ تھا۔ یعنے قرآن میں یہ طاقت نہیں کہ وہ اتنا عظیم الشان انقلاب پیدا کر سکے۔ چند افراد اتفاق سے مجتمع ہو گئے۔ اور انہوں نے ایک بار ایسا کر دکھایا۔ لیکن ہمیشہ یوں ہو یہ غلط ہے۔ اس تعلیم کے اثر کو زائل کرنے کے لئے وہ نہایت لطیف اور دقیق حربے کام میں لاتے ہیں۔ مثلاً زمانۂ حال کی مجالس ہائے سیرت کا نظام بھی اسی قسم کا ایک مخدّر ہے۔

(ب) مسلمانوں کی اجتماعی تحریک جسے قرآن حکیم کی تفسیر کے طور پر سمجھنا ضروری ہے۔ وُہ دورِ اول یعنی مبعث سے فتنۂ عثمان[1] پر ختم ہو گئی۔

(بقیہ صفحہ ۵۴) جو مسلم عوام کو پلایا جا رہا ہے۔ تحریک مذکورہ کو چلانے والے یہ سمجھیں یا نہ مگر جن لوگوں نے اُن کو یہ لقمہ دیا۔ ان کا اصلی مدعا یہی ہے کہ اسلام کی تمام تر تعلیمات کا اثر بجائے قرآن کے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی بے نظیر شخصیت میں مضمر ہے۔ اگر آئندہ بھی کوئی ایسی شخصیت بروئے کار آگئی۔ تو ممکن ہے کہ یہ اثر دوبارہ پیدا ہو سکے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ ایک جماعت انتظارِ مہدی میں بیٹھی ہوئی ہے۔ ھ نور الحق

[1] اخبار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باں کہ۔ خیر القرون قرنی۔ ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم ثم ینشأ قوم تسبق ایمانہم شہادتہم و شہادتہم ایمانہم (قرن اول) زمان آنحضرت بود صلے اللہ علیہ وسلم از ہجرت تا وفات (وقرن ثانی) زمان شیخین و (قرن ثالث) زمان ذی النورین (استشہد ۳۵ھ نور) تفصیل ایں اجمال آنکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فتنۂ کہ بعد مقتل عثمان بظہور پیوست۔ در احادیث متواترہ متکثرۃ الطرق بیان فرمودند چنانکہ عنقریب مذکور مے گردد۔ و ما قبل آں را بوجوہ متعددہ از صفاتِ مدح گردانیدند۔ و ما بعد آں را بانواع بسیار از صفات ذم نکوہیدند چوں ملاحظہ آں ہمہ طرق می نمائیم۔ کہ مختلف اند در تعبیر و متحد اند در اصل مقصود۔ حدس قوی بہم مے رسد کہ مراد از قرون ثلاثہ تفصیل ہماں مدت است۔ و تقسیم بقرون ثلاثہ و مدح آں قرون نیست۔ الا باعتبار کمال مدبّران آں قرون و قائمان بالامر دراں ہا و باعتبار شیوع اعمال خیر و ظہور دولت اسلامیہ و انجازِ موعود اللہ عز و جل در ظہور دین حق۔ ھ ازالۃ الخفا ص۵۷ و ص۱۲۱ و ص۱۴۹۔

اہل مدینہ نے ان تعلیمات کو محفوظ کر لیا ہے، اور وہ موطا امام مالک [1] میں مدون ملتی ہیں۔ اس لئے تمام کتب حدیث و فقہ پر موطا کو مقدم ماننا چاہیئے

موطا [1] امام مالک رح | عمل اہل مدینہ بسبب اختیار اقوال تابعین اہل مدینہ آن آں است کہ مدینہ مرجع بلاد دول اعصار بودہ است وعلما زمانا بعد زمانِ دراں جا میرفتند، و آرائے خود را بر رائے اہل مدینہ عرض مے کردند۔ پس نزدیک اہل مدینہ علوم منقح بودند، کہ نزدیک غیر ایشاں نبودند۔ و مشائخ مالک ہمہ از اہل مدینہ اند الا ششش کس ابوالزبیر از اہل مکہ۔ وحمید طویل و ایوب سختیانی از اہل بصرہ وعطا ابن عبد اللہ از اہل خراسان وعبد الکریم از اہل جزیرہ و ابراہیم بن ابی عبلہ از اہل شام

مصطفےٰ شرح موطا صہ ۱۴۔

قال مالک السنۃ التی لا اختلاف فیھا عندنا کذا وکذا۔ نیز مراسیل اور منقطعات سے انہوں نے اپنی کتاب کو بھر دیا ہے۔ وہ اس بات کو قبول نہیں کرتے کہ کسی دوسرے کے سامنے انہیں اپنے اسانید بیان کرنے کی ضرورت ہے۔ وہ اہل مدینہ کی روایت کو اپنے طور پر ٹھیک سمجھ کر پیش کرتے ہیں۔ یہ قومی روایتوں میں لازمی چیز ہے۔ جن لوگوں نے سیاست اسلامی سے قومیت کو علیحدہ کر دیا۔ وہ حدیث کے اس طریقۂ تحقیق سے نابلد ہو گئے۔ یہ صحیح ہے کہ دینی امور میں ہر ملک کی روایات اس طرح معتبر نہیں ہو سکتیں۔ یہ تخصیص فقط اہل مدینہ منورہ کے لئے ہے۔ مگر قومی روایت ہر قومی مرکز سے قبول کرنا پڑے گی۔ ہر ایک قومی آدمی اپنی قوم کی روایت کو بالبداہت صحیح مانتا ہے مگر دوسروں کے سامنے ایک حبہ اُس کے اثبات کے لئے نہیں پیش کر سکتا۔ یہ امر تمام اقوام میں یکساں مشترک ہے۔ لہذا قومی تحقیقات میں ان چیزوں سے تغافل برتنا کوئی عقلمندی کی بات نہیں ہے۔ دینی تعلیم چونکہ عوام میں اجتماعی طور پر مدینہ منورہ سے پھیلنا

(ج) قرآن عظیم نے تمام ادیان پر جس غلبے کا دعویٰ کیا ہے۔ وہ اسی دور اوّل میں پورا ہو چکا ہے اُس کی تکمیل کے لئے کسی نبی یا ولی کا انتظار غلط ہے فرقہ شیعہ اہل بیت کے نام سے غلط پروپیگنڈا کر کے مسلمانوں کی ذہنیت جس قدر مسموم کر چکے ہیں۔ حکیم الہند کی تصانیف اس کا علاج ہیں۔

(بقیہ صفحہ ۵۶) شروع ہوئی۔ اور حضرت عثمان کی شہادت (۳۵ھ) تک وہاں وہ تسلسل قائم رہا اس لئے اس خاص معاملے میں مدینہ طیبہ کا مقابلہ نہ تو مکہ معظمہ کر سکتا ہے۔ اور نہ بصرہ و کوفہ و بغداد۔ اسی اساس پر ہم مؤطا مالک کو قرآن شریف کے بعد اول درجے کی اسلامی روایت مانتے ہیں۔ ہم امام بخاری، مسلم، ابو داؤد، ترمذی، وغیرہ ائمہ محدثین کے بہت ممنون ہیں۔ کہ انھوں نے مؤطا کی اس شان کو برقرار رکھا۔ اور دوسرے دور میں اس دور کی اصطلاحات کے مطابق مؤطا کو اول درجے کی کتاب ثابت کر دیا۔

خروجِ مہدیؑ کا عقیدہ

قال الامام ولی اللہ فی ازالۃ الخلفاء۔ باقی ماند اینجا مسئلہ در غایت اشکال در حدیث ابن ماجہ اشارہ بقصہ خروج ابو مسلم از خراسان واقع شدہ۔ و آں خلیفہ را مہدی گفتہ اند و ترغیب بر نصرت او نمودہ اند۔ (۱) اخرج ابن ماجہ عن حدیث علقمہ عن عبد اللہ بن مسعود قال بینما نحن عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذ اقبل فتیۃ من بنی ہاشم فلما راہم النبی صلی اللہ علیہ وسلم اغرورقت عیناہ وتغیّر لونہ فقلت ما نزال نری فی وجہک شیئاً تکرہہ فقال انّا اہل بیتٍ اختار اللہ لنا الآخرۃ علی الدنیا وان اہل بیتی سیلقون بعدی بلاءً وتشریداً وتطریداً حتی یاتی قوم من قبل المشرق معہم رایات سود فیسئلون

(بقیہ صفحہ ۵۷) الخیر فلا یعطونہ فیقاتلون فینصرون. فیعطون ما سألوا۔
فلا یقبلون حتی یدفعوها الی رجل من اهل بیتی فیملأها قسطًا
کما ملئوها جورًا فمن ادرك ذلك فلیأتهم ولو حبوًا علی ثلج (۲)، واخرج
ابن ماجه عن ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقتتل عند
کنزکم ثلثة کلهم ابن خلیفة۔ ثم لا یصیر الی واحد منهم ثم تطلع الرایات
السود من قبل المشرق فیقتلونکم قتلًا لم یقتله قوم. ثم ذکر شیئًا
لا احفظه. فقال فاذا رأیتموه فبایعوا ولو حبوًا علی ثلج. فانه خلیفة اللہ
المهدی (۳)، واخرج ابن ماجه عن عبد اللہ بن الحارث بن جزء الزبیدی
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخرج ناس من المشرق فیوطئون
للمهدی سلطانه. ھ

تحقیق ایں سہ حدیث پیش فقیر آن است. کہ مراد از مہدی خلیفۂ بنی عباس است
نہ امام مہدی کہ در آخر زمان ظہور نماید. ایں جا مہدی گفتن وخلیفة اللہ نامیدن وحث
بہ نصرت او نمودن بجہت آں است کہ خلافت ایں فریق در پردۂ تقدیر مصمم شد آں را
تغیر و تبدل نیست. پس او مہدی است. راہ نمودہ شدہ بسوئے تدبیرے کہ مفضی باشد
بہ استقرار خلافت. نہ چوں خارجیان دیگر کہ تدبیر آنہا متلاشی شد و بجز ہرج و مرج باچیزے
بدست اوشاں نیامد۔

واو خلیفة اللہ است باایں معنے کہ خلافت در قدر الہی مصمم گشت و باد باید بود.
و ردّ او نباید نمود. زیرا کہ مطلوب اہم در شریعت قطع نزاع است و تقلیل ہرج مرج
و خلافت مستقرہ بہتر است اگرچہ صاحب آں کو دلیے علے ضلع باشد. از خلافت متلاشیہ
گو صاحب آں افضل باشد. ھ

قلت المهدی الذی یظهر فی اٰخر الزمان ان ثبت لا نزید علی کونه من اشراط

بقیہ صفحہ ۵۸۔ الساعۃ التی لایکون بعدھا استقرار شریعۃ وقانون۔ فلا ینبغی ان یجعل فلاح المسلمین معلقاً بظہورہ قلت الاحادیث الثلاثۃ التی رواھا امام ولی اللہ وان کانت مرویۃ فی کتب الطبقۃ الثالثۃ لکنھا قبلناھا لان اصلھا ثابت۔ قال الامام ابوداؤد عن ھلال بن عمرو قال سمعت علیاً یقول قال النبی صلے اللہ علیہ وسلم یخرج رجل من ماوراء النہر یقال لہ الحارث حراث علی مقدمتہ رجل یقال لہ منصور۔ یوطئ او یمکن قول محمد کما مکنت قریش رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وجب علی کل مؤمن نصرہ۔ او قال اجابتہ۔

قلت وتلک الاحادیث صریحۃ فی المھدی العباسی کما قررہ الامام ولی اللہ الدھلوی۔ وکذلک یتبین منھا ان المراد من اھل البیت ھھنا بنوھا شم کلھم۔ وان المراد بقولہ یملاء الارض قسطاً لیس الا انہ یعمل علی السنۃ ویتقید بضوابط العدل الاسلامیہ۔ مثل عمر بن عبدالعزیز۔ فان سفیان الثوری کان یقول ان کان المھدی فھو عمر بن عبدالعزیز ذکرہ السیوطی فی تاریخ الخلفاء۔ ولا یکون المھدی مثل الامراء الظالمین الذین یستثنون انفسھم من القواعد۔ قلت فیمکن ان المھدی العباسی مصداق کل حدیث جاء فیہ ذکر رجل من اھل البیت علی الابھام والاجمال۔ منھا حدیث ابن مسعود اخرجہ ابوداؤد عن عاصم عن زر عن عبداللہ عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال لو لم یبق من الدنیا الا یوم لطول اللہ ذلک الیوم حتی یبعث رجل منی۔ او من اھل بیتی یواطئ اسمہ اسمی۔ واسم ابیہ اسم ابی۔ یملاء الارض قسطاً وعدلاً کما ملئت ظلماً وجوراً۔ھ۔ فان المھدی العباسی اسمہ

محمد بن عبد الله وهو من اهل بیت النبی صلے اللہ علیہ وسلم من بنی ہاشم
قلت وہذا الذی اشار الیہ الامام ولی اللہ من ان المہدی یخرج فی اخر الزمان
وقد اشتہر انہ یکون من اولاد فاطمۃؓ وعلیؓ۔ وقد اتفق علے
ذلک اصحاب الکشف من المتاخرین۔ وتوغل فیہ الناس بعد سقوط
بغداد۔ فلم یرد فیہ حدیث یعیّن انہ من اولاد علی الاّ وقد ضُعِف۔ قلت
الذی یظہر من صنیع الامام ابی داؤد انہ یجعل المہدی واحداً من الائمۃ
الاثنا عشر ولذلک اخرج ہذا الحدیث اول باب المہدی۔ وذکر احادیث
تشیرُ الی خلافۃ عبد اللہ بن الزبیر وقصۃ خسف الجیش۔ فان
الامام ما لمّا کان بعدہ من الائمۃ دون عبد الملک بن مروان۔
وذکرہ اولا احادیث تشیر الی ان المہدی من اہل بیت النبی صلے
اللہ علیہ وسلم علے الابہام۔ ثم ذکر احادیث فیہا ذکر انہ من اولاد فاطمۃ
او من اولاد الحسن۔ ثم ذکر فے اخر الباب حدیثاً لا ینطبق الاعلے المہدی
العباسی۔ فکانّ فیہ رمزاً الی تضعیف ما تقدم من الروایات المخالفۃ لہا
قال الشیخ ابو الطیب شمس الحق فے عونِ المعبود۔ زعمت الشیعۃ خصوصًا
الامامیۃ منہم ان الامام الحق بعد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم علیؓ
ثم ابنہ الحسن۔ ثم اخوہُ الحسین۔ ثم ابنہ علی زین العابدین۔ ثم ابنہ
محمد الباقر۔ ثم ابنہ جعفر الصادق۔ ثم ابنہ موسی الکاظم۔ ثم ابنہ
علی الرضا۔ ثم ابنہ محمد التقی۔ ثم ابنہ علی النقی۔ ثم ابنہ الحسن العسکری
ثم ابنہ القائم المنتظر المہدی۔ وزعموا انہ قد اختفے خوفاً من اعدائہ و
سیظہر فیملاء الارض قسطاً وعدلاً کما مُلئت جوراً وظلماً۔ ولا امتناع
فے طول عمرہ وامتداد حیاتہ۔ قلت تحریر محل النزاع بین اہل السنۃ و

الشیعۃ عندی ان القرآن نزل علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وبشرہ بظہور دینہ علی الادیان کلہا ولکن فتح اکثر بلاد الکفار انما تحقق بعدہ علی ایدی الخلفاء الراشدین ثم علی ایدی بنی امیہ ثم علی ایدی بنی العباس ثم ملوک الھند وغیرھم۔ والشیعۃ لا تسلم لہم خلافتہم۔ فالامر الموعود فی القرآن کان لم یتحقق عندھم لا یمکن انجاز ھذا الوعد عندھم الا اذا کان علی ایدی رجل من اولاد علی ابن ابی طالب وسیدۃ النساء فاطمۃ وھذا اساس عقیدۃ المھدی عند الشیعۃ۔

واما عند اھل السنۃ فکل ما کان موعودًا فی القرآن فقد انجز اللہ وعدہ علی ایدی المھاجرین والانصار الذین اتبعوہ۔ وعلی بن ابی طالب واولادہ داخل فی جملتہم۔ ثم اذا تتبعنا احادیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم وجدنا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اخبر ان فی امتہ دجالون کذابون۔ ثم اخبر بانہ یکون فیہم ائمۃ راشدون مھدیون یجددون من الدین ما افسدہ الکذابون المبطلون۔ واخبر ایضا ان الائمۃ الراشدین کما یکونون فی سائر بیوتات قریش کذلک اخبر بانہم یکونون فی بنی ھاشم بیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

فغلاۃ المنافقین من امۃ نبینا صلی اللہ علیہ وسلم یریدون ان یجعلوا الامامۃ والمھدیۃ نبوۃً بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ فتثبت ولا تکن من الوداقین۔ قال الامام ولی اللہ فی فیوض الحرمین سألتہ صلی اللہ علیہ وسلم سوالًا روحانیًا عن الشیعۃ فاوحی الیّ ان مذھبہم باطل۔ وبطلان مذھبہم یعرف من لفظ الامام ولما افقت عرفت ان الامام عندھم ھو المعصوم المفترض الطاعۃ الموحی الیہ وحیًا باطنیًا وھذا ھو معنی النبی

چار اخلاق کو حکیم الہند دنیا اور آخرت کی فلاح کا مدار قرار دیتے ہیں۔ اُن کا مرکز عدالت ہے۔ کسی سوسائٹی میں عدل پیدا نہیں ہو سکتا۔ جب تک رزق کمانے والی جماعتوں پر اُن کی طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنے سے احترازِ کلّی نہ کیا جائے۔ نزول قرآن کے زمانے میں کسریٰ[۲] و قیصر نے تمام متمدن دنیا کے اکثر حصّے کو اقتصادی پریشانی میں مبتلا کر کے اخلاق سے محروم کر دیا تھا۔ اس لئے قرآن عظیم کا سب سے بڑا مقصد اُن کا زور توڑ کر ایسا نظام نافذ کرتا ہے، جو اقوام عالم کو اس مصیبت سے نجات دلائے۔

بقیہ صفحہ ۶۰۔ فمذهبهم يستلزم انكار ختم النبوة۔ ھ کتاب التمهيد الموقف الثاني۔

[۱] قال الامام ولی الله فی کتاب الهمعات۔ این فقیر را آگاہا بندہ اند کہ آنچہ از باب تہذیب نفس در شرع مطلوب مے شود۔ اقامت چار خصلت است و نفی اضداد آنہا۔ حق سبحانہ انبیاء را برائے ہمیں چہار خصلت فرستادہ و شرائع ہمہ ارشاد بایں چہار خصلت و تحریص بر کسب آں ہا و نصب مظانِ آنہا است۔ و ترغیبات شرائع بسوئے ایں چہار خصلت معروف اند۔ و ترھیبات بر اضداد آں راجع۔ و بیشتر عبارت از اشباح و کواسبِ ایں چہار خصلت است۔ و اثم عبارت از مظان و کواسب اضداد آنہا۔ و آں اخلاق کہ در معاد وجود آنہا نفع مے دہد و فقدان آنہا ضرر مے کند ہمیں چہار خصلت اند، و ہر کہ حقیقت ایں چہار خصلت بطریق ذوق و وجدان دانست۔ و طریق اقتضاء شرائع و ایصال آنہا در ہر دورہ و ہر طبقہ بایں خصال شناخت وے فقیہ

(بقیہ صفحہ ۶۲)، فی الدین و راسخ فی العلم است۔ و ہر کہ از اشباح شرائع بہ ایں خصال پے برد و برنگ آنہا رنگین شد و نفس وے آنہا را در اصل جوہر خود قبول کرد۔ وے از محسنین است۔
بالجملہ معرفت ایں چہار خصلت یکے از امور عظام است۔ کہ بریں بندہ ضعیف ورود فرمود۔ و ذٰلک من فضل اللّٰہ علینا وعلی الناس ولکن اکثر الناس لا یشکرون۔
(۱) یکے از انہا طہارت است۔ وحقیقت آں و میل بسوئے آں در ہر نفس از نفوس سلیمہ ودیعت نہادہ اند۔ پس اگر نفس بر سلامت فطرت خود باشد۔ و ہیچ عارضی او را تشویش ندہد لامحالہ بر طہارت بود۔ نہ پنداری کہ مراد ما از طہارت ایں جا وضو و غسل است بلکہ روح وضو و غسل۔ و نور آنہا وحقیقت آں ھیئتی است وجدانیہ کہ از آں جز بانس و نور تعبیر نتواں کرد۔ و ایں صفت اشبہ حالات انسان است بہ حال ملاء اعلیٰ در تجرید ایشاں از الواث بہیمیہ وسرور و ابتہاج ایشاں بہ خود۔ و انس ایشاں بمقامے کہ ایشاں را دادہ اند۔ و چوں کسے بہ عالم ملاء اعلیٰ بپیوندد۔ و آنجا انسے و سروری و ابتہاجی بہ غیر نہایت مے بیند۔ پس چوں ایں شخص ایں حالت را در نفس خود راسخ مے سازد و ملکہ مے گیرد در میان وے و ملاء اعلیٰ مناسبتے پیدا مے شود۔ و بابے از روح جنت وخلاصہ آں بروئے مفتوح مے گردد۔
(۲) دوم خضوع برائے خدائیتعالیٰ (و اخبات)، وچشم دل بہ سوئے وے تعالیٰ دوختن تفصیل ایں رحال اینکہ نفس سلیمہ در حال فراغ از تشویشات خارجیہ وطبعیہ چوں صفات الٰہی وکبریا وجلال وے یاد دہند و بوجہے از وجوہ روئے او را بداں جانب متوجہ گردانند لامحالہ او را حالتے در مے گیرد۔ از جنس حیرت و دہشت و رنگے احاطہ مے کند از رنگ ہائے مقدس مجرد چوں ازیں حیرت و دہشت تنزل مے کند و بہ حالت سفلیہ فرود مے آید ہمیں حیرت و دہشت خشوع وخضوع و اخبات مے شود مثل حالت عبید در حضوری وارث خویش۔ یا روستائی پیش ملوک۔ بالجملہ اشبہ حالات نفس بہ ملاء اعلیٰ در ہیمان ایشاں در جلال وکبریائی او تعالیٰ صفت خشوع وخضوع و مناجات است۔ چوں نفس بر ایں کیفیت رنگین شود

(بقیہ صفحہ ۶۳) بابے مفتوح گردد میان این نفس و ملاء اعلےٰ از بہت این حالت منترشح گردد از ایشاں برین نفس معارف جلیلہ کہ شبح آں تجلیات الٰہیہ باشند۔

(۳) خصلت سوم سماحت است۔ وحقیقت وے آنست کہ نفس مغلوب داعیۂ بہیمیہ خسیسہ نشود۔ از طلب لذت۔ وحب انتقام وبخل وحرص ومثل آں پس ہر شعبۂ این خصلت بہ اعتبار آں داعیہ اسمے مے گردد بایں معنی عدم قبول نفس داعیۂ شہوت فرج وبطن را عفت گویند وعدم قبول داعیۂ رفاہیت وترک عمل را اجتہاد گویند۔ وعدم قبول داعیۂ ضجر وجزع را صبر گویند۔ وعدم قبول داعیہ حب انتقام را عفو گویند۔ وعدم قبول داعیہ بخل را سخاوت گویند۔ وعدم قبول داعیہ حرص را قناعت گویند۔ وعدم قبول داعیہ مخالفت شرع را در حدود و مقادیر کہ تعین شدہ اند۔ تقویٰ گویند۔ واصل این ہمہ خصلت یک چیز است وآں غالب بودن رائے کلی بر دواعی خسیسہ۔ وہر کہ این خصلت در نفس وے راسخ شد چوں بمیرد جمیع ہیآت خسیسہ کہ درین عالم بر نفس وے ہجوم کردہ باشند یکسر متلاشی مے گردند۔ و وے چوں ذہب خالص از بوتہ بر آید۔ وآں خصلتے است کہ دور بودن از عذاب قبر غالبا بر وے موقوف است۔ وصوفیہ آں را زہد وحریت وترک دنیا گویند:۔

(۴) خصلت چہارم عدالت است۔ وآں خصلتے است کہ صدور اقامت نظام عادل وسیاست کلی از وے باشد۔ ووے راشعب بسیار است۔ مثل ادب وکفایت وحریت وسیاست مدینہ وحسن معاشرت۔ وبالجملہ این ہمہ یک اصل دارند۔ و وے آں است کہ نفس ناطقہ بوجہے واقع شدہ۔ کہ نظام نیک را اختیار کند وبہ اضداد آں مترفع است۔ وہر کہ این خصلت در وے بوجہ اتم متحقق شد میان وے ومیان آنکہ وسائط جود حضرت حق اند از ملاء اعلیٰ واقامت نظامات عادلہ در اصل فطرت ایشاں نہادہ اند۔ وایشاں را ہمت قویہ در باب استحسان نظام عادل دادہ اند۔ مناسبتے بلیغہ واقع مے شود۔ واز دل این جماعت بہ سوئے وے رقائق نورانیہ مثل اشعہ شمس سیلان مے

(بقیہ صفحہ ۶۴) نماید۔ و این رقائق بسبب ظہور بسیارے از نعمت و رفاہیت مے باشد۔ و بالجملہ این سخن دراز است۔ ہر کہ این را بہ تفصیل خواہد باید کہ بر کتاب حجۃ اللہ البالغہ رجوع کند۔ ۵ التقاط از ہمعات نسخہ خطیہ ص ۵۶ ببعد۔

۵ قال الامام ولی اللہ فی الحجۃ ص ۸۳ اعلم ان العجم والروم لما توارثوا الخلافۃ قرونا کثیرۃ وخاضوا فی لذۃ الدنیا ونسوا الدار الاخرۃ تعمقوا فی مرافق المعیشۃ وتباھوا بھا ورد علیھم حکماء الآفاق یستنبطون لھم دقائق المعاش ومرافقہ۔ فما زالوا یعملون بھا ویزید بعضھم علی بعض و یتباھون بھا حتی قیل انھم کانوا یعیرون من کان یلبس من صنادیدھم منطقۃ او تاجا قیمتھا دون مائۃ الف درھم اولا یکون لہ قصر شامخ ولا یکون لہ توسع فی المطاعم وتجمل فی الملابس۔ وذکر ذٰلک یطول۔ وما تراہ من ملوک بلادک یغنیک عن حکایتھم۔ فدخل ذٰلک فی اصول معاشھم وتولد من ذٰلک داء عضال۔ دخل فی جمیع اعضاء المدینۃ وآفۃ عظیمۃ لم یبق احد منھم من اسواقھم ورستاقھم وغنیھم وفقیرھم الا قد استولت علیہ۔ واعجزتہ فی نفسہ واھاجت علیہ غموما وھموما لا ارجاء لھا۔ وذٰلک ان تلک الاشیاء لم تکن لتحصل الا ببذل الاموال الخطیرۃ ولا تحصل تلک الاموال الا بتضعیف الضرائب علی الفلاحین والتجار واشباھھم والتضییق علیھم فان امتنعوا قاتلوھم وعذبوھم وان اطاعوا جعلوھم بمنزلۃ الحمیر و البقر وبستعمل فی النضح والدیاس والحصاد حتی ساروا لا یرفعون رؤسھم الی السعادۃ الاخرویۃ اصلاً۔ ولا یستطیعون ذٰلک۔ ربما کان اقلیم واسع لیس فیھم احد یھمہ دینہ وصار جمھور الناس عیالاً علی الخلیفۃ یتکففون منہ تارۃ علی انھم من الغزاۃ والمدبرین للمدینۃ یترسمون

(بقیہ صفحہ ٦٥) برسومهم ولا يكون المقصود رفع الحاجة ولكن القيام بسيرة سلفهم. وتارة على انهم شعراء جرت عادة الملوك بصلتهم وتارة على انهم زهاد وفقراء يقبح من الخليفة ان لا يتفقد حالهم. وكل ذلك هو الفن الذي تتعمق افكارهم فيه وتضيع اوقاتهم معه. فلما كثرت هذه الاشغال تشبح في نفوس الناس هيبات خسيسة واعرضوا عن الاخلاق الصالحة و ان شئت ان تعرف حقيقة هذا المرض فانظر الى قوم ليست فيهم الخلافة ولا هم متعمقون في لذائذ الاطعمة والالبسة. تجد كل احد منهم بيده امره وليس عليه من الضرائب الثقيلة ما يثقل ظهره. فهم يستطيعون التفرغ لامر الدين والملة ثم تصور حالهم لو كان فيهم الخلافة وملأها وسخروا الرعية و تسلطوا عليهم.

فلما عظمت هذه المصيبة واشتد هذا المرض سخط عليهم الله والملائكة المقربون وكان رضاه تعالى في ما يجهد هذا المرض بقطع مادته. فبعث نبيا اميا صلى الله عليه وسلم. لم يخالط العجم والروم ولم يترسم برسومهم. وجعله ميزانا يعرف به الهدى الصالح المرضى عند الله من غير المرضى وانطقه بذم عادات الاعاجم وقبح الاستغراق في الحياة الدنيا والاطمئنان بها. و نفث في قلبه ان يحرم عليهم رؤس ما اعتاده الاعاجم وتباهوا بها كلبس الحرير والقسى والارجوان واستعمال اواني الذهب والفضة وحلى الذهب غير المقطع والثياب المصنوعة فيها الصور وتزويق البيوت وغير ذلك وقضى بزوال دولتهم بزوال دولته ورياستهم برياسته وبانه هلك كسرى فلا كسرى بعده وهلك قيصر فلا قيصر بعده. ه. بالتقاط.

وقال الامام في الحجة منه في سر تحريم الربوا ان الله تعالى يكره

(بقیہ صفحہ ٦٦) الرفاهية البالغة كالحرير والارتفاقات الحوجة الى الامعان في طلب الدنيا كآنية الذهب والفضة وحلى غير مقطع من الذهب كالسوار والخلخال الطوق. والتدقيق في المعيشة والتعلق فيها. لان ذلك مردلهم في اسفل السافلين. صارف لافكارهم الى الوان مظلمة وحقيقة الرفاهية طلب الجيد من كل ارتفاق والاعراض عن رديئه والرفاهية البالغة اعتبار الجودة والرداءة في الجنس الواحد و تفصيل ذلك انه لابد من التعيش بقوت مّا من الاقوات والتمسك بنقد مّا من النقود. والحاجة الى الاقوات جميعها واحدة والحاجة الى النقود جميعها واحدة ومبادلة احدى القبيلتين بالاخرى من اصول الارتفاقات التى لابد للناس منها. ولا ضرورة فى مبادلة شئ بشئ يكفى كفاية. ومع ذلك فاوجب اختلاف امزجتهم وعاداتهم ان تتفاوت مراتبهم في التعيش وهو قوله تعالى "نحن قسمنا بينهم معيشتهم في الحياة الدنيا ورفعنا بعضهم فوق بعض درجات ليتخذ بعضهم بعضاً سخرياً" فيكون منهم من ياكل الأرز والحنطة. ومنهم من ياكل الشعير والذرة ويكون منهم من يتحلى بالفضة. واما تميز الناس فيما بينهم باقسام الأرز والحنطة مثلاً و اعتبار فضل بعضها على بعض وكذلك اعتبار الصناعات الدقيقة في الذهب وطبقات عياره. فمن عادة المسرفين والاعاجم والامعان فى ذلك تعمق في الدنيا، فالمصلحة حاكمة بسد هذا الباب. م

نور الحق

قرآنِ عظیم کی اس انقلابی دعوت کو زندہ کرنے کا ارادہ جب کبھی مسلم سوسائٹی میں پیدا ہو، تو اس کے لئے ضروری ہے۔ کہ سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شرفائے قریش[1] کے جو خاندان مہاجرین اولین کا شرف حاصل کرچکے ہیں۔ اُن کی ذہنیت اور اُن کی معاشی، معاشرتی، سیرت کو اپنا امام بنائیے یہ انقلابی روح پیدا کرنے کے لئے حکیم الہند عربی زبان اور عربِ اول[2] کی سیرت کو ایک معیار قرار دیتے ہیں۔ اُن کا یہ مطلب نہیں کہ سفہاء عرب اگرچہ جاہلیت کو زندہ کر رہے ہوں، اس صورت میں بھی انہیں کی اقتدا کی جائے ؞

---

[1] شرفائے قریش۔ ایک اجتماع فقط اجتماع ہی سے متاثر ہوتا ہے۔ اسی لئے قرآن نے ہم نے انبیائے سابقین کی صالح جماعتوں کا تذکرہ کر کے مسلمانوں کو ایک ایسی جماعت بنانے پر آمادہ کرلیا۔ اب نزول قرآن کے بعد جب کبھی مسلمان اجتماعی طور پر پھر کھڑے ہوں تو انہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کے پہلے اجتماع سے متاثر ہونا چاہیئے۔ تاکہ قرآن کا اصلی مفہوم ان کے اذہان میں اتر سکے ؞

[2] عربِ اول۔ عرب قوم کا اتباع اور چیز ہے۔ اور عرب اول کے انقلابی طبقے کا اتباع بالکل دوسری چیز ہے۔ انقلاب پیدا کرنے کے لئے انقلابی سیرت سامنے رکھنی چاہیئے قریش اپنے شہر کے حاکم تھے۔ انہوں نے گھر چھوڑا۔ اپنی حکومت کو خیرباد کہی۔ پردیس میں جاکر اپنی محنت سے نئے گھر بنائے۔ تاکہ وہ قرآن کے انقلاب کو کامیاب بنا سکیں۔ اُن کی یہ سیرت قرآن

جملۂ معترضہ حکیم الہندؒ کے اس چوتھے اصول کو ہم اُس وقت تک نہیں سمجھ سکے جب تک ہم نے یورپ میں جا کر سوشلزم کا مطالعہ نہیں کر لیا جن رفقا نے ہمیں اس مطالعے میں مدد دی وہ عموماً کارل مارکس[ف] کے متبع تھے۔ اُس کے احترام میں اس قدر مبالغہ کرتے جس سے ہمیں تکلیف ہوتی! ور اس فضیلت کا مدار وہ اُس کے اقتصادی نظام کو بتاتے۔

ہم حیران رہ گئے جب اس قسم کے انقلابی پروگرام کے تمام ضروری حصّے ہم نے حکیم الہند کی تصانیف میں جو کارل مارکس سے بہت پہلے گذرے ہیں نہایت بسط سے مدون پائے۔ امام ولی اللہ ۱۷۶۲ء میں فوت ہوئے۔ اور کارل مارکس ۱۸۱۸ء میں پیدا ہوا۔

(بقیہ صفحہ ۶۸) سمجھنے کے لئے ذہنیت تیار کردینی ہے۔ ایک شخص اپنے گھر بار کا دلدادہ ہے اور چاہتا ہے کہ قرآن بھی سمجھے۔ ع این خیال است و محال است و جنوں

ہمیں اپنی قوم کی ذہنی پستی پر نہایت صدمہ ہوا جب ہم نے یورپ کے انقلابیوں کی اولوالعزمی دیکھی۔ ہم اپنے نوجوانوں سے مایوس نہیں ہیں۔ مگر ہم پیرانِ پارسا کو کوئی درجہ نہیں دے سکتے۔

[ف] کارل مارکس مئی ۱۸۱۸ء میں پیدا ہوا۔ اس نے ۱۸۸۳ء میں وفات پائی۔ اس کا اشتراکی مینی فیسٹو ۱۸۴۷ء میں شائع ہوا۔ اور اس کی قائم کردہ پہلی انٹرنیشنل کا اجلاس ۱۸۶۴ء میں منعقد ہوا جس پر اس کے پروگرام کا پہلی مرتبہ تعارف کرایا گیا۔ اس حساب سے شاہ صاحبؒ پہلی انٹرنیشنل سے ۱۰۲ سال پیشتر اور مارکس کے اعلان اشتراکیت کی اشاعت سے ۸۵ سال پیشتر وصال فرما چکے تھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سراج الہند امام عبدالعزیز

۱۱۷۶ھ — ۱۲۳۹ھ

جب امام ولی اللہ فوت ہوئے تو مولانا عبدالعزیز اُس وقت سترہ برس کے نوجوان تھے ابھی طالب العلمی سے بھی فارغ نہیں ہوئے تھے۔ مگر امام ولی اللہ کی جمعیۃ مرکزیہ نے مولانا عبدالعزیز ہی کو حزب ولی اللہ کا رہنما (امام) ماننے کا فیصلہ کیا۔ سب سے پہلے وُہ امام ولی اللہ کے طریقے پر مولٰینا عبدالعزیز کی علمی تکمیل پر متوجہ ہوئے مولانا محمد عاشق اور مولانا محمد امین نے علم حدیث میں اور امام ولی اللہ کی انقلابی تحریک کے اصول میں! ور مولانا نور اللہ (جو مولانا عبدالعزیز کے خسر بھی تھے۔) فقہ حنفی میں مولانا عبدالعزیز کی تربیت مکمل کر کے انہیں امام عبدالعزیز کے درجہ تک پہنچا دیا۔

---

[۱] تین عفت مآب صاحبزادیوں کے سوا آپ کے اولاد نہ تھی۔ اور صاحبزادیاں بھی صاحب اولاد ہو کر آپ کی حیات ہی میں رحلت کر گئیں۔ سب سے بڑی صاحبزادی مولانا رفیع الدین صاحب

(بقیہ صفحہ ۷۱) کے صاحبزادے مولانا عیسےٰ سے منسوب ہوئی تھیں۔ منجھلی صاحبزادی جناب شیخ محمد افضل سے منسوب ہوئیں۔ جن سے مولانا اسحاق مہاجر اور مولانا محمد یعقوب مہاجر (اُن کے چھوٹے بھائی) پیدا ہوئے۔ تیسری صاحبزادی حضرت مولانا عبدالحی کے عقد نکاح میں تھیں۔ جو ایک فاضل اجل اور نہایت شریف و خلیق تھے۔ اور امیر شہیدؒ کی معیت میں ایک عرصہ تک ہندستان اور اس کے اطراف میں رہے۔ شاہ عبدالعزیزؒ آپ کے پھوپھا بھی تھے۔ کیونکہ آپ کے والد مولینا ہبتہ اللہ اُن کے والد مولینا نور اللہ ہیں ۱۲۔ نور۔ ۱۰ ر نومبر ۱۹۲۱ء

شاہ عبدالعزیزؒ کی امامت

.........امام ولی اللہ کی اپنی صحبت سے راسخین فی العلم کا ایک مختصر سا طبقہ تیار ہوا جس کے سرکردہ حضرات مذکورہ بالا (یعنی مولانا محمد عاشق۔ خواجہ محمد امین کشمیری اور مولانا نور اللہ) تھے انہی کے ذریعے سے شاہ صاحب کے علوم محفوظ ہوئے۔ اور آگے پھیلے۔ اس کے ساتھ شاہ صاحب کے شاگردوں کا ایک دوسرا طبقہ بھی پیدا ہوا جس میں اُن کی اولاد بھی داخل ہے! امام عبدالعزیز ہر دو کے مسلّم امام ہیں۔ شاہ ولی اللہ کے خواص سے اگر دس آدمیوں نے استفادہ کیا ہے۔ تو شاہ عبدالعزیزؒ کے خواص سے دس ہزار مستفید ہوئے۔ شاہ ولی اللہ کے زمانے میں سلطنت دہلی میں فی الجملہ استمساک تھا۔ شاہ عبدالعزیزؒ کے عہد میں وُہ بھی ختم ہوگیا۔ انگریزی ریزیڈنٹ دہلی میں موجود رہا۔ انگریزی حکومت شاہ ولی اللہ اور اُن کے علوم۔ اور اُن علوم کی تاثیر سے ایسی ناواقف نہیں تھی۔ جیسے ہندوستانی ناواقف تھے۔ ہندوستانی شاہ عبدالعزیزؒ کو اُس عہد کے چند بڑے علماء میں سے ایک چیدہ عالم مانتے تھے۔ جیسے شاہ ولی اللہ صاحب کو اپنے زمانے میں دہلی کے بڑے آدمیوں سے مانا جاتا تھا۔ مگر شاہ عبدالعزیزؒ کا کمال یہ ہے کہ انہوں نے شاہ ولی اللہ کے علوم عامۂ اہل علم تک پہنچا دئے۔ جو چیز اُن علماء کے اذہان پر غالب ہے۔ اس میں وُہ خود توغل کرتے ہیں۔ پھر ان علمی کتابوں میں جو اقوال شاہ ولی اللہ کی تحقیق کے خلاف موجود ہیں سب پر بالتدریج لطافت سے جرح کرتے ہیں۔ یہ چیز اُن کے ذاتی کمالات میں مانی جاتی ہے۔ اہل علم جانتے ہیں۔ کہ

(بقیہ صفحہ ۷۲) اس طرح جرح کرنے والا عالم ایک لمبے زمانہ سے پیدا نہیں ہوا۔ اس کے آخر میں آپ شاہ ولی اللہ کا قول بہت ہلکے الفاظ میں نقل کر دیتے ہیں۔ وہ دماغ میں جذب ہو جاتا ہے۔ ساتھ ہی اُسے نہ اپنی طرف منسوب کرتے ہیں۔ اور نہ شاہ ولی اللہ کی طرف۔ اس طرح آپ عامۃ اہل علم کو امام ولی اللہ کی تحقیقات سمجھنے کا اہل بنا دیتے ہیں۔ اس کی مثالیں "تحفہ اثنا عشریہ" اور "تفسیر عزیزی" میں کثرت سے ملیں گی۔ آپ نے اپنے خواص اہل بیت کو اور جو اُن میں مندمج ہو سکا شاہ ولی اللہ کی کتابوں کا محقق بنا دیا۔ اس طرح کم از کم آپ نے ساٹھ برس کام کیا۔ یہاں تک کہ وُہ علم اور وہ حکمت زمین پر راسخ ہو گئی۔ اب اگر یہاں یورپ کی ایک بڑی عقلمند انقلابی حکومت نہ ہوتی تو شاہ عبد العزیز کے علوم ہندوستان کے بادشاہ ہوتے۔ مگر اس عقلمند انقلابی حکومت میں اتنی استعداد ہے کہ اس کی صورت کو مسخ کر کے اُس سے دنیا کو متنفر بنا دے۔ مگر جن لوگوں کی طبیعتوں میں علمی ذوق فطری طور پر موجود تھا۔ اُن پر اس مخالف پروپیگنڈے کا کچھ اثر نہیں ہو سکا۔

(۲) شاہ عبد العزیز کا مقصدِ حیات اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی تھا۔ کہ شاہ ولی اللہ کی انقلابی سکیم کو ہندوستان میں کامیاب بنائیں۔ شاہ ولی اللہ کو الہام ہوا کہ جو چیزیں تمہیں دینے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ ان کے لئے کافی صبر کی ضرورت ہے (دیکھو تفہیمات ص ۱۲/۲) اس کام کو پورا کرنا شاہ عبد العزیز کا مقصد تھا۔ شاہ عبد العزیز کے ساتھ اُن کے اپنے بھائی شاہ رفیع الدین اور شاہ عبد القادر بہترین معاون ثابت ہوئے۔ عقلی مسائل کیلئے جس قدر تحقیقات کی ضرورت ہوتی۔ اس کو شاہ رفیع الدین پورا کرتے رہے۔ کشفی مسائل میں خصوصیت کے ساتھ شاہ عبد القادر ممتاز تھے۔ نقلی علوم کی تعلیم شاہ عبد العزیز کا اپنا کام تھا۔ اس طرح عقل۔ نقل۔ کشف کی جامع سوسائٹی پیدا کرنے کی کوشش جاری رہی ؛۔

اس کے نتیجے میں چار ممتاز شخص پیدا ہوئے۔ (۱) مولانا عبد الحی۔ یہ حضرات ثلاثہ (ہر سہ برادران) کے تلامذہ میں اول درجے کے عالم تھے۔ اور امام عبد العزیز کی طرح جامعیت کے مالک تھے۔ (۲) حضرت مولانا شاہ اسمٰعیل شہیدؒ۔ یہ عقلیت میں شاہ رفیع الدین کے قائم مقام تھے۔ (۳) حضرت مولانا محمد اسحٰق یہ شاہ عبد العزیز کی طرح نقلی علوم پڑھانے کے مرکز تھے۔ (۴) حضرت سید احمد بریلوی۔ جو ان کے مدرسے

(بقیہ صفحہ ۷۳) کے شاگرد تھے۔ گر قوتِ کشفی میں اپنے زمانے کے عارفین بلکہ بہت سے متقدمین پر بھی سبقت لے گئے تھے۔ اُن کی تربیت شاہ عبدالعزیز اور شاہ عبدالقادر کی صحبت میں مکمل ہوئی۔

جب یہ انقلابی جماعت تیار ہوگئی تو شاہ عبدالعزیز نے اپنا انقلابی پروگرام تطبیق دینا شروع کیا۔ شاہ صاحب نے سید احمد کو خاص پروگرام دے کر امیر خاں والیٔ ٹونک کے لشکر میں بھیجکر انقلابی کام شروع کر دیا۔

(۳) امام ولی اللہ کو جس منصب کا وعدہ دیا گیا جس کی وُہ امید رکھتے تھے۔ اس کا تعلق عام مسلمانوں کی اصلاح سے تھا۔ اس فکر کے تسرکز نے ان کو ائمۂ فقہا کے اختلاف کو حل کرنے کی طرف مائل کر دیا تاکہ عوام کا اختلاف باقی نہ رہے۔ چنانچہ وہ فقہ حنفی اور فقہ شافعی کو ایک درجے پر مانتے ہیں۔ قدرتی طور پر اُن کو دونوں فقہ میں تحقیق کا اچھا موقع ملا۔ فقہ حنفی اپنے والد سے سیکھی۔ اور فقہ شافعی شیخ ابوالطاہر مدنی سے پڑھی۔ مگر آخر میں انہیں سمجھایا گیا۔ کہ فقہ حنفی کی ایسی اصلاح ممکن ہے جس سے وُہ قرنِ اول کے مطابق ہو جائے۔ (دیکھو فیوض الحرمین صفحہ ۴۸ و صفحہ ۶۲ و صفحہ ۶۴ و تفہیمات صفحہ ۹۶) اس پر دہلی میں بیٹھکر انہوں نے حنفی فقہ اپنی تجدید کے ساتھ پڑھانا شروع کی۔ یہ اُن کے آخری اعمال سے ہے۔ باوجود اس اہتمام کے وُہ اپنے ملک کے حنفیہ کو مطمئن نہیں کر سکتے تھے جب تک ایک عالم حدیث کو ضروری نہ سمجھے۔ اس کو شاہ صاحب کے مسلک کی جلالت سمجھ آہی نہیں سکتی۔ امام عبدالعزیز نے حنفی فقہ اور مروجہ تصوف کو اپنے والد کے اصول پر اصلاح کرکے رواج دینا شروع کیا۔ فقہ شافعی کی طرف کوئی توجہ نہیں کی۔ ان کی طبیعت ہندوستانی عالموں سے متقارب واقع ہوئی تھی۔ حنفی علماء نے خوشی سے اُن کی شاگردی اختیار کی۔ اور ایک لمبے وقت تک کام کرنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہندوستان میں کوئی جیّد عالم ایسا نہیں رہا۔ جو حدیث پڑھنا ضروری نہ سمجھتا ہو۔ اور پھر اس کی سند کسی نہ کسی طریقے سے شاہ عبدالعزیز پر ختم نہ ہوتی ہو۔

ہم جو کہتے ہیں کہ شاہ عبدالعزیز شاہ ولی اللہ کے لئے ایسے ہیں۔ جیسے امام ابویوسف امام ابو حنیفہ کے لئے۔ تو اس کا یہی مطلب ہے۔

(بقیہ صفحہ ۷۴) (۴) ہمارے خیال میں شاہ عبدالعزیز کے پروگرام کا فائدہ وہ
پہلے عمل کر چکے تھے۔ مرہٹوں کے تغلّب کو دُور کرنے کے لئے نواب نجیب
کو دعوت دی۔ ہمارے نزدیک یہ بات محقق ہو چکی ہے۔ کہ نواب نجیب
پہلے الہامی اشارے سے اُدھر توجہ دلائی تھی :۔

ف بسیار
لکھے،

اب دوسری دفعہ جب سکھوں کا پنجاب میں غلبہ ہؤا اور دہلی میں انگریز آگئے۔ تو شاہ عبدالعزیز
کا پروگرام یہی تھا کہ کابل اور قندہار کی طاقت کو دعوت دے کر دہلی بلایا جائے۔ اگر وہاں کے امرا نا قابل
ثابت ہوں تو اُن اقوام کے لائق افراد سے استفادہ کیا جائے :۔

اس کے لئے وہاں ایک امارت قائم کرنے کی ضرورت ہوگی۔ اور افغانوں میں ایک سیّد رح
کی امارت بہت جلد مقبول ہو سکتی ہے۔ اس کے لئے سیّد صاحب کو امیر مقرر کیا گیا۔ اور مولانا شہید رح اور
مولانا عبدالحیؒ کو ان کا وزیر بنا کر ساتھ کر دیا گیا :۔

اپنا پارٹی پروگرام تسلیم کرانے کا پہلا درجہ یہ ہے۔ کہ اسلامی عقائد و اخلاق میں جو غلطیاں
عوام میں رائج ہو چکی ہیں۔ لوگوں سے اُن کی اصلاح کا پروگرام تسلیم کرایا جائے۔ اس سے وہ دوسرے
مرشدوں اور عالموں سے جدا ہو سکیں گے۔ اور تحریک کو آگے بڑھانے میں مخالف پارٹی کے لوگ
دخل انداز نہیں ہو سکیں گے۔ سیّد صاحب اور مولینا شہید اور مولانا عبدالحیؒ اس انقلابی پروپیگنڈے
کے مرکز بنائے گئے۔ شاہ عبدالعزیزؒ نے شاہ اسحاقؒ کو اپنی جگہ مقرر کیا۔ ہماری سمجھ میں اس تحریک
کے امیر شاہ اسحاقؒ تھے۔ سیّد صاحب فقط امیر الدعوت و امیر الجہاد تھے۔ اور یہ جماعت دہلی کی
سلطنت کی کمزوری کو دُور کرنے کے لئے کھڑی ہو رہی ہے۔ اس کو ایک حکومت موقتہ کا
درجہ دینا چاہیئے :۔

اس تقسیم عمل میں شاہ عبدالعزیزؒ نے وُہ کمال کر دکھایا ہے جس کی حکمت سمجھنے سے اکثر
عقلمند عاجز آگئے۔ اور انہیں احمق بناتے ہیں بہت زیادہ دخل اس قوت عاقلہ کا ہے۔ جو شاہ
عبدالعزیزؒ کے کام کو پورے طور پر سمجھ کر نا کام بنانا چاہتی ہے۔ سیّد صاحب کی امارت اور اُن کا

(بقیہ صفحہ) اسی زمانہ میں امام عبدالعزیز نے امام الانقلاب[1] امیر المومنین علی ابن ابیطالب رضی اللہ وجہہ کو خواب میں دیکھا۔ امیر المومنین نے انہیں یقین دلایا کہ عام طور پر فقہا، اور صوفیہ کے مروج طریقے افراط و تفریط سے خالی نہیں۔ قرونِ اولی کے مطابق وہی طریقہ ہے جس کی امام ولی اللہ دعوت دیتے ہیں

(بقیہ صفحہ ۷۵) جوش جہاد۔ اور اُن کا کشفی کمال عامۃ المسلمین کو جمع کرنے کا بہترین ذریعہ اور اعلیٰ تدبیر تھی۔ اس لئے امام عبدالعزیز نے یہ کام اُن کے حوالے کیا۔ مگر اس امارت کو تھامنے کے لئے جس قدر تعلق شاہ ولی اللہ کی تحریک اور پھر شاہ عبدالعزیز کے کام سے تاریخی طور پر ہونا چاہیئے۔ اس سے سید صاحب کوئی تعلق نہیں رکھتے۔ ممکن ہے کہ وُہ ایک نئی تحریک شروع کر دیں۔ اور وہ اصلی چیز کی طرف جس کو بڑھانا ضروری ہے۔ متوجہ نہ ہو سکیں۔ اس نقص کے جبر کے لئے مولانا عبدالحی الرحمٰ اور مولانا شہید اُن کے ساتھ لگا دئے گئے۔ اور اپنے متبعین کو ہدایتیں دی گئیں۔ کہ جس امر پر یہ تینوں حضرات جمع ہو جائیں۔ اسے شاہ عبدالعزیز کا حکم سمجھا جائے۔ اُس زمانے کے حالات کے مطابق اس سے بہتر تقسیم عمل ہماری سمجھ میں نہیں آسکتی ؛؛

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خواب میں دیکھنا

فی الامالی العزیزیۃ

فقیر در خواب دید کہ میدانے است دراں فرش سفید براق گسترده اند۔ و براں فرش مردم بسیار باشکل نورانی و لباسہائے فاخرہ، منتظرِ قدوم برکت لزوم جناب امیر نشستہ اند۔ فقیر ہم بدریافت ایں معنی دراں مقام بر فرش مذکور جا گرفتہ۔ ناگاہ جناب امیر از جانب قبلہ نمایاں شدند۔ و سمت آں فرش توجہ فرمودند۔ مردم ہمہ برائے تعظیم برخاستند۔ و بلب فرش منتظر ایستادند۔ فقیر نیز در وسط فرش منتظر ایستادہ بسبب ہجوم اشخاصِ باعظمت تالب فرش نتوانست رسید۔ ایشاں تشریف آوردہ، تفرق صفوف نمودہ، نزد

(بقیہ صفحہ ۷۶) فقیر آمدہ. چار زانو نشستند. فقیر با ادب تمام دو زانو مقابل نشست۔ الطاف بسیار فرمودند. با ہیچ کس کلام نفرمودہ با فقیر ہمکلام شدند. فقیر آں وقت را غنیمت دانستہ چند چیز دراں وقت کہ در ذہن حاضر شدہ عرض نمود. جواب با صواب یافتہ۔

اول آنچہ فرمودند ایں بود کہ شنیدہ ام شخصے بزبان پشتو کتابے تصنیف کردہ است دراں کتاب چیزے کہ تحقیر من بود۔ درج نمودہ. شمارا اطلاع ایں معنی ہست یانہ؟ فقیر عرض نمود. بندہ زبانِ پشتو نمے داند. تا از حال ایں کتاب واقف باشد. موافق فرمودہ تحقیق خواہم کرد۔

باز عرض نمودم کہ از مذاہب فقہا کدام یک مختار و پسند جناب است؟ فرمودند ہیچ مذہب پسند ما نیست۔ با بطور ما نیست۔ افراط و تفریط لعمل آوردہ اند۔

باز عرض نمودم۔ کہ از طرق اولیاء اللہ کدام یک طور پسند جناب عالی است؟ فرمودند دریں جا ہم ہماں جواب است۔ در ہر طریقہ چیزہائے نا مرضی و خلاف طور ما احداث نمودہ اند۔ و با ایں ہمہ از طور ما قصور دارند۔ زیرا کہ در عہد ما سہ طریق شغل کہ در تقرب الی اللہ مفید باشد۔ معمول و مروج بود۔ (۱) ذکر (۲) تلاوت (۳) نماز۔ آنہا فقط ذکر را مقرر کردہ اند۔ و تلاوت قرآن و نماز را شغل نمے دانند۔ بعد ازاں یکایک برخاستہ ہماں سمت سرعت کناں تشریف بردند۔ و مردم دیگر کہ منتظر بودند در حیرت افتادند۔ قال مولانا الشیخ عم فیضہم فی کتاب التمہید فے ائمۃ التجدید ۲۰۳ فی رجب ۱۱۸۷ھ او ۱۱۸۸ھ تشرف الامام عبد العزیز فے الرویا بلقاء امیر المؤمنین علی بن ابی طالب امام الانقلاب فارشدہ الامیر الی الھیئۃ الاجتماعیۃ وطرق اصلاحھا۔ وداوم الشیخ علی ارشاد الامیر بالاستقامۃ۔ ووصل روح الاصلاح الی عامۃ المؤمنین فے حیوتہ وقام اصحابہ بمعاونتہ عامۃ المسلمین من جمیع الاصناف الی اقامۃ الحکومۃ الموقتۃ الھندیۃ لاحیاء الجادۃ القویمۃ المحمدیۃ۔ تمہید. سیرت سید احمد شہید ص ۸۶ میں مذکور ہے۔ کہ صبح اٹھ کر شاہ صاحب سب سے پہلے حضرت شاہ غلام علی مجددی مظہری

امیر المومنین نے اُن کی قلبی کیفیت میں ایک انقلاب پیدا کر دیا جیسے امام[لہ] عبدالعزیز بیداری میں بھی اپنے اندر مستقر پاتے تھے۔ امیر المومنین نے انہیں پشتو سیکھنے کی طرف توجہ دلائی۔

(بقیہ صفحہ ۷۷) (متوفی سنہ ۱۲۴۰ھ خلیفہ حضرت مرزا مظہر) کی خدمت میں تشریف لے گئے۔ اور خواب کی تعبیر چاہی۔ شاہ غلام علی نے فرمایا۔ میری سمجھ میں آتا ہے کہ سید حسن رسول نما کی وفات کے بعد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی توجہ ان دیار میں ہدایت خلق کی طرف بہت کم ہو گئی ہے اس خواب سے معلوم ہوتا ہے کہ اب آپ کے (یا آپ کے کسی مرید رشید کے) ذریعہ وہ سلسلہ پھر شروع ہو جائے گا۔ شاہ صاحب نے فرمایا میرے خیال میں بھی یہ تعبیر آئی تھی سہ مولینا الشیخ علم فہم نے مجھ سے ۲۶ جون سنہ ۱۹۴۰ء کو فرمایا کہ یہ خواب امام عبدالعزیز کی عظمت پر دال ہے۔ کہ اُن کے عہد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک رسائی بغیر آپ کے ممکن نہ تھی۔ رہا فقرہ محصورہ بین الخطین۔ ہمارا خیال ہے کہ یہ فقرہ شاہ غلام علی رح کے ذمہ لگا کر محض اس لئے بڑھایا گیا۔ کہ سید امیر شہید کی فضیلت ثابت کی جا سکے۔ ورنہ اصل خواب سے اس کو کوئی تعلق نہیں ہے۔

(فائدہ) سید حسن رسول نما کا تذکرہ مختصر خزینۃ الاصفیا (صفحہ ۱۹) میں موجود ہے۔ وفات سنہ ۱۱۰۳ھ امام ولی اللہ تفہیمات صفحہ ۴۲ (خطبہ) میں لکھتے ہیں۔ خواجہ محمد شاہ عزیزے از اتباع میر ابو العلی نزد بہار گنج اقامت داشتند۔ بصحبت سید حسن رسول نما رسیدہ بودند۔ نقل میکردند کہ روزے سید حسن بیتے از قوالے سماع کردند کہ مضمون آں تشبیہ خود بود با سگ محبوب۔ وازاں تشبیہ لذت تمام یافتند اما آں لذت می آمد و می رفت۔ استقرار نداشت۔ بگوشہ رفتند۔ رسن در گلو بستند و آں را بہ میخے مضبوط ساختند و حلقے برخود انداختند و ہماں بیت می خواندند و گرد آں میخ می گشتند۔ بایں کیفیت آں لذت در ایشاں مستقر شد۔ و فتح باب ایشاں را ایں صورت واقع گشت۔

(بقیہ صفحہ ۷۷)

زبان پشتو اور یورپین ازم

اس کی روح یہ ہے کہ ان کو پشتونوں کی طرف توجہ کرنی چاہیئے۔ اس سے پہلے شاہ ولی اللہ خیر کثیر ۱۱۷۰ھ میں لکھ چکے ہیں۔ کہ حکومت چلانے کی استعداد مسلمانانِ ہند سے افاغنہ کی طرف منتقل ہو چکی ہے و قلت ونصر۔ والدولۃ بحسب الظاھر ینقسم علی شعوب الناس لکل فی زمان کان للحجاز ثم للعراق ثم لاھل فارس ثم لاھل الھند۔ ورجع الیوم الی الافاغنۃ و کذالک الدولۃ الباطنیۃ علی ھذا الترتیب ولکن الافاغنۃ واھل الفارس لا یوجد فیھم الانسلاخ قط فکما لا تھم مزاجیۃ۔ ھ۔ نور الحق غفرلہ

حضرت مولینا عم فیضہم نے اس کی توضیح میں مجھے املا کرایا۔ کہ اس سے مراد فقط جنگی طاقت اور حربی قوت ہے۔ یہی راز ہے ہمارے اس مقولہ میں۔ کہ "پہلے یورپین بنو" افغانوں میں چونکہ لڑنا اور مردانگی موجود ہے۔ اُن کو ایک عالم منظم کر کے اسلامی قومی حکومت کی نوج بنا سکتا ہے۔ مگر جس قوم سے لڑنے مرنے کی طاقت سلب کر لی گئی ہو۔ وُہ کبھی ترقی نہیں کر سکتی۔ آج اس کی پہلی مثال ہندو بنئے میں ملتی ہے۔ وُہ بڑا حساب دان ہے۔ بڑا مالدار ہے۔ مگر وُہ حکومت نہیں سنبھال سکتا ایک معمولی سپاہی اس کی جائداد پر قبضہ کر کے مالک بن سکتا ہے۔ دوسری مثال ہندوستانیوں میں سے جو قومیں انگریزی فوج میں ملازمت کر کے اور یورپین طریقے پر سپاہی بننا نہیں سیکھ سکیں گی۔ وُہ ہندوستان کی آیندہ حکومت کبھی سنبھال نہیں سکتیں۔ میں باوجود ہزار ہا اختلافات کے سر سکندر حیات خاں وزیر اعظم پنجاب کی ہمیشہ تائید کرتا ہوں کہ وُہ میری قوم کو فوج میں بھیجنے کا حامی ہے۔ پشتو میں نوے فیصدی افراد جنگ میں مر سکتے ہیں۔ مگر دس جو واپس آئیں گے وُہ ہمارا اصلی سرمایہ ہو گا۔ اس لئے ہم تعلیم یافتہ طبقے کو مجبور کر دیں گے۔ کہ وہ یورپین طریقے پر فنونِ حرب سیکھے۔ انہیں اس کام میں مہارت پیدا کرنے کے لئے سوائے ترکی حربی کالج کے اور کوئی جگہ نہیں ملے گی۔ اگر وہ ترکوں کی طرح پہلے اپنے آپ کو یورپین نہیں بنالیں گے۔ ترکی حربی کالج میں داخل نہیں ہو سکیں گے۔ جب وُہ وہاں سے فارغ ہو کر آئیں گے۔ تو مستقبل ہند میں جب ڈومینین سٹیٹس مل جائے گا۔ اس وقت وُہ اپنے

(بقیہ صفحہ ۷۹) کاشتکاروں کو فوجی تعلیم دینا شروع کریں گے۔ اس کے لئے اُن کو کاشتکاروں کو بھی یورپین بنانا پڑے گا۔ اگر کاشتکاروں کی تحریک کا انکار کردیں۔ تو اُن کا وجود بے کار ہوجائے گا۔ اس لئے ہم اپنی قوم سے وُہ لعنت کے جراثیم جو مسجدوں اور خانقاہوں سے پھیلتے ہیں۔ اور قوم کو نامردی سکھالنے کا نام انہوں نے اسلام رکھا ہوُا ہے۔ مذکورہ وقت آنے سے پہلے..... ختم کردینا چاہئے ہیں۔

ہم عام لوگوں کو دعوت دیتے ہیں۔ کہ وُہ اپنی مادری زبانیں انگریزی حروف میں لکھنا، پڑھنا شروع کردیں۔ اور اپنے خاندان کے کسی فرد کو۔ عام اس سے کہ عورت ہو یا مرد۔ ایسا نہ چھوڑیں کہ وہ اپنی زبان یورپین حروف میں نہ لکھ سکتا ہو۔ اس کے بعد اس کو ترکوں کی طرح زندگی بسر کرنا سکھانا چاہئے۔ ترکوں میں بھی اسی طرح بے ایمان آدمی موجود ہیں جیسے ہمارے یہاں ہیں۔ مگر ترکی قوم کے ایمان میں جسے شبہ ہوسکتا ہے۔ وہ احمق ہے۔ اب ترکوں نے اپنا قومی طریقہ یورپین ازم بنا لیا ہے۔ ہم اس مسلم قوم کے ترقی یافتہ نمونے پر اپنی قوم کو تیار کرنا چاہتے ہیں۔ ان حقائق سے ہمارے بڑے بڑے عالم ناواقف ہیں۔ ان کو واقف کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ نہایت نرم زبان میں ان کو یہ چیزیں سمجھا دی جائیں۔ مگر ہماری قوم میں ایک ضدی عنصر موجود ہے۔ وُہ مسلمانوں کی ہر تباہی کو قبول کرسکتا ہے۔ مگر اپنے طرز میں تبدیلی کا روادار نہیں بنتا۔ ہم انہیں منہ نہیں لگاتے۔ اور جب موقعہ ملے گا ہم انہیں ختم کردیں گے۔ یہ میں اپنی ذہنیت کی ترجمانی نہیں کر رہا۔ مجھے معلوم ہے۔ کہ ہندوستان میں انقلاب آئے گا۔ میں اس انقلابی جماعت کی ترجمانی کر رہا ہوں میں نے روس میں اپنٹرکی ہیں۔ انقلابی جماعتوں کا کافی تجربہ کیا ہے۔ وُہ سب کے سب ایک ہی مسلک پر چل رہے ہیں۔ اُن کی زبانیں مختلف ہیں۔ اُن کے مذاہب مختلف ہیں۔ مگر معاشرت کا طریقہ سب میں مشترک ہے۔

حلِ شبہ ہمارے سمجھ دار طبقے کو ہماری طرح جب تک ہم ہندوستان میں تھے۔ ایک شبہ دامن گیر رہتا ہے۔ وُہ یہ کہ انگریزی کالجوں اور انگریزی دفاتر سے

(بقیہ صفحہ ۸۰) ایک نوجوان جو ذہنیت لے کر آیا۔ وہ سوائے یورپین فیشن کے اور کوئی کمال نہیں رکھتا۔ وہ ملازمت سے روپیہ کماتا ہے۔ اور اپنی ضرورتیں اس قدر بڑھاتا ہے۔ کہ باپ دادا کا اندوختہ اس فیشن پرستی کی نذر کر کے ختم کر دیتا ہے۔ پھر نزاکت، بزدلی، نامردی، کا پورا پورا نمونہ بن جاتا ہے۔ اور دن رات اس تعریف میں لگا رہتا ہے۔ کہ یورپین بنے بغیر انسان انسان نہیں کہلا سکتا۔ ہمیں خود اس گروہ سے کافی واسطہ پڑتا رہا۔ اور ہم اپنی پرانی ہندوستانی زندگی میں اُن سے متنفر ہے۔ اور اپنی قوم کو اس سے بچانے کے لئے کوشش کرنا ایمانی فرض جانتے ہیں۔ اب ہماری ذہنیت بن چکی ہے۔ کہ ہم ان نازک مزاج، نازک اندام افراد کے بجائے اپنے کاشتکاروں کو یورپین بنائیں۔ ہمارا پہلا تجربہ غلط اور غیر مفید ثابت ہو چکا ہے۔ ہم اپنی قوم کے کارکن عنصر کو جو ہمارے ملکوں میں عموماً کاشتکار ہے۔ اقتصادی مصیبتوں میں گرفتار دیکھتے ہیں۔ اُس کو ان مصائب سے نجات دلانا قوم کی ہستی کیلئے ضروری ہے۔ اس کی نجات کا کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ جب تک وہ اپنی اصلاح کے لئے خود کھڑا نہ ہو مگر اس اصلاح سے پیشتر اس کو تعلیم دینا ضروری ہے۔ سرمایہ دار حکومت نے تعلیم چند افراد کے لئے مخصوص کر رکھی ہے۔ اب یہ ناممکن ہے کہ ہم اپنے کاشتکاروں کو کالج کے گریجوایٹ بنا سکیں۔ مگر یورپ کے طریقے پر کاشتکاروں کو عالم بنایا جا سکتا ہے۔ سب سے پہلے انہیں اپنی مادری زبان میں لکھنا پڑھنا سیکھنا چاہیئے۔ اس کے لئے ہمارا عربی رسم الخط ایک مانع قوی ہے۔ کہ ایک ایسے انسان کو جو چوبیس گھنٹے کام میں مصروف رہتا ہے۔ اس کو یہ خط سکھانا جو ایک ایک حرف کی کئی شکلیں پیش کرتا ہے سیکھنے سکھانے والے دونوں کے لئے بے حد دشوار ہے۔ رومن حروف۔ جو علیحدہ علیحدہ لکھے جاتے ہیں۔ ایک دفعہ حروف شناسی کے بعد ساری عمر کے لئے انسان فارغ ہو جاتا ہے۔ ٹائپ رائٹر مشین کے توسط سے ہاتھ سے لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم مسجدوں میں ٹائپ رائٹر مشین رکھ کر اپنے بچوں کو چند گھنٹوں میں اپنی مادری زبان لکھنا پڑھنا سکھا سکتے ہیں۔ سپاہی بننے کیلئے اتنی ہی تعلیم ضروری ہے۔ اس تعلیم پر وہ مصارف عائد نہیں ہوتے۔ جو کالج میں گریجوایٹ بننے پر واجب آتے ہیں۔ اور نہ فیشن پرستی کا شکار ہو کر نزاکت اور بزدلی گمراہ بنا سکتی ہے +

امام عبدالعزیز حقیقت میں وہ پہلے امام ہیں، جنہوں نے امام ولی اللہ کے اصول پر ہندوستان میں قومی حکومت کی بنیاد ڈالی۔

(بقیہ صفحہ ۸۱) جس وقت ہم اپنی مادری زبان میں لکھنا پڑھنا سیکھ گئے۔ تو ہر زبان کے لئے ایک مرکزی پریس تعلیم دینے کے لئے کافی ہے۔ اس میں ماہوار رسالے نکلیں گے۔ ہفتہ وار پرچے ہوں گے۔ روزنامے ہوں گے۔ ہر شخص اپنی زبان میں گھر بیٹھے پڑھ سکتا ہے۔ قوموں کو اس طرح تعلیم دینے کی سہولت جس طرح اس عہد میں موجود ہے پہلے زمانے میں کسی کے خیال میں بھی نہ تھی۔ اب ہمیں اس سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

اصلی پروگرام

مذکورہ بالا دنیاوی تعلیم حاصل کرنے کے بعد میرا اپنا ذاتی دوسرا پروگرام بھی ساتھ ہے۔ میں کم از کم چالیس سورتیں قرآن عظیم کی قوم کی مادری زبان میں تفسیر کر کے پریس کے ذریعہ اُن کے گھروں میں پہنچا دوں گا۔ اس کے بعد اُن کو کوئی دجّال دین سے بھٹکا نہیں سکے گا۔ سوائے اُن لوگوں کے جو دجّالیت پر مطبوع ہوئے ہوں۔ میری زندگی کا آخری مقصد یہی آخری چیز ہے۔ مگر یہ اس پہلی تعلیم پر موقوف ہے۔ اس لئے میں اس پر زور دیتا ہوں۔ اس سے بہتر کوئی اور پروگرام میرے سامنے لائیں۔ میں اُس کو مان لوں گا۔

مسلم لیگ کے اراکین کی سکیمیں جو ساری عمر انگریزی دفتروں میں کام کرتے رہے۔ یا کسی عالم کی جو سلف کے طریقے کا ماہر ہے۔ مگر اس یورپ کا ایک حرف نہیں جانتا جس نے (یورپ نے) تمام اسلامی سلطنتوں کو ہضم کر لیا ہے اُن کے وہ پروگرام جو خالد بن الولید اور فاروق اعظم کا نام لے کر پیش کئے جاتے ہیں۔ میں نہیں سننا چاہتا۔ فاروق اعظم کو سمجھنے کے لئے کم از کم شاہ ولی اللہ کی حکمت کا سمجھنا ضروری ہے۔ اگر کوئی ان کی حکمت کا ایک صفحہ غور سے پڑھے گا۔ تو وہ یورپ کو سب سے پہلے دیکھے گا۔ یہ سلف کا نام لینے والے بیچارے عموماً حقیقت سے بے خبر ہیں۔ ۱۲۰ نور الحق

(الف) امام ولی اللہ نے دہلی کے اعلیٰ طبقے کو اپنے علوم سے تعارف کرایا تھا۔ اور امرائے دولت کے اشتراک سے[1] کسی قدر سیاسی کامیابی بھی حاصل کرلی تھی جس سے اُن کا اجتماعی مرکز دہلی میں مستقر ہو گیا۔ اُسے پانی پت کے معرکے کا ایک نتیجہ سمجھنا چاہئے۔

لیکن نظامِ سلطنت کی بوسیدگی سے اراکین دربار میں صوبوں کی حکومت سنبھالنے والے تو پیدا ہوتے رہے۔ مگر مرکز کو بچانے کی اہلیت کسی میں پیدا نہ ہو سکی اسی سبب سے چند ریاستوں کے ماسوا باقی حصص[2] ہند پر مسلمانوں کی حکومت برائے نام رہ گئی۔

---

[1] یعنی اہل دہلی مرہٹوں سے تنگ آ چکے تھے۔ احمد شاہ نے اُن کو اس مصیبت سے نجات دلائی ایسے موقعوں پر قومی آدمی اپنی قوم کا جتنا دخل اس طریقۂ نجات میں محسوس کرتا ہے۔ اسی پر فخر کرتا ہے۔ احمد شاہ کی قوت کو دلی والے اپنی قوت نہیں کہہ سکتے۔ مگر امام ولی اللہ کی تدبیر سے وہ آیا تھا۔ اور کامیاب ہوا اس کو اپنی چیز کہہ سکتے ہیں۔ اس لئے وہ معرکۂ پانی پت کی فتح کو فقط شاہ ولی اللہ کی طرف طبعاً منسوب کریں گے۔ اس لئے شاہ صاحب کی علمی خوبی اور عظمت اُن کے رگ و ریشے میں رچ جائے گی۔

[2] جب شاہ عالم ثانی انگریزوں کی حراست میں تھا۔ تو اس سے ایک معاہدہ کیا گیا جس کی رُو سے تمام قلمرو کی نظامت کمپنی کے حوالے ہو گئی۔ اور بادشاہ کے لئے قلعہ۔ اور اطراف دہلی تا حدود قطب صاحب کا علاقہ مخصوص کر دیا گیا۔ کمپنی کو باج گزار قرار دی گئی۔ مگر اس طرح پر کہ

(ب) امام ولی اللہ کے زمانہ میں نادر شاہ نے ہند کے وہ صوبے جو دریائے سندھ کے غرب میں واقع ہیں (جیسے کابل، قندہار، ٹھٹہ) ایران سے ملحق کر لئے تھے اس سے پہلے قندہار کی افغانی حکومت جو میر اویس سے شروع ہوئی تھی۔ وہ سلطان محمد شاہ کی سرپرستی مانتی تھی۔

(بقیہ صفحہ ۸۳) "ملک بادشاہ کا اور حکم انگریز کا" مسلمانوں کے لئے خصوصًا اور ہندوستانیوں کے لئے عمومًا رعایتیں لازمی قرار دی گئیں۔ مثلاً یہ کہ حکومت کی زبان فارسی رہے گی۔ انگریزی نہ ہوگی۔ ہندوؤں کے مقدمات کا فیصلہ پنڈت اور مسلمانوں کا مسلمان قاضی کریں گے۔

اسکے بعد شاہ عالم جب ۱۸۰۶ء مطابق ۱۲۲۰ھ میں فوت ہوئے۔ اور اکبر ثانی تخت نشین ہوا۔ تو اس جدید بادشاہ پر انگریزی سرکار نے اور تنگی کی۔ اور صرف قلعہ دہلی اور حدود شہر تک حکومت کی تحدید کر دی۔ باقی تمام ہندوستان کی حکومت پر خود قبضہ کر لیا۔

شمال مغربی صوبے

۱۱۷۰ھ کے قریب ہی پنجاب پر احمد شاہ ابدالی کا تسلط ہو گیا تھا لیکن وہ زیادہ عرصہ تک نہ رہا۔ حتی کہ ۱۸۰۰ء میں احمد شاہ کا پوتا زمان شاہ ہندوستان پر حملہ آور ہوا۔ وہ یقینا دہلی تک پہنچتا اور انگریزی حکومت کی جڑیں اکھاڑ پھینکتا۔ مگر دفعتہ حدود افغانستان پر ایران کی جانب سے بغاوت ہو جانے کے باعث (جس کو انگریزی ڈپلومیسی کی برکت بتایا جاتا ہے) اسکو بہت تیزی کے ساتھ لدھیانے سے واپس کابل پہنچنا پڑا۔ اس روا روی میں وہ رنجیت سنگھ کو پنجاب کا گورنر بنا گیا۔ یہی رنجیت سنگھ ہے جس نے رفتہ رفتہ ۱۸۰۸ء یعنی ۱۲۲۳ھ میں پنجاب ملتان، کشمیر اور پشاور پر قبضہ کر کے ایک مستقل سکھ حکومت قائم کر لی۔ اور انگریزوں سے مصالحانہ معاہدہ کر لیا۔ ع۔ ش۔ م۔

ہندوستان کے شمالی صوبے اور یلغار نادری لیس الهند اسم مملکة

بقیہ صفحہ ۸۴
واحدة بل هو اقليم كبير يشتمل على ممالك كثيرة. قال الشيخ محمد قاسم في تاريخ القرن التاسع عشر ليست الهند في الحقيقة امة قائمة بذاتها. بل مجموعة امم تختلف جنسا ولغةً ودينا وعاداتٍ ولها في الغالب خواص طبيعية لا يشاركها فيها غيرها. قال المسعودي ذكر جماعة من اهل العلم والنظر والبحث ان الهند كان في قديم الزمان الغرة التي فيها الصلاح والحكمة فانه لما تجيلت الاجيال وتحزبت الاحزاب حاولت الهند ان تضم المملكة وتستولي على الحوزة وتكون الرياسة فيهم. فانه صعت على ذلك ونصبت لها ملكا وهو البرهمن الاكبر وجمع الحكماء فاحد ثوا في ايامه كتاب السند هند وتفسيره دهر الدهور ومنه فرعت الكتب كالمجسطي ومن المجسطي كتاب بطليموس وتنوزع في البرهمن فمنهم من زعم انه آدم عليه السلام وانه رسول الى الهند. ومنهم من يقول انه كان ملكا وهذا اشهر. وارض الهند ارض واسعة في البر والبحر والجبال والهند متصلة فيما يلي الجبال بارض خراسان والسند الى ارض التبت وبين هذه الممالك تباين وحروب ولغاتهم مختلفة وآراءهم غير متفقة. هـ. قال كاتب الجلبي في كشف الظنون اهل الهند هم اهل الآراء الفاضلة والاحكام الراجحة. بهم التحقيق بعلم الحساب والهندسة والطب والنجوم والطبعي والالهي. وجمهور الهند صابئة ولهم في تعظيم الكواكب وادوارها آراء ومذاهب. هـ. قال آزاد البلجرامي في "سبحة المرجان" ان الهند تارة يكون اعم. ويطلق على ملك دهلي والسند والدكن وغيرها و جزيرة سرانديب ناحية من الدكن وكابل برزخ بين الهند وخراسان ومن مدة داخلة في مملكة الهند. ويطلق على ملك دهلي فقط وهو قسيم السند اهـ قلت البلاد التي تاتي مياهها الى نهر السند. مثل كابل ودامان والاكا من جنوب

(بقیہ صفحہ ۸۵) هند وکش۔ وکذلك البلاد التی یتکلمون بالپشتو المنشعبة من سنسکرت مثل قندهار وما والاها فهی داخلة فی الهند حقیقةً لا تختلف باختلاف الحکومات۔ ولما فرت فی حل المشکلات المتعلقة بتاریخ کابل تقرر عندی ان کابل من الهند بلا ارتیاب وانما تردد المورخون من المسلمین وغیرهم فی کونه من الهند لعدم تعطنهم بحقیقة الاسماء المستعملة ووجوه تفسیرها قال الاستاذ ذکاء الله الدهلوی فی تاریخ الهند۔ عربی میں غیر قوموں کے ناموں کی تعریب کے لکھنے کا قاعدہ اختیار کیا گیا ہے۔ اس سبب سے ناموں کا پتہ لگانا نہایت دشوار ہے فرنگی محققین نے ان ناموں کی تحقیق میں بہت سے کوے کاغذ سیاہ کئے۔ مگر بے سود۔ ان ناموں کی تحقیق ان محققین کا کام ہے۔ جو عربی اور سنسکرت ہر دو کے فاضل ہوں۔ سنسکرت دانی سے تحقیق کر سکتے ہیں۔ کہ اصل نام کیا تھا۔ اور عربی دانی سے یہ کہ کیونکر اس کی تعریب ہوئی۔ ایک تاریخ میں لکھا ہے۔ کہ بادشاہان کابل کا نام رتبیل کوئی کہتا ہے رانبیل۔ کوئی زنبیل۔ کوئی زبیل۔ کوئی رت بال۔ کوئی رن ٹھیل۔ کوئی رن بل لکھتا ہے۔ جو ایک بامعنی ہندو نام ہے۔ یہ بھی محققین نے تحقیق کیا ہے کہ کابل میں جو ترک کوہستان تبت سے آئے تھے۔ ان کا مذہب بدھ تھا۔ ان ترکوں سے برہمنوں کے ہاتھ۔ اور برہمنوں سے راجپوتوں کے ہاتھ سلطنت منتقل ہوئی۔

قلت لما جاء الترك کان الموضع الذی بنوا فیه کابل مرعیً للبقر فکان اسمها "گئو پال" ثم صار کابل سوا سم حاکمها الذی اخذ منه المسلمون "رام پال" فغیروه وحرفوه فجعلوه رتبیل وغیره والله اعلم۔

یلغار نادری

۵ ذیقعدہ ۱۱۵۱ھ محمد شاہ کے عہد میں امیر الامراء صمصام الدولہ متوفی ۱۱۵۱ھ کی بے تدبیری سے صوبہ کابل اور سرحد ہائے ہند کا انتظام مختل ہو گیا وبایں جہت مفسدہ عظیم۔ کہ ورود نادر شاہ بر ہندوستان باشد۔ روئے داد۔ (۱) صوبہ دار کابل ناصر خاں مرد صالح بود۔ مگر با سوائے شکار و تلاوت و عبادت کار دیگر نداشت۔ بعد چندے چوں نادر شاہ بر

(بقیہ صفحہ ۸۶) تخت ایران متمکن گردید۔ بہ قلعہ قندھار رسیدہ اورا تا یک سال محاصرہ کرد۔ تا آنکہ شہر نادر آباد
در تخریب آں اتمام یافت۔ بعدہ بر قلعہ یلغار آوردہ اورا فرو گرفت۔ (۲) دراں زماں صوبہ دار کابل از
کابل گریختہ بہ پشاور آمدہ صوبہ داری کابل مے نمود۔ ازیں نادر شاہ بصوب غزنین و کابل در حرکت
آمد و کابل را فتح نمودہ۔ خود دراں تا ہفت ماہ توقف داشت۔ (۳) بعد ازاں از کابل بجلال آباد
رسیدہ بصوب پشاور در حرکت آمد۔ بعد ازاں در مملکت پنجاب خاصہ در شہر لاہور فزع قیامت
برخاست۔ و بتاریخ ۱۵ ذیقعدہ سنہ ۱۱۵۱ھ میان ہر دو لشکر میدانِ کارزار گرم شد۔ و صمصام الدولہ کشتہ شد
برہان الملک (سعادت خاں والیٔ اودھ) و آصف جاہ چند کروڑ روپیہ از طرف محمد شاہ دادہ با نادر
صلح نمودند۔ ۸ ذی الحجہ محمد شاہ۔ و ۹ ذی الحجہ نادر شاہ در قلعہ دہلی نزول فرمود۔ و بروز عید اضحی خطبہ
بنام نادر شاہ در مسجد جامع و مساجد دیگر خواندہ شد۔ بتاریخ ۱۱ ذی الحجہ بوقت عصر بعض ہندیاں مشہور کردند
کہ نادر شاہ در گذشت۔ و بر لشکریانِ او کہ در شہر دو دو و سہ سہ پراگندہ شدہ مے گردیدند۔ حملہ نمودہ قتل
شاں آغاز نہادند۔ و ہنگامہ تا صبح ۱۲ ذی الحجہ گرم ماند۔ ۱۲ ذی الحجہ نادر شاہ از قلعہ سوار شدہ بقتل عام
فرمان داد۔ بعد نصف روز نادر ندائے اماں در داد۔ چو نادر شاہ چوں زود تر معاودت را ارادہ

داشت۔ تمامی مملکت سندھ و صوبہ کابل را با بعضے محال پنجاب۔ کہ بہ تنخواہ صوبۂ کابل است از
مملکت ہندوستان و تصرف محمد شاہ و ضع نمودہ ملحق بہ مملکت ایران ساخت۔ و بتاریخ ۷ ماہ صفر سنہ ۱۱۵۲ھ
از شاہجہان آباد مراجعت نمود ۔ (سیر المتاخرین صفحہ ۴۷۹ تا صفحہ ۴۸۴) ۱۲ محمد نور الحق ۲ نومبر سنہ ۱۹۴۱ء

؎ میر اویس نے ایران پر حملہ کیا۔ اور یہ سلسلہ اس قدر چلا کہ ایران میں افغانی حکومت
قائم ہو گئی جس کے ردعمل کے لئے نادر شاہ پیدا ہوا۔ میر اویس کی حکومت ایران کی دشمن تھی۔
مگر اس کا تعلق محمد شاہ کی حکومت سے دوستانہ تھا۔ اور محمد شاہ بھی اس کی سرپرستی کرتا تھا۔ اور
میر اویس بھی محمد شاہ کا فرماں بردار دوست تھا۔ اسی بنا پر سیر المتاخرین کے مصنف کو جو مذہباً شیعہ
اور ایرانی شیعہ حکومت کا طبعاً طرفدار ہے۔ یہ کہنا پڑا :- "از عجائب واقعات اینکہ سلاطین صفویہ با سلاطین
ہند مطلقاً رجوعے در ہیچ باب نہ بودہ۔ و بابر بادشاہ و ہمایوں پسر او کہ مورد التفات شاہ اسمعیل صفوی

و شاہ طہماسپ بودہ اند، ظاہر و آشکارا است۔ و باوجود فقدانِ جمیع اغراض سلاطین صفویہ بنا بر پاسِ مروت ارسال سفرا و مراسلات تہنیت و تعزیت مسلوک داشتند احیائے مراسم یگانگت می نمودند و از یں طرف بنا بر حرماں از اوصاف آدمیت و وفا ایں سلوک ہا معمول نمے گشت۔ چنانچہ باوجود شیوع یافتن حوادث و فتن در ممالک ایران و مسلط شدن شاہ طہماسپ ثانی بر تخت موروثی خود۔ بعد تنبیہ افاغنہ و استیصال و اخراج مفسدان محمد شاہ را ہرگز رسم پرسش و تہنیت بخاطر نگذشت بلکہ با امیر ویس افغان راہ آشنائی و مودّت مسلوک داشتہ۔ و با حسین پسر میر اویس مذکور نیز در اواخر کہ ضابط قندہار شدہ بود۔ با آنکہ سلطان لشکر کشیدہ، در قتل، غارت و خرابی آں دیار تقصیرے نکردہ بازگشت۔ نوبتے طریق مراسلہ مفتوح شد الخ (ص ۴۷۹)۔

واضح رہے کہ مغربی افغانوں نے ایران پر حملہ کیا۔ ان کا سردار محمود خاں تھا۔ اس نے ۱۱۳۴ھ میں اصفہان کو فتح کر لیا اور حسین شاہ صفوی شاہ ایران کو قید کر لیا۔ دار الخلافہ پر قبضہ کر کے خود بادشاہ ہو گیا۔ تین برس سلطنت کر کے ۱۱۳۷ھ میں مر گیا۔ بعد ازاں اس کا رشتہ دار اشرف جانشین ہوا۔ شاہ ایران تو افغانوں کی قید میں تھا۔ مگر شہزادہ طہماسپ وہاں سے نکل کر شمال مغربی اضلاع میں جو اب تک افغانوں نے فتح نہیں کئے تھے۔ بادشاہ بن گیا۔ ۱۱۴۲ھ میں قسمت سے اس کو ایک لائق اور مستقل مزاج آدمی مل گیا۔ اور وہ نادر تھا۔ اس کا اصلی نام نادر قلی خاں پسر امام قلی تھا۔ قوم اس کی افشار تھی۔ وہ کچھ رتبہ کا آدمی نہ تھا بعض اس کو پوستین دوز بتاتے تھے۔ نادر کے لڑکے کی شادی جب محمد شاہ کی بیٹی سے ہوئی ہے۔ اور دلھن والوں نے دستور کے مطابق دولھا سے اپنی سات پشت تک نام پوچھے۔ تو نادر نے کہا۔ بگو داماد شاہ پسر نادر شاہ است و نادر پسر شمشیر تا ہم چنیں تا ہفتاد بار بشمار۔ یہ نادر ۱۱۰۰ھ میں پیدا ہوا۔ اس کی شہامت و جلادت و سرعت کے کام دیکھ کر عقل دنگ ہوتی ہے۔ کہ ملک کے ملک اور صوبے کے صوبے فتح کرتا چلا گیا۔ سب سے عظیم الشان کام اس کا یہ تھا۔ کہ اس نے ایران کو ۱۱۴۳ھ میں بالکل پٹھانوں سے پاک صاف کر دیا تھا۔ اس کے عوض بادشاہ نے اپنی نصف سلطنت (صوبہ خراسان۔ مازندران، سیستان، کرمان) اس کو بخش دیئے۔ اس نے ۱۱۴۸ھ میں

نادر شاہ کے بعد احمد شاہ ابدالی نے صوبہ کشمیر و لاہور و ملتان بھی لے لیا اس طرح کچھ صوبے دہلی کی حکومت سے علیحدہ ہو گئے ہم قندھار کی اس حکومت کو بھی ہندوستانی حکومت مانتے ہیں جیسے حیدر آباد دکن کی حکومت ہندی ہے۔

(بقیہ صفحہ ۸۸) ایران کی سلطنت کو وُہ وسعت دی کہ اس کی حدود اپنی قدیمی صورت پہ قائم ہو گئیں۔ ۱۱۴۸ھ میں خاندان صفویہ کا خاتمہ ہوا۔ اب وُہ مستقل بادشاہ بن گیا اور ۱۱۵۱ھ میں ہندوستان پہ آندھی کی طرح چڑھ آیا۔ ہ۔ تاریخ ذکار اللہ صہ ۴/۲۴۵

احمد شاہ ابدالی ۱۱۶۰ھ میں نادر شاہ اپنے ملازموں کے ہاتھ سے مارا گیا۔ احمد خاں درّانی پہلے نادر شاہ کے ہاں یساول تھا۔ پھر رفتہ رفتہ بڑا افسر بن گیا۔ جب نادر مر گیا۔ تو خود غزنین اور قندھار پر مسلط ہو گیا۔ اور وہاں اپنے نام کا سکہ اور خطبہ جاری کرایا۔ نادر شاہ کے زمانے سے ناصر خاں صوبہ دار کابل تھا۔ احمد خاں ابدالی نے بھی اس کو بدستور اپنے عہدے پہ قائم رکھا۔ مگر پانچ سوار درّانی اس کے ساتھ کئے۔ تاکہ پانچ لاکھ روپیہ جس کے دینے کا اس نے وعدہ کیا تھا۔ ابھی بھیج دے۔ ناصر خاں کابل پہنچکر وعدے سے پھر گیا۔ احمد شاہ نے اس پر لشکر کشی کی وہ بھاگ کر پشاور پہنچا۔ جب احمد شاہ اس طرح سرحد پر آیا تو اس نے سرحد اور پنجاب کا برا حال دیکھا۔ اس پر وُہ لاہور کی طرف بڑھا۔ جب محمد شاہ کو خبر ہوئی۔ تو اس نے دلّی سے ایک فوج جرّار روانہ کی۔ احمد شاہ لاہور پہ قابض ہو کر ستلج کے کنارے پہنچا۔ اس کے پاس بارہ ہزار سے زیادہ فوج نہ تھی۔ کیونکہ وُہ فوج کی کثرت کی بجائے اس کی طاقت و قوت پر زیادہ اعتماد رکھتا تھا۔ ۱۳ ربیع الاول ۱۱۶۱ھ کو اس نے سرہند پہ قبضہ کر لیا۔ اور آگے بڑھا ستلج کے کنارے ۱۵ ربیع الاول سے ۲۸ ربیع الاول تک دونوں فوجوں میں سخت جنگ ہوئی۔ اسی اثنا میں جاوید خواجہ سرائے جو بادشاہ کے منہ چڑھا ہوا تھا۔ شاہ درانی کو صلح کا پیغام دیا۔ بادشاہ محمد شاہ نادر گردی دیکھے ہوئے تھا۔ اس نے ملتان

(ج) امام عبدالعزیز کے زمانے میں کلکتہ سے[۵] دہلی تک انگریزوں کا معنوی تسلّط ہوگیا تھا۔ دکن میں مرہٹے اور پنجاب میں سکھ، دہلی کی سلطنت مسلمانوں سے چھیننا چاہتے تھے۔ ان کے مقابلے میں لکھنؤ، حیدرآباد، پھر میسور کی مُسلم حکومتیں تھیں۔ جو سلطانِ دہلی کا احترام رکھتی تھیں ۔

(بقیہ صفحہ ۸۹) اور لاہور ہر دو صوبے دے کر صلح کرلی۔ اور غنیمت جانا کہ بلا ٹلی۔ احمد شاہ یہ ہر دو صوبے معین الملک پسر قمرالدین خاں کو دے کر واپس چلا گیا۔ پھر ۱۱ ستمبر ۱۱۷۰ھ کو دوبارہ دہلی آیا۔ اور دلی کو اس طرح لوٹا۔ کہ نادرگردی کو بھی مات کردیا۔ وُہ خود تو نادر کی طرح سفّاک و بیرحم نہ تھا۔ مگر اس کی سپاہ نادری سپاہ کی نسبت زیادہ اُجڈ تھی۔ لوٹ کا کام دو ماہ تک جاری رہا۔ بعدازاں سلطنت کے حصّے اپنی مرضی سے کرکے امراء میں تقسیم کئے اور شوال ۱۱۷۰ھ کو واپس گیا۔ ھ۔ سیر و تاریخ ذکاء اللہ۔

[۵] شاہ عالم ثانی (متوفی ۱۸۰۶ء) بکسر کی لڑائی میں (جو ۲۳ اکتوبر ۱۷۶۴ء کو ہوئی) کچھ نہیں بولا۔ لڑائی کے بعد دوسرے دن شام کو وُہ خود انگریزی لشکر میں چلا گیا۔ اور انگریزوں سے یہ عہد و پیمان کیا کہ شروع سال ۱۱۷۰ھ سے بنگال۔ بہار۔ اڑیسہ تینوں صوبوں کی دیوانی بلا شرکتِ غیرے کمپنی بہادر کو دی گئی۔ اور خراج دیوانی جو اب تک لیا جاتا تھا۔ معاف کیا گیا۔ اور چھبیس لاکھ روپیہ جو پہلے نواب دیتا تھا۔ اس کا ادا کرنا کمپنی کے ذمہ کیا گیا۔ اور سرکار بنارس و غازی پور بطور جاگیر کے سرکار کمپنی کو دی گئی صوبۂ الٰہ آباد بادشاہ کے پاس رہا۔ انگریزوں نے بادشاہ کی سالانہ کچھ نقدی بھی مقرر کردی۔ اور نواب بنگال صوبہ دار رہا۔ اور کمپنی نظامت اور مال کے کاموں میں اس کی شریک رہی۔ نواب کی نظامت کا خرچ اٹھانا اور بادشاہ کا نذرانہ ادا کرنا کمپنی کا کام تھا۔ اس طرح بادشاہ الٰہ آباد میں انگریزوں کا ایک پنشن دار ہوگیا۔ اب تیموری خاندان کے بادشاہ کے پاس صرف صوبہ الٰہ آباد تھا۔ اور آمدنی میں وُہ روپیہ تھا۔ جو انگریز اُس کو دیتے تھے۔ ھ تاریخ ذکاء اللہ ص ۳۱۴/۹ ۔

(د) امام عبدالعزیز نے سب سے پہلے فتویٰ دیا کہ ہندوستان کے جس قدر حصے غیر مسلم طاقت کے قبضے میں جا چکے ہیں۔ اُن قطعات میں اگرچہ برائے نام سلطان دہلی کا عمل

بقیہ صفحہ ۹۰ **سکھ**: ۱۷۶۲ء کے دوران میں سکھوں نے پنجاب میں بہت زیادہ اودھم مچایا۔ اور دہلی پر آفت لانے کا ارادہ کیا۔ مگر اس وقت پھر شاہ ابدالی نے نجیب الدولہ کی امداد کی۔ سکھوں نے سارے ملک میں غدر مچا رکھا تھا۔ اپریل ۱۷۶۷ء میں وُہ لاہور آیا۔ سکھ بھاگ کر پہاڑوں میں چلے گئے۔ آلا جاٹ نے سرہند میں دو لاکھ فوج جمع کر رکھی تھی۔ شاہ ابدالی نے نوسنئے کوس دو روز میں طے کر کے اُس پر حملہ کیا۔ اور شکست دی جس میں سکھوں کے بیس ہزار آدمی قتل ہوگئے۔ اس کے بعد وُہ کبھی ہندوستان نہیں آیا۔ ھ تاریخ ذکا اللہ ص ۲۱۶/۹

حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب کے اشعار ذیل میں (جو آپ نے اپنے چچا شاہ اہل اللہ کے نام لکھ کر روانہ کئے) سکھوں کے پیدا کردہ اضطراب کا صحیح نقشہ پیش کرتے ہیں:۔

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا قَوْمَ سکھ و مَرھَٹَہ ۔۔۔ عُقُوْبَۃَ شَرٍّ عَاجِلاً غَیْرَ اٰجِلِ

وَ قَدْ قَتَلُوْا جَمْعًا کَثِیْرًا مِنَ الْوَرٰی ۔۔۔ وَ قَدْ اَوْجَعُوْا فِیْ اَھْلِ شَاءٍ وَجَامِلِ

لَھُمْ کُلَّ عَامٍ نَھْبَۃٌ فِیْ بِلَادِنَا ۔۔۔ یَخُوْضُوْنَ فِیْنَا بِالضُّحٰی وَالْاَصَائِلِ

فَھَلْ ھٰھُنَا مِنْ مَعَاذٍ لِعَائِذٍ؟
وَھَلْ مِنْ مُغِیْثٍ یَنْفَعُ اللّٰہَ عَادِلِ

ایک دوسرے خط میں لکھتے ہیں:۔

اَیَّامُ بَرْدٍ اَتَتْ فَالْقَلْبُ مُنْجَزِعٌ ۔۔۔ مِنْ قَوْمِ سکھ و ان الخوف معقول

اَنْفَاھُمُ اللّٰہُ عَنْ ھٰذِہِ الدِّیَارِ فَھُمْ ۔۔۔ شَرُّ الْاَعَادِیْ وَھُمْ مِنْ جِنَّۃٍ غُوْلُ

تَوَّضْتُ اَمْرِیْ وَ اَمْرَ النَّاسِ کُلَّھُمْ
اِلَی الْاِلٰہِ وَ اِنَّ الْحِفْظَ مَأْمُوْلٌ

مانا جاتا ہو۔ تو بھی وُہ سب کے سب دارالحرب[۵] ہیں۔

دارالحرب[۵] کا فتویٰ اس فتویٰ کی تفصیل کے لئے فتاویٰ عزیزیہ جلد اول طبع مجتبائی دہلی صفحہ ۱۷ و صفحہ ۱۸۵ میں موجود ہے۔ وہاں ملاحظہ ہو ۱۲ نور الحق۔ ۲ر نومبر سنہ ۱۹۴۱ء

(فائدہ ۵) واضح رہے کہ (د) نمبر کا تعلق براہِ راست اس عبارت سے ہے جس کی نص یہ ہے۔ امام عبدالعزیز حقیقت میں وُہ پہلے امام ہیں جنھوں نے الخ۔ اور نمبر (الف) ب ج میں ہندوستان کی سیاسی کیفیت کا تذکرہ ہے کہ سلطان دہلی کی حکومت محض برائے نام تھی۔ اس پر امام عبدالعزیز حکم دیتے ہیں۔ کہ یہ برائے نام حکومت ملک کو دارالاسلام نہیں بنا سکتی۔ مسلمانوں کی یہاں زبردست قومیں موجود ہیں۔ اُن کا فرض ہے کہ یا تو ہجرت کر جائیں۔ یا دشمن سے لڑ کر اپنی اور اسلامی حکومت بنائیں ہر وہ شخص جو دارالحرب میں رہتا ہو یہ اس کا مذہبی فرض ہے۔

ہم نے یہاں (مقالہ مذکورہ میں) ہجرت کا ذکر قصداً چھوڑ دیا ہے۔ اس لئے کہ ہندوستانی مسلمان ہندوستان چھوڑ ہی نہیں سکتا۔ یہاں کی اکثر آبادی ہندو سے مسلمان ہوئی ہے۔ ان کے مرشد اور استاذ بیشک باہر سے آئے۔ اور پھر بادشاہوں نے یہاں ایسے خاندان جو حکومت کرتے رہے چھوڑے۔ مگر ایسی حالت میں کہ اب اُن کے پاس حکومت نہیں رہی۔ یہ تینوں (استاذ، مرشد، خاندان شاہی) فرقے ایسے ہیں جو ہندو سے مسلمان نہیں ہوئے۔ جُکمران کو اپنا ملک چھوڑے اتنا زمانہ گذر چکا ہے۔ کہ انہیں وطن میں کوئی شخص نہیں پہچانتا۔ ایک سید اگر مکہ معظمہ میں جا کے تو عام ہندوستانی کی طرح سمجھا جائے گا۔ یہی حال افغانوں کا افغانستان میں اور ترکوں کا ترکستان میں ہے۔ ہمارے سامنے نہایت شریف افغان خاندان سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ نوجوان ہندوستانی کابل میں آئے۔ تاکہ اپنی قومی حکومت کی ترقی میں مدد دیں۔ مگر وُہ عام ہندوستانیوں سے زیادہ ذلیل ہو کر واپس گئے۔ لہٰذا ہم نہیں مانتے کہ کوئی ہندوستانی ہندوستان سے ہجرت کرنے کی استعداد رکھتا ہے۔ اسلئے اُن کا فرض یہی ہوگا۔ کہ دارالحرب میں رہ کر اس کو دارالاسلام بنانے کی سعی کریں۔ یہ کام آسان نہیں ہے

اس کا مطلب یہ ہے کہ نظامِ حکومت جب متغلب طاقت کا مقابلہ کرنے سے عاجز ہو تو یہ فرض ملّت پر عائد ہوتا ہے۔ ملّت کا اس سے تغافل برتنا اور تقاعد اختیار کرنا حرام ہے۔ بلکہ ہر ہر فرد پر واجب ہے۔ کہ وہ اس غلبے کو ختم کرنے میں اپنی پوری طاقت صرف کرنے کا ارادہ کرلے۔ پھر جیسے حالات پیش آتے رہیں اسی لحاظ سے اپنا اجتماعی نظام قائم کرتا ہے۔

امام ولی اللہ نے تو دہلی کے اعلےٰ طبقہ کو اپنے علوم سے تعارف کرایا تھا۔ مگر امام عبدالعزیز نے قوم کے متوسّط طبقے کو بیدار کرکے عوام کو اس حقیقت سے آشنا کردیا یہی قومی حکومت کی تاسیس ہے بفضلہٖ تعالیٰ امام عبدالعزیز اپنے مشن میں کامیاب رہے ہیں جس سے وہ سراج الهند کہلائے۔

(بقیہ صفحہ ۹۲) اس کے لئے استاذوں کی ضرورت ہے۔ اور امام عبدالعزیز نے ایک سلسلہ اساتذہ کا تیار کردیا ہے۔ تاکہ وہ ہر سمجھ دار آدمی کو قابلِ اطمینان طریق سے راستہ بتا سکیں۔

مسلمانوں کی مخالف سیاسی طاقتوں نے عوام کو امام عبدالعزیز کی تعلیم و تربیت یافتہ جماعت سے بدگمان کرنے کے لئے مسلسل کوششیں کی ہیں۔ اور جو اُن کے دام میں پھنس گیا۔ وہ اس ہدایت کے سرچشمے سے سیراب نہیں ہوسکا۔ مولانا عم فیضہم ۱۲ محمد نورالحق بوقتِ شام ۲۔ نومبر ۱۹۴۱ء

[1] عوام اور ظاہر بین خواص امام عبدالعزیز کے کام کی حقیقت نہیں سمجھ سکے۔ وہ انقلاب کے معنی۔ انقلاب کا پروگرام۔ اس کے ابتدائی مدارج جانتے ہی نہیں ہیں۔ امام عبدالعزیز امام ولی اللہ کے علوم کے مفسّر ہیں۔ امام ولی اللہ نے اپنی نظریات انقلاب کو دہلی میں اس امپائر کے سائے میں

جملۂ معترضہ | اسلام کی تاریخ میں ایک واقعہ گزر چکا ہے۔ جسے تاریخ نے امام عبدالعزیز کے زمانہ میں دُہرایا ہے۔

(بقیہ صفحہ ۹۳) بیٹھ کر لکھا ہے جس کو وہ خود یاد کرنا چاہتے ہیں۔ یہ کام آسان نہیں ہے۔ حجۃ اللہ کا فقط ایک فقرہ "وما تراہ من ملوك بلادك يغنيه عن حكاياتهم" ہمارا مدعا ثابت کرنے کے لئے کافی ہے۔ امام عبدالعزیز اس باپ کا بیٹا ہے۔ وہ برٹش حکومت کا قبضہ تسلیم کرتا ہے اور اس کو راضی رکھ کر اپنے انقلاب کے لئے سارے ہندوستان میں بارود بچھا دیتا ہے۔ پہلی بار اس چیز کا کامیاب نہ ہونا، اُن لوگوں کے لئے اُس کی قیمت گھٹا دیتا ہے۔ جو انقلاب کے مدارج کو جو طبعی طور پر پیش آتے ہیں نہیں سمجھتے۔

ہمارے ملک میں جو قومی تحریک ہندوستانی حکومت بنانے کی جاری ہے۔ اُس کے دو ماخذ ہیں۔ ایک برٹش نیشنل تحریکات سے فکر لینا۔ دوسرا ہندوستانی قومیتوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لئے اُن کی ذہنیت کو بیدار کرنا۔ پہلا فکر اجنبی ہے۔ ہندوستانی مجموعی حیثیت سے اُس کو کبھی قبول نہیں کر سکتے۔ دوسرے فکر کی علمبرداری فقط امام عبدالعزیز کے طریقے کی اتباع کے ہاتھ میں ہے۔ کوئی شخص ہندوستان میں قومی حکومت کا نام نہیں لے سکتا۔ جب تک امام عبدالعزیز کا اتباع اپنے لئے لازم قرار نہ دے۔ دنیا کے عمومی انقلاب کی تاثیر سے ہم اس پر راضی ہو گئے کہ امام عبدالعزیز کی قومی حکومت کی صورت یورپین ہو۔ اب یہاں ہندوستان میں ہندوستان کی دو ہزار سال پہلے کی قومیت کو زندہ کرنا ناممکنات سے ہے۔ امام عبدالعزیز کے اتباع پر جن لوگوں کو جمع ہو جانا چاہیے۔ اُن کی پریشان دماغی نے دنیا سے اس حقیقت کو مخفی کر دیا ہے۔ مگر ہمارا نوجوان بیدار ہونے کے بعد سالہا سال کا کام چند دنوں میں پورا کر دے گا۔

جب شام کی عربی حکومت پر عراقی[1] غالب آ رہے تھے اس زمانے میں امام ابوحنیفہ نے فراستِ خداداد سے متاثر ہو کر عراقی فقہ[2] کی تنظیم عقلیّت کے اعلیٰ اصول پر مکمل کر دی۔ یہ تنظیم اگر اُسی حالت میں رہتی جو امام ابوحنیفہ کی ذہنیت کا نتیجہ تھی۔ تو اعلیٰ عقلمندوں کے سوا کوئی نہ سمجھ سکتا۔ اور جیسے بہت سے ائمہ کے مذاہب مندرس ہو گئے۔ یہ فقہ بھی فروغ نہ پاتی۔ مگر اللہ تعالیٰ کی رحمت نے عجمی ذہنیتوں کی آسانی کے لئے فقہ حنفی کی ترویج کے سامان پیدا کر دیئے! امام ابو یوسف نے جو امام ابوحنیفہ کے شاگردوں میں عربی نسل کے ذکی الفطرۃ استاذ تھے۔ امام محمد کو اپنا رفیق بنایا اور اپنے استاذ کی فقہ کو متوسط طبقے تک پہنچانے کا کام پورا کر دیا اسی کا نتیجہ ہے کہ آج تک امام ابوحنیفہ کا مذہب دنیا میں قائم ہے۔

[1] عراقی در حقیقت ایرانی نومسلموں کی اکثریت کا دوسرا نام ہے۔
[2] عراقی فقہ وُہ ہے، جسے عراق کے عرب ائمہ، صحابہ اور تابعین مرتب کر چکے تھے۔

حنفی فقہ[3]

امام ابوحنیفہ انقلابی سیاست کے مالک تھے۔ فقہ کو ایسے طریقے پر مرتب کرنا چاہتے تھے۔ کہ ایرانی ذہنیت اُسے آسانی سے قبول کر سکے۔ کتاب و سنت سے استنباط عرب کی ذہنیت کے لئے بہت مناسب ہے۔ وُہ قرآن عظیم بچپن سے سمجھتے ہیں۔ احادیث اور آثار کے متعلق بھی ان علماء کو فی الجملہ علم ہوتا ہے۔ اُن کے نزدیک اکثر مسائل کتاب و سنّت سے بہ آسانی مستنبط ہو سکتے ہیں۔ بعض دقیق مسائل میں وُہ کسی امام کی تقلید پیدا کر لیتے

(بقیہ صفحہ ۹۵) ہیں۔ اسی سے وُہ شافعی یا مالکی کہلاتے رہے۔ مگر جب خلافت کا نظام ایرانیوں کے ہاتھ آگیا۔ اُن کی ذہنیت اس طرز تفقہ کی معتاد نہیں تھی۔ وُہ ہر چیز کو ایک عقلی اصول کے اندر حل کرنا ضروری جانتے ہیں۔

شبہ حنفا وجواب

عام طور پر یہ لوگ امام ابوحنیفہ کی فقہ پر ایک اعتراض وارد کیا کرتے ہیں کہ اس میں عامہ اہل سنت سے تفرد اختیار کیا گیا ہے۔ اور یہ امام ابوحنیفہ کی ذہنی تاثیر کا نتیجہ ہے۔ ہم نے جب کتاب الآثار للامام محمد پڑھی تو ہمیں اس شبہے پر ہنسی آئی۔ ہر ایسا قول جس میں امام ابوحنیفہ عام اہل علم سے متفرد سمجھے گئے اور اس کو شاذ قرار دیا گیا۔ وہ اقوال سب کے سب ابراہیم نخعی سے منقول پائے۔ ابراہیم نخعی عبداللہ بن مسعود کے شاگردوں میں ایک مسلّم امام ہیں۔ سفیان بن سعید ثوری بھی انہی کے طریقے کے ایک عالم ہیں۔ آگے چل کر امام بخاری کا ابراہیم نخعی سے خصوصی انتساب ہے۔ (بخاری اسحاق سے۔ وُہ عبداللہ ابن مبارک سے، وہ سفیان ثوری سے، وہ تلامذۂ ابراہیم نخعی سے۔ وہ منصور، اعمش، حماد، حکم، ہیں۔ دو اول الذکر سفیان کے محدث ہیں۔ اور دو آخر الذکر فقہ میں اُن کے استاذ ہیں۔) امام ابوحنیفہ کا یہ خصوصی کمال ہے کہ وُہ ابراہیم کی فقہ کو معقول بنا دیتے ہیں۔ اور اُس میں سے آیندہ ضرورت کے مطابق مسائل استنباط کرنے کیلئے قواعد وضع کر دیتے ہیں۔ اگر وہ یہ کام نہ کرتے تو ایرانی فقہا اور منتظمین خلافت کبھی اسلامی فقہ کو چلا نہ سکتے۔

امام ابوحنیفہ کا یہ ایسا احسان ہے جس کی امت اسلامیہ ہمیشہ ممنون رہے گی۔

مگر اس کے ساتھ اُن کی انقلابی سیاست اس فقہ کو کامیاب ہونے نہیں دیتی۔ عام اہل علم ان کا نام سن کر بھاگتے ہیں۔ کہ کہیں ہم بھی حکومت کے عتاب میں نہ آجائیں۔

امام ابو یوسف نے اس مشکل کو حل کر دیا۔ یہ عباسی خلافت کے ساتھ ہو گئے اور امام صاحب کے مسلک یعنی علویوں کی تائید - - - - - - - - سے دست کش ہو گئے۔ اس طرح عباسی خلافت کو چلانے کو لئے جس قدر قانون کی ضرورت تھی انہوں نے امام ابوحنیفہ کی فقہ سے مدد لے کر اُسے منظم کر دیا۔

(بقیہ صفحہ ۹۶) (الف) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانے تک فقہا کا مرجع خلیفہ راشد رہا۔ فقہا اپنے اجتہاد پر عمل کرتے اور اُن کا اختلاف مضر شکل میں ظاہر نہ ہوتا تھا۔ اسلئے کہ اُن کے عمل کے لئے زمینیں مختلف تھیں، مثلاً ایک فقیہ نے مغرب میں ایک طرح کا حکم دیا۔ دوسرے نے مشرق میں اس کے خلاف کہا۔ لوگوں کو یہ علم ہی نہ ہوسکا۔ کہ یہ دو فقیہ مختلف رائے رکھتے ہیں۔ اس لئے کوئی دقت پیدا نہیں ہوتی تھی۔ البتہ حجاز میں یا مدینہ منورہ میں (یہ زمانِ خلیفہ راشد) اگر فقہا کا اختلاف ظاہر ہوتا تو خلیفہ راشد کا حکم اس کا فیصلہ کر دیتا۔ اس سے وُہ اختلاف بھی ضرر کے درجے تک پہنچ نہیں سکتا تھا۔

(ب) اس کے بعد بنی امیہ کے دَور میں ساری توجہ فتوحاتِ اسلامیہ پر مرکوز رہی۔ اور فقہا کا طرزِ عمل ویسا ہی رہا۔ جیسے خلافت راشدہ میں تھا۔ یعنی مختلف ممالک میں اگر کوئی اختلاف تھا۔ تو اس سے کوئی تعرّض نہ کیا جاتا تھا۔ اُدھر صوبے کے گورنر کو اپنے لئے قاضی مقرر کرنے کا اختیار حاصل تھا۔

جب کبھی مرکزِ خلافت میں نزاع پیدا ہوتا۔ تو بنی امیہ کا خلیفہ اتنا علم رکھتا تھا۔ کہ وُہ فقہا کے مختلف اقوال سُن کر ایک قول کو ترجیح دے سکے۔ ہم نے خلیفہ ہشام بن عبدالملک کے بعض فتاوٰی ایسے دیکھے۔ کہ آجتک فقہا اُن کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ اور اگر خلیفہ ترجیح سے عاجز آجاتا۔ تو فقہاءِ مدینہ کا فیصلہ دریافت کر لیتا۔ (واضح رہے کہ بنی امیہ نے علمی مرکز دمشق میں منتقل نہیں کیا تھا۔ عباسیوں نے سیاسی مرکز اگر بغداد کو بنایا تو علمی مرکز بھی وہیں منتقل کر لیا۔ اسی لئے ان کے خلیفہ نے امام مالکؒ سے کہا کہ مؤطا کی تعلیم بجائے مدینہ کے بغداد میں آکر دیجئے۔ مگر امام مالک مرکز کو چھوڑنے پر کب تیار ہو سکتے تھے؟ انہوں نے صاف انکار کر دیا۔ نورالحق)

(ج) عباسی دَور میں نئی چیز پیدا ہوتی ہے۔ مدینہ منورہ کے بجائے بغداد علمی مرکز بنتا ہے۔ اور خلیفہ میں اتنی علمیت نہیں کہ وُہ ترجیح دینے کی استعداد رکھتا ہو۔ جیسے بنی امیہ کے خلفاء میں تھی۔ تمام خلافت کے اطراف بعیدہ سے مختلف فتاوٰی مرکز میں جمع ہونے لگے۔ اس لئے کہ اب حکمران طاقت ایرانی ہے وُہ کسی فقیہ کے فتوٰی کو نہ سمجھ سکتی ہے۔ نہ ترجیح دے سکتی ہے۔ (صوبہ کے گورنروں کے اختیار

(بقیہ صفحہ ۹۷) معطّل ہیں۔ اس لئے ہر اختلاف کو وُہ بھی مرکز کی طرف منتقل کر دیتے ہیں۔)

ان حالات میں خلیفہ کا رفیق ایک زبردست عالم ہونا ضروری ہے۔ جو اس ایرانیت کے تمام جھگڑوں سے اُس کو نجات دلا سکے۔ اس کے لئے پہلے پہل خلیفہ منصور نے سعی کی۔ کہ اہل مدینہ اُس کے طرف دار بنیں۔ مگر اُن کا توافق نہیں ہو سکا۔ منصور محتاج ہوا۔ کہ اہل عراق کے فقہا سے استمداد کرے وہ امام ابوحنیفہ کو اس کا اہل سمجھتا تھا۔ مگر حنفی امام کے سیاسی اختلافات کے باعث وُہ اُن سے استفادہ نہ کر سکا۔ امام ابو یوسف نے یہ ہمت دکھائی اور تمام ممالک خلافت کی قضا کو منظم کر دیا (جس سے آپ کا لقب قاضی قضاۃ العالم ہُوا۔ تاج التراجم ابن قطلوبغا۔ نورالحق) عدالتوں میں مراتب قائم کر کے خلافت کو اپیل کی آخری عدالت بنا دیا۔ اس کے لئے ضروری تھا۔ کہ تمام قلمرو میں ایک ہی قانون نافذ ہو۔ امام ابو یوسف نے امام ابوحنیفہ کی فقہ پر غور کر کے ایک قابل عمل نظام نامہ مرتب کر لیا۔ اور امام محمد بن حسن شیبانی کو اس کی تعلیم کے لئے مخصوص کر دیا۔ اب جو قاضی امام محمد کے ہاں سے پڑھ کر نکلے گا۔ فقط وہی کسی مملکت میں قاضی بنایا جائے گا۔ چھوٹے قاضی وُہ اپنے تلامذہ سے منتخب کر کے مقرر کرے گا۔ اس طرح ان دو بزرگوں (ابو یوسف و محمد) کے اتفاق سے تمام ممالک خلافت ایک قانون کے پابند ہو گئے۔

یہ خلافت عباسیہ کا سب سے قابلِ فخر زمانہ ہے۔ اس میں امام ابوحنیفہ کا کمال جس قدر مانا جائے گا۔ اس کے ساتھ امام ابو یوسف اور امام محمد بھی فراموش نہیں کئے جا سکتے (یہ ہے فقہ حنفی اور ائمہ حنفیہ کی حقیقت؟ مع ادنیٰ تعبیر۔ وللتفصیل موضع اٰخر۔ ولنعم ما قیل ؎

داستانِ عہدِ گل را از نظیری بشنوید
عندلیب آشفتہ تر گفتہ است ایں افسانہ را

(نورالحق)

ہماری سمجھ میں جو کام امام ابو یوسف اور محمد ہر دو نے کیا۔ شاہ ولی اللہ کی فقہ، تصوف اور حدیث کو رواج دینے میں اکیلے امام عبدالعزیز نے کیا۔ یہ صحیح ہے کہ اُن کے دو بھائی شیخ رفیع الدین اور عبدالقادر ان کے معاون تھے۔ مگر فیصلہ کن رائے فقط شاہ عبدالعزیز کی ہوتی تھی۔ ان کی اس

(بقیہ صفحہ ۹۸) اطاعت نے ہندوستان کو شہنشاہ عالمگیر کے بعد پھر ایک دفعہ ایک قانون (فقہ حنفی عزیزی) کا پابند بنا دیا۔ اب آپ ہندوستان میں کوئی عالم حنفی نہیں پائیں گے۔ جس پر شاہ عبدالعزیز کا احسان نہ ہو۔ مارق اور باغی ہر اجتماع میں پیدا ہوتے رہے ہیں۔ اُن کی وجہ سے کوئی اجتماعی قوت بدنام نہیں ہوسکتی۔ مد۔ محمد نورالحق العلوی۔

سلہ اقدام میں کسی تحریک کو محفوظ کرنے کا یہ اساس ہے۔ جو چیز متوسّط طبقہ میں آجائے وُہ فنا نہیں ہوسکتی۔ ادنیٰ طبقہ اس کی تقلید کر لیتا ہے۔ اور اعلیٰ طبقہ جو کچھ کہتا ہے۔ اُس کی عملی صورت یہی ہوتی ہے۔ جو متوسّط طبقہ میں ہے۔ شاہ ولی اللہ حجۃ اللہ میں اس کو رسوم سے تعبیر کرتے ہیں۔ ایک حقیقت اور حکمت کو جب تک رسم نہ بنا یا جائے۔ وُہ انسانیت کے لئے مفید نہیں ہوسکتی۔ امام ولی اللہ تمام شرائع الٰہیہ کے اندر رسوم کو مرکز مانتے ہیں۔ قرآنِ عظیم نے اس کو معروف کے لفظ سے تعبیر کیا ہے۔

ہماری قوم کے ذکی الفطرۃ عقلمند اعلےٰ علوم فوراً لے لیتے ہیں۔ مگر اُن کو متوسّط طبقے تک پہنچانا ضروری نہیں سمجھتے۔ کیونکہ انہوں نے حکمت عملی کسی استاذ سے نہیں سیکھی۔ اُن کی ساری محنتیں خود اُن کی اپنی ذات تک محدود ہوتی ہیں حتیٰ کہ اُن کی اولاد بھی اُن کے مشرب کی تائید نہیں کرتی۔

امام ولی اللہ امام ربانی کے بعد ایک عظیم الشان مجدد ہیں۔ انہوں نے اپنے اتباع میں عمل کرنے والے افراد کا بہت بڑا مجموعہ تیار کر دیا ہے۔ وُہ متوسّط طبقے تک اپنے علوم کو پہنچانا ضروری سمجھتے ہیں۔ ہمارے اہلحدیث بھائی شیخ الاسلام ابن تیمیہ رح کے دقیق مسائل سے حظ اٹھاتے ہیں۔ مگر یہ نہیں دیکھتے کہ آیا یہ لطیف علوم ہندوستان کا متوسّط طبقہ بہ آسانی قبول کر سکتا ہے؟ اس کے لئے عربی ذہنیت موزوں ہے۔ انہوں نے بڑی بڑی محنتوں سے چھوٹی چھوٹی مسجدیں بنائی ہیں۔ اور اس خیال سے اپنی طبیعتوں کو تسلّی دے لیتے ہیں۔ کہ زمانہ قیامت کے قریب آگیا ہے۔ اس لئے ہماری تحریکیں کامیاب نہیں ہوتیں۔ اُن کے لئے شاہ ولی اللہ کی حکمت کا مطالعہ ضروری ہے۔ اس کے بعد وُہ ہندوستان کے مسلمانوں کی متوسط طاقت کو جو حنفی مذہب رکھتی ہے۔ پریشان کرنا خود بخود چھوڑ دینگے۔ یہ امام عبدالعزیز کی طے شدہ مصلحت ہے جس پر اُنکے اتباع جب تک کام کرتے ہیں کامیاب رہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی غیر متناہی رحمت کا دروازہ ہندوستانی مسلمانوں کیلئے کھول دیا۔ اور امام ابو یوسف کے واقعے سے ملتا جلتا ایک واقعہ دہلی کی تاریخ میں دہرا دیا۔ اگر امام عبدالعزیز اپنے والد ماجد امام ولی اللہ کی حکمت، اور اُن کی فقہ و تصوّف و فلسفہ اور سیاست کے مخصوص طریقے متوسط طبقے تک نہ پہنچاتے۔ تو آج امام ولی اللہ کو صحیح طور پر پہچاننے والا مشکل سے دستیاب ہو سکتا۔ اس طرح ہندوستانی مسلمان اس نعمت سے (جو تمام انسانیت کے لئے ابر رحمت ہے۔) محروم ہو جاتا۔

امام عبدالعزیز نے سب سے پہلے امام ولی اللہ کے علوم کو علماءِ زمانہ کے اذہان تک پہنچانے کے لئے سلسلۂ تصانیف شروع کیا۔

(الف) امام ولی اللہ کی تفسیر "فتح الرحمان" کو سمجھانے کے لئے "فتح العزیز" لکھی۔ تفسیر عزیزی ہر ایک عالم بہ آسانی سمجھ سکتا ہے۔ مگر یہ لوگ اس کو فتح الرحمان کے غوامض حل کرنے کا ذریعہ نہیں بناتے۔ اس لئے "الفوز الکبیر" کے اصول پر قرآن دانی مفقود ہو رہی ہے۔ مثلاً مقطعات کی جو تفسیر شاہ ولی اللہ لکھتے ہیں اس کا سمجھنا بہت مشکل ہے۔ اور "فتح العزیز" میں "الٓمٓ" کی تفسیر پڑھنے کے بعد وہ چیز آسان ہو جاتی ہے۔ "فتح العزیز" میں عوام کی طبیعت کو جذب کرنے کے

لئے اُن کے مسلّمات کے انبار لگے ہوئے ہیں۔ اُس میں بعض چیزیں حدیث کے فنِ تنقید کی رُو سے غیر ثابت بھی آجاتی ہیں، کیونکہ یہاں اُن کا مطلب تنقید سکھانا نہیں بلکہ اپنے والد کی حکمت کو عوام تک پہنچانا ہے۔ پس وُہ حدیث غیر ثابت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل بنا کر پیش نہیں کرتے۔ بلکہ اس جہت سے پیش کرتے ہیں۔ کہ وُہ اُن کے مخاطبین کا مسلّمہ امر ہے۔

(ب) "ازالۃ الخفاء" کا مقدمہ "تحفہ اثنا عشریہ"[1] لکھا۔ شیعہ نے پہلے قرآن عظیم کی معرفت کو امام مہدی کی آمد سے معلّق بنایا۔ اُس کے بعد امام مہدی کی آمد پر توہمات کے پردے ڈال دئے۔ اس طرح اُن کی دعوت مسلمانوں کو قرآن عظیم کی برکاتِ عامہ سے محروم کرنے کا ایک ذریعہ بن گئی۔

---

[1] روی الخطیب بسندہ عن ابی زرعۃ الرازی۔ قال اذا رایت الرجل ینتقص احدًا من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاعلم انہ زندیق وذٰلک ان الرسول حق والقرآن حق وما جاء بہ حق۔ وانما ادّی ذٰلک الینا کلہ الصحابۃ۔ وھؤلاء یریدون ان یجرحوا شھودنا لیبطلوا الکتاب والسنۃ۔ والجرح بھم اولی وھم زنادقۃ من الکتابۃ للخطیب ھ۔ اصابۃ ص۱ ولما جاء عند الرشید شاکر راس الزنادقۃ۔ واراد ان یضرب عنقہ۔ قال اخبرنی لم تعلمون اول ما تعلمون المتعلم منکم الرفض والقدر۔ قال اما قولنا بالرفض فانا نرید الطعن علی الناقلۃ فاذا بطلت الناقلۃ اوشک ان نبطل المنقول ھ خطیب بغداد ص۳۰۸ ج۴ ام تفضل اللہ

ایرانی حکومت کی مسلسل کوشش سے فرقہ اثنا عشریہ نے امام عبد العزیز کے زمانہ میں شمالی ہندوستان میں بھی اپنا مرکز بنالیا تھا۔ اُن کے مسموم پروپیگنڈے سے متوسط اذہان کو بچانے کے تحفہ اثنا عشریہ لکھا گیا ہے۔ علماء زمانہ تحفہ اثنا عشریہ کو مزے لے لے کر پڑھتے رہے لیکن اُسے ازالۃ الخفا سمجھنے کا واسطہ نہیں بنا سکے۔ چنانچہ جس مقصد کے لئے یہ کتاب لکھی گئی تھی۔ وُہ پورا نہیں ہُوا۔

(بقیہ صفحہ ۱۰۱) تورپشتی حنفی (معاصر سعدی) (لہ ترجمۃ فی طبقات السبکی) کتاب المعتمد باب سوم فصل چہارم میں لکھتے ہیں"۔ در خلافت ابوبکر سخن گفتند چہ آں مفضی میشود بطعن در جملہ صحابہ بطعن در ایشاں مفضی میشود بطعن در دین۔ زیرا کہ قرآن و احادیث و احکام کہ ازاں مستفاد است از صحابہ بما رسیدہ است۔ و چوں حال ایشاں بداں وجہ اعتقاد کنند کہ مبتدعاں میگویند۔ بر نقل ایشاں اعتبار نماند پس شریعت ثابت نشود۔ ھ خطبہ در (اجع) الیواقیت والجواھر للشعراوی ص۲۲۶

ہندوستان میں شیعی مرکز[۱]

سلطان محمود نے ۳۹۱ھ میں ہندوستان پر حملہ کیا اور پشاور کے قریب مقام ہنڈ پر جیپال والئے لاہور کی فوج کو شکست دی۔ نواح ملتان میں سلطان سے پہلے قرامطہ نے اپنی سلطنت قائم کر رکھی تھی۔ ملتان کا مشہور عظیم الشان مندر جسے شیخ الاسلام محمد بن قاسم ثقفی نے محض اس لئے نہ چھیڑا تھا کہ وما البد الا کالکنائس النصاری والیھود وبیوت النیران المجوس" قرامطہ نے اس کو مسمار کر کے وہاں اپنا گورنمنٹ ہاؤس تعمیر کر لیا تھا۔ سلطان نے قرامطہ کو شکست دے کر اس عمارت کو مسجد کی صورت میں تبدیل کر دیا۔

(ب) جب مغلیہ خاندان کا بانی ہمایوں اپنے لڑکے اکبر کے ساتھ ہندوستان سے فرار ہُوا۔ تو خود سیدھا شاہ اسمٰعیل صفوی کے پاس ایران پہنچا۔ ایرانی حکومت سے ایک باقاعدہ معاہدہ کرنے کے بعد فوجی امداد لے سکا۔ اور کامیاب ہُوا۔ وُہ معاہدہ کیا تھا اس کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

(بقیہ صفحہ ۱۰۲) ہمارے نزدیک ہندوستان مستقل خلافت کا مستحق ہے۔ اکبر نے اپنی خلافت کا دعویٰ کیا۔ اس لئے کہ ہمایوں ایران کی تابعداری کا وعدہ کر آیا تھا۔ تو اکبر کو ملکی حکومت پیدا کرکے استقلال کے دعویٰ کی ضرورت ہوئی۔ اس نے ہندوستان کو ساتھ ملایا۔ تاکہ ملکی حکومت پیدا ہو۔ اور ایرانی حکومت سے کہا جاسکے۔ کہ جس حکومت نے تابعداری کا وعدہ کیا تھا وہ نہیں رہی۔ اس کے بجائے ایک نئی قومی ملکی حکومت قائم ہے۔ جیسے معاہدہ معلوم سے ذرہ برابر تعلق نہیں۔ واضح رہے کہ ہندوؤں کا ملانا اکبر کی ایجاد نہیں۔ شیرشاہ۔ فیروزشاہ۔ ناصرالدین حسن۔ یہ کام پہلے کر چکے تھے۔ مگر ملکی حکومت بنانا یہ اکبر کی ایجاد اور اس کی ابتداء ہے۔

تفصیل اس اجمال کی یہ ہے۔ کہ بیرم خاں والد عبدالرحیم خانخاناں کے توسّل سے ہمایوں کا معاہدہ شاہ ایران سے طے ہوا۔ ورنہ شاہ ایران ہمایوں کو امداد دینا دل سے کسی طرح نہیں چاہتا تھا۔ جب ہمایوں نے منظور کر لیا۔ کہ میں شیعہ مذہب کو وہاں رائج کروںگا۔ اور شیعہ ریجنٹ (بیرم خاں) کو اپنے ساتھ رکھوں گا۔ تو کہیں جا کر امداد دی گئی۔ جب اکبر تخت نشین ہوا۔ اور اس کو اپنی سلطنت کی حقیقت سمجھ میں آئی۔ تو سب سے پہلے اس نے بیرم خاں کو علیحدہ کیا۔ بیرم خاں ایران کی راہ سے حج کے لئے جانا چاہتا تھا۔ اکبر نے اس کو روک دیا۔ اور پھر قتل کرادیا۔ اس کے بعد کوئی ریجنٹ ایران سے ہندوستان کو نہیں آیا۔ اکبر نے شیعیت کی بنیاد کاٹنے کے لئے ہندوستان سے اسلامی حکومت کو ختم کرکے اس کی بجائے ملکی حکومت پیدا کی۔ اس پر نہ تو کوئی سنی خلیفہ دباؤ ڈال سکتا ہے۔ اور نہ کوئی شیعہ بادشاہ تحکّم چلا سکتا ہے۔ اکبر جیسا انصاف پسند ہندوستان نے پیدا نہیں کیا۔ قانون کے سامنے اس کا بیٹا اور دشمن مساوی تھے۔

جلال الدین اکبر بادشاہ

ہم حرم محترم میں علماء، مشائخ۔ سلاطین ہر سہ کے لئے فرداً فرداً نام لے کر کلام الٰہی وغیرہ اذکار کا ثواب اُن کی روحوں کو بھیجتے تھے۔ مگر اکبر کو چھوڑ دیتے تھے۔ ایک روز خواب میں دیکھا کہ ایک چبوترہ ہے۔ جو کافی بلند ہے۔ مگر ہے سادہ۔ اس پر اکبر تن تنہا کھڑا ہے۔ اور سامنے دار پر ایک شخص لٹک رہا ہے۔ اور ہم

(بقیہ صفحہ ۱۰۳) کھڑے دیکھ رہے ۔ ہم نے اس کی تعبیر یہ کی۔ کہ ہند میں انصاف کرنے والا فقط اکبر ہے جس نے انصاف کی روح کو قائم رکھا۔ اور ہندو و مسلم کو یکساں موقع دیا۔ کہ وُہ انصاف سے متمتع ہو یہ کوئی قاعدہ نہیں کہ مسلمان انصاف سے متمتع ہوں ۔ اور ہندو بوجہ ہندو ہونے کے رہ جائے قال تعالیٰ وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ الاٰیۃ۔ دین الٰہی کا تقاضا یہ ہے کہ انصاف کی روح زندہ رہے اس کا مضاف الیہ خواہ کوئی ہو۔ اس بلند نشیمن پر فقط اکبر ہی بیٹھا ہے۔ اور دار انصاف کی دار ہے۔ جہانگیر نے سونے کی زنجیریں کیوں بندھوائی ؟ اس کو تو عیاش سمجھا جاتا ہے۔ وُہ اکبر کا بیٹا تھا۔ جو انصاف کو عام کرنے آیا تھا۔

جب اکبر نے ملکی حکومت پیدا کر لی۔ اور بیرونی اسلامی دنیا سے اس کا تعلق منقطع ہو گیا تو اب دو صورتیں تھیں۔ اوّل یہ کہ مختلف مذاہب کو غیر معتبر قرار دے کر لادینیت پر ساری مملکت کو جمع کیا جائے۔ جس کا تجربہ اب یورپ میں ہو رہا ہے۔ مگر اکبر نے یہ احتمال قریب بھی نہ پھٹکنے دیا۔ دوسری صورت یہ تھی کہ مختلف مذاہب کو تسلیم کر کے ہر ایک کو پوری آزادی دی جائے۔ اور قانونِ حکومت کی جو شخص خلاف ورزی کرے اس سے مواخذہ ہو۔ خواہ ہندو ہو یا مسلم دوسرے لفظوں میں مذہب آزاد ہے جب تک حکومت سے مصادم نہ ہو۔ یہ اکبر کا بنایا ہوا قانون ہے جس پر انگریز اب عمل کر رہے ہیں۔ اور اپنے آپ کو بڑا عالی دماغ بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔

دین الٰہی اس ملک میں جو مختلف مذاہب کا مجموعہ ہے۔ حکومت چلانے کے لئے بادشاہ اور اس کی انتظامی کونسل کا کیا طرزِ عمل ہوگا ؟ اس کے لئے اکبر نے دین الٰہی کا فقرہ ایجاد کیا۔ اس کا مطلب یہ ہے۔ کہ بادشاہ اور اس کی مرکزی کونسل کسی خاص مذہب کے طرفدار نہیں ہونگے۔ مگر مطلق مذہب کی پابندی سے بھی اپنے آپ کو آزاد نہیں کرینگے اور لادینیت نہیں آنے پائے گی۔ یعنی خدائی حکومت اپنے اوپر تسلیم کریں گے۔ ایک ہندو اللہ کی حکومت کی تفسیر ایک طرح کرتا ہے۔ اور ایک سُنی مسلمان دوسری طرح اور ایک شیعہ تیسری طرح ان اختلافات سے حکومت کو تعرض کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہوگا۔ البتہ پرائیویٹ طور پر بادشاہ اور ارکان کونسل

(بقیہ صفحہ ۱۰۴) اپنے اپنے مذہب کے پابند رہیں گے۔ اس یکسانی کو دین الٰہی سے تعبیر کیا گیا۔ اس وسیع مملکت کے لئے اس سے بہتر غیر اسلامی نظام ناممکن تھا۔

ہماری رائے میں جو کام اکبر نے شروع کیا وہ اساساً صحیح تھا۔ اور عملاً غلطیاں اس لئے ہوئیں کہ اس عظیم الشان کام کو چلانے کے لئے آدمی میسّر نہیں آتے تھے۔ ہمارا خیال ہے کہ وہ ضرورتیں خدا تعالیٰ نے شاہ ولی اللہ کے ذریعے پوری کر دیں۔ شاہ صاحب نے اس کام کو مکمل کر دیا۔ جو اکبر نے شروع کیا تھا کیونکہ وہ بھی اسلام کو انسانیت کی تفسیر بناتے ہیں آپ تمام ادیان کو منطبق کر سکتے ہیں۔ ان کے طریقے پر ایک مسلم عالم اس نظام سلطنت کو چلا سکتا ہے۔ جو اکبر کا مقصد تھا۔ اگر ہندوستانی دماغ شاہ صاحب کے طریقے کا عالم بننے کے بعد نظام سلطنت چلانے کا ارادہ کر لے تو اس کے مقابلے میں کوئی اجنبی حکومت کامیاب نہیں ہو سکتی۔ کافر ہو یا مسلم۔ شاہ صاحب کی حکمت پڑھنے کے بعد اگر کوئی اسلامی ممالک کی سیر کرے تو اس کے سامنے یہ بات آجائے گی کہ وہ اپنا فقہی مذہب چلانے کی اہمیت رکھتے ہیں۔ اور اگر مختلف مذاہب کو اپنے یہاں اجازت دیں یا اجازت دینے پر مجبور کر دئے جائیں۔ تو سوائے لادینیت کے اور کوئی نظام حکومت اُن کے یہاں کامیاب نہیں ہو سکتا۔ ٹرکی میں جا کر دیکھ لو یا دیکھو کہ کس طرح عرب و افغانستان ٹرکی کا تتبع کر رہے ہیں! اب اسلامی ممالک کی یہ حالت ہے کہ وہاں یا اکبر کا دین الٰہی ہے۔ یا لادینیت اگر شاہ صاحب کی حکمت کا رواج ہوتا تو وہ ممالک اس مرض میں مبتلا نہ ہوتے۔

اکبر کے کارکن جو غلطیاں کرتے تھے۔ اور اسلامی حدود سے باہر نکلتے تھے۔ ان کی اصلاح کا ابتدائی کام حضرت امام ربّانی مجدد الف ثانی نے شروع کیا۔ اور وہ مجدد مان لئے گئے۔ مگر امام ربانی نے فقط کام شروع کیا تھا۔ اس کی تکمیل محمد شاہ کے عہد میں شاہ ولی اللہ نے کی۔ شاہ صاحب کو کام کرنے کا اُس وقت موقع ملا جب دلّی کی سلطنت اصلی معنوں میں مسلمانوں کے ہاتھ سے جا چکی تھی۔ اس لئے اس تعلیم کے نتائج اس وقت پھیل نہ سکے۔

قال الشیخ الاجلّ فی کتاب "التمھید فی ائمۃ التجدید" السلطنۃ الھندیۃ

(بقیہ صفحہ ١٠٥) صار برنامجها برنامج السلطنة الملية الوطنية بعد ما احدثه السلطان جلال الدين محمد اكبر من تبديل السلطنة الاسلامية بالوطنية ٩٩٠ھ وكان ذلك تدبيرًا منه لتاليف قلوب الصابئين الهند بين المائلين الى الحكومة السابقة للسلطان شير شاه الافغان الهندى. لكونه وطنيًا ولانه ما كان يميز في العدل بين المسلم والصابى - وتدبيرًا منه للتخلص من حق السلطنة الصفوية الايرانية - لان اباه السلطان نصير الدين همايون كان قد عقد بتسليم بعض الحقوق للايرانيين على السلطنة الهندية - لما استعان بهم فى استرداد ملكه من اولاد السلطان شير شاه - فنصب نفسه خليفة على الممالك الهندية.

ثم استمر على ذلك ولده السلطان نور الدين جهانگير - ثم ولده السلطان شهاب الدين شاهجهان - مع اصلاح مناسب منهما لبعض الشيون فلما تعطل السلطان شاهجهان فى سنة ١٠٦٩ھ - بسبب الفالج قبض على ازمة السلطنة ولى عهده وولده الاكبر دارا شكوه - وكان مغرقًا فى اصول السياسة الوطنية مفرطًا فى تنفيذ المساوات بين العناصر المختلفة - ثم قام ولده الثالث السلطان محى الدين عالمگير بمنازعته وتغلب عليه - فلما تم له الامر سعى فى تنظيم السلطنة على اصول الخلافة الاسلامية فى سنة ١٠٦٩ھ بالاختصار.

؎ شمالی ہند جنوبی ہند میں پہلے حیدرآباد - گولکنڈہ میں ابوالحسن تاناشاہ کا مرکز تھا جسے سلطان عالمگیر نے ختم کر دیا۔ (۱۰ اخر ذی قعدہ ۱۰۹۸ھ کو ابوالحسن گرفتار ہو کر دولت آباد کے قلعہ میں قید کر دیا گیا۔ سیرۃ المتاخرین کا شیعہ مصنف لکھتا ہے: "استحکام قلعہ گولکنڈہ و خوبی حیدرآباد و لطافت آب و ہوائے آں سرزمین زیادہ ازانست کہ دریں مختصر تواں نگاشت - چوں ابوالحسن زیادہ از دیگراں بلہو و لعب و عیش و طرب رغبت داشت - رواج فسق و فجور دراں دیار زیادہ تر شد و عالمگیر کہ درظاہر خود را بکسوت اہل صلاح مے آراست و تشبہ بتارکین دنیا مے جست شہر

جملہ معترضہ | تعجب اس بات پر ہے کہ یورپ کی قومیں جو پہلے عیسائی تھیں
اور آج کل نیچری ہیں۔ قرآن عظیم کا انکار کرتے ہوئے، اس کے معارف سے رہنمائی
حاصل کر رہی ہوں۔ اور مسلمان کامل ایمان کا مالک ہوتے ہوئے، یہودیوں کی طرح
فقط تلاوتِ الفاظ پر اکتفا کر دیا۔ اسی کا نتیجہ ہے۔ کہ مسلمان اپنے سامنے کوئی
واضح پروگرام نہیں رکھتا۔ اور شیعہ کی طرح کسی بڑے رہنما کا منتظر بیٹھا ہے امام
ولی اللہ کا طریقہ مسلمانوں میں اس مرض کی جڑیں اکھیڑنے کا ضامن ہے۔

(ج) امام ولی اللہ کے معارف میں مؤطا امام مالک کی اہمیت[۵] اظہر من

(بقیہ صفحہ ۱۰۶) مذکورا (حیدرآباد را) بدار الجہاد موسوم ساختہ بقتل و غارت اہالی آں و خرابی شہر
مذکور پرداخت۔ وغرض اصلی او تحصیل خزائن نقود و جواہر کہ در سرکار ابوالحسن شہرت میداشت
واستیصال اکابر علماء شیعہ۔ وانقیاد عامہ مومنین کہ دراں شہر بودند نیز مقصود او بود۔ ص ۳۶۹ (نور)
اس کے بعد لکھنؤ میں محمد شاہ کے آخری عہد میں مستقل مرکز پیدا ہو گیا۔ اس مرکز سے دہلی پر غلبہ
حاصل کرنے کی مسلسل سعی جاری تھی۔ جس کو روکنے کے لئے شاہ عبد العزیز نے تحفہ اثنا عشریہ کی دیوار
کھڑی کی۔ جب عوام شیعہ کے پراپیگنڈے سے متاثر نہ ہوں تب کہیں انہیں ازالۃ الخفا پڑھایا جا
سکتا ہے۔

۵ اہمیت مذکورہ کی پوری تفصیل رسالہ ”امام ولی اللہ کی حکمت کا اجمالی تعارف“ میں دی
جا چکی ہے۔ وہاں ملاحظہ ہو۔ امام ولی اللہ ”وصیت نامہ میں فرماتے ہیں“ چوں مبتدی قدرت بر زبانِ
عربی یافت موطا بروایت یحیی بن یحیی مصمودی بخوانانند۔ و ہرگز آں را عطل نگذارند۔ کہ اصلِ علم
حدیث است۔ و خواندنِ آں فیضہا دارد۔ و ما را بسماع جمیع آں مسلسل است۔ بعد ازاں ز قرآن عظیم

الشمس ہے۔ امام ولی اللہ نے اُسے اپنے مذاق کے موافق نئی ترتیب سے مدوّن کیا ہے جس کا نام المسوّٰی من المؤطّا ہے۔ حدیث و فقہ میں یہی کتاب سراج الھند نے حکیم الھند سے پڑھی۔

امام عبدالعزیز نے اپنے خاندان کے نوجوانوں کی تربیت میں اُسے قرآن عظیم کے بعد اساسِ اوّل بنایا۔ اس طرح علماء کو اس طرف متوجہ کیا۔ اس کتاب پر پوری توجہ کرنے سے فقہ حنفی میں محققین (یعنی مجتہد منتسب جیسے ابن الھمام) پیدا ہوتے ہیں۔ اسی کی برکت ہے کہ ہم نے اپنی سیاحت میں مولٰینا شیخ الھند اور اُن کے مشائخ سے زیادہ عقلمند فقہاء، اسلامی ممالک میں نہیں دیکھے۔

ہم نے اہل حرم محترم کو امام ولی اللہ کی کتاب المسوّٰی پڑھائی۔ وہ اس کی قدر کرنے لگے۔ انہوں نے اُس کو اپنے مطبع میں چھاپا۔ اور اپنے مدارس کے نصاب میں داخل کر لیا

مجھے یاد ہے۔ کہ حضرت مولانا شیخ الھند بہت پہلے زمانہ سے

بقیہ صفحہ ۱۰۷۔ درس گویند بآں صفت کہ صرف قرآن بخوانند۔ بغیر تفسیر و ترجمہ گویند۔ و در آنچہ مشکل باشد در نحو یا در شان نزول متوقف شود و بحث نماید۔ و بعد فراغ از درس التفسیر جلالین را بقدرہ درس بخوانند۔ درین طریق فیض ہا است"۔ مہ منہ اوا ۱۲

امام ولی اللہ کی کتابوں کو دارالعلوم دیوبند کے درجہ تکمیل میں داخل کرنے کی ہدایت دے چکے ہیں۔ مگر ابھی تک اُس پر عمل کرنے کا زمانہ نہیں آیا۔ اِنَّمَآ اَشْکُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰہِ۔

امام ولی اللہ قریش کی زبان، اور اُن کی معتدل معیشت و معاشرت کو اپنی اولاد میں خاندانی مفاخرہ کے طور پر دیکھنا چاہتے تھے۔[1]

---

[1] یہ حصہ "وصیت نامہ" سے ماخوذ ہے۔ قال الامام ولی اللہ۔ ما مردم غریبیم کہ در دیار ہندوستان آبائے ما بغربت افتادہ اند۔ وعربیت نسب، وعربیت لسان، ہر دو فخر ما است کہ مارا بسید اولین و آخرین و افضل انبیاء و مرسلین۔ فخر موجودات علیہ و علیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات نزدیک مے گرداند۔ شکر این نعمت عظمیٰ آن است کہ بقدر امکان عادات و رسوم عرب اوّل کہ منشاء آنحضرت است صلّی اللہ علیہ وسلّم۔ از دست ندہیم و رسوم عجم و عادات ہنود را در میان خود نگذاریم۔ (ص ۱۱ نور الحق) امام ولی اللہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ھَدِیْ کو قیصر و کسریٰ کے تکلفات برباد کرنے کے بعد تعمیری نمونہ بنایا ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ھَدِیْ اپنے خاندان کی معیشت و معاشرت کا اعلیٰ نمونہ تھی۔ اس خاندان کی چیزیں اگر خاندانی طور پر اُن کی اولاد میں قائم رہیں۔ تو وہ ہمیشہ قرآن کے انقلاب کو مکمل کرنے کا نمونہ بن سکتی ہیں۔ اسی لئے شاہ صاحب اپنی اولاد کو وصیّت کرتے ہیں۔ وہ جو انقلابی پروگرام بنا چکے ہیں۔ چاہتے ہیں کہ اُن کی اولاد آگے بڑھ کر اُس میں حصہ لے۔ اُن کی طبیعت کو متوجہ کرتے ہیں، کہ وہ اپنے خاندانی مفاخر کو عام اہل زمانہ کے طریقے پر حاصل کرنے کی کوشش کریں حکمت کے اصول پر یہ تعلیم کا آسان قاعدہ ہے۔ ص

امام عبدالعزیز نے اُن کی وصیت[1] پر عمل کر کے شرفاء ہند کیلئے سرمایہ داری اور اُس کی ترقی یافتہ صورت، شاہنشاہی، کی لعنتوں کا سمجھنا آسان کر دیا۔

جہانگیری اور شاہجہانی عہد کے تنعّم کی یادگار رسمیں جو افلاس کے زمانے میں اعلیٰ خاندانوں کی ہمت کو گھن[2] کی طرح کھا رہی تھیں۔ اُن سے سوسائٹی کو پاک کرنے کے لئے امام عبدالعزیز کے تربیت یافتہ نوجوان کھڑے ہو گئے۔ اور کامیابی سے اس کام کو سرانجام پر پہنچایا۔ اِن اصلاح یافتہ خاندانوں کی خواتین[1] کے ایثار سے ہزاروں مجاہدین کا لشکر کم از کم دس سال تک روٹی کھاتا رہا۔ اور کسی فرعون اور قارون کے آگے سر جھکانے پر مجبور نہیں ہوا۔ ورنہ امیروں کے اندوختہ خزانوں پر تو اوباش نوجوان اور بداخلاق عورتیں مسلط رہیں۔

امام عبدالعزیز کی اس تربیت کی دوسری برکت یہ ظاہر ہوئی کہ ہندوستانی اعلیٰ خاندانوں کے ناز و نعمت سے پلے ہوئے نوجوانوں کا لشکر سندھ کے راستے سے قندھار و کابل ہو کر پشاور کے پہاڑوں اور جنگلوں میں مرنے کے لئے تیار ہو گیا۔

---

[1] اُن کے خاندان کے نوجوان شرفاء دہلی کے دوسرے نوجوانوں کے ساتھ مل کر رہتے تھے۔

(بقیہ صفحہ ۱۱۰) ان میں جو چیزیں پیدا کر دی گئیں وہ دوسرے نوجوانوں میں طبعی طور پر تاثیر کرتی تھیں۔ لوگ اچھی طرح جانتے ہیں۔ کہ مولانا اسمٰعیل شہید سوسائٹی کے ہر طبقے میں جاتے تھے۔ وہ اپنے خاندان کے امام تھے۔ اس خاندان کے نوجوان اُن کے پیچھے چلتے تھے۔ جب ان وہ وعظ کہنے کے فاحشہ عورتوں میں گئے۔ تو مولانا محمد یعقوب دہلوی (متوفی ۱۲۸۲ھ) اور مولانا محمد اسحاق (متوفی ۱۲۶۲ھ) اُن کے پیچھے پیچھے۔ مگر نظر بچا کر جا رہے تھے۔

۲ھ انسان اپنی ضرورتوں سے فارغ نہیں ہوتا تا کہ اُس کا دماغ فراغت سے کوئی اعلیٰ فکر سوچ سکے۔ اس سے ہمتیں خود بخود پست ہو جاتی ہیں۔ جب تک خاندان کی زندگی کا بوجھ ہلکا نہ کر دیا جائے۔ اولوالعزم طبائع اپنے لئے راستہ نہیں پاتیں۔ وہ خاندان کو چھوڑ نہیں سکتے۔ اور خاندان اُن کو ایک لمحہ کے لئے فرصت نہیں دیتا۔ ھ

دُعاۃِ حزب ۳ھ

دُعاۃ کا سلسلہ امام ولی اللہ کی تنظیم میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔ وہ ملکی زندگی کے پروگرام میں انہی (دعاۃ) کو امارت کا درجہ دیتے ہیں۔

امام عبدالعزیز نے امیر شہید، مولانا عبدالحی اور مولانا محمد اسمٰعیل کو دُعاۃ کا نظام قائم کرنے کیلئے سیاحت ہند کے لئے روانہ کیا۔ (۱۲۳۳ھ) میں امام عبدالعزیز نے اصلاح و تبلیغ کے دائرے کو وسعت دی۔ ایک جماعت تعلیم و تدریس کے لئے دہلی میں مامور فرمائی مولانا محمد اسحاق اور مولانا محمد یعقوب مولانا رشید الدین خاں (متوفی ۱۲۴۵ھ نور) مفتی صدرالدین (متوفی ۱۲۸۵ھ نور) اس جماعت کے مقتدر ارکان ہیں۔ دوسری جماعت اطراف دہلی میں تبلیغ و ارشاد کے لئے روانہ کی۔ امیر شہید نے ہر دو حضرات مظفر نگر۔ سہارن پور۔ رام پور۔ بریلی۔ شاہجہان پور وغیرہ کا دورہ کیا۔ تفصیلات سوانح احمدیہ میں ملاحظہ ہوں۔ (راجع ترجمہ رشید الدین و صدرالدین فی ابجد العلوم ص ۹۱۷ والتمہید ص ۲۱۶ نور الحق) یہ لوگ دورہ کر کے زمین تیار کر آئے۔ اس کے بعد امام عبدالعزیز نے ان کو حکومت کی امارت قائم کرنے کے لئے مقرر کیا۔ یہ جہاد کریں گے۔ حکومت بنائیں گے (۲۹ شعبان ۱۲۳۹ھ کو دو سال گیارہ ماہ بعد سید شہید مع اپنے ہمراہیوں کے سفر حج سے واپس تشریف لائے۔ ذی الحجہ ۱۲۳۹ھ سے

(بقیہ صفحہ ۱۱۱) جہاد کی تیاری شروع کردی گئی۔ مولانا محمد اسمٰعیل و مولانا عبدالحی ترغیب جہاد کے لئے اطراف ہند کا دورہ کرنے لگے۔ جب تقریباً دو ہزار مجاہدین کا اجتماع ہو گیا۔ تو امیر شہید نے اُن کے تین حصے کر دئیے۔ اور کوچ کا حکم دیا۔ کچھ عرصہ ٹونک کریبلے اجمیر شریف۔ پھر دہلی آئے۔ ۱۲۴۱ھ کے آغاز میں دیوبند، سہارن پور، پانی پت، کرنال، تھانیسر وغیرہ سے گزرتے ہوئے مالیر کوٹلہ پہنچے۔ وہاں سے ممدوٹ بہاول پور، حیدر آباد سندھ، شکار پور، جاگن، خان گڑھ، درڈھاوڑ، درہ بولان، پشین قندھار اور کابل سے گزرتے ہوئے براہ خیبر داخل پنجاب ہو کر پشاور تشریف لائے۔ پشاور سے ہشت نگر میں پہنچکر موضع خویشگی میں قیام فرمایا۔ پھر نوشہرہ تشریف لے گئے۔ نور الحق) اور دوسری جماعت جو اُن کے پیچھے تیار ہو رہی تھی۔ اُن کو دعاۃ کا کام سپرد کر دیا گیا۔ اُن میں مولانا ولایت علی (متوفی ۱۲۶۹ھ نور) اور مولانا سید محمد علی رامپوری (متوفی ۱۲۵۸ھ نور) مشہور عالم ہیں تنبیہ، دعاۃ کا نظام شروع سے آخر تک مولانا اسحاق کے ہاتھ رہا ہے۔ "سوانح احمدیہ" کے مصنف نے امیر شہید کے مناقب اس طرح بڑھا چڑھا کر لکھے ہیں۔ کہ مولانا اسحاق کی شخصیت گم ہو گئی ہے۔ اس کا اصلی سبب یہ ہے۔ کہ مولانا ولایت علی نے مولانا اسحاق کے بالمقابل اپنی پارٹی بنائی۔ اور سوانح احمدیہ کا مصنف اس پارٹی سے تعلق رکھتا ہے۔ مگر پھر بھی اس کے قلم سے بعض واقعات ایسے نکل گئے ہیں جن سے ہمارے مطلب پر روشنی پڑتی ہے۔ مولانا محمد اسحاق نے ایک ہنڈی بیچ تا بھیجی۔ وہاں وہ وصول نہ ہو سکی۔ اُسکی بازیافت کے لئے سیٹھ پر عدالت عالیہ آگرہ میں دعویٰ کیا گیا۔ اور ڈگری مولانا محمد اسحاق کے نام ملی (مؤلف "سوانح احمدیہ" نے یہ واقعہ اس لئے لکھا۔ کہ یہ تحریک برطانوی گورنمنٹ کے خلاف نہ تھی۔ براہِ دُور اندیشی شیخ غلام علی رئیس اعظم الہ آباد کی معرفت گورنر اضلاع شمالی و مغربی کو اس تیاری جہاد کی اطلاع دی گئی۔ جس کے جواب میں گورنر نے کہا جب تک انگریزی عملداری میں کسی فتنہ کا اندیشہ نہ ہو۔ ہم ایسی تیاری سے مانع نہیں مذکورہ بالا واقعہ سوانح احمدیہ میں موجود ہے۔ ہم اس ایک واقعے کو کافی سمجھتے ہیں۔ اگر روپیہ روانہ کرنے کا انتظام شاہ اسحاق کے ہاتھ میں نہ ہوتا۔ تو عدالت میں وہ دعویٰ کس طرح کر سکتے تھے؟ اور ڈگری کس طرح لے سکتے تھے؟

بقیہ صفحہ ۱۱۲ جب مولانا محبوب علی (متوفی ۔۔۔) مجاہدین کے مرکز سے واپس دہلی پہنچے اور انہوں نے اس تحریک کے مخالف پروپیگنڈا شروع کیا۔ (کہ یہ تحریک جہاد سرے سے بے سود اور غلط اقدام ہے وغیرہ وغیرہ) تو سوانح احمدیہ کا مؤلف لکھتا ہے کہ مولانا محمد اسحاق اور مولانا محمد یعقوب کی کوششوں سے یہ فتنہ دبا اور وہ اثر باطل دور ہوا۔ اور قافلوں کی روانگی باقاعدہ شروع ہوگئی۔

دعاۃ مسجدوں میں وعظ کرتے ہیں۔ خاندانوں کے پاس کچھ اندوختہ نہیں عورتیں اپنا زیور دے کر ان کا ہاتھ بٹاتی ہیں۔ اس کے ثبوت میں مدراس کے خان عالم کی بہو کا واقع سوانح احمدیہ میں موجود ہے۔

خود ہمیں اپنا تجربہ ہے۔ کہ دہلی میں ہم نہایت تنگ حالی سے پہنچے۔ مولانا شیخ الہند کے حکم سے کام شروع کر دیا۔ ہمیں ڈھاکہ کے شریف خاندانوں کی خواتین سے روپیہ ملتا رہا ہے۔ اُس کے بعد نواب سلطان جہاں بیگم کے دو سو روپیہ ماہوار عطیہ سے ہم دہلی میں بیٹھ سکے۔

اس سے پہلے ہم نے جب سندھ میں مولانا شیخ الہند کے ارشاد پر ۱۳۱۰ھ میں کام شروع کیا تو جناب پیر صاحب العلم کے خاندان کی محترم خاتون نے اپنا سنہری ہار (عقد) بھیج دیا۔ نیز ہجرت کابل کے موقعہ پر شیخ عبدالرحیم سندھی کی بیوی اور ان کی لڑکیوں نے اپنا تمام سنہری زیور بیچ کر ہمارے لئے زادِ راہ مہیا کیا۔ اور کوئٹہ تک ہمیں پہنچا کر نقدی وہاں ہمارے حوالے کی۔ ع۔ مولانا عم فیضھم۔
(محمد نور الحق۔ بعد عصر۔ نومبر ۱۹۴۱ء)

۵۴ جس کا ایک نمونہ مولانا ولایت علی عظیم آبادی ہیں۔ ۱۲۰۵ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ فتح علی صاحب کے بیٹے اور رفیع الدین حسین خاں صاحب کے نواسے تھے۔ جو صوبہ بہار کے ناظم و رئیس تھے۔ آپ نانا کے بڑے لاڈلے تھے۔ ہر وقت ریشمی یا زریں لباس یا ڈھاکے کی جامدانی اور تن زیب کا جوڑا زیب تن رہتا تھا۔ اور خوشبو وعطر سے معطر رہتے تھے۔ انگلیوں میں سونے کی انگشتریاں اور چھلے ہوتے۔ لکھنؤ میں تھے تو وہاں کے شوقین، خوش پوشاک رنگین مزاج نوجوانوں میں آپ کا شمار تھا۔ سید صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتے ہی حضرت مصعب بن عمیر

امام عبدالعزیز نے اپنی تحریک کو کامیاب بنانے کے لئے اپنے تربیت یافتہ افراد سے جمعیت مرکزیہ بنائی جس میں پہلے اپنے تینوں بھائیوں (مولانا رفیع الدین، مولانا عبدالقادر، مولانا عبدالغنی) کو رکھا۔ سب سے چھوٹے مولانا عبدالغنی پہلے (۱۲۲۷ھ میں) فوت ہو گئے۔ اس لئے اہل دہلی اُن سے زیادہ آشنا نہیں ہوئے۔ مگر "حضرات ثلثہ" کا لفظ اہل دہلی کی زبان میں امام عبدالعزیز اور اُن کے دو بھائیوں کے لئے بولا جاتا ہے۔ اس جمعیت کی سعی سے نوجوانوں کی دوسری جماعت تیار ہو گئی۔ اس جماعت کے سرکردہ بھی تین یا چار بزرگ تھے (۱) مولانا محمد اسمٰعیل شہید، مولانا عبدالغنی کے صاحبزادے (۲) مولانا عبدالحی دہلوی مولانا نوراللہ کے پوتے اور امام عبدالعزیز کے داماد (۳) مولانا محمد اسحاق۔ امام عبدالعزیز کے نواسے (۴) مولانا محمد یعقوب دہلوی متوفی ۱۲۸۲ھ مولانا محمد اسحاق کے بھائی (امیر شہید[1] اس حزب کے ساتھ منضم کئے گئے۔)

(بقیہ صفحہ ۱۱۳) کی طرح کیفیت بدل گئی۔ اب وہ لکھنؤ اور عظیم آباد کے بانکے نوجوان نہ تھے۔ بلکہ سید صاحب کی جماعت کے ایک جفاکش مزدور اور معمولی خادم تھے۔ رائے بریلی میں مولانا شہید سے حدیث پڑھتے اور آپ کی جماعت کے نائب تھے۔ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر اور سر پہ اٹھا کر لاتے۔ اور اپنے ہاتھوں سے کھانا پکاتے۔ مٹی کا بنے کا کام کرتے۔ ھ۔ سیرت سید احمد شہید ص۴۱۵ نورالحق

[1] سید احمد بریلوی امیر شہید۔ مولانا عبدالحی۔ مولانا شہید اور مولانا اسحاق کے شاگرد ہیں

(بقیہ صفحہ ۱۱۴) اُن کی تربیت شاہ عبدالقادر اور شاہ عبدالعزیز کی صحبت میں مکمل ہوئی۔ امام عبدالعزیز ہی نے سید صاحب کو امیر خاں نواب ٹونک کے لشکر میں بھیجکر انقلابی کام شروع کرنا چاہا۔ امیر شہید نواب مرحوم کے لشکر میں چھ سال سے زائد رہے۔ جب نواب امیر خاں کی انگریزوں سے صلح ہو گئی۔ جو سید صاحب کو کسی طرح منظور نہ تھی۔ تو سید صاحب نے امام عبدالعزیز کو ایک خط لکھا۔ اس کے چند جملے نقل کرنے سے ہمارے مطلب پر روشنی پڑے گی۔ آپ نے لکھا "خاکسار قدم بوسی کو حاضر ہوتا ہے۔ یہاں لشکر کا فارخانہ درہم برہم ہوگیا۔ نواب صاحب انگریزوں سے مل گئے۔ اب یہاں رہنے کی کوئی صورت نہیں" ھ۔ سیرت صلا۔

(تنبیہ) ہمارے زمانے کے مورخین نے اس تحریک کے بیان میں بہت غلطیاں کی ہیں۔ وہ سید صاحب کا تعلق امام عبدالعزیز سے کاٹنا چاہتے ہیں۔ اور امیر شہید کو ایک مہدی منتظر کے درجے پر دیکھنا چاہتے ہیں۔ اس لئے اُن کی حقیقت سے غفلت برتی جاتی ہے اُن کا درجہ اس سے زائد نہیں کہ وہ شاہ عبدالعزیز کے کارکن اصحاب میں سے ایک رکن تھے۔ ایک مبصر جب امیر شہید کی سوانح حیات پر غور کرتا ہے۔ تو اس میں شاہ عبدالعزیز کی تدبیر ہی کو کام کرتے دیکھتا ہے۔ مذکورہ بالا خط سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ شاہ صاحب نے سید صاحب کو خاص پروگرام دے کر امیر خاں کے لشکر میں بھیجا تھا۔ مگر اس میں کامیابی نہ ہوئی۔

شاہ عبدالعزیز کے پہلے شاگرد۔ اُن کے ہر دو بھائی۔ رفیع الدین، عبدالقادر اور مولانا عبدالحی ہیں۔ عجائبات قدرت میں سے ہے۔ کہ شاہ صاحب کے چھوٹے بھائی بہ ترتیب معکوس آپ کی زندگی میں انتقال کر گئے۔ پہلے شاہ عبدالغنی پھر شاہ عبدالقادر پھر شاہ رفیع الدین۔ اگر شاہ عبدالعزیز کے بعد وہ زندہ رہتے تو شاہ رفیع الدین اور پھر شاہ عبدالقادر اُن کے قائم مقام مانے جاتے۔

شاہ صاحب کے تلامذہ کے دوسرے طبقے میں مولانا اسمٰعیل اور مولانا اسحاق وغیرہ ہیں آپ سے منقول ہے کہ وہ کہا کرتے تھے۔ الحمد للہ الذی وھب لی علی الکبر اسمٰعیل و

بقیہ صفحہ ۱۱۵۔ اسحٰق" ۔ شاہ عبدالعزیز نے سیاسی قوت پیدا کرنے کے لئے ایک جماعت مخصوص کردی اس میں امیر شہید، مولانا شہید، مولانا عبدالحی سمجھنے چاہئیں۔ سیاسی قوت کے غلبہ کے بعد جو جماعت نظام پیدا کرنے کے لئے درکار ہو گی۔ ہم آج کی اصطلاح میں اس کو وزارت داخلیہ سے تعبیر کر سکتے ہیں۔ اس کے لئے انہوں نے شاہ اسحاق کو موزون قرار دیا۔ اور اپنی مسند پر اُن کو بٹھایا۔ ہم سید صاحب کی جماعت کو وزارت حربیہ، اور وزارت خارجیہ کے مجموعی سے زیادہ درجہ دینا نہیں چاہتے۔ حکومت کا نظام قائم کرنے میں جو مرتبہ وزارت داخلیہ کا ہے۔ اس کو سمجھنا چاہیئے جیسے بدن میں خون۔ انقلاب کا کوئی امام فقط لڑنا اور باطل کو شکست دینا اپنا کمال نہیں سمجھتا۔ وُہ اس باطل نظام کو شکست دے کر اس سے بہتر نظام پیدا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے بنابریں امام عبدالعزیز کی اس تقسیم کی فقط وہی لوگ قدر کر سکتے ہیں۔ جو انارکزم سے آگے حقیقی انقلاب پیدا کرنا چاہتے ہیں۔

امام عبدالعزیز نے شاہ ولی اللہ کی اعلیٰ سیاست سے علیحدہ ہو کر فقط ہندوستان میں اُن کے طریقے کو منظم بنانا مقصد حیات بنایا۔ اور اس میں کامیاب ہوئے۔

اسی طرح شاہ محمد اسحاق نے امام عبدالعزیز کی اس سیاسی مصلحت سے علیحدہ ہو کر اُنکے نظام کو ہندوستان میں قائم رکھنا اپنا مقصد حیات بنایا۔ سنہ ۱۲۳۹ میں شاہ عبدالعزیز کا انتقال ہوا۔ اسی سال سید صاحب اور اُن کے رفقا (مولانا اسمٰعیل۔ و مولانا عبدالحی وغیرہ) نے ہجرت کا ارادہ کیا۔ سنہ ۱۲۴۲ھ میں سید صاحب کی امامت پر اجماع منعقد ہوا۔ اور وہی اختلافات کا منبع بن گیا۔ چار سال تک سیاسی جد و جہد جاری رہی۔ سنہ ۱۲۴۶ میں یہ لوگ بالاکوٹ میں شہید ہو گئے۔ اس زمانے میں شاہ اسحاق اُن کو روپیہ اور آدمی بھیجکر مدد دیتے رہے۔

قلت وانتقلت امامۃ الحزب الدهلوی بعد وفات مولانا محمد اسحاق (سنہ ۱۲۶۲) الی اخیہ الشیخ محمد یعقوب الدهلوی المکی (المتوفی سنہ ۱۲۸۲) وللشیخ محمد یعقوب شقیق الشیخ محمد اسحاق۔ سنہ ۔ وقد بشر بولادتهما

(بقیہ صفحہ ۱۱۶) و بھجرتھما الی الحجاز الامام ولی اللہ۔ قال الشیخ محمد عاشق فے القول الجلی حضرت شاہ ولی اللہ فرمودند۔ آگاہی آمد ایں فرزنداں کہ لطف الٰہی ایشاں را بما عطا کردہ است۔ ہمہ سعدا اند۔ نوعے از ملکیت در ایشاں ظہور خواہد کرد۔ لیکن تدبیر غیب تقاضا مے کند۔ کہ دو شخص دیگر پیدا شوند۔ کہ در مکہ و مدینہ سالہا احیاء علوم دین نمایند و ہماں جا وطن اختیار کنند۔ از طرف مادر نسب ایشاں بما متمکن باشد۔ زیرا کہ آدمی زادہ بوطن مادر بمیلانِ طبع دارد۔ و انتقال جماعت کہ والدہ ایشاں متمکن باشد۔ بسر زمینے مستحیل است۔ مگر بہ قسر قاسرہ۔

قال الامیر القنوجی بعد ذکرہ حکیناہ من القول الجلی بحروفہ گوید کہ مصداق ایں آگاہی سوائے ہر دو نواسہ حضرت شاہ عبدالعزیز۔ کہ مولانا محمد اسحاق و مولانا محمد یعقوب اند۔ بظاہر معلوم نمے شود۔ کہ ایشاں از دہلی وطن خود ہجرت نمودہ۔ در مکہ اقامت فرمودند۔ و سالہا سال باحیاء روایت حدیث باہل عرب و عجم پرداختند۔ ھ۔ قلت لیس معنی احیاء العلوم مقتصرا علی روایۃ الحدیث فقط بل یشتمل الدعوۃ الی الامر بالمعروف والنہی عن المنکر والدعوۃ الی الجھاد ولاعلاء کلمۃ اللہ۔ کانا مشتغلین بالاحیاء لعلوم الدین بھذا المعنی الی اخر حیاتھما۔ والشیخ محمد یعقوب اخذ عن جدہ الامام عبد العزیز وعن اصحابہ الکبار عموما وعن الشیخ محمد اسحٰق خصوصا۔ اخذ عنہ الشیخ مظفر حسین الکاندھلوی والامیر امداد اللہ۔ وشیخ الاسلام مولانا محمد قاسم من اساطین الطائفۃ الدیوبندیہ توفی الشیخ محمد یعقوب فی ۲۸ ذی القعدہ ۱۲۸۲ھ فکان تاسیس المدرسۃ الدیوبندیہ فی ۱۵ محرم ۱۲۸۳ھ ومن بعد ذٰلک سمی الحزب الدھلوی بالطائفۃ الدیوبندیۃ۔ ھ۔ کتاب التمہید ص ۲۱۵ ۱۲

خواص کی ان جماعتوں کو تیار کرنے کے ساتھ امام عبدالعزیز نے عوام کو اپنے مقاصد سے آشنا کرنے کے لئے ہر ہفتہ میں دو دن[1] وعظ کہنا شروع کیا جس پر آپ آخر عمر تک عمل کرتے رہے! اس طرح عوام میں مستقل بیداری اور خواص کو وعظ کے ذریعہ سے تربیت فکری کا طریقہ سکھاتے رہے۔

امام عبدالعزیز سے تربیت پاکر اُن کے داعی اطراف ھند میں پھیل گئے۔ اس زمانے کے ایک عالم[2] نے اس لئے سیاحت کی کہ اُسے علم حدیث کا کوئی ایسا استاذ ملے جو امام عبدالعزیز کا شاگرد نہ ہو۔ مگر ہند میں اُسے ایک مدرس بھی ایسا نہ ملا:۔

امام عبدالعزیز کے ساتھ اُن کی جمعیت مرکزیہ کے ہر دو طبقوں نے اُنہی کے منہاج پر خواص اور عوام کی تربیت کے لئے مختلف کتابیں لکھیں:۔

---

[1] ہفتہ میں دو بار منگل اور جمعہ کو دہلی کوچہ چیلاں۔ پرانے مدرسہ میں مجالس وعظ منعقد ہوتی تھی جس میں خواص و عوام مور و ملخ سے زیادہ جمع ہو جاتے تھے۔ مخالفین کے اعتراضات تقریر سنتے ہی رفع ہو جاتے تھے۔ طرز بیان ایسا دلکش تھا۔ کہ ہر مذہب کا آدمی مجلس وعظ سے خوش ہو کر اٹھتا تھا۔ آپ کی کوئی بات کسی کو گراں نہ گذرتی تھی۔

اس کے ساتھ پابندی کا یہ عالم تھا۔ کہ اشتداد مرض کے زمانے میں جب اُن کے وعظ کا دن آیا تو آپ نے حاضرین سے فرمایا۔ کہ مجھے اٹھا کر بٹھا دو۔ اور دو آدمی مونڈھے پکڑے رہو۔ لیکن جب بیان کرنا شروع کر دوں۔ تو دونوں شخص مجھے چھوڑ کر علیحدہ ہو جائیں۔ چنانچہ ارشاد کی تعمیل ہوئی۔ اور آپ

(الف) خواص کے لئے امام ولی اللہ کے فلسفہ کی تشریح میں مولانا رفیع الدینؒ نے اسرار المحبتہ اور تکمیل الاذہان کے ساتھ مختلف رسائل لکھے حملۃ العرش کی تحقیق میں اُن کا ایک رسالہ اس قدر اعلیٰ فکر دیتا ہے۔ کہ امام عبدالعزیزؒ نے وُہ رسالہ اپنی تفسیر میں نقل کر دیا ہے۔ ایسا ہی تفسیر آیہ نور میں اُن کا رسالہ بے نظیر ہے :

(بقیہ صفحہ ۱۱۸) نہایت اطمینان سے وعظ کہتے رہے۔ گو لب و لہجہ میں ناتوانی اور کمزوری کے آثار نمایاں تھے۔ لیکن استقلال ویسے ہی رنگ جمائے ہوئے تھا۔ ھ ش م صفحہ ۳۲ ۱۲

[۲] یہ عالم دراصل غیر ہندوستانی ہیں۔ نام یاد نہیں ہے۔ ۱۲ نورالحق

مولینا رفیع الدینؒ کی تصانیف

اسرار المحبتہ کا ایک قدیم نسخہ۔ پرنسپل مولوی محمد شفیع صاحب (اورنٹیل کالج لاہور) کی لائبریری میں موجود ہے۔ گذشتہ ماہ اگست ۱۹۴۱ء میں خاکسار راقم نے اس سے استفادہ کیا۔ نقل لینے کا ارادہ تھا۔ لیکن ناگہاں بیمار پڑنے کے باعث یہ کام سرانجام نہ پا سکا۔ لعل اللہ یحدث بعد ذلک امرا۔ رسالہ مذکورہ میں یہ دکھایا ہے۔ کہ محبت سب اشیاء میں ساری ہے۔ اور قرآن حکیم کی جس قدر آیتیں محبت کے متعلق تھیں۔ اُن کو ساتھ ساتھ حل کرتے جاتے ہیں۔ اس موضوع پر صرف فارابی اور بوعلی سینا نے کچھ لکھا ہے۔ بوعلی سینا کا قصیدہ اُن کے پیش نظر ہے یعنی "ھبطت الیاث من المکان الارفع الخ۔ اس کے جواب میں آپ نے ایک قصیدہ طنانہ لکھا جس کا مطلع یہ ہے "عجبا لشیخ فیلسوف المعی خفیت علیہ منادۃ من مشرع" مقطع یہ ہے۔ ثم الصلوٰۃ النبی وآلہ۔ والحمد للہ العلی الارفع۔ رسالہ محبتہ کے تین جزء ہیں تحصیل۔ تذییل۔ تفصیل۔ دیکھو ابجد العلوم صفحہ ۲۵۴ ۱۲

خواص کے لیئے مولانا محمد اسمٰعیل شہید نے "عبقات" لکھی جس میں شیخ محی الدین بن عربی (متوفی ۶۳۸ھ نور) اور امام ربانی شیخ احمد سرہندی (متوفی ۱۰۳۴ھ نور) کی تحقیقات سے مقابلہ کر کے، امام ولی اللہ کی حکمت کا تفوق دکھایا ہے

(بقیہ صفحہ ۱۱۹) (۲) رسالہ تکمیل الاذہان کا اکثر حصہ ابجد العلوم میں آچکا ہے۔ ملاحظہ ہوں صفحات ص ۱۲ تا ص ۳۲ و ص ۲۲۵ تا ص ۲۷ بالفاظ دیگر حصہ منطق کے ماسوا ساری کتاب ابجد میں آگئی ہے اس کتاب کے مختلف نسخے حسب ذیل مقات پر موجود ہیں:۔

(۱) پیر صاحب العلم سندھ کی کتابخانہ میں اس کا ایک نسخہ تھا جس سے راقم عاجز نے اپنا نسخہ نقل کیا۔ اور نسخہ منقولہ اب بھی میرے پاس محفوظ ہے۔ (۲) حافظ عبد العزیز ولد مولوی احمد صاحب بہاولپور (۳) مولوی عبد التواب ملتانی۔ (۴) مولوی عبد العزیز یا مولوی عبد التواب کے نسخے سے مولانا نجم الدین صاحب سابق ہیڈ مولوی اورنٹیل کالج نے اپنا نسخہ نقل کرایا۔ (۵) مولوی سلطان محمود ملتان۔ شاہ رفیع الدین کی تصانیف کی ایک عام خصوصیت شیخ محسن نے یانع جنی میں یہ بیان کی ہے۔ کہ ان میں بکثرت رموز خفیہ درج ہوتی ہیں۔ جن پر بہ مشکل اطلاع نصیب ہوئی ہے۔ نیز یہ کہ وہ تھوڑے سے الفاظ میں جہانِ معنی آباد کر دیتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ دونوں خصوصیتیں تکمیل الاذہان میں نمایاں ہیں۔ کتاب مذکور میں چار باب ہیں۔ منطق۔ فن تحصیل۔ امور عامہ۔ تطبیق الآراء۔ ایسی جامع کتاب پہلے نہیں لکھی گئی۔

۳۔ رسالہ حملۃ العرش کا تذکرہ شیخ محسن نے یانع جنی میں کیا ہے۔ تفسیر عزیزی مطبوعہ بمبئی میں تفسیر سورۃ الواقعہ آیت "ویحمل عرش ربك فوقهم یومئذ ثمانیة" شاہ عبد العزیز نے وہ رسالہ نقل کر دیا ہے۔ فرماتے ہیں۔ برادر فضائل آئین کمالات آگین شیخ محمد رفیع الدین سلمہ اللہ وزادہ فی الدنیا والدین فتوحًا وبرکاتًا۔ متواترًا ومتوالیا۔ در بعضے تصنیفات خود چنیں نوشتہ اند۔ کہ حملۃ العرش جمعے باشند کہ حامل کمالات اربعہ الٰہیہ اند۔ یعنے ابداع وخلق وتدبیر وتدلی الخ ص ۹۹ مگر گمان غالب یہ ہے۔ کہ منقول شدہ عبارت رسالہ مذکورہ کا ٹکڑا ہے۔ پورا رسالہ نہیں واللہ اعلم ۱۲۔ محمد نور الحق۔

(ب) عوام کے لئے مولانا رفیع الدین (متوفی ۱۲۳۳ھ۔ نور) نے قرآن عظیم کا لفظی ترجمہ ہندی[۱] میں کیا جس کی مدد سے دہلی کے عوام مولانا عبدالعزیز کے وعظ سے پورے مستفید ہوتے رہے۔

مولانا عبدالقادر (متوفی ۱۲۳۰ھ۔ نور) نے قرآن عظیم کا با محاورہ[۲] ترجمہ لکھا "موضح القرآن" کے تشریحی ارشادات آج تک محققین علمار کے لئے بصیرت افزا بن رہے ہیں:۔

مولانا عبدالحی نے "لغات القرآن"[۳] لکھی۔ مولانا محمد اسمٰعیل نے اپنی عربی کتاب "رد الاشراک" کا ترجمہ "تقویۃ الایمان" لکھا۔ یہ کتاب اگر پانچسو برس پہلے لکھی جاتی۔ تو ہندوستانی[۴] مسلمان دنیا کے مسلمانوں سے بہت آگے بڑھ جاتا۔ مولانا محمد اسحٰق نے "مشکوٰۃ" کا ہندی میں ترجمہ کیا:۔

تفسیر آیۂ نور[۱]

شیخ محسن نے "یانع جنی" میں اس کا تذکرہ کیا ہے۔ تفسیر آیت "اللہ نور السمٰوٰت والارض" میں رسالہ "سطعات" از حکیم الہند امام ولی اللہ موجود ہے۔ شاہ رفیع الدین کا یہ رسالہ اُسی کی تکمیل ہے دوسرے حکمار اس مسئلے کو کس طرح حل کرتے ہیں۔ وُہ سب اقوال اس میں جمع کر دئے گئے ہیں۔ اس میں ایک نئی بات یہ ہے۔ کہ پہلے حکمار کے چار فرقے بیان کئے جنہوں نے حقائق اشیار میں بحث کی ہے۔ پانچویں فریق کا امام اپنے والد ماجد کو لکھا ہے۔ کہتے ہیں۔ ھو اعمھم فکرا و اجمعھم علمًا۔ یعنے فکر وسیع اور جامعیت رکھتے ہیں۔ پھر ہر ہر مسئلے میں پانچوں مذہب علیحدہ علیحدہ نقل کرتے جاتے

(بقیہ صفحہ ۱۲۱) ہیں۔ وُہ مذاہب حسب ذیل ہیں سلف اہلحدیث، متکلمین، صوفیہ کرام، حکما اشراقیہ و مشائیہ) یہ چاروں فرقے حقائق اشیا یعنی اُن کی حکمت سے بحث کرتے ہیں۔

۵۔ امام ولی اللہ کا مسلک ان سب سے اجمع۔ اتم۔ الیق ہے۔ رسالہ مذکورہ کا ایک نسخہ ریاست بہاولپور۔ احمد پور شرقیہ۔ مولوی عبدالعزیز ولد مولوی احمد صاحب کے کتب خانے میں موجود ہے۔ ہمارے پاس بھی مکہ معظمہ میں اس کی ایک نقل پہنچی۔ معلوم نہیں کہ ہماری کتابوں کے ساتھ اس کو بھی ہندوستان لایا گیا ہے یا نہیں۔ ع

ل۵ واضح رہے کہ اس زمانہ میں اُردو کو عموماً ہندی ہی کہا جاتا تھا۔

ل۵ شاہ عبدالقادر کے ترجمہ کے متعلق۔ "واقعات دہلی" صفحہ ۵۸ میں مذکور ہے کہ یہ ترجمہ ۱۲۰۵ھ میں ہوا۔ شاہ عبدالقادر کے ترجمہ کا ایک ایڈیشن مطبع مفید عام آگرہ میں نواب شاہجہان بیگم صاحبہ رئیسہ بھوپال کے حکم سے چھپا تھا۔ اس میں شاہ عبدالقادر کا دیباچہ بھی دیا ہے۔ فرماتے ہیں "اس بندۂ عاجز عبدالقادر کو خیال آیا کہ جس طرح ہمارے والد بزرگوار حضرت شیخ ولی اللہ بن عبدالرحیم دہلوی فارسی ترجمہ کر گئے ہیں سہل و آسان۔ اب ہندی زبان میں قرآن شریف کو ترجمہ کرے۔ الحمد للہ کہ ۱۲۰۵ھ میں میسر ہوا۔ کچھ عرصہ بعد آپ نے بعض فوائد "موضح القرآن" کے تاریخی نام سے لکھے۔ اس سے بھی ۱۲۰۵ھ حاصل ہوتا ہے۔

(تنبیہ) اس عبارت سے خیال گزرتا ہے۔ کہ شاہ عبدالقادر اپنے بھائی کے اردو ترجمہ سے مطلع نہیں۔ بہت ممکن ہے کہ شاہ رفیع الدین نے اسی سال یا اس کے بعد ترجمہ لکھا۔ ع نور۔ بعض پرانے ثقات سے سنی ہوئی بات ہے کہ شاہ رفیع الدین نے صرف چند سورتوں کا ترجمہ کیا۔ اور مولانا عبدالحی نے پورا کیا۔ دونوں ترجموں پر مولوی نذیر احمد نے اپنے ترجمہ قرآن کے دیباچہ میں جو کچھ لکھا ہے۔ وُہ وہاں ملاحظہ ہو۔ ۱۲ نورالحق

ل۵ لغات القرآن از مولانا عبدالحی دہلوی۔ فارسی زبان میں ہے۔ طبع ہو چکی ہے ہمیں طالب العلمی کے زمانہ میں دیوبند میں مفت تقسیم ہو کر ملی تھی۔ مکررات کو حذف کر کے وہ علی الترتیب مشکل الفاظ

(بقیہ صفحہ ۱۲۲) کا ترجمہ فارسی میں دیتے جاتے ہیں۔ مثلاً لا ریب فیہ میں ریب کا ترجمہ۔ متقین کے معنے۔ علی ہذا القیاس۔ اس طرز سے لغت یاد ہو کر قرآن عظیم کا سمجھنا سہل ہو جاتا ہے۔

؎۴ یعنی اس میں شرکیہ رسوم کا اثر نہ آنے پاتا۔ حنیفی طریقہ، ہندوستان کی پرانی سیکالوجی سے بہت مناسبت رکھتا ہے۔ اگر یہ تعلیم ایک ہندوستانی سلیم الفطرۃ کو ملتی۔ تو وہ دوسری قوموں سے اسلامیت میں بہت آگے بڑھ جاتا۔ ہمیں محسوس ہوتا ہے کہ بغداد سے جب علوم خراسان آئے۔ تو وہ لوگ تشبیہ و تجسیم کے جھگڑوں میں اس قدر پریشان ہوئے کہ اسلام کی صحیح تعلیم سے پیچھے رہ گئے۔ ہندوستانی تجلی الٰہی کے مسئلے کو بہت آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔ اور حنیفی طریقہ بھی اسی تجلی الٰہی کے ذریعہ سارے علوم و اسرار معرفت الٰہی سکھاتا ہے۔ تجلی کے مسئلے کو خراسانیوں نے نہیں سمجھا۔ اس لئے مسلمانوں کو بہت پیچھے ڈال دیا گیا۔ قرآن عظیم ان کی ذہنیت سے منطبق ہی نہیں ہوتا جب تک وہ اس کی کوئی تاویل نہ کرلیں۔ صوفیہ کرام کے وجود نے اس مصیبت کو کم کرنے کی یقیناً کوشش کی ہے۔ مگر وہ صاحب بیان نہیں کہ علماء ان سے استفادہ کرتے۔ وہ صاحب حال ہیں بے شک۔ جو ان کی صحبت میں پہنچا رنگا گیا

قال الشیخ عم فیضہم فی کتاب التمہید ص۲۱۳۔ وکتابہ فی التوحید کنت قرأتہ قبل اظہار الاسلام ونفعنی اللہ بہ فی فہم رد الاشراک حتی صار سبباً لاہتدائی بالاسلام۔ فالامام محمد اسمٰعیل شیخی وامامی۔ انی احبہ کثیراً مثل ما یحب الناس ائمۃ مذاہبہم۔ استشہد فی ۲۷ ذیقعدہ سنۃ ۱۲۴۶ھ محمد نور الحق۔ صبح ۴۔ نومبر ۱۹۲۱ء۔

؎۵ الصدر الحمید مولانا محمد اسحاق الدہلوی ثم المکی۔ قال الشیخ محسن فی الیانع الجنی۔ ہو من اصحاب الامام عبد العزیز ابن بنتہ اخذ عن جدہ عبد العزیز وجلس بعدہ مجلسہ۔ وکان معروفاً بالعلم والورع۔ ویقال انہ دل علی التقوی۔ ترجمتہ للمشکوۃ معروفۃ مرغوب فیہا۔ ہاجر الی مکۃ واقام بہا سنین ثم توفی بہا سنۃ ۱۲۶۲۔ انتہی۔ قلت وترجمۃ الشیخ للمشکوۃ قد دمجہا الشیخ قطب الدین الدہلوی تلمیذہ فی مظاہر الحق" شرح المشکوۃ۔ فصار نفعہ عاماً والشیخ قطب الدین

امام عبدالعزیز کی تعلیم و ارشاد کا اثر حجاز سے گذر کر استانبول[۲] پہنچا۔ غالباً شیخ خالد کردی اس کا واسطہ بنا جس نے مولانا غلام علی کی خدمت میں سلوک کی تکمیل کی ہے اور مولانا محمد اسمٰعیل شہید کی صحبت کے توسط سے امام عبدالعزیز سے مستفید ہوا۔ خالد کردی کا ایک شعر مشہور ہے۔ کہتا ہے کہ میں علماء خراسان کی خدمت میں پھرا لیکن طبیعت مطمئن نہ ہوئی۔ اور دہلی میں مولانا غلام علی کی خدمت میں جانے کا ارادہ کیا۔ تو وہ لوگ مانع ہوئے۔ مگر میں اُن کے اثر میں نہیں آیا ؎

بدہلی ظلمت کفر است. گفتند و بدل گفتم
بظلمت رو اگر در جستجوئے آب حیوانی

خالد کردی کے شیخ طریقت مولانا غلام علی بھی امام عبدالعزیز کے اصحاب میں سے تھے۔ استانبول کے علماء کی طرف سے امام عبدالعزیز کی خدمت میں دعوت نامہ آیا کہ اگر آپ آستانہ تشریف لائیں۔ تو یہاں کی تمام علمی جماعتیں آپ کی سیادت میں کام کریں گی۔ مگر امام عبدالعزیز نے اپنے والد ماجد امام ولی اللہ کے ہندی[۳] کام کی تکمیل سے علیحدہ ہونا پسند نہیں کیا۔

بقیہ صفحہ ۱۲۳۔ هو خليفة الشيخ محمد اسحاق صاحب التصانيف الكثيرة. مثل جامع التفاسير ومظاهر حق. وظفر جليل وغيرها. وكان من خواص اصحاب الشيخ محمد اسحق وترجمة للمشكوة وجهها النواب في شرح المشكوة. ونفع الله به كثيراً من عباده توفي الشيخ قطب الدين بالمدينة المنورة ۱۸۸۹ ھ تمهید ص ۲۱۷۔

(حاشیہ صفحہ ۱۲۴) سلہ یہ روایت زبانی ہے اور مشائخ دیوبند میں متوارث چلی آتی ہے کیونکہ مولانا رحمت اللہ مہاجر مکی وغیرہ کا ادھر تعلق تھا۔ دعوت نامہ میں ایسے الفاظ ہیں کہ ہم آپ کی کفش برداری کو فخر سمجھتے ہیں۔ مولوی محمد حسین بٹالوی کی "اشاعۃ السنۃ" میں غالباً اس کے متعلق کچھ مواد مل سکے۔ ھ

شیخ خالد کردیؒ

حضرت شیخ غلام علی (عرف عبد اللہ) مجددی مظہری مجدد مائۃ ثالث عشر شمار ہوتے ہیں۔ دہلی کی خانقاہ مجددیہ انہیں کے نام سے آباد ہے آپ کی ذات سے اس قدر فیض جاری ہوا۔ کہ بقول شاہ عبد الغنی محدث دہلوی شاید ہی اگلے مشائخ میں کسی سے اس قدر فیض ہوا۔ ہندوستان میں شاید ہی کوئی ایسا شہر ہو۔ جہاں آپ کا کوئی خلیفہ نہ ہو صرف ایک شہر انبالہ میں آپ کے پچاس خلفاء تھے۔ آپ ہی کے خلیفہ شیخ خالد کردی تھے۔ جن کے مناقب میں علامہ شامی نے مستقل رسالہ تالیف فرمایا جس کا نام سل الحسام الھندی لنصرۃ مولانا خالد النقشبندی ہے۔ یہ رسالہ مصر میں طبع ہو چکا ہے۔ ۱۲۲۴ھ میں ان کا براہِ ایران پورے ایک سال کے سفر کے بعد دہلی پہنچنا۔ اور شاہ غلام علی کی خدمت میں پہنچکر فیضیاب ہونا اور قطب ارشاد بن کر واپس وطن جانا اور وہاں مرجع خاص وعام ہونا مفصل ذکر کیا ہے۔ وقال فی ذلک لیلۃ دخولہ بلدۃ دھلی انشاء قصیدۃ طنانۃ فی ذکر وقائع السفر وتخلص الی مدح شیخہ۔ مطلعھا۔

کملت مسافۃ کعبۃ الآمال — حمدًا لمن قد منّ بالاکمال
من نوّر الافاق بعد ظلامھا — وھدی جمیع الخلق بعد ضلال
اعنی غلام علی القرم الذی — من لحظہ یحیی العظام البالی

ذکر القصیدۃ بکمالھا فی الیانع الجنی۔ قال الشیخ مراد القزانی فی ذیل الرشحات۔ ولد الشیخ غلام علی ۱۱۵۶ھ فی قصبۃ بٹالہ۔ یتصل نسبہ بسیدنا علی کرم اللہ وجھہ۔ ولما وصل الی مولانا مظھر ۱۱۸۰ھ واظب علی الاخذ منہ الی خمس عشرۃ سنۃ۔ وتوجہ الطالبون الیہ من جمیع البلاد

(بقیہ صفحہ ۱۲۵) وقد انتشر الاخذون عنہ فی جمیع اقطار الارض شرقاً وغرباً و عجماً وعرباً و توفی الشیخ غلام علی سنہ ۱۲۴۰ھ. قلت کان الشیخ عبد اللہ من کبار اصحاب الامام عبد العزیز الدھلوی۔

والشیخ خالد یتصل نسبہ بسیدنا عثمان من طریق ابیہ، وامہ من السادات العلویۃ۔ اخذ عن الشیخ عبد اللہ الدھلوی الطریقۃ النقشبندیۃ المجددیۃ۔ ثم اجتمع اخیراً بالشاہ عبد العزیز بن الشاہ ولی اللہ الدھلوی۔ ملک العلماء فی عصرہ۔ وذلک باشارۃ شیخہ، فاجازہ بجمیع ما یجوز لہ روایتہ توفی سنہ ۱۲۴۲ھ۔ انتھی۔ قالہ الشیخ مراد القزانی فی ذیل الرشحات م کتاب التمھید ص ۲۱۹ و ص ۲۲۰۔

شاہ عبد الغنی محدث دہلوی نے شیخ خالد کا ایک فارسی قصیدہ نقل کیا ہے جس کے اٹھ شعر ہیں، مطلع اور زمین ملاحظہ ہو ؎

خبر از من دہید آں شاہ خوباں را بہ پنہانی	کہ عالم زندہ شد بار دگر از ابر نیسانی

شیخ کی مدح یوں کہتے ہیں۔

امام اولیا سیّاح بیدائے خدا بینی	ندیم کبریا سیاح دریائے خدادانی
مہین راہنمایاں شمع جمع اولیاء دین	دلیل پیشوایاں قبلۂ اعیان روحانی
چراغ آفرینش مہر برج دانش و بینش	کلید گنج حکمت محرم اسرار سبحانی
امین قدس عبد اللہ شہ کز التفات او	دہد سنگ سیاہ خاصیت لعل بدخشانی
مقطع۔ زجام فیض خود کن خالد درماندہ راسیراب	کہ اولب تشنۂ مستسقی و تو دریائے احسانی

اسی قصیدہ کا وہ شعر ہے۔ جو متن میں مذکور ہے۔ حضرت شاہ عبد الغنی محدث دہلوی مہاجر مدنی اپنے رسالہ تذکرہ حضرت شاہ غلام علی میں لکھتے ہیں۔ مولانا خالد شہر زوری کردی در علماء ہند فے الجملہ مدح حضرت شاہ عبد العزیز مے نمودند۔ مدبش م ۱۴۱۸ ۱۲ محمد نور الحق

(الف) جن لوگوں نے امام ولی اللہ، امام عبدالعزیز، اور اُن کے رفقا کی کتابیں نہیں پڑھیں۔ وُہ حزب ولی اللہ کے امتیازی خواص اچھی طرح نہیں سمجھ

(بقیہ صفحہ ۱۲۶) میں نے مکہ معظمہ میں خالد کردی کے مطبوعہ مکاتیب دیکھے۔ سال بھر میں ایک بار وُہ دہلی خط لکھا کرتے تھے۔ اور حجاج کی معرفت پہنچانے کا انتظام تھا۔ خط میں مولانا محمد اسمٰعیل شہید کا تذکرہ اس طرح کرتے جیسے کوئی کسی کا صدیق حمیم ہو۔ ساتھ ہی شیخ خالد مولانا شہید کے علمی ترفع کا بھی بہت زیادہ معترف ہے۔ ان خطوط میں حضرات ثلاثہ کی اصطلاح خاص طور پر برتی جاتی ہے۔

سلہ غرض یہ ہے کہ گو علماء استنبول نے آپ کو دعوت دی۔ مگر آپ نے ایک تو اس لئے تسلیم نہ کیا۔ کہ وُہ اپنے والد کے کام کو ترک کرنا نہیں چاہتے تھے۔ کیونکہ وُہ حجاز چھوڑ کر ہند واپس آگئے تھے۔ اس کے علاوہ شاہ عبدالعزیز کو علم ہے۔ کہ اُن کا مقرر کردہ پروگرام استنبول میں بیٹھ کر پورا ہی نہیں ہوسکتا۔ دوسرے علماء اس کو ماننے کے لئے آسانی سے تیار نہیں ہوں گے کیونکہ مسلکوں کا کافی اختلاف موجود ہے۔

واضح رہے کہ شاہ ولی اللہ کا مخاطب اعلیٰ طبقہ ہے۔ وُہ تمام دنیا میں ایک ہی رنگ رکھتا ہے اس لئے اُن کی باتیں دوسرے ممالک میں اسی طرح مانی جاسکتی ہیں۔ جیسے ہندوستان میں مگر شاہ عبدالعزیز اعلیٰ طبقہ کو چھوڑ کر متوسط اور عوام کو مخاطب بناکر وہی عالی علوم ان تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تاکہ یہ علوم راسخ ہوسکیں۔ ظاہر ہے کہ متوسط طبقہ ہر ملک کا جدا جدا ہوتا ہے۔ تو اب جو خصوصیات امام عبدالعزیز کے طریقے میں موجود ہیں۔ وُہ صرف مخاطبین کی ضرورت کی وجہ سے ہیں۔ علمی طور پر اُن کو اس بلند فکری سے نیچے اترنے کی۔ خود اپنی طبیعت کے رو سے، نیز اپنے خصوصی ماحول (مثلاً خاندان تلامذہ والا) کے رُو سے کوئی ضرورت نہیں۔

اسی فرق کا نتیجہ ہے۔ کہ شاہ ولی اللہ فقہ حنفی اور شافعی کو مساوی درجہ دیتے ہیں۔ اور شاہ عبدالعزیز فقط فقہ حنفی سے مقید ہیں۔

سکتے۔ اس حزب کے مقاصد کی توضیح میں جس قدر دنیائے اسلام کی مشترک زبان عربی میں لکھا گیا ہے اس سے بہت زیادہ پہلے فارسی[1] میں۔ اور پھر خالص ہندی میں تحریر ہوا۔ عربی، ترکی ممالک اُن سے زیادہ استفادہ نہیں کر سکتے۔

(ب) امام ولی اللہ اور امام عبدالعزیز کے زمانہ میں ہندوستان سے باہر جس قدر اسلامی تحریکیں پیدا ہوئیں جیسے ایران میں بابی، نجد میں وہابی، یمن میں زیدی۔ وُہ خاص خاص پروگرام لے کر اُٹھیں۔ حزب ولی اللہ کی ہندوستانی تحریک اُن میں کسی سے نہ تو مقصد میں اشتراک رکھتی ہے نہ اُس کا طریق عمل کسی تحریک کے ساتھ مشتبہ[2] ہو سکتا ہے۔

(ج) حزب ولی اللہ کا بابی تحریک سے اشتباہ تو کسی کے وہم و گمان میں بھی نہیں آسکتا۔ کیونکہ فرقہ شیعہ کی غلطیوں سے عوام و خواص کو بچانا۔ اس حزب کے ذاتیات میں داخل ہے۔

---

[1] یعنے ہندی فارسی میں۔ نہ ایرانی فارسی میں۔ ھ

[2] کیونکہ شاہ صاحب کا ان تحریکات کے ساتھ ایک آئیڈیا (نصب العین) میں اختلاف موجود ہے۔ شاہ صاحب حضرت عثمان کی شہادت کے بعد جو اختلاف پیدا ہوا۔ اس کو اسلامیت میں سند بننے نہیں دیتے۔ عام طور پر مسلمان قرون مشہود لہا بالخیر کی تعیین تابعین کے دور تک کر لیتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں اسلام کی پہلی صدی اُن کے ہاں قابل استناد ہے۔ تو اس فرق سے تحریکات کے ذاتی جوہر

(د) البتہ عرب کی نجدی تحریک سے حزب ولی اللہ بعض امور میں اشتراک رکھتا ہے اس لئے ظاہر بین دونوں کو یکساں مان سکتے ہیں۔

عرب میں شیخ الاسلام ابن تیمیہ (متوفی ۷۲۸ھ) کے اتباع میں سے شیخ محمد بن[1] عبدالوہاب توحید کی دعوت دینے کے لئے اُٹھتے ہیں۔ حزب ولی اللہ میں بھی توحید کی دعوت اسی طرح موجود ہے، اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ کا احترام بھی دونوں تحریکوں میں مسلّم ہے :۔

(بقیہ صفحہ ۱۲۸) میں اختلاف پیدا ہو جاتا ہے۔ ایک شیعہ جو حضرت علی کرم اللہ وجہ کے زمانے میں ایک چیز کو حق سمجھتا ہے۔ وُہ اس کو پہلے تین خلفاء کے زمانے پر ترجیح دینے کے لئے تیار ہو جائے گا۔ اور شاہ ولی اللہ کے ہاں یہ ناممکنات میں سے ہے۔ کیونکہ شاہ صاحب کا مقصد خلافت راشدہ کا احیا ہے۔ بہت سے مذاہب متعددہ جو پہلی صدی میں پیدا ہوئے۔ دوسرے علماء کے طریقے پر سنون سے متشابہ ہو سکتے ہیں، اور شاہ صاحب کے طریقہ پر یہ ناممکن ہے۔

رہا پروگرام کا فرق۔ یہ تو ہر ہر طریقے میں اظہر من الشمس ہے۔ شاہ صاحب اپنے پروگرام میں عقل، نقل، کشف، ہر سہ کو جمع کرنا ضروری قرار دیتے ہیں۔ دوسرے لوگ اس طرح کا پروگرام نہیں بناتے۔

[1] الشیخ محمد بن عبد الوهاب بن سلیمان صاحب نجد الذی تنسب الیہ الطائفۃ الوهابیۃ ولد سنۃ ۱۱۱۵ھ بالعینیۃ من بلاد نجد وهم بیت فقہ لما اراد نشر دعوتہ خرج الی الدرعیۃ واطاعہ امیرها محمد بن سعود من آل مقرن وهذا فی حدود سنۃ ۱۱۵۹ھ۔ وانتشرت دعوتہ فی نجد وشرق بلاد العرب الی عمان

بقیہ صفحہ ۱۲۹ - ولم یخرج عنها الی الحجاز والیمن الا فی حدود سنہ ۱۲۰۰ھ. قال محمد بن ناصر الحازمی تلمیذ الشوکانی. هو رجل عالم. متبع الغالب علیہ فی نفسہ الاتباع. و رسائلہ معروفة. وفیها المقبول والمردود. واشهر ما ینکر علیہ خصلتان کبیرتان الاولی تکفیر اهل الارض بمجرد تلفیقات لا دلیل علیها - وقد انصف السید الفاضل العلامة داؤد بن سلیمان فی الرد علیہ فی ذلك. والثانیہ التجاری علی سفك الدم المعصوم بلا حجة ولا اقامة برهان - وکان یعلن ان من دعا غیر اللہ او توسل بنبی او ملك او عالم فانہ مشرك. شاء او ابی - اعتقد ذلك امر لا و تعدی ذلك الی تکفیر المسلمین جمهورهم. فکفر محمد بن بن عبد الوهاب من دعاء الاولیاء وکفر من شك فی کفرہ وکان یجاهد من خالفہ - ولو بالاغتیال وینهب الاموال ویکفر الامة المحمدیة فی جمیع الاقطار فهو رجل علم من الشریعة شطراً ولم یمعن النظر ولا قرء علی من یهدیہ نهج الهدایة ویدلہ علی العلوم النافعة ویفقهہ فیها - بل بعضا من مؤلفات الشیخ ابن تیمیہ ومؤلفات تلمیذہ ابن القیم وقلدهما من غیر اتقان. مع انهما یحرمان التقلید قال الشیخ السید محمد امین المعروف بابن عابدین فی رد المحتار شرح الدر المختار فی باب البغاۃ ص ۳۰۹ کما وقع فی زماننا فی اتباع عبد الوهاب الذین خرجوا من نجد وتغلبوا علی الحرمین وکانوا ینتحلون مذهب الحنابلة. لکنهم اعتقدوا انهم هم المسلمون وان من خالف اعتقادهم مشرکون واستباحوا بذلك قتل اهل السنة وقتل علمائهم حتی کسر اللہ شوکتهم وحزب بلادهم وظفرهم عساکر المسلمین عام سنہ ۱۲۳۳ انتهی. اغاروا علی الحرم المحترم نصف النهار یوم السبت ثامن شهر المحرم سنہ ۱۲۱۸ توفی الشیخ محمد بن عبد الوهاب سنہ ۱۲۰۶ قبل غارة الحرم وانما کان ذلك من ولدہ عبد اللہ بن محمد بن عبد الوهاب امام الوهابیة. ھ - ابجد العلوم ص ۸۷۶.

امام ولی اللہ نے شیخ ابراہیمؒ کروی مدنی کے کتب خانہ میں شیخ الاسلام ابن تیمیہ سے کافی استفادہ کیا ہے۔ ازالۃ الخفا میں بعض اساسی مسائل[۲] ایسے موجود ہیں۔ جو یقیناً "منہاج السنۃ" سے لئے گئے ہیں۔ امام ولی اللہ شیخ ابراہیم کی اتباع میں شیخ الاسلام ابن تیمیہ اور شیخ اکبر محی الدین ابن عربی کی یکساں عزت اور عظمت مانتے ہیں۔ اور اس میں امام ربانی شیخ احمد سرہندی کو بھی شامل کرتے ہیں۔ کہ اُن کے بعض بیانات[۳] کے اغلاق سے اُن کے مطالب کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑتا؛

الشیخ[۱] ابراہیم الکردی — عارف بفنون العلم من الفقہ والحدیث والعربیۃ والاصلین ولہ تصانیف فی ذٰلک رحل الی بغداد والشام ومصر والحرمین وصحب القشاشی وروی عنہ الحدیث وکان یتکلم بالفارسی والکردی والترکی والعربی کان مجلسہ روضۃ من ریاض الجنۃ۔ وکان یرجح کلام الصوفیۃ علی الحقائق الحکمیۃ ویقول ھٰؤلاء الفلاسفۃ تادبوا عثوراً علی الحق ولم یھتدوا الیہ۔ وتاریخ وفاتہ انا علی فراقک یا ابراہیم لمحزونون۔ ھ ابجد ص۲۴۶

[۲] فتنہ عثمانؓ سے پہلے جو زمانہ گذرا اس میں شاہ صاحب کا یہ نظریہ ہے کہ اختلاف ہوا ہی نہیں جس قدر اختلاف مروی ہے وُہ مشورہ شروع کرنے میں جیسے اختلاف ہوتے ہیں اس نمونے کا ہے۔ مگر فیصلہ میں اختلاف ہو۔ ایسا کبھی نہیں ہوُا۔ ایک چیز پر متفق ہو کر اٹھتے تھے۔ اس پر شاہ صاحب نے "ازالۃ الخفا" میں بسط سے زور دیا ہے۔ اور یہ اُن کی بہت بڑی علمی اساسی چیز ہے؛ اور شیخ الاسلام

(بقیہ صفحہ ۱۳۱) ابن تیمیہ منہاج میں اس کو ایک آدھ سطر میں لکھ جاتے ہیں۔ تو اس امر کا اعتراف نہ کرنا علمی طبقے میں معیوب ہے۔ ہم شاہ صاحب کی اس لئے عزت نہیں کرتے کہ وُہ تمام چیزیں از خود ایجاد کرتے ہیں۔ وہ سلیم الفطرت ہیں۔ اور ائمہ متقدمین کی صحیح سے صحیح باتیں ہی لیتے ہیں۔ یہ اُن کی عظمت کا راز ہے۔ وہ شیخ اکبرؒ اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ سے یکساں طریقے پر اُن کی اچھی تحقیقات قبول کر لیتے ہیں۔

۵۳ امام ربانی کے بعض اقوال پر عرب و ہند میں سخت انکار کیا گیا۔ مثلاً وُہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو "درجہ خلت" میرے ذریعہ نصیب ہُوا۔ شاہ صاحب اُسکی توجیہہ فرماتے ہیں۔ کہ یہ بیان کی پیچیدگی اور الفاظ کی کوتاہی اور عدم مساعدت ہے۔ ورنہ اُن کا مطلب صحیح ہے۔ جس میں کسی کو اختلاف کی گنجائش نہیں۔ مثلاً وُہ فرماتے ہیں کہ سلطان محمود غزنوی نے ہندوستان کو فتح کیا۔ اور یہاں اسلامی سلطنت قائم کی۔ تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دین کا غلبہ ممالک اور ادیان پر یہ آپ کے ذاتی کمالات میں داخل ہے۔ مگر ہندوستان پر غلبہ متحقق ہونے میں سلطان محمود واسطہ بنتا ہے۔ اسی طرح رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بعض کمالات کی تشریح میں امام ربانی واسطہ بن سکتے ہیں۔ شاہ صاحب فرماتے ہیں۔ کہ امام ربانی کے بیانات میں الفاظ کی گونہ تنگی ہے امام ولی اللہ مکتوبات ص۴ پر فرماتے ہیں۔ مکتوب در دفع شبہات مکتوب حضرت مجدد کہ در باب خلت و حصول ایں مرتبہ عظمیٰ بہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بہ وساطت بعض افراد امت و آں افراد را مراد از نفس خود داشتہ اند۔ مکتوب چہارم از جلد ثالث وغیر آں تصریح کردہ اند۔ کہ آنحضرت را صلے اللہ علیہ وسلم بعد ہزار سال بواسطہ بعض افراد امت مقام خلت حاصل شدہ و باشارہ مفہوم مے گردد کہ مراد ازاں فرد ذات مجدد است۔ وایں مقدمہ بظاہر مورد اشکالات کثیرہ شدہ است۔ آنچہ پیش فقیر متحقق شدہ ایں است کہ غرض شیخ اثبات اصل خلت است۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔ در اول امر بغیر توسط و اثبات توسط خود در فیضان خلت بر بنی آدم تا آں معنی کہ بہ توسط او بعد ہزار سال مردماں حصہ ازاں خلت یافتند و دریں جا ہیچ خدشہ لازم نمے آید زیرا کہ فضائل اضافیہ مثل مقتدا و متبوع عجم شدن، بتوسط خلق متحقق

ایسا ہی مولانا محمد اسمٰعیل شہید کی تقویۃ الایمان جو حجۃ اللہ البالغہ سے ماخوذ ہے شیخ محمد عبدالوہاب کی کتاب التوحید کی طرح بعض مقامات پر ایک ہی سی بات لکھی ہے۔

بقیہ صفحہ ۱۳۲۔ شدہ است۔ وہم چنیں ہر علمے کہ بسبب اور جمع مہتدی شوند۔ و اتباع آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم درست کنند۔ و آں عالم واسطۂ عموم دعوت و مقتدا بودن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مرآں قوم را خواہد بود۔ ۵ صفر ۷-۸-۹۔ نور الحق۔

حزب دہلوی اور حزب صادق پوری

قال الشیخ عم فیضہم فی کتاب التمہید ص ۱۴۵ الحزب

الدہلوی۔ یمیل الی الصدر الشہید والصدر الحمید (مولانا اسحق) اکثر والحزب الصادقپوری الی الامیر الشہید (السید احمد) اکثر۔ وکلہم متفقون علی امامۃ الامام ولی اللہ الدہلوی۔ ثم الامام عبدالعزیز۔ ثم الامیر الشہید السید احمد۔ لکن بعد ما اشتباك بعض ائمۃ الصادقپوریین مع الظاہریۃ والمحدثین وزیدیۃ الیمن وحنابلۃ النجد وخرجوا عما کان علیہ الصدر الشہید۔ حدث الاختلاف الکثیر بین العلوم والمعارف بین الحزبین۔

واذا امعنت النظر فی تقویۃ الایمان للصدر الشہید۔ وکتاب التوحید تجد الفرق بینہما ظاہراً فی مسئلۃ عدم مغفرۃ المشرك و مسئلۃ نفی التوسل۔ وکذلك اذا امعنت فی اصول الفقہ للشہید وارشاد الفحول الشوکانی وجدتہما متباءنین فی الاستدلال بالاجماع وغیرہ۔ و کذا اذا قرأت کتاب "العبقات" للصدر الشہید وجدت مسلکہ فی فلسفۃ ابن العربی مخالفاً لمسلك شیخ الاسلام ابن تیمیۃ واصحابہ من الحنابلۃ۔ و

ہندوستان میں جس قدر اہل علم حزب ولی اللہ کے مخالف ہیں۔ وہ ان اشتراکی مواقع کی بنا پر دونوں تحریکوں کو ایک بنانے کے لئے کافی سے زیادہ کوشش کر چکے ہیں۔

(۵) مگر جب اچھی طرح غور کیا جائے۔ تو یہ اشتباہ دُور ہو جاتا ہے! امام ولی اللہ کی عقلیت اور اُن کا فلسفہ، وحدۃ الوجود کے مسئلے پر مرتکز ہے۔ وہ امام ربانی کی وحدۃ شہود کو بھی وحدت وجود سے تطبیق دیتے ہیں! اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ وحدۃ الوجود کے ماننے والوں سے جس قدر شدید نفرت رکھتے ہیں وہ دنیا کو معلوم ہے۔ جب کہ دونوں تحریکوں کی ذاتیات میں اس قدر اختلاف ہو۔ تو اُن کو محض بعض امور کے اشتراک سے ایک نہیں کہا سکتا۔

(بقیہ صفحہ ۱۳۳) کان الشیخ السید نذیر حسین الدھلوی یتبع الصدر المتھید فے عدم تکفیر ابن العربی۔ قال فے کتاب الحیات بعد الممات "میاں صاحب طبقہ علما، کرام میں شیخ محی الدین ابن العربی کی بڑی تعظیم کرتے تھے۔ اور "ختم الولایۃ المحمدیۃ" کہہ کر پکارتے تھے۔ مولانا بشیر الدین قنوجی جو شیخ اکبر کے مخالف تھے۔ ایک مرتبہ دہلی اسی غرض سے تشریف لائے کہ اُن کے بارے میں میاں صاحب سے مناظرہ کریں۔ دو مہینے دہلی میں رہے روزانہ مجلس مناظرہ گرم رہی۔ مگر میاں صاحب اپنی عقیدت سابقہ سے جو شیخ اکبر سے تھی۔ ایک تل برابر بھی پیچھے نہ ہٹے آخر مولانا ممدوح دو ماہ کے بعد واپس تشریف لے گئے۔ علیٰ ہذا القیاس مولانا ابوالطیب شمس الحق نے بھی شیخ اکبر کے متعلق کئی دن تک متواتر میاں صاحب سے بحث کی۔ اور فصوص الحکم پر اعتراضات جمائے۔

(بقیہ صفحہ ۱۳۴) میاں صاحب نے پہلے تو سمجھایا۔ مگر جب دیکھا کہ ابھی لا نسلم ہی کے کوچے میں ہیں تو فرمایا۔ کہ فتوحات مکیہ شیخ اکبر کی آخری تصنیف ہے۔ اور اس لئے ان کی سب تصانیف ماسبق کی ناسخ ہے اس جملہ پر وہ سمجھ گئے۔ انتہیٰ۔ وکذلك رجع الى عدم التكفير الامير القنوجي فى كتابه "التاج المكلل" حيث قال المذهب الراجح فى مسلك ابن العربي على ما ذهب اليه العلماء المحققون الجامعون بين العلم والعمل۔ والشرع والسلوك۔ السكوت فى شانه۔ وصرف كلامه المخالف لظاهر الشرع الى محامل حسنة۔ وكف اللسان عن تكفيره وتكفير غيره من المشائخ الذين ثبت تقواهم فى الدين وظهر علمهم بين المسلمين وكانوا فى الذروة العليا من العمل الصالح

محمد نور الحق۔

طریقہ امام ولی اللہ وطریقہ محمد بن عبداللہ عرب النجدی

الامام ولی اللہ قد بنى طريقته على عرض المجتهدات على السنة والكتاب وتطبيق الفقهيات بهما فى كل باب؟ وقبول ما يوافقها من ذلك، ورد ما لا يوافقها۔ كائنا ما كان۔ وكذلك ابن ابنه المولى محمد اسمعيل الشهيد اقتفى اثر جده ولم يكن ليخترع طريقا جديدا فى الاسلام كما يزعمه الجهال۔ وطريقته هذا كله مذهب حنفى، وشرعة حقه مضى عليها السلف والخلف وهو رحمه الله احيى كثيرا من السنن الممات وامات عظيما من الاشراك والمحدثات حتى نال درجة الشهادة۔ ولكن اعداء الله ورسوله تعصبوا فى شانه وشان اتباعه واقرانه حتى نسبوا طريقته هذا الى الشيخ محمد بن عبد الوهاب النجدى ولقبوهم بالوهابية۔ وان كان ذلك لا يجديهم نفعا لانهم لا يعرفون نجدا ولا صاحب نجد۔ بل هم اهل بيت علم الحنفية واصحاب النفوس المزكية قاله الامير القنوجى فى الحطة۔ ه۔ کتاب التمهید موقف ثالث فی شیوع الحدیث فی الهند

اس کی مزید تفصیل کے لئے ش۔م ص ۱۴۴-۱۴۷ ملاحظہ ہو۔

ایسا ہی مولانا شہید کی "تقویۃ الایمان" کا التوسل فی الدعاء کو جائز قرار دینا اور "شرک اصغر" کے مرتکب کو کافر نہ مانتے ہوئے غیر مغفور قرار دینا۔ دو اساسی مسئلے ہیں جو "کتاب التوحید" کے مناقض ہیں۔ شیخ محمد بن عبدالوہاب کے اتباع ایسے لوگوں کو کبھی معاف نہیں کرتے۔ جو مولانا محمد اسمٰعیل شہید کے ان دو مسئلوں میں تابع ہوں۔ ایسی حالت میں دونوں تحریکوں کو ایک سمجھنا سرسری سمجھ کا مغالطہ ہے۔

التوسل فی الدعاء

مثلاً خدا تعالیٰ سے استدعا کی جائے۔ بحرمت فلاں یا بحق فلاں کہہ کر تو اس توسل کو ابن عبدالوہاب نہایت شدت سے ممنوع قرار دیتا ہے۔ مولانا محمد اسمٰعیل کے ہاں یہ توسل ناجائز نہیں ہے۔ تقویۃ الایمان میں اس کے جواز کی تصریح کرتے ہیں۔ لیکن یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ۔ جہاں ذات الٰہی کو توسل کے درجہ پر لایا گیا ہے۔ ہر دو کے ہاں ناجائز ہے۔ یہ ہے توسل فی الدعاء کا مسئلہ جس میں ہر دو طرف ایک دوسرے کی نقیض ہیں۔

دوسرا مسئلہ حسب ذیل ہے۔ آیۃ ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ و یغفر ما دون ذالک لمن یشاء۔ کی تفسیر میں ہر دو کا اختلاف ہے۔ اس آیت کا ظاہری اقتضا یہی ہے کہ شرک غیر مغفور ہے۔ اور ماورائے شرک دوسرے کبائر قابل مغفرت ہیں۔ یہ اس آیت کا ظاہری تقاضا ہے۔ اب شرک کا لفظ دو درجوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ شرک اکبر۔ شرک اصغر۔ شرک اکبر تو یقیناً کفر ہے۔ کسی شخص کا اہل اسلام میں سے اس میں اختلاف نہیں کہ وہ غیر مغفور اور ابدی عذاب کا باعث ہے۔ شرک اصغر کو اہل علم کبائر میں شمار کرتے ہیں۔ ابن الوہاب اس کو شرک اکبر سے ملاتا ہے

بقیہ صفحہ ۱۳۶ چونکہ نص میں عموم ہے اس لئے وُہ اس میں تخصیص کی اجازت نہیں دیتا۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ جو مسلمان شرک اصغر میں مبتلا ہو۔ اُس کا اسلام ان کے ہاں مقبول نہیں ہے۔ مثلاً مسئلہ یا شیخ اور من احلف بغیر اللہ فقد اشرک وغیرہ امور یہاں عام اہل علم اور ابن عبدالوہاب کا اختلاف واضح ہو گیا۔

محاکمہ مولانا شہید یہاں حکم کے طور پر ایک فیصلہ کرتے ہیں۔ وُہ فرماتے ہیں شرک اصغر کی بھی جس قدر سزا مقرر ہے وُہ معفو نہیں ہوگی۔ شرک اصغر کبائر میں شامل نہیں۔ اس کی سزا اس کے مرتکب کو ضروری طور پر بھگتنا پڑے گی۔ مگر وُہ کفر کے برابر نہیں۔ تا کہ ابدیت عذاب اس میں ثابت ہو۔ ابن عبدالوہاب آیت مذکورہ میں شرک کی تخصیص سے مانع تھا۔ ہم نے بھی اس کی تخصیص نہیں کی۔ بلکہ اس کا عموم برحال رکھا۔ اور عموم بحال رکھ کر حکم میں۔ جو اہل علم کا متفقہ مسئلہ ہے اصحابہ اور تابعین کے عہد سے لے کر، کہ شرک اکبر و اصغر میں فرق ہے۔ اُس کو قائم رکھا۔ مولانا محمد اسمٰعیل اس تحقیق میں منفرد ہیں۔ مسلمانوں میں ہم نے اب تک کسی عالم کے کلام میں اس کے متعلق کوئی اشارہ نہیں دیکھا۔ اور تقویۃ الایمان میں ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ الخ کے متعلق جو فائدہ لکھا۔ اس میں اس کی تصریح کر دی۔ ہم نے نجدی علماء کو لطافت سے اس پر متنبہ کیا۔ وہ سُن کر حیران رہ گئے پھر کبھی بھی انہوں نے اس پر بحث کرنا مناسب نہ سمجھا۔ کیونکہ اس سے اُن کے امام کی ساری اساس منہدم ہو جاتی ہے۔ اور ظاہر ہے کہ وُہ مولانا شہید کی بات کا انکار بھی نہیں کر سکتے۔ ہمارے سامنے انہوں نے اس بات پر کوئی انکار نہ کیا۔ اور مولانا شہید کی عظمت کا اعتراف کر لیا:۔

ان حالات کے بعد ہم کیسے کہہ سکتے ہیں۔ کہ ہر دو تحریکیں ایک ہیں؟ ہندوستان سے بعض اہلحدیث مکہ معظمہ میں آتے رہے۔ اور نجدیوں کو یقین دلاتے رہے۔ کہ مولانا اسمٰعیل شہید تمہارے ہم مسلک ہیں ہم نے جب ان کو مابہ الفرق سمجھایا۔ تو وُہ حیران رہ گئے۔ کہ یہ اہلحدیث کیسے ہیں۔ کہ اپنے امام کی باتوں کو بھی نہیں سمجھتے۔ ہم نے کہا۔ یہ اور زیادہ تعجب انگیز ہے۔ کہ وُہ کتاب سلیس اُردو میں لکھی ہوئی ہے

(۵) یمنی تحریک کے ایک بزرگ امام شوکانی محقق محدث ہیں۔ اور حزب ولی اللہ کے اتباع میں سے بعض فرقے مستقل طور پر اُن کی اتباع کا دم بھرتے ہیں۔ وُہ دیکھتے ہیں۔ کہ اتباع سنت کی تفصیلی دعوت میں امام شوکانی حزب ولی اللہ کا سا ہم ہے مگر حقیقت شناس جانتے ہیں۔ کہ شوکانی زیدی ہیں اس لئے حنفیہ سے گو بعض مسائل میں اشتراک ضروری ہے۔ پھر بھی وہ حجیت اجماع پر صاف رائے نہیں رکھتے۔ قاضی شوکانی کی کتاب "ارشاد الفحول" اور مولانا شہید کا رسالہ "اصول فقہ" ملا کر پڑھئے۔ تو فرق واضح ہو جائیگا۔

امام شوکانیؒ هو محمد بن علی بن محمد الشوکانی ولد ۲۸ ذیقعدہ سنہ ۱۱۷۲ قد رزق سعة التبحر فی العلوم علی اختلاف اجناسها و انواعها و اصنافها و سعة التلامذة المحققین۔ وسعة التالیف المحررة یبلغ عددها الی (۶۵) کتابا۔ منها۔ کتاب نیل الاوطار لا نظیر له فی تحقیق المسائل اعطی فیه المسائل حقها فی کل بحث علی طریق الانصاف وعدم التقلید بمذهب الاسلاف وکان یقول انه لم یرض عن شئی من مولفاته سوا لا ما هو علیه من التحریر البلیغ وقرئ علیه مرارا وانتفع به العلماء۔ وکان ذا لیقد فی ایام مشائخه فنبهوه علی مواضع منه حتی تحرر۔ وشوکان اسم بلدة بهجرة۔ توفی الشوکانی فی جمادی الاخرہ سنہ ۱۲۵۰۔ انتهی ابجد العلوم ص ۸۷۸

قال الشیخ علم فیضهم انی اخذت فقه الامام محمد بن علی الشوکانی عن الشیخ الامام الحسین بن محسن الیمانی عن محمد بن نصر الحازمی و احمد بن

بقیہ صفحہ ۱۳۸۔ محمد بن علی الشوکانی۔ کلاھما عن الامام محمد بن علی الشوکانی۔ واشتغلت بالاستفادة عن کتبہ مدة طویلة۔ وانی معترف بان اللہ اعاننی تبلک التصانیف علی فہم طریقة المحققین۔ لکن ما وافقت الشوکانی فی کثیر من مجتہداتہ و الذی اعتقد فی حقہ انہ عالم منصف۔ مجتہد فی الاصول والفروع۔ تریدای ینصر السنة۔ لکن لا یوافق اھل السنة الفقہاء ولا اھل الظاھر منہم فی جمیع ما یقررونہ۔ ومن اجل البدیہیات عند من وقف علی طریقة الامام ولی اللہ الدھلوی واتباعہ انہم لا یوافقون الشیعة الامامیة منہم والزیدیة لا فی الاصول ولا فی الفروع۔ فلنذکر مثالاً واحداً من کلام الشوکانی و من کلام الولی اللھیین حتی یتضح الفرق۔

قال الشوکانی فی "ارشاد الفحول" اختلف علی تقدیر امکان الاجماع فی نفسہ۔ وامکان العلم بہ۔ وامکان نقلہ الینا۔ ھل ھو حجة شرعیة۔ فذھب الجمہور الی کونہ حجة۔ وذھب النظام والامامیة وبعض الخوارج الی انہ لیس بحجة۔ وانما الحجة فی مستندہ ان ظہر لنا۔ وان لم یظہر لنا لم نقدر للاجماع دلیلاً تقوم بہ الحجة۔ ثم ذکر جمیع ما وصل الیہ نظرہ من ادلة القائلین بحجیتہ واجاب عنہا۔ وقال فی آخر تلک المباحث۔ والحاصل انک اذا تدبرت ما ذکرناہ فی ھذہ المقدمات وعرفت ذلک حق معرفتہ تبین لک ما ھو الحق الذی لا شک فیہ ولا شبہة۔ ولو سلمنا جمیع ما ذکرہ القائلون بحجیة الاجماع وامکانہ وامکان العلم بہ فغایتہ ما یلزم من ذلک ان یکون ما اجمعوا علیہ حقاً۔ ولا یلزم من کون الشیء حقاً وجوب اتباعہ۔ کما قالوا کل مجتہد مصیب ولا یجب علی مجتہد آخر اتباعہ فی ذلک الاجتہاد بخصوصہ۔ واذا تقرر ذلک علمت ما ھو الصواب وستذکر ما ذکرہ اھل العلم فی مباحث الاجماع من غیر

بقیہ صفحہ ۱۳۹۔ تعرض لرفع ذلك اكتفاء بهذا الذى قررنا۔ انتهى۔

وقال الشيخ الامام محمد اسمٰعيل الشهيد فى كتابه اصول الفقه (ط۲ نور) الاجماع يثبت الاحكام۔ الاجماع اما بسيط وهو اتفاق المجمعين على امر واحد۔ او مركب وهو اتفاقهم على قولين او اكثر۔ بشرط اشتراك الامر الواحد فيهما والاجماع اما حقيقى وهو اتفاق المجمعين قولاً او ما فى حكمه كالسكوت الذى يدل على التقرير۔ واما حكمى وهو بخلافه والاجماع اما قوى وهو اتفاق جميع الماضيين والحاضرين من المسلمين۔ او متوسط وهو اتفاق اهل الحق كذلك وذا لا يتصور الا باتفاق الصحابة۔ او ضعيف وهو الاتفاق بعد الصحابة۔ والاجماع الحقيقى البسيط۔ قويًا كان او متوسطًا قطعى۔ وهو مثل الخبر المشهور اثباتًا وتعارضًا۔ وعدا ذلك ظنى بالتشكيك انتهى۔ فان شئت تفصيل هذا الكلام فارجع الى كتب جده الامام ولى الله الدهلوى لا سيما ازالة الخفاء وعندى امثلة كثيرة لبيان الاختلاف الجوهرى فى الطريقتين۔ واكتفيت منها بهذا المثال الواحد لان مع هذا الاختلاف لا يمكن الاتحاد فى تعيين الجادة القويمة۔ فالمسائل التى تثبت بالاجماع المتوسط داخلة فى الجادة القويمة عند الولى اللهيين۔ دون الامام الشوكانى۔ ہ كتاب التمهيد ط۶۱

حجیۃ اجماع پر مدار ہے صدیق اکبر کی خلافت کا مصحف عثمان کے متبوع ہونے کا۔ ہم جدید اصطلاح میں اجماع کے عوض جمعیۃ مرکزیہ کا فیصلہ استعمال کرتے ہیں۔ آج جس چیز کو جمعیۃ مرکزیہ کا فیصلہ کہا جاتا ہے۔ وہی اس زمانے کا اجماع ہے۔ اس کی حجیت کے بغیر کبھی کوئی سیاسی تحریک دنیا میں کامیاب ہو ہی نہیں سکتی۔ لہذا شیعہ اس کو برداشت نہیں کر سکتے۔ مگر اہل سنت کا مدار ہی سراسر اسی پر ہے۔ تو ان ہر دو مسلکوں کا فرق غور کرنے والے سے زیادہ دیر تک مخفی نہیں رہ سکتا۔

(ذ) امام ولی اللہ کی تحریک کے لئے اگر کوئی بزرگ سلف صالح کا رتبہ رکھتا ہے۔ تو وہ فقط امام ربانی شیخ احمد سرہندی، مجدد الف ثانی کے وجود میں منحصر ہے۔ اُن کو امام ولی اللہ اپنے طریقے کا ارہاص[1] مانتے ہیں۔ امام ربانی[2] نے جو کام شروع کیا تھا۔ امام ولی اللہ نے اس کو مکمل کر دیا۔

---

[1] رھص الحائط بنی رھصہ۔ والرھص من الحائط۔ اول صف منہ والرھص الطین الذی یبنیٰ بہ۔ ھق۔ ارہاص سے مراد یہاں راہ صاف کرنے والا ہے۔ مثلاً ہمیں عمارت بنانا ہے۔ تو زمین میں جس قدر نشیب و فراز ہیں۔ ان کو ہموار کرنا ارہاص کا درجہ رکھتا ہے۔ عمارت بعد میں کوئی دوسرا شخص آکر بنائے گا۔

[2] **مجدد الف ثانی** میں نے حضرت شیخ الہند قدس سرہ سے استبعاداً تذکرہ کیا۔ کہ شاہ صاحب حضرت مجدد کو ارہاص لکھتے ہیں۔ تو حضرت نے فرمایا۔ کہ بہت بڑی بات ہے یعنی حضرت مجدد بہت بڑی ہستی ہیں۔ اس لئے شاہ صاحب کا یہ لکھنا خود شاہ صاحب کے حق میں یعنی اُن کی عظمت ثابت کرنے کے لئے بہت بڑی چیز ہے۔ حضرت نے یہ جواب میرے استبعاد کے پیش نظر فرمایا۔

حضرت شاہ صاحب مکتوبات میں فرماتے ہیں۔ پس خلاصۂ کلام آنست کہ بعد از الف فتح دورہ دیگر شدہ است۔ کہ بہ بعض اعتبارات، اجمال فیوض متقدمہ است۔ مثلاً احوال قلب و روح و سر وغیر آں ہمہ مجمل شدہ ہیئت جمعیت پیدا کردہ۔ و بہ بعض اعتبارات تفصیل فیوض متقدمہ است مثلاً مسائل جبر بحت و انانیۃ کبری دریں دورہ مفصل تر است۔ از ادوار سابقہ۔ و بالجملہ شیخ مجدد ارہاص ایں دورہ اند۔ بسا معارف مختصۂ ایں دورہ۔ کہ از زبان شیخ بطریق رمز و ایماء سر زدہ۔ و شیخ قطب ارشاد این دورہ است۔ بروست وے بسیارے از

(۱۰۱) اس جمعیتہ مرکزیہ کی جدوجہد سے جب تحریک کے مبادی کا تعارف ملت سے اچھی طرح ہو گیا۔ تو امام عبدالعزیز ایک ایسے نوجوان کی راہ دیکھ رہے تھے۔ جو عسکری معاملات سے طبعی دلچسپی رکھتا ہو۔ تاکہ انقلاب کے دوسرے حصے کی تکمیل کرائیں۔

بقیہ صفحہ ۱۴۱۔ گمراہان بادیۂ طبیعت و بدعت خلاص شدہ۔ فقیر و اکثر معارف کہ شیخ بزبان فتح دورہ آوردہ مصدق اوست ھ ص ۹۰ قلت امام ربانی ارہاص ہیں۔ اسی پر ہم آپ کے ارشاد ذیل کو حل کرتے ہیں: "کارخانۂ عظیم دیگر بمن حوالہ کردند برائے پیری و مریدی نہ خریدہ اند۔ و مقصود از خلقت من تکمیل و ارشاد خلق نیست۔ معاملہ دیگر است۔ وکارخانہ دیگرھ مکتوب ششم دفتر دوم۔ فسانہ طرازوں اور قصہ گو حضرات نے ان تصریحات کے دوسرے ادنیٰ محامل قرار دئیے ہیں۔ ع فکر ہر کس بقدر ہمت اوست

عبارت مذکورہ بالا صریح ہے۔ کہ امام مجدد اس دورہ کے ارہاص ہیں۔ تفہیمات الٰہیہ کی عبارت ذیل میں یہ مذکور ہے۔ کہ قیم اس دورہ کے امام ولی اللہ ہیں۔ فتم الامر وللہ الحمد۔ قال فی التفہیمات۔ ومثال ذٰلک بحسب ھٰذہ الدورۃ وھٰذا المثان الذی نحن فیہ وبحسب قیم ھٰذہ الدورۃ واماھا۔ ان السابقین توغلوا فی وحدۃ الوجود ورجعت معرفتہم الی اللہ فانتقش فی الملاء الاعلیٰ علم وھو بیان الفرق بین التنزل الذی ھو اتحاد حقیقی وتغائر اعتباری۔ و بین التنزل الذی ھو تغائر حقیقی واتحاد اعتباری۔ وجاء الشیخ المجدد فحام حولہ فقال مرۃ العالم موجود خارجی وقال مرۃ اخری العالم موھوم متقن وقال مرۃ العالم ظل الاسماء ولم یبین الامر علی ما ھو علیہ۔ فجاء قیم الدورۃ فکشف حقیقۃ الامر۔ ھ ص ۱۰۱ و ص ۱۰۲۔

اللہ کی رحمت سے۔ امام ولی اللہ سے مستفید مولانا ابو سعید ذکیہ شاہ علم اللہ کے خاندان کا ایک نوجوان سید احمد شہید سنہ ۱۲۲۲ھ ۱۸۰۷ء میں امام عبدالعزیز کی دعوت میں شرکت کے لئے آیا موصوف انہیں اس مطلب کے لئے زیادہ موزون دیکھتے تھے۔ اس لئے اُن کی تربیت میں خاص توجہ صرف کرتے رہے۔

(الف) سید احمد شہید نے عربی کی ابتدائی کتابیں مولانا محمد اسحاق، اور مولانا محمد اسمعیل سے پڑھیں۔ قرآن مجید کا ترجمہ اور حدیث مولانا عبدالقادر کے درس میں سنتے رہے۔ اور انہیں کی صحبت میں سلوک مکمل کیا۔

سید احمد الامیر الشہید کی تعلیم و تربیت

امام عبدالعزیز کے خواص اصحاب جن کے رگ و ریشہ میں حزب ولی اللہ کی خصوصیات سرایت کر چکی ہیں۔ اور ایک لمبے زمانے سے اُن کی تربیت پر توجہ مرکوز رہی ہو۔ وُہ صرف وہی لوگ تھے جن کا تذکرہ ہم نمبر (۶) میں کر چکے ہیں۔ امیر شہید دراصل اُس حزب سے نہیں۔ بلکہ بعد میں منضم کئے گئے۔ اُن میں کشفی کمالات تھے۔ سپاہ گری کی تعلیم تھی۔ سید تھے اس لئے اُن کو امام عبدالعزیز نے امارت جہاد کے لئے موزوں قرار دیا۔ مگر اس خیال سے کہ کہیں حزب مذکور کی راہ سے ہٹ نہ جائیں۔ اُن کے ساتھ دو وزیر اپنے مکمل تربیت یافتہ لگا دئے۔ مگر اپنا صحیح اور پورے معنوں میں جانشین حضرت شاہ اسحاق کو مقرر کیا۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت مولانا عم فیضہم نے نمبر (۶) میں امیر شہید کا تذکرہ نہیں کیا۔ میں نے بعد میں جب آپ سے اُسکی وجہ

بقیہ صفحہ ۱۴۳۔ دریافت کی تو آپ نے مذکورہ بالا جملے فرمانے کے بعد اس نمبر (۱۰) کی طرف اشارہ کر کے میری استبعاد کو دور فرمایا۔ ۱۲ محمد نور الحق۔ ستمبر۔ ۶ نومبر ۱۹۴۱ء۔

کہتے ہیں کہ کتاب دیکھتے تھے تو آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا تھا۔ غرض کتاب و سنت سے زائد چیز کے دیکھنے سے اُن کی بصارت روک دی گئی تھی۔ اس کا یہ مطلب تھا۔ کہ شاہ ولی اللہ کے طریقے کا صاحب کشف اس سے زیادہ علوم کا محتاج نہیں ہے۔ ہمارا مطلب یہ ہے کہ سید صاحب دینی علوم جس قدر ایک امیر کے لئے ضروری ہیں۔ اُن کی تحصیل کر چکے ہیں۔ اُن کی کشف سے نئی دینی تعلیم ثابت نہیں ہوگی۔ اب یہاں سید صاحب کو امی ثابت کرنے کی سعی کی جاتی ہے۔ یہ محض غلط ہے۔ شاہ اسحاق صاحب کے اشارے سے مولانا عبدالحی اُن سے ملے اور بیعت کی۔ اس کے بعد مولانا عبدالحی کے کہنے پر مولانا اسمٰعیل نے بھی بیعت کر لی۔

حضرت نے مجھے فرمایا کہ پڑھنے سے امیر شہید کی طبیعت پر بوجھ پڑتا تھا۔ اور کشف طبعی پر یہ چیز گراں گذرتی تھی۔ اس لئے اُن کو سماع کے لئے حکم دیا گیا۔ تو اس طرح جس قدر شرعی علوم کی ضرورت تھی۔ انہوں نے حاصل کر لئے۔ گو وہ تحصیل عالمانہ طریقہ پر نہ تھی۔ ہم اس کا تجربہ سندھ کے اپنے دوسرے مشائخ میں رکھتے ہیں۔ وُہ عربی فارسی کی ابتدائی کتابیں پڑھے ہوئے تھے۔ قرآن شریف کا ترجمہ اور حدیث کی کتابیں سنتے ہیں۔ جو عالم انہیں سناتا ہے وہ اُن سے بدرجہا زیادہ علم رکھتا ہے مگر جس وقت اُن کو ایک شرعی مسئلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تحقیق ہو جاتا۔ تو جس طرح وُہ اپنی جماعت میں انقلاب پیدا کر دیتے تھے۔ اس کا عشر عشیر بھی وُہ عالم پیدا نہیں کر سکتا۔ اس طرح پر ہم سید صاحب کو ایک عالم مانتے ہیں۔ اُن کے مناقب لکھنے والے دھوکہ دیتے ہیں۔ کہ وہ پڑھے لکھے نہ تھے۔ بلکہ سب چیزیں کشف سے اُن کو حاصل تھیں۔

اُن کی خواہش دراصل یہ ہے۔ کہ سید صاحب کا جو تعلق تلمذ شاہ عبدالعزیز سے ہے وہ کاٹ دیا جائے۔ اور وُہ ایک امام مہدی کے طور پر ملنے جائیں۔ ان لوگوں نے اس تحریک کو بڑا نقصان پہنچایا شاہ علم اللہ جن کا تذکرہ پہلے آ چکا ہے۔ اُن کے فرزند سید محمد ضیاء اُن کے بیٹے سیّد

(الف) سید احمد دہلوی "آثار الصنادید" میں لکھتے ہیں۔ سید احمد بریلوی اوائل
حال میں شوق طالب علمی میں، وطن سے وارد شاہ جہان آباد ہوکر مسجد اکبر آبادی
میں فروکش ہوئے، اور صرف و نحو میں فی الجملہ سواد حاصل کیا۔ اکثر خدمت مسجد اور
اُس مقام کے واردوں خصوصاً درویشانِ پاک طینت کی جو تحصیلِ علم باطنی کے
شوق میں، جناب مولانا عبدالقادر کی خدمت میں حاضر رہتے تھے، خاطر داری اور
سرانجام مہام میں ایسے سرگرم ہوئے، گویا اس امر کو اہم مہام سمجھے ہوئے تھے۔ ھ

بقیہ صفحہ ۱۴۴۔ شاہ ابوسعید ہیں۔ آپ حضرت امیر شہید کے جد مادری، اور امام ولی اللہ کے خلیفہ ہیں۔ سیرت
احمدیہ ص۵۶ میں ہے۔ اس خاندان کے بہت سے بزرگوں نے شاہ ولی اللہ اور آپ کے صاحبزادوں سے
ظاہری اور باطنی استفادہ کیا۔ شاہ ابوسعید۔ شاہ محمد واضح۔ سید محمد معین۔ سید محمد لقمان۔ عم امیر شہید نے
شاہ ولی اللہ سے، اور سید قطب الہدیٰ۔ سید محمد اسحٰق۔ برادر اکبر امیر شہید نے شاہ عبدالعزیز سے اور
شاہ عبدالقادر سے استفادہ کیا۔ اس طرح اس خاندان میں حضرت مجدد سرہندی اور مجدد دہلوی
کی برکتیں جمع ہوگئیں۔ یہ خاندان اپنا خصوصی مشرب اور مخصوص فکر رکھتا ہے۔ یہ خصوصیت امیر شہید
کے خاندان میں حضرت مجدد کے خلیفہ شیخ آدم بنوری سے متوارث چلی آتی ہے۔ بنا بریں سید امیر شہید
کا حزب ولی اللہ کے رنگ میں پورے طور سے رنگا جانا بعید ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ جب انہیں موقع
ملا۔ تو انہوں نے اپنے امیر المومنین ہونے کا اعلان کر دیا۔ اور تحریک ناکام رہ گئی۔
مشرقی مغربی ہند کی رقابت تاریخ میں قدیم سے چلی آتی ہے۔ چندر بنسی۔ سورج بنسی خاندان
اسی مغربیت و مشرقیت کے دوسرے عنوان ہیں۔ ہمارا یہ خیال ہے۔ کہ رقابت مذکورہ بعد از اسلام
بھی قائم رہی۔ اور امیر شہید کے وقت بھی وہ بروئے کار آئی۔ امیر شہید مشرقی ہند رائے بریلی سے

(ب) ذکر اللہ جب اُن کی طبیعت میں راسخ ہوگیا۔ تو اُن کی عالی دماغی اور اولوالعزمی سے ایسے کلمات صادر ہوتے جو ایک ایسے مصلح کی زبان سے نکلتے ہیں جو تمام انسانیت کو راہ راست پر لانا چاہتا ہو۔ وُہ کلمات سُنکر امام عبدالعزیز نے فرمایا۔ "تِلْكَ خِيَالَاتٌ تُرَبِّىْ بِهَا اَطْفَالُ الطَّرِيْقَةِ" یعنے اِسی طرح اُن کے فطری جوہر کی تربیت ہو رہی ہے۔

(بقیہ صفحہ ۱۴۵) تعلق رکھتے ہیں۔ اُن کے عام مریدین بھی بہار وغیرہ کے ہیں۔ اس کے بالمقابل مغرب یعنی دہلی ہے۔ وُہ لوگ دہلوی تحریک کو اپنا بنانا چاہتے ہیں۔ اسی لئے مولانا ولایت علی بہاری نے مولانا اسحاق کے خلاف دوسری جماعت تیار کی۔ وُہ مولانا اسحٰق اور حزب دہلوی کو اس میدان سے دُور ہٹانا چاہتے ہیں:۔

تربی بہا اطفال الطریقۃ جب کوئی پہلوان شاگردوں کو سکھاتا ہے تو استاذ خود اُن کے آگے گر جاتا ہے شاگرد سمجھتا ہے کہ میں نے استاذ کو گرا لیا۔ اس سے اس کی تربیت مقصود ہوتی ہے۔ اسی طرح یہ خیالات اُس کی تربیت کا ذریعہ بنتے ہیں امیر شہید سے بلند باتیں سرزد ہوتی ہیں کہ میں یوں کردونگا اور اس طرح کر دکھاؤنگا۔ اس سے اُن میں عالی حوصلگی پیدا ہو رہی ہے۔ سید صاحب کا ایک جملہ ہے جو سوانح میں منقول ہے" کہ انہوں نے اپنے اہلبیت میں سے کسی آدمی سے کہا۔ کہ اگر تمہیں کوئی کہے کہ سید احمد فوت ہوگیا ہے۔ تو جب تک تم یہ نہ دیکھو۔ کہ ہندوستان سے کفر نکل گیا ہے اور افغانوں سے فلاں فلاں عیب جاتے رہے۔ اور عربوں سے فلاں خرابی دور ہوگئی۔ ترکوں کی فلاں کمزوری رفع ہوگئی ہے۔ جب تک یہ ساری باتیں پوری نہ ہولیں کبھی یقین نہ کرنا کہ سید احمد فوت ہوگئے ہیں"۔ یہ ہے ترجمہ تلك خيالات تربى بها اطفال الطريقة" یعنے عالی حوصلگی۔

(ج) ۱۲۲۵ھ ۱۸۱۱ء میں امام عبدالعزیز نے انہیں تربیت عسکری[۱] کے لئے امیر خاں (والئے ٹونک) کے لشکر میں بھیجا۔ ۱۲۳۱ھ ۱۸۱۶ء میں جب امیر خاں کی انگریزوں سے صلح ہوگئی۔ تو واپس امام عبدالعزیز کی خدمت میں دہلی پہنچے۔

(بقیہ صفحہ ۱۴۶) مجھے بڑا تعجب ہوا۔ جب سوانح احمدیہ کے مصنف نے مکتوبات سید احمد کو شروع کرنے سے پہلے امام عبدالعزیز کا ایک خط نقل کیا جس میں یہ الفاظ ہیں۔ واقعہ ہے کہ کسی نے شاہ عبدالعزیز صاحب سے دریافت کیا کہ سید صاحب بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں۔ اس پر آپ نے اس کو لکھا "تلک خیالات تربی بہا اطفال الطریقۃ" ہمارے خیال میں سوانح احمدیہ کا مصنف اس خط کی پوری حقیقت نہیں سمجھ سکا۔ ورنہ وہ مکاتیب سید صاحب کی ابتدا اس خط سے نہ کرتا۔ کیونکہ وہ اس رشتہ کو کاٹنا چاہتا ہے۔ ھ

الامیر الشہید کی تربیت عسکری[۱]

قال مولانا الشیخ عم فیضہم فی کتاب التمہید۔ الامیر الشہید۔ قرء ترجمۃ القرآن علی الشیخ عبد القادر۔ واخذ الطریقۃ الجشتیۃ والقادریۃ والنقشبندیۃ والمجددیۃ من الامام عبد العزیز۔ واسس الطریقۃ المحمدیۃ لاحیاء الجادۃ القویمۃ من السنۃ النبویۃ وارسلہ الامام عبد العزیز الی تحصیل المہارۃ فی الامور العسکریۃ فی سنۃ ۱۲۲۵ ۱۸۱۰ واستخلفہ الامام عبد العزیز سنۃ ۱۲۳۱ ۱۸۱۶ لامامۃ الدعوۃ الی اتباع السنۃ والجہاد وجعل معہ من العلماء مولینا عبد الحی الصدر السعید۔ ومولانا اسمعیل الصدر الشہید کالوزیرین وکان امرہم بالشوری بینہم۔ واذا اتفق الثلثۃ علی شی یکون مثل حکم الامام عبد العزیز۔

فاعلنوا الدعوۃ بالجہاد فی سنۃ ۱۲۳۶ ۱۸۲۱۔ وبدءوا باعمال الحج وفرغوا

(بقیہ صفحہ ١٤٠) منها فی سنة ١٢٣٩ / ١٨٢٤ وشرعوا فی اعداد القوة الی سنة ١٢٤١ / ١٨٢٥ ثم هاجروا الی بلاد الافاغنة وجبا لهم واقاموا حکومة موقتة کان امیرها السید احمد فی ١٢ جمادی الاخرہ سنة ١٢٤٢ (١٠ نومبر سنة ١٨٢٦) وبایع الافاغنة اکثرهم بامامة الامیر وصاروا یطیعونه فی اوامر الشرع الاسلامی. وکذلک بایع امامة الامیر من کان من الولی اللهیین بالهند وکانوا یمدونهم بالاموال والرجال. و هذا الامر کان مرکز ادارته الدهلی. وکان الصدر الحمید مولانا محمد اسحٰق مدیرا.

وکان الحرب بینهم وبین المتغلبین علی مسلمی الفنجاب سجال حتی اندهش منهم امراء جمعیة التجار الانگلزیة فاستعانوا بالمسلمین المخالفین للولی اللهیین واعدوهم بالاموال فوصلوا الی بلاد الافاغنة واوقعوا الشقاق بین الهندیین المهاجرین وبین الافاغنة الوطنیین.

دعایتهم کانت راجعة اما الی اتهام الولی اللهیین بانهم لیسوا من الحنفیة کفقهاء بلاد الافغانیین واما الی الوسوسة بان الافاغنة کیف یرضون امام هندی.

فالجهال من الافاغنة اثرت فیهم الدعایة. والامیر استبد برایه فی بعض الامور وما قبل مشورة الناصحین فافضی الامر من تاثر الافاغنة الی ان قتلوا اعمال الحکومة اولا غیلة. واعانوا التجار ثانیا فاستشهد الامیر واصحابه فی بالاکوٹ بایدی الکفار فی ٢٤ ذیقعدہ سنة ١٢٤٦ (٦ مایو سنة ١٨٣١)

الاختلاف | وقع فی اتباعهم الاختلاف فی شهادة الامیر فاتباع الصدر الحمید الشیخ محمد اسحٰق اسسوا حزبا یعتقد شهادة الامیر ویدعون الی الجهاد

جملۂ معترضہ "بدور بازغہ" میں امام ولی اللہ نے اجتماع انسانی کی تمدنی ضروریات کو پانچ حصوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ قضا۔ شہریاریت۔ جہاد۔ نقابت۔ انذار و تبشیر۔ ہر ایک کی تکمیل کے لئے ایک ایسے کامل کی ضرورت ہے جو اس ضرورت کو پورا کرنے میں خصوصی مہارت رکھتا ہو۔ ان پانچ رہنماؤں کے ساتھ ایک ایسا امیر بھی ضروری ہے، جو ان تمام کاموں میں مہارت کاملہ رکھتا ہو۔ وہی حقیقی طور پر امام بننے کا مستحق ہے۔" والرجل الواحد المتکفل بہا جمیعًا ھو الامام الحق"۔

بقیہ صفحہ ۱۴۸) ولنسمہ الحزب الدھلوی۔ وادعی الشیخ ولایت علی الصادقپوری ان الامام الامیر ھو المہدی الموعود وانہ لم یستشہد فی المعرکۃ بل اختفی عن اعین الناس وھو موجود فی ھذا العالم الی الآن حتی افرط بعضہم فقال انا لقیناہ بمکۃ حول المطاف ثم غاب بعد ذلک۔ وانہ سیعود حتی جعلوہ جزء العقیدۃ ویجادلون من ینکرہ۔

وھولاء ھم الذین احتاجوا ان یخرجوا من الحنفیۃ الرحیمیۃ الولی اللھیۃ العزیزیۃ الاسمعیلیۃ الاسحٰقیۃ وما دخلوا فی محاربۃ دھلی و نسمیہ الحزب الصادقپوری۔ھ۔ محمد نور الحق۔

ہیئت اجتماعیہ کے مدارج ایک شخص اپنے طبعی جذبات، اور علوم کے متعلق ضروریات اور جسمانی حاجتیں تنہا کبھی پوری نہیں کر سکتا جب جماعت میں یہ صلاحیت ہو کہ اس کا ہر فرد اپنی تمام ضرورتوں کو پورا کر سکے اس کو ہیئت اجتماعیہ کہا جاتا

(بقیہ صفحہ ۱۴۹) ہے۔ یہ انسانی ترقی کا پہلا زینہ ہے۔ اس ہیئت اجتماعیہ کو قائم رکھنے کے لئے یہی لوگ اپنی حکومت بنا لیتے ہیں۔ حکومت بن جانے کے بعد افراد کی بغاوت ہیئت اجتماعیہ کو نقصان نہیں پہنچاتی۔ اچھی حکومت پیدا کر لینا ہیئت اجتماعیہ کے بعد انسانیت کی ترقی کا دوسرا قدم ہے۔ جس جگہ یہ دونوں چیزیں مجتمع ہوں وہ مدینہ تامہ ہے۔ جہاں فقط ہیئت اجتماعیہ ہو۔ اور منظم حکومت نہ ہو (حکمران افراد سے تو کوئی ہیئت اجتماعیہ خالی نہیں ہوتی۔ مگر ان افراد کا ایک ایسا نظام جس کی وجہ سے اُن میں ایک وحدت پیدا ہو۔ اور اُسے حکومت کہا جائے۔ یہ ہر ہیئت اجتماعیہ کے لئے لازم نہیں ہے) اس کو مدینہ ناقصہ کہتے ہیں۔ اور آجکل کی اصطلاح میں سوسائٹی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ انارکسٹ سوسائٹی کو مانتے ہیں۔ اور اسی پر انسانی ترقی کو ختم کر دیتے ہیں۔ یہ سوسائٹی ہی اپنے اوپر خود حکومت کرتی ہے۔ مدن ناقصہ میں جو شاہ صاحب نے لکھا ہے۔

...... یہ مذکورہ بالا ہیئت اجتماعیہ کا ایک عنوان ہے۔ چھوٹے گاؤں میں تو ہیئت اجتماعیہ ہی حاکم ہوتی ہے۔ جیسے ایک بڑے گھر میں ہیئت اجتماعیہ حاکم ہے۔ اسی طرح بعض بڑے گاؤں ہوتے ہیں۔ جن میں کئی کئی آدمی نمبردار اور چودھری ہیں۔ اصلی طریقے کے مطابق وہاں ایک چھوٹی سی حکومت ہونی چاہیئے۔ مگر بعض اوقات حکومت کے بغیر بھی وہ لوگ اپنے توافق سے کام چلا لیتے ہیں۔ پرانے راجپوتوں اور آج کے افغانوں میں پنچایت اور جرگے کی رسم اسی توافق کی مثالیں ہیں۔

بعض بڑے شہر ہیں۔ حکومت وہاں موجود ہے۔ حکومت کے بغیر اُن کا کام چل ہی نہیں سکتا۔ تو اُن کے عقلمند اور نمایاں شخصیتیں سب ایک جگہ جمع ہو جاتی ہیں۔ عموماً اس اجتماع کا محل کوئی مقدس مقام ہوتا ہے۔ بحث کرنے کے بعد وہ ایک رائے قائم کر کے اٹھتے ہیں۔ یہ پارلیمنٹ ہے اور ہماری زبان میں اس کا نام اہل حل وعقد ہے۔ ہمارے متاخرین بادشاہوں نے اہل حل وعقد کی قوت کو برباد کر کے اپنی شخصیت کو نمایاں کیا۔ اور خود برباد ہو گئے۔ جب تک صالح بادشاہ رہے۔ جن میں بادشاہی چلانے کی صلاحیتیں موجود تھیں۔ وہ اہل حل وعقد کے مشورں

اس کے بعد فرماتے ہیں۔ فلما یوجد ذٰلک۔ والاکثر وقوعًا هو ان یکون القائم بالامرین او ثلثۃ رجلًا واحدًا و بالباقی رجال (ب) والمدن الناقصۃ قد یوجد هناک بحسب کل حاجۃ سنۃ مصطلحۃ علیها و رئیس کل اهل صناعۃ یصدرون برایئہ (ج) او اجتماع من عقلاء القوم و مبرزیهم ه (۱۳۷تا۱۴۳ ۔ نور الحق)

ہم آج کی زبان میں اس کا ترجمہ کرتے ہیں کہ ایک حقیقی امام کا جو ڈکٹیٹر بن سکے۔ پیدا ہونا آسان نہیں۔ اس کے نہ ملنے پر حاکم بنانے کے لئے اُن تین صورتوں میں سے کسی ایک پر عمل کرنا پڑتا ہے۔ (۱) ایک بورڈ بنا دیا جائے (۲) اگر محدود سوسائٹی ہو تو اس کا ہر ایک حصہ اپنے مسلّم قانون پر اپنے مسلّم

(بقیہ صفحہ ۱۵۰) کے پابند رہتے تھے ہمارے خیال میں یورپ نے پارلیمنٹری نظام کوئی نئی چیز پیدا نہیں کی۔ مگر اس نظام کا طریقہ منضبط کر دیا۔ ہمارے ہاں یہ چیز منضبط نہیں ہے۔
دو آدمی مساوی درجے کے مل کر حکومت کرتے ہیں۔ جب وہ کسی مشورے میں مل بیٹھتے ہیں۔ تو جیسے سفر کے رفیق ایک شخص کو وقتی طور پر امیر بنا لیتے ہیں۔ اسی طرح اس اجلاس میں ایک وقتی امیر بنا لیا جاتا ہے۔ اور اتفاق سے کام چلتا رہتا ہے۔ اس کی مثالیں ہمیشہ بڑے شہروں اور ملکوں میں ملتی رہتی ہیں۔ یہ انسانیت کے طبعی تقاضوں میں سے ایک شق ہے۔ یعنی کبھی وہ ایسا بھی کر لیتے ہیں جمعیۃ مرکزیہ میں عموماً بورڈ کی روح کام کرتی ہے۔ کیونکہ وہاں سب یکساں ہوتے ہیں۔ کوئی بڑا چھوٹا نہیں ہوتا۔ (ازہٖ اضافہ حاشیہ بر صفحہ ۱۴۹)

رئیس کی اطاعت میں قومی قانون کی پابندی کرے گا یعنی سوسائٹی کو حکومت بنانے کی ضرورت ہی نہیں ہوگی۔ اُن میں اس قسم کے اختلاف پیدا ہی نہیں ہوتے جو امام بنانے کے لئے مجبور کردیں۔ (۳) یا عقلمندوں یا عوام کے مقبول لوگوں کا اجتماع ہوگا یعنی پارلیمنٹ بن جائے گی۔

امامت کے مسئلہ میں اس قدر تفصیل جس میں ڈکٹیٹر، بورڈ، سوسائٹی، پارلیمنٹ سے بحث کی جائے۔ ہم نے امام ولی اللہ کے سوا کسی اور محقق کی کتاب میں نہیں دیکھی (جملہ معترضہ پورا ہوا)

امام عبدالعزیز[۵] کے آخری عہد میں ہندوستان کی سیاست میں سخت ابتری پھیلی ہوئی تھی۔ انہوں نے اپنے بعد کام کرنے کے لئے اپنے لوگوں میں سے کسی میں امامت کی صلاحیت نہیں دیکھی۔ تاکہ کسی کو ڈکٹیٹر بناتے۔ اسلئے دو بورڈ بنا دئے۔

(الف) عسکری امور کے لئے سید احمد شہید امیر اور مولٰنا عبدالحئی اور مولانا محمد اسمٰعیل شہید مشیر مقرر ہوئے۔ امام عبدالعزیز نے اپنی تمام جماعت کو حکم دیا کہ جہ

---

[۵] یہاں غلطی یہ ہوئی کہ شاہ صاحب کے فیصلے یعنی بورڈ کی حکمت کو نہ سمجھ کر سید صاحب کو امیر مطلق یعنی امام کے درجے پر مان لیا گیا۔ اور یہ اُن لوگوں کی مداخلت سے ہوا۔ جو امام عبدالعزیز کے تربیت یافتہ نہ تھے۔ اس شکست میں اس اصولی تبدیلی کو بہت بڑا دخل ہے۔ عبیداللہ مولانا عمر فی بنفسہ ۱۲ نورالحق۔ بعد مغرب ۶ نومبر ۱۹۴۱ء۔

معاملے پر سید احمد (شہید)، مولانا عبدالحی، مولانا محمد اسمٰعیل (شہید)، تینوں جمع ہو جائیں۔ اس کو (امام) عبدالعزیز کا حکم سمجھنا چاہیئے۔

(ب) تنظیمی امور کے لئے مولانا محمد اسحاق امیر، اور مولانا محمد یعقوب دہلوی (برادر مولانا محمد اسحاق) مشیر۔ مولانا محمد اسحاق کو ہر معاملہ میں اپنے ساتھ شریک[1] رکھ کر شاہ عبدالعزیز نے لوگوں کو سمجھا دیا۔ کہ اُن کا حکم میرا حکم ہے۔ امام عبدالعزیز کا یہ فیصلہ فقط امام ولی اللہ کے اصول پر ٹھیک اترتا ہے۔

امام عبدالعزیز نے سید احمد شہید کے بورڈ کو پہلی دفعہ ۱۲۳۱ھ میں بیعت طریقت لینے کے لئے اور دوسری دفعہ ۱۲۳۶ھ میں بیعت جہاد لینے کیلئے دورہ پر بھیجا۔ اس کے بعد سارے قافلہ سمیت حج پر جانے کا حکم دیا۔ تاکہ اُن کی تنظیمی قوت کا تجربہ ہو جائے۔ جب قافلہ حج سے ۱۲۳۹ھ میں واپس آیا۔ تو امام عبدالعزیز فوت ہو چکے تھے۔ انہوں نے اپنے آخری وقت میں مولانا محمد اسحٰق کو مدرسہ سپرد کر کے اپنا قائم مقام بنا دیا تھا۔ رضی اللہ عنہم وعنّا معہم اجمعین۔

---

[1] بادشاہوں کا اپنے ولی عہد کے ساتھ برتاؤ کرنے کا ایک خاص طریقہ ہے۔ اور متمدن لوگ اس کو آسانی سے سمجھتے اور جانتے ہیں۔ امام عبدالعزیز نے مولانا محمد اسحاق سے وہی معاملہ کیا

(بقیہ صفحہ ۱۵۳) جو بادشاہ اپنے ولی عہد سے کرتے ہیں۔ اس لئے لوگوں کو شاہ اسحاق کی امامت قبول کرنے میں کوئی عذر پیدا نہیں ہوا۔ اگرچہ سوانح احمدیہ کا مصنف شاہ اسحاق کی حیثیت بالکل کم کرنا چاہتا ہے۔ مگر عجیب بات ہے کہ دنیائے اسلام میں ایک عالم بھی ایسا نہیں ملتا جو اپنا سلسلۂ اسناد شاہ عبدالعزیز تک پہنچائے اور شاہ اسحاق درمیان میں واسطہ نہ ہوں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الصدر الحمید امام محمد اسحاقؒ

۱۲۳۹ھ تا ۱۲۶۲ھ

۱۔ جب ۱۲۳۹ھ میں امام عبدالعزیز فوت ہوئے تو آپ نے اپنا مدرسہ مولانا محمد اسحاق کے سپرد کیا۔ جو حزب ولی اللہ کی امامت کا عرفی دستور تھا۔ سید احمد شہید کا قافلہ جب حج سے واپس آیا۔ تو انہوں نے امام عبدالعزیز کے بعد اس امامت کو تسلیم کر لیا۔ اس زمانہ میں اگر جمعیۃ کا اجلاس مدرسہ میں ہوتا۔ تو مولانا محمد اسحاق صدارت کرتے۔ اور سید احمد شہید حلقے میں بیٹھتے۔ اور جب مدرسہ سے باہر مجلس منعقد ہوتی تو سید احمد شہید صدر ہوتے۔ اور مولانا محمد اسحاق حلقہ میں شریک ہوتے۔

۱؎ اس روایت کی اصل امیر الروایات کا بیان ہے ۔ امیر الروایات ۔ اور ارواح ثلثہ

اس طرح حزب ولی اللہ کی اساسی مصلحت کی حفاظت اور رجال و اموال جمع کرنے کے لئے دُعاۃ کا سلسلہ امام عبدالعزیز کے مدرسے سے متعلق رہا۔ اور عسکری اور سیاسی مرکزی سید احمد شہید کی جماعت سے وابستہ رہی۔

۲۔ ۱۲۴۱ھ میں ہجرت شروع ہوئی۔ اور ۱۲ جمادی الاخری ۱۲۴۲ھ ۱۰ جنوری ۱۸۲۷ء کو افغانی قبائل نے "تھی ہنڈ" میں سید احمد شہید کو اپنا امیر مان لیا۔ اس کے بعد ایک سال تک مولانا عبدالحی زندہ رہے۔ اُن کی موجودگی میں کوئی فتنہ پیدا نہیں ہوا

(بقیہ صفحہ ۱۵۵) کی تصنیف کا تعلق امیر شاہ خاں صاحب سے ہے۔ جو حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کے خاص خادم ہیں۔ یہ کتاب ان کی بیان فرمودہ حکایات کا مجموعہ ہیں۔ خاں صاحب کا کمال یہ تھا۔ کہ جملہ واقعات ان کو سند اور حوالہ سے لفظ بلفظ یاد تھے۔ خورجہ کے متوطن، اور مینڈو ضلع علی گڑھ میں رہتے تھے۔ بہت سے فضلا و اکابر کے صحبت یافتہ تھے۔ جن کا التزام کرتے ہوئے حدیث کی طرح خاندانِ ولی اللہی کے بزرگوں اور اکابر سلسلہ دیوبند کے حالات و واقعات سناتے آپ کا کوئی جلسہ بمشکل اس تذکرے سے خالی ہوتا۔ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی نے مولوی حبیب احمد کیرانوی کے ذریعہ اُن کی زبانی روایات کو قلمبند کرالیا۔ اور اس مجموعہ کو امیر الروایات کے نام سے شائع کرایا۔ بعد میں مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند کے جمع کردہ حالات مولانا رشید احمد گنگوہی مولانا تھانوی کے ملفوظات اور بعض دوسرے اضافات کے ساتھ یہ مجموعہ ارواح ثلٰثہ کے نام شائع ہوا اس میں سید صاحب۔ شاہ اسمٰعیل صاحب اور مولانا عبدالحی صاحب کے متعلق نہایت کارآمد معلومات کا ذخیرہ ہے ؎ سیرت سید احمد ج۲ د ش۔ م ص ۳۸۹۔

امیر الروایات کی مذکورہ بالا حکایت سے یہ صاف معلوم ہوتا ہے۔ اگر یہ اجتماع ایک مرکز

سید احمد شہید اُن کے سامنے اپنی ذاتی رائے پر عمل[۱] نہیں کر سکتے تھے۔ بلکہ اجتماعی فیصلہ حکومت کر رہا تھا۔

(بقیہ صفحہ ۱۵۶) رکھتا ہے۔ تو وُہ شاہ عبد العزیز کا مدرسہ ہے۔ اور شاہ اسحاق۔ رئیس۔ امیر شہید۔ چونکہ عسکری نظام کے سردار ہیں۔ اور وُہ زمانہ لشکر جمع کرنے کا ہے۔ اس لئے بیرونی مدرسہ انہیں کو صدارت حاصل تھی۔ ۱۲ محمد نور الحق۔

حاشیہ صفحہ ۱۵۶ ہُنڈ کا تعلق ہماری سیاسی تاریخ سے نہایت ہی قوی ہے۔ یہ ہُنڈ وہی مقام ہے جہاں ۱۲ جمادی الاخرہ ۱۲۴۲ھ[۱] فرقہ ولی اللہیہ کے "مقدمۃ الجیوش" نے جسے امام عبد العزیز دہلوی نے تیار کیا تھا۔ اپنی حکومت موقتہ قائم کی۔ اُس کے رئیس امیر شہید دہلوی تھے جمہور مسلمین نے بیعت کی اور انہیں امیر مان لیا گیا۔ اتفاق سے یہ تاریخ ۱۰ جنوری ۱۸۲۷ء کے موافق تھی۔ اسلئے ہمارا شمسی قومی نوروز اس واقعہ کی یاد تازہ رکھنے کے لئے ۱۰ جنوری کو منایا جائے گا۔ جس قدر ہندوستانی مسلمان کی قومی روح پیدا ہو گی اُسی انداز سے وُہ ہماری تجویز کی تائید کریں گے۔

سر جان ایلیٹ نے فیصلہ کیا ہے۔ کہ ہُنڈ دریائے سندھ کے کنارے پر مشہور و معروف ہے اٹک سے پندرہ میل کے فاصلے پر ہے۔ لاہور اور پشاور کے قدیم شارع اعظم پر پشاور سے تین میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ وُہ مشرقی قندھار کا دار السلطنت تھا۔ ابو الفداء۔ البیرونی۔ بیہقی نے سکندر اعظم کو اس کا بانی قرار دیا ہے پہلے اس کو بھٹنڈہ سے یاد کیا گیا ہے۔ اب اس کو ہُنڈ کہتے ہیں۔ کتاب التمہید وقت ثانی ۱۲ محمد نور الحق۔ سحر ۷ نومبر ۱۹۴۱ء

ص۱۵۷ ۸ شعبان ۱۲۴۳ھ بروز یکشنبہ بمقام خار مولانا عبد الحی نے بعارضہ بواسیر انتقال کیا۔ جو اس جماعت کے لئے ناقابل تلافی نقصان تھا۔ حدیث م۔ ص ۱۴۱

[۱] سید احمد شہید ایک روز صبح کی نماز میں دوسری رکعت میں آکر شریک ہوئے۔ نماز سے فارغ ہو کر مولانا عبد الحی نے "ما بال اقوام الخ" کے طور پر فرمایا۔ کہ ایسے لوگ جو سنت کے احیاء

۳۱۔ اُن کی وفات کے بعد تحریک میں ایک اساسی تغیر پیدا ہوا۔ ہندوستانی انقلاب کی جو خصوصیت اس تحریک کے ذاتیات میں داخل تھی۔ وُہ تقلید کمزور[۱]

(بقیہ صفحہ ۱۵۷) کے مدعی ہیں۔ وہ جماعت میں بھی صحیح طور پر حاضر نہیں ہو سکتے۔ سید صاحب نے فرمایا مولانا! آپ کا یہ ارشاد حق ہے۔ اور ہم سے پھر ایسی کوتاہی نہیں ہوگی۔ اور یہ آپ کا فرض ہے کہ آپ اسطرح ٹوکیں۔ مولانا عبدالحی نے کہا کہ یہ عذر صحیح نہیں ہے۔ آپ کو صحیح طور پر کام کرنا چاہئے۔ ہر روز کون ٹوک سکتا ہے؟ امام بنتے ہو تو آگے بڑھ کر کام کرو۔

جب مولانا عبدالحی کا آخری وقت تھا۔ تو سید صاحب نے اُن سے فرمایا۔ کہ مولانا آپ کی اگر کوئی خواہش ہو تو میں اُس کو پورا کردوں۔ آپ نے کہا۔ آپ اپنا قدم بڑھا کر میرے سینے پر رکھیں یہی ایک خواہش باقی ہے۔ سید صاحب نے اس کی تعمیل کردی۔ الغرض ادب بھی انتہا درجہ کا ملحوظ ہے۔ اور اُن کو قاعدے کے اندر پابند رکھنے کی قوت بھی ہے۔

یہ ہر دو واقعے ہمیں مولانا حافظ محمد احمد صاحب مرحوم نے سنائے۔ غالباً انہوں نے مولانا محمد قاسم یا مولانا رشید احمد صاحب سے سنے ہوں گے۔

[۱] یعنی ہندوستانی مجاہد اس لئے نکلے تھے۔ کہ شاہ عبدالعزیز کا ایک فیصلہ پورا کریں جیسے امام ولی اللہ نے مرہٹوں کے خلاف افغانوں کو بلایا۔ اسی طرح امام عبدالعزیز سکھوں کے خلاف افغانوں کو بلانا چاہتے تھے۔ پنجاب کی باغی حکومت کو ختم کر کے کابل اور دلی کا اتصال پیدا کرنا مستقبل کی ترقی کے لئے ایک ضروری اساس تھا۔ اسی پر یہ ساری تحریک چل رہی تھی۔ اس کو دہلی اور ہندوستان سے خصوصی تعلق تھا۔ لہذا سید صاحب اور ان کے مجاہدین کو دلی کے مرکز کے تابع ہو کر کام کرنا چاہئے تھا۔ ان کو روپیہ اور آدمی دہلی سے بھیجے جاتے ہیں۔ یعنی سارا مقصد دلی کی آزادی کو مستحکم بنانا تھا۔ مگر اب سید صاحب خلیفہ کہلانے لگے۔ اور ساری دنیا کے ایک بڑے امیر بن گئے یعنے اگر افغان ہمارا دلی ... کے لئے اُن کی اطاعت مذہبی فرض ہے۔ تو بخارا، ترکی، دوسرے ممالک بھی

ہوتی گئی یعنی ماوراء السند کا مرکز مستقل بنکر دہلی سے سرکشی اور بغاوت کر رہا ہے جس کا یہ نتیجہ نکلا۔ کہ حزب ولی اللہ کی حکومت کا طریقہ بورڈ کی حکومت سے شخصی امامت (ڈکٹیٹر شپ) میں تبدیل ہو گیا۔ اس طرح امیر شہید امیر المؤمنین اور دنیائے اسلام کے مصلح خلیفہ ماننے گئے۔

اب حزب ولی اللہ کی خصوصیات پر زور نہیں دیا جاتا۔ بلکہ نجدی اور یمنی طریقوں پر کام کرنے والے ہندوستانی حنفی فقہ کی پابندی ضروری نہیں سمجھتے۔ جس سے افغانوں کو ان مجاہدین سے مذہبی عداوت پیدا ہو گئی۔

امیر شہید نے بارہا کوشش کر کے علماء افاغنہ اور عوام کو یقین دلایا۔ کہ امیر اور اُن کا خاندان ہمیشہ محققین حنفیہ کے طریقہ کا پابند رہا ہے۔ مگر حزب ولی اللہ کی امتیازی خصوصیات تسلیم نہ کرنے والے لوگ اس پابندی کو قبول نہ کرتے اور معاملہ روز بروز بگڑتا گیا۔

جملہ معترضہ | امام ولی اللہ اگرچہ اپنے والد کی طرح حنفی مذہب کے[۱]

(بقیہ صفحہ ۱۵۸)۔ اُن کی اطاعت سے سبکدوش نہیں ہو سکتے۔ سب کے لئے اُن کا تسلیم کرنا مذہبی فریضہ ہے۔ امیر شہید کو اس طرح امام مہدی کے درجے کے قریب لانے کی کوشش کی گئی۔ اس سے مرکز یعنے دہلی کی حکومت جاتی رہی۔ ہمارے خیال میں اس تمام تر تغیر میں کمپنی بہادر کی ڈپلومیٹک چال کو بڑا دخل ہے۔

[۱] امام ولی اللہ انفاس العارفین میں لکھتے ہیں۔ مخفی نماند کہ حضرت ایشاں در اکثر امور

بقیہ صفحہ ۱۵۹ ا موافق مذہب حنفی عمل مے کردند. الا بعض چیزہا. کہ بحسب حدیث یا وجدان، بمذہب دیگر ترجیح مے یافتند. ازاں جملہ آنست کہ در اقتدا سورۂ فاتحہ مے خواندند. و در جنازہ نیز. ھ

قال الامام فے فیوض الحرمین. وتاملتہ صلے اللہ علیہ وسلم الی ای مذھب من مذاھب الفقہ یمیل لاتبعہ واتمسک بہ فاذا المذاھب کلھا عندہ علی السواء. لیس علم الفروع فے حالتہ ھذہ من دیدن روحہ الکریمہ. ھ ص۳

عرفنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان فے المذھب الحنفے طریقۃ ایقۃ ھے اوفق الطرق بالسنۃ المعروفۃ التی جمعت ونقحت فے زمان البخاری واصحابہ وذلک ان یوخذ من اقوال الثلٰثۃ قول اقربھم بھا فے المسئلۃ. ثم بعد ذٰلک یتبع اختیارات الفقہاء الحنفیین الذین کانوا من علماء الحدیث. فرب شئ سکت عند الثلٰثۃ فے الاصول وما تعرضوا النفیہ ودلت الاحادیث علیہ. فلیس بد من اثباتہ. والکل مذھب حنفے. ھ ص۴۸

ونفع فے نفحۃ اخری. فبین ان مراد الحق فیک ان یجمع شملا من شمل الامۃ المرحومۃ بک. فایاک ان تخالف القوم فے الفروع فانہ مناقضۃ لمراد الحق. ثم کشف لی انموذجا ظھر لی منہ کیفیۃ تطبیق السنۃ بفقہ الحنفیۃ من الاخذ بقول الثلٰثۃ وتخصیص عموماتھم والوقوف علی مقاصدھم والاقتصار علی ما یفھم من لفظ السنۃ ولیس فیہ تاویل بعید. ولا ضرب بعض الاحادیث ببعض ولا رفض لحدیث صحیح بقول احد من الامۃ وھذہ الطریقۃ ان اتمھا اللہ واکملھا فھی الکبریت الاحمر والاکثیر الاکسیر الاعظم. ھ ص۶۲. ص۶۳. ص۶۴.

تفصیلات کے لئے. رسالہ " امام ولی اللہ دہلوی کی حکمت کا اجمالی تعارف " اور تذکرہ شاہ ولی اللہ. طبع الفرقان بریلی ملاحظہ ہو.

پابند تھے۔ مگر حنفی اور شافعی دونوں مذہبوں کی کتابیں محققین کی طرح پڑھاتے تھے انہوں نے حجۃ اللہ البالغہ میں اپنے اصول حکمت کے موافق حدیث کی شرح لکھی ہے اس میں بعض اوقات وہ شافعی مذہب کو ــــ اگر وُہ حدیث اور حکمت کے زیادہ موافق ہو۔ راجح قرار دیتے ہیں۔

جب مولانا محمد اسمٰعیل شہید نے حجۃ اللہ امام عبدالعزیز سے پڑھی۔ تو اپنے جدامجد کے طریقہ پر عمل شروع کردیا۔ انہوں نے اپنی ایک خاص جماعت بھی تیار کی۔ جو حجۃ اللہ البالغہ پر عمل کرے! اور وُہ شافعیہ کی طرح رفع یدین۔ اور آمین بالجہر وغیرہ سنن پر عمل کرتے تھے۔ اس سے دہلی کے عوام میں شورش پھیلتی رہی۔ مگر حزب ولی اللہ کا کوئی عالم اُن پر اعتراض نہیں کرسکتا۔

جب افغانی علاقے میں ہجرت کا فیصلہ ہوا۔ تو امیر شہید نے مولانا اسمٰعیل شہید سے دریافت کیا۔ کہ مولانا! آپ رفع یدین کیوں کرتے ہیں؟ مولانا نے کہا یہ احیائے سنت[1] ہے

---

[1] مولانا محمد فاخر الہ آبادی ایک دفعہ دہلی تشریف لائے۔ شاہ ولی اللہ صاحب سے ملاقات کرنا مقصد تھا۔ اتفاقاً ایک مسجد میں نماز پڑھی اور رفع یدین کر بیٹھے۔ عوام اُن کے سر ہو گئے۔ نزاع نے نازک صورت اختیار کر لی۔ ہجوم اُن کو شاہ صاحب کی خدمت میں لے آیا۔ آپ نے برافروختہ ہجوم سے نہایت نرمی سے فرمایا۔ کہ احادیث صحیحہ میں اس طرح بھی وارد ہے۔ اس پر وہ خاموش ہو کر چلے گئے۔ بعد ازاں شاہ صاحب نے مولانا سے فرمایا۔ کہ حکیم وُہ نہیں جو عوام کو خواہ مخواہ اپنے خلاف کر لے۔ ھ

حاصل کرنے کے لئے امیر شہید نے کہا کہ مولانا! اب رضا الٰہی کے لئے رفع یدین کرنا چھوڑ دیجئے۔ اس کے بعد مولانا شہید کی خاص جماعت نے بھی اُن کی اطاعت میں یہ اعمال چھوڑ دئے۔[۱]

مگر وہ لوگ جو نجدی اور یمنی علماء کے شاگرد تھے۔ باز نہ آئے۔ اور انہیں لوگوں کے بیجا اصرار نے مشکلات پیدا کر دیں۔ امیر شہید نے اُن کے رہنما کو۔ جو محمد اسمٰعیل اور امام شوکانی دونوں کا شاگرد اور زیدی شیعہ تھا۔ اپنی جماعت سے نکلوا دیا۔ مگر فساد کی آگ پھر بھی بھڑکتی رہی (جملہ معترضہ ختم ہُوا)

جملہ معترضہ اس کے ساتھ ایک دوسرا جملہ معترضہ بھی لکھنا ضروری ہے۔ تاکہ آج کی اصطلاح کے مطابق یہ نزاع سمجھنا آسان ہو جائے۔ آج کل نیشنل، اور انٹرنیشنل جماعتوں کے اختلافات یورپ کی ریاست میں مرکزی حیثیت حاصل کر چکے ہیں۔ ایک ملک میں ایک نیشنل پارٹی ہے۔ جو انٹرنیشنل رجحان رکھتی ہے دوسری پارٹی انٹرنیشنل نظریہ کو اساس اولیں بناتی ہے، عام لوگوں کی نگاہیں ان میں فرق نہیں کرتیں۔ مگر وُہ آپس میں مل کر کام کر نہیں سکتیں، بلکہ غالب پارٹی مغلوب جماعت کو قتل کرنے پر آمادہ ہو جاتی ہے۔[۲]

---

[۱] یہ روایت امیر شاہ خاں مرحوم کی زبانی ہم تک پہنچی۔ ہ

[۲] مثلاً روس میں ٹروٹسکی کی جماعت انٹرنیشنل نظریہ رکھتی ہے۔ واضح رہے کہ ٹروٹسکی

اسی طرح حزب ولی اللہ کو ایک نیشنل پارٹی سمجھنا چاہیئے۔ جو انٹرنیشنل رجحان رکھتی ہے۔ اور اُن ہندوستانیوں کو جو نجدی یمنی، ذہنیت رکھتے ہیں ایسی پارٹی سمجھنا چاہیئے۔ جو انٹرنیشنل نقطۂ نظر کو اساس قرار دیتی ہے۔ افغانی قومیں چونکہ خالص نیشنل پروگرام مانتی ہیں۔ وُہ حزب ولی اللہ کے معتدل حصّے سے متحد ہو سکتی ہیں۔ مگر انٹرنیشنل اصول کو اساس اول بنانے والے لوگوں کے ساتھ مل نہیں سکتیں

(دوسرا جملہ معترضہ بھی ختم ہُوا)

شرفاء افاغنہ دوسری مسلم قوموں کے شرفاء سے رشتہ ناطہ کرنا معیوب[۱] نہیں سمجھتے۔ مہاجرین اپنے ساتھ اہل وعیال تو لے نہیں گئے تھے۔ جب افغانی علاقے

(بقیہ صفحہ ۱۶۲) یہودی النسل ہے۔ اس کے مقابلہ میں سٹالین جو خالصًا روسی ہے۔ کی جماعت انٹرنیشنل میلان رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سٹالین نے ٹروٹسکی کی ساری جماعت کو جو عمومًا یہودی تھے۔ قتل کرا دیا۔ اسی طرح اسلام ایک انٹرنیشنل تحریک ہے۔ اور عربی۔ ترکی۔ ایرانی۔ ہندی نیشنل تحریکیں ہیں۔ ایک عرب جو اسلامی میلان رکھتا ہے۔ یا ایک ہندی جو اتحاد اسلام کی فکر رکھتا ہے۔ یہ تو مثال ہوگی سٹالین کی۔ اور ایک ایسا آدمی جو سوائے اتحادِ اسلام کے اور کوئی چیز نہیں مانتا۔ جیسے یمنی نجدی تحریکوں سے متأثر ہندوستانی۔ یہ مثال ہے ٹروٹسکی کی۔ کیونکہ وُہ بجز اسلام کے سب چیزوں کو نہیں مانتے۔ ہندوستانیت عربیت، وغیرہ اُن کے ہاں کوئی چیز نہیں ہے۔

لہٰذا ان ہر دو جماعتوں میں (یعنے امام عبد العزیز کی تربیت یافتہ جماعت، اور یمنی نجدی طریقے پہ چلنے والے ہندوستانی) اختلافات کا پیدا ہونا ناگزیر ہے۔ ھ

[۱] ۱۲۴۳ھ کے عہد میں سید شہید نے ایک خاتون سے نکاح کیا جس کو سلیمان بادشاہ شاہ کاشغر

میں مستقل طور پر رہنے لگے۔ تو اُن کی شادی بیاہ افغانوں میں ہوتا رہا۔ مگر امیر شہید کے دعوائے خلافت کی اشاعت کرنے والے ہندوستانی اپنی حاکمانہ قوت دکھا کر، بہ جبر افغان لڑکیوں سے نکاح کرنے لگے۔ اس بارے میں بھی زیادہ مجرم وہی لوگ ہیں۔ جو حزب ولی اللہ کے تربیت یافتہ سپاہی نہیں تھے۔ اور اپنے مذہبی جوش میں اپنے فکر کے مقابلے میں امیر کی اطاعت بھی نہیں کرتے تھے۔ یہ لوگ "لاطاعۃ للمخلوق فے معصیۃ الخالق" کا اصول غلط استعمال کرتے ہیں۔ اُن کی مثال یورپ کے انارکسٹوں کی سی تھی۔ جو اس انقلابی جماعت کے ساتھ شریک ہو گئے تھے! اور اُن انقلابیوں کو سخت نقصان پہنچا کر رہے ہے۔ؔ[له]

(بقیہ صفحہ ۱۶۳) نے سید صاحب کی خدمت میں بھیجا تھا۔ اُن کے بطن سے ایک صاحبزادی ہاجرہ پیدا ہوئی۔ سید صاحب کی شہادت کے بعد یہ خاتون ٹونک چلی آئیں۔ ۱۳۰۰ھ میں ٹونک میں وفات پائی۔ ھ۔ ش۔ م۔ ص ۴۴۱

له حقیقت یہ ہے کہ وہ اپنے مذاق کے مخالف کوئی حکم بھی ہو۔ اس کو نہیں مانتے۔ خواہ وہ حکم امیر ہی کیوں نہ ہے۔ ھ افغان لڑکیوں سے بجبر نکاح کرنے کا واقعہ سیرت احمدیہ میں ان گول مول الفاظ سے مذکور ہے۔ ہندوستان کے عام خاندانوں کی طرح افغانستان اور سرحد میں عام رواج تھا۔ کہ بیواؤں کا نکاح ثانی ناجائز سمجھا جاتا تھا۔ اس کے علاوہ خود نکاح میں اس قسم کی پابندیاں حائد تھیں۔ کہ کنواری لڑکیاں بیٹھے بیٹھے عمر گذار دیتی تھیں۔ سید صاحب نے نکاح بیوگان۔ اور دوسری بُری رسم کے قلع قمع کے لئے حکم دیا۔ اس سے بہت سے خاندان اور امرا ناراض ہوئے۔ اُن کی مخالفت کے اسباب میں سے ایک یہ بھی بڑا سبب تھا۔ ص ۱۸۹۔

۵۔ جس دن سے امیرشہیدؒ افغانوں کے امیر بنے۔ اُسی وقت سے بغاوت کی چنگاری اس اجتماع میں چمکتی رہی ہے۔ اگر معاملہ ہمارے ہاتھ میں ہوتا تو ہم افغانوں کا امیر افغان بناتے! اور اُسے امیرشہید کے بورڈ کا ایک ممبر بنا دیتے۔ اس طرح دونوں قومیں مل کر جہاد کرتی رہتیں۔

سیدؒ احمد الامیر الشہید کو زہر دیا گیا

جب افغانی علاقے میں ایک آزاد پناہ حاصل ہو گئی۔ تو ضرورت تھی۔ کہ نظم ونسق اور شرعی حکم کی تعمیل کرتے ہوئے ایک امام مطلق (امیرالمومنین۔ امیرعسکر سے بہت بڑا۔ نور) منتخب کیا جائے۔ تاکہ مالِ غنیمت کی تقسیم میں بے قاعدگی نہ ہو۔ بالاتفاق امیرشہید کو امامت کے لیئے منتخب کیا گیا۔ اور ۱۲ جمادی الثانی ۱۲۴۲ھ کو آپ کے ہاتھ پر امامت اور خلافت کی بیعت ہوئی۔ اور خطبہ آپ کے نام کا جاری ہوا۔ عیدالاضحی ۱۲۴۲ھ کو آپ نے پنجتار کو اپنا ہیڈکوارٹر بنالیا۔ ھ۔ ش۔ م ف۴۳ ۔ ف۴۲۷ بغاوت کی چنگاری الخ اعلان امامت کے بعد چند روز سرداران پشاور لشکر اور توپ خانہ لے کر نوشہرہ کے قریب ہو سرائی مقام پر سکھوں کے ساتھ جہاد کرنے کے لیئے سید صاحب کا زیرِ قیادت حاضر ہوئے۔ ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔ اس وقت سرداران پشاور سرداران سمہ اور مجاہدین ہند کی مجموعی تعداد ایک لاکھ کے قریب تھی۔ جو امیرشہید کے حکم سے ہر قربانی کو تیار تھے۔ سرداران پشاور گو بظاہر سید صاحب کے ہمراہ تھے۔ مگر وُہ اُن کی امامت کو اپنی سرداری کے لیئے پیامِ مرگ یقین کرتے تھے۔ اس بنا پر وُہ سکھوں سے بھی ساز باز رکھتے تھے۔ تاکہ سرداری بہرحال باقی رہ سکے۔ عین اُسی وقت جبکہ میدان کارزار گرم ہونے والا ہے۔ صفیں آراستہ ہیں۔ مولانا اسمٰعیل سید صاحب کو لینے کے لیئے خیمہ میں داخل ہوتے ہیں۔ تو دیکھتے ہیں کہ سید صاحب بیہوش پڑے ہیں قے جاری ہے۔ بظاہر یہ زہر کا اثر ہے جو قے کے ساتھ خارج ہو رہا ہے۔ اِدھر جب لڑائی شروع ہوئی۔ تو سرداران پشاور کے جو دستے

ہم نے اپنے فکر کا عملی تجربہ کر کے دیکھ لیا ہے۔ کہ اس سے وہ تمام فسادات رُک جاتے ہیں۔ جو امیر شہید کی جماعت کے لئے سوہانِ روح بنے رہے۔ باوجود ان فتنوں کے سکھوں سے لڑائیاں بھی ہوتی رہیں! ور افغانوں سے بھی لڑتے رہے۔

(بقیہ صفحہ ۱۶۵) پہاڑیوں سے سکھوں پر بندوقوں اور توپوں سے فائر کر رہے تھے۔ افسوس کہ ان میں خالی بارود بھری جاتی تھی۔ سید صاحب گو میدانِ جنگ میں گئے۔ مگر اس سے آپ پر آٹھ روز تک بیہوشی طاری رہی۔ سازش کے متعلق جب تفتیش شروع ہوئی۔ تو معلوم ہوا کہ زہر کھلانے والے ولی محمد اور نذر محمد کشمیری شیعہ تھے۔ جو یار محمد خاں سردار پشاور کے نوکر تھے۔ کھانا پکانے کے لئے یار محمد نے اُن کو امیر شہید کے پاس بھیجا۔ انہوں نے کھچڑی اور گنڈیریوں میں زہر ملا کر عین جنگ کے وقت کھلا دیا۔ مگر امیر شہید نے گرفتاری کے بعد ہر دو مجرموں کو معاف کر دیا۔ سردارانِ پشاور کی غداری کے بعد آپ نے تبلیغ و تالیف کا سلسلہ وسیع کر دیا۔ تاکہ قلوب کو زیادہ مائل کیا جا سکے۔ چنانچہ آپ نے مع فوج علاقہ نمبر سوات وغیرہ کا دورہ کیا۔ ھ۔ ش۔ م ص ۴۳۲۔

لے کابل میں جب ہم افغانی حکومت کے اندر رہ کر کام کرتے تھے۔ تو ہمارے دست و بازو ہندوستانی، افغانی تعلیمیافتہ نوجوان ہر دو تھے۔ ہم نے اس میں اسی طرح کے اختلافات پیدا ہوتے دیکھے۔ جیسے امیر شہید کے لشکر میں پیدا ہو چکے تھے۔ تو ہم نے اُن کے انسداد کے لئے سعی کی۔ ہم نے بجز افغانوں کے۔ اُن کا سردار کسی اور کو بننے نہیں دیا۔ اور ان کی تمام ضرورتوں میں ہم اُن کے ویسے ہی معاون رہے۔ حکومت ہم نے اُن پر نہیں کی۔ اور امداد کرتے رہے! اس سے ہمارے سارے معاملات درست رہے۔

(فائدہ) جب ہم ہندوستان سے نکلے تھے۔ تو اتحادِ اسلام کے حامی تھے یعنی انٹرنیشنل پروگرام رکھتے تھے۔ مگر جب ہم واپس آئے۔ تو اس وقت خالص نیشنلسٹ ہیں۔ یہ سبق ہمیں کابل کی زندگی نے سکھایا ہے۔

سیدؒ احمد الامیر الشہید کی افغانوں سے لڑائیاں

(ڈنگہ کا شبخون) مولانا شہید کی قیادت میں ہری سنگھ نلوہ کی فوج پر مارا گیا۔ اور تین سو سکھ اور سات مجاہد کام آئے۔ بعد ازاں جنگ شنگاری واقع ہوئی۔ مجاہدین ڈنگہ جب روانہ ہو چکے۔ تو ابھی باقی ماندہ حضرات کھانے پینے میں مصروف تھے کہ سکھوں کے بڑے لشکر نے حملہ کر دیا۔ حضرت شہید نے بارہ آدمیوں سے اُن پر حملہ کیا۔ جس سے تقریباً سو سکھ مارے گئے۔ اور یہ بارہ آدمی سلامت رہے۔ البتہ مولانا شہید کی انگلی پر گولی لگی۔ صفحہ ۴۴۰ ش۔م

(افغانوں سے جنگ اتمان زئی کی لڑائی) سرداران پشاور کا جذبہ عناد بڑھتا گیا۔ چار ہزار فوج اور دو توپیں لے کر دریائے لنڈا سے عبور کر کے بمقام اتمان زئی آ پہنچے۔ امیر شہید بمقام خار قیام فرما تھے۔ سید صاحب نے ارباب بہرام خاں۔ ارباب جمعہ خاں وغیرہ خوانین۔ اور سمہ و سوات کے سرداروں سے مشورہ کر کے دو جانب سے سرداران پشاور کے لشکر پر شبخون مارا۔ اور غنیم کو شکست ہوئی۔ اس کے علاوہ خادی خاں کی بغاوت، انٹورا فرانسیسی کی جنگ۔ جسے سکھوں نے فوج کی کمان دے کر بھیجا۔ اور اس نے شکست کھائی اور شبخون ہنڈ جس میں خادی خاں گولی کا نشانہ بنا۔ یہ واقعات تفصیل سے ش۔م صفحہ ۴۴۴ میں موجود ہیں۔ وہاں ملاحظہ ہوں۔

خادی خاں کے قتل کے بعد اس کے بھائی امیر خاں نے اندرونی طور پر سرداران پشاور (یار محمد خاں وغیرہ) سے ساز باز شروع کر دی۔ مگر بظاہر سید صاحب کی خدمت میں رہتا تھا۔ یار محمد خاں نے اس موقع کو غنیمت سمجھ کر امیر خاں کی ریاست میں اپنے لشکر جمع کرنے شروع کر دئیے۔ بعدہ ایک لشکر لئے چھ عدد توپ۔ اور کچھ ہاتھی اور اونٹ لے کر نہایت کر و فر سے خود بھی میدان میں آ پہنچا۔ اور اعلان جنگ کر دیا۔ (جنگ زیدہ) ۵ ربیع الاول ۱۲۴۵ھ کو بروز دوشنبہ یار محمد خاں کا لشکر زیدہ پہنچا۔ مولانا محمد اسمٰعیل نے جانبازوں کا لشکر لے کر یکایک حملہ کر دیا۔ مجاہدین نے اُن کی توپوں پر قبضہ کر لیا۔ اور توپچیوں کی مشکیں کس لیں۔ یار محمد خاں اس اثناء میں عالم بے خبری میں نو گرفتار حسینوں کے ساتھ عیش و طرب میں مشغول تھا۔ کہ زخمی ہوا۔ اور موضع دو ڈھیر میں پہنچنے سے پہلے ہلاک ہو گیا۔ پشاور نہ جا سکا۔

(بقیہ صفحہ ۱۶۷) یار محمد خاں کی وفات کے بعد اس کا بھائی سلطان محمد خاں جوش انتقام سے اندھا ہو گیا اور قلعہ ہنڈ پر قبضہ کر لیا۔ سید صاحب باوجودیکہ سکھوں سے تربیلا کے مقام نبرد آزما تھے۔ آپ سنتے ہی ہنڈ کی طرف متوجہ ہوئے۔ سلطان محمد خاں سید صاحب کی آمد سنتے ہی بھاگا۔ مگر سکھوں نے امیر خاں برادر خادی خاں کی انگیخت پر ہنڈ پر قبضہ کر لیا (جنگ ھیار) ہوتی مردان کا خان مسمی احمد خان نکاح بیوگان اور دوسرے غیر شرعی رسوم پر جو نکاح کے متعلق افغانوں میں رائج تھیں۔ سید صاحب سے ناراض تھا۔ وہ سرداران پشاور کے پاس پہنچا۔ اور اُن کو بھڑکا کر جنگ کے لئے تیار کیا۔ افغانوں کا یہ لشکر بڑھتے بڑھتے ھیار پہنچا ادھر سید صاحب مولانا اسمٰعیل وغیرہ کے ساتھ خود فوج لے کر میدان میں آئے۔ چند گھنٹے کی جنگ کے بعد پشاوری سرداروں کو شکست ہوئی۔ وہ لوگ مردوں اور زخمیوں کو چھوڑ کر بھاگ گئے۔ (جنگ پشاور) ھیار کی فتح کے بعد ضرورت محسوس ہوئی۔ کہ پشاور کو تسخیر کر لیا جائے۔ جو ان کا مرکز تھا۔ پشاوری سلطان محمد خاں وغیرہ کی عیاشی سے متنفر تھے۔ سب نے سید صاحب کو سر آنکھوں پر رکھا۔ سابقہ جنگوں میں شکست اور عوام کی بڑھتی ہوئی عقیدت نے سلطان محمد خاں کی ہمت پست کر دی۔ اس نے ارباب فیض اللہ خاں مہمند کے ذریعہ توبہ کی درخواست کی۔ جماعت کی مرضی کے خلاف آپ نے یہ درخواست بعد از دیر منظور کر لی۔ اب حاکم پشاور کے انتخاب کا مسئلہ پیش ہوا۔ اس موقعہ پر ارباب بہرام خاں وغیرہ نے خود اپنے لئے درخواست کی۔ مگر سید صاحب نے پشاور کی حکومت اور ولایت کا پروانہ اس کو عطا کر کے پشاور کا حاکم بنا دیا۔ سید صاحب نے مولانا سید مظہر علی کو شہر کا قاضی مقرر کیا۔ اور مولانا قمرالدین کو مع چند اور حضرات کے ان کی امداد کے لئے پشاور چھوڑا۔ اب سید صاحب اور مجاہدین کی حدود حکومت سرحد کے بڑے علاقہ پر محیط ہو گئی اس کے بعد سلطان محمد خاں نے غداری کر کے سب سے پہلے قاضی صاحب مذکور کو مع ارباب فیض اللہ خاں کے قتل کرا دیا۔ یہ فیض اللہ خاں وہی ہے جس نے سلطان محمد خاں کی توبہ منظور کرائی تھی۔ (قتل عام) ایک رات مجاہدین نے دیکھا کہ پہاڑیوں پر اور قریہ بقریہ اونچے مکانات پر آگ جلائی جا رہی ہے۔ اور عوام خوشیاں منا رہے ہیں۔ مجاہدین نے اس کا سبب دریافت کیا تو بتایا گیا۔ کہ یہ سب مالیہ سرکار کی ادائیگی کی تیاری ہے تاکہ فصل صاف کر کے کل عشر ادا کیا جائے۔ لیکن ایک ہی رات میں

۶۔ پشاور کے افغان سرداروں نے امیر شہید سے لڑکر شکست کھائی۔ اس سے حزب ولی اللہ کا ایک صوبے کی حکومت پر قبضہ ہوگیا۔ امام عبدالعزیز کے تربیت یافتہ علماء حکومت کے مناصب پر مقرر ہوئے۔ چند دنوں میں حزب ولی اللہ نے ایسے نمونے کی حکومت قائم کردی جسکی نظیر دیکھنے کو نہیں ملتی۔ یہ حکومت بآسانی سندھ تک وسیع ہوکر ماوراء السند کو انقلاب کا مستقل مرکز بنا دیتی۔

۷۔ شکست خوردہ افغان خاندان امیر شہید کے پاس تائب ہوکر آیا۔ اور معافی مانگ کر اس نے ملک واپس لینا چاہا۔ اس پر امیر شہید راضی ہوگئے۔ اس موقع پر جماعت مجاہدین کے خواص و عوام سب کے سب متفق الکلمہ تھے۔ کہ یہ فیصلہ غلط ہے۔ مولانا اسمٰعیل اور ہندوستانی اور افغانی اہل الرائے نے پورا زور صرف کیا۔ کہ امیر شہید یہ غلطی نہ کریں۔ مگر انہوں نے کسی کی نہ مانی[۱]۔

(بقیہ صفحہ ۱۶۸) کہیں عشا کی نماز کے وقت۔ کہیں نصف شب کے وقت، کہیں صبح کی نماز کے وقت تمام مجاہدین، تحصیلداروں وغیرہ حکام کو ذبح کر دیا گیا۔ ھ۔ ش۔ م ص۱۵۔

[۱] سوانح احمدیہ کا مصنف امیر شہید کا خاص دلدادہ ہے۔ مگر یہاں پہنچکر اس نے واقعات نہیں چھپائے۔ امیر شہید پر جماعت نے جس قدر زور دیا۔ سب کو اس نے مفصل لکھ دیا ہے۔ بہرام خاں افغان ہمند تھا۔ اس نے امیر شہید سے کہا کہ اگر آپ حکومت نہیں چلا سکتے تو مجھے امیر بنا دیجئے میں اپنی قوم کے زور سے اس خاندان سے لڑونگا۔ اور مجاہدین کے کام کے لئے آپ جس قدر امداد میرے ذمہ لگائیں گے۔ میں اس کو پورا کروں گا۔ بہرام خاں نہایت مخلص شخص ہے۔ اور اپنی قومی طاقت

۸۔ اس خاندان نے حکومت واپس لیتے ہی افغانوں کے قومی جذبات کو ابھار کر ایسی سازش کا انتظام کر لیا۔ کہ ہر ہر قریے کے لوگوں نے ایک ہی رات میں انقلابی[ق] حکومت کے تمام سرداروں اور سپاہیوں کو تہ تیغ کر ڈالا۔ کابل میں قیام کے زمانے میں ہم نے اس فتنہ کے متعلق کافی معلومات حاصل کر لی ہیں اس کی ابتدا خویشگی کے اس خان سے ہوئی جس کی لڑکی کا جبرًا نکاح ہوا تھا۔ اس میں زیادہ رہنمائی کرنے والا خٹک کا خان تھا جس سے خویشگی خان نے صلح کر لی تھی۔

(بقیہ صفحہ ۱۶۹) رکھتا ہے۔ مولانا شہید کا خاص رفیق اور دلی دوست ہے۔ بقول مؤلف سوانح احمدیہ امیر شہید نے اس کی بھی نہ سنی۔ اول تو افغانوں سے لڑنا ہرگز نہیں چاہئے تھا۔ اور جب لڑ کر مرکز فتح کر لیا تھا۔ تو واپس دینا بہرصورت غلط تھا۔ یہ ایسی غلطی ہے کہ کوئی اہل الرائے اس کو معاف نہیں کر سکتا۔"

ق۔ ان ہر دو خوانین کی باہمی پشتی عداوت تھی جب خویشگی کے خان کی لڑکی کا ایک ہندوستانی سے جبرًا نکاح کیا گیا۔ تو اس نے خانِ خٹک سے کہا کہ میں نے اب اپنا دعویٰ چھوڑ دیا ہے۔ اب سوال ننگ افغانی کا ہے۔ ہماری باہمی صلح ہے۔ تم میری امداد کرو۔ خانِ خٹک کی نوجوان لڑکی تھی۔ خانِ خٹک نے پیغام پہنچتے ہی اسی مجلس میں اپنی دوشیزہ لڑکی کو بلایا۔ اور سرِ دربار اُس کے سر سے کپڑا اتار دیا۔ اور کہا کہ آج سے تیری کوئی عزت باقی نہیں رہی جب تک اس افغان لڑکی کا انتقام نہیں لیا جاتا تیری عزت ہیچ محض ہے۔ اس کے بعد خان خٹک کی یہ لڑکی اس فتنہ کے خاتمہ تک ہموار ننگے سر رہی ہے رات کو ایک جماعت اس کے ساتھ جاتی اور ایک گاؤں میں عورتوں مردوں کو جمع کر کے پشتو میں ننگ افغان کے متعلق لوگوں کو بھڑکاتی۔ دوسری رات دوسرے گاؤں میں جاتی۔ اس طرح اُس نے تمام افغانی علاقہ میں شورش منظم کر دی۔ اسپر ایک معیّن رات میں سب سرداروں کو قتل کر دیا گیا۔ اور حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔ ھ

۹۔ امیر شہید اس واقعہ سے (کہ قاضی، مفتی۔ حاکم۔ سپاہی۔ غرض ساری جماعت قتل کر دی گئی) بہت متاثر ہوئے۔ اور اپنا فوجی مرکز کشمیر میں منتقل کرنا چاہتے تھے۔ بالاکوٹ راستے کی ایک منزل تھی۔ سکھوں کے ولی عہد شیر سنگھ نے حملہ کر دیا فوج ایسے میدان میں گھر چکی تھی۔ کہ نہ کوئی سردار باقی رہا تھا۔ نہ سپاہی تحقیق سے یہی ثابت ہوتا ہے۔ کہ امیر شہیدؒ کا سر کاٹ کر رنجیت سنگھ کو دکھانے کے لئے لاہور لایا گیا۔ بغیر سر کے امیر کا جنازہ مولانا محمد اسمٰعیل شہید کے جنازے کے ساتھ بالاکوٹ میں دفن ہوا ہے :۔

امیر شہیدؒ کی شہادت

اس خونین واقعہ کے بعد سید صاحب نے ارادہ کر لیا۔ کہ اس بدنصیب سرزمین سے ہجرت کر لی جائے۔ جس قدر مجاہدین موجود تھے۔ اُن کے روبرو آپ نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ میں اب اس سرزمین کو چھوڑنا چاہتا ہوں۔ نہیں بتا سکتا کہ کہاں جاؤں گا۔ میں آپ کو رخصت دیتا ہوں۔ آپ مجھے رخصت دیں۔ مجاہدین نے کہا کہ ہم سب آپ کے ساتھ ہیں۔ اس پر آپ نے کشمیر کی جانب کوچ کا حکم دیا۔ یہ واقعہ ماہ رجب ۱۲۴۶ھ کا ہے۔ پنجتار اور ہمہ کے مخلص عقیدت مند کئی منزل تک آپکے ساتھ گئے۔ سید صاحبؒ قہ کاغان میں پہنچے۔ وہاں سے آپ نے چار سو مجاہدین کا لشکر زیر قیادت مولانا شہید اور مولانا خیر الدین شیر کوٹی درۂ بھوگرمنگ روانہ کیا۔ یہاں شیر سنگھ بیس ہزار فوج کے ساتھ مال گذاری وصول کرنے کے لئے پڑا ہوا تھا مجاہدین کا شبخون کامیاب رہا۔ اور وہاں کے لوگوں نے مالیہ سکھوں کی بجائے مجاہدین کو ادا کیا۔ جو ایک نعمت غیر مترقبہ تھی۔ درہ مذکورہ سے بڑھ کر مولانا شہید نے بالاکوٹ پر قبضہ کر لیا۔ ان ایام میں شیر سنگھ سلطان نجف خاں رئیس مظفر آباد کے ساتھ بگڑ گیا ہوا تھا۔ مظفر آباد سکھوں کا فوجی ہیڈ کوارٹر تھا

یہ واقعہ ۶ مئی ۱۸۳۱ء کو پیش آیا جب امام ولی اللہ کی تحریک پر پورا سو برس گذر چکا تھا۔ امام ولی اللہ نے ۵ مئی ۱۷۳۱ء کو کام شروع کیا تھا۔ اور صدی کے آخر میں، اُس کے بے نظیر پوتے، اور اُس کے رفقا نے شہید ہو کر تحریک کو ہمیشہ کے لئے زندہ کر دیا۔ ۵

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

۱۰۔ ایسٹ انڈیا کمپنی گذشتہ ڈیڑھ سو برس سے سیاسی اقتدار حاصل کر

(بقیہ صفحہ ۱۷۱) مولانا شہید نے خیر الدین۔ ملا قطب الدین اور منصور خاں قندہاری کو فوج دے کو مظفر آباد روانہ کیا۔ خونریز جنگ کے بعد مظفر آباد فتح ہوا۔ شیر سنگھ کو جب اس کی اطلاع پہنچی۔ تو وہ گڑھی حبیب اللہ آیا۔ جو مظفر آباد اور بالاکوٹ کے درمیان ہے۔ بالاکوٹ گویا ایک قدرتی قلعہ ہے جس کو چاروں طرف سے بلند پہاڑوں کی دیواروں نے گھیر رکھا ہے۔ ایک بدبخت مسلمان کی رہنمائی سے شیر سنگھ دشوار گذار درّوں سے چھلانگتا ہوا ایسے مقام پر پہنچا۔ جہاں صرف ستر مجاہد پہرہ دے رہے تھے۔ ان سب کو شہید کر کے شیر سنگھ کی بیس ہزار ایک محصور مقام پر ہزار بارہ سو کی جماعت سے نبرد آزما ہوتی ہے۔ نشیبی علاقہ میں مجاہدین تھے۔ اور بلندیوں پر سکھ دست بدست لڑائی کے علاوہ سکھوں کی بھاری جمعیت پہاڑوں سے گولیوں کی بارش برسا رہی تھی۔ سید صاحب مولانا شہید ارباب بہرام اور دوسرے جان نثار مجاہدین سکھوں کی فوج میں گھس گئے۔ اور سب نے جام شہادت نوش کیا۔ یہ واقعہ ۲۴ ذی قعدہ ۱۲۴۶ھ مطابق ۶ مئی ۱۸۳۱ء کا ہے بروز جمعہ وقت نماز جمعہ۔ شہادت کے وقت سید صاحب کی عمر (۴۶) سال کی تھی۔ اور مولانا شہید کی عمر (۵۳) سال۔ ھ۔ ش۔ م ص۱۷۴۔

رہی تھی۔ مگر اُس نے ابتک تجارتی لباس میں مستور رہنا ضروری سمجھ رکھا تھا۔ واقعہ بالاکوٹ[1] سے دو سال بعد ۱۸۳۳ء میں یک لخت تجارت کا لبادہ اتار کر وہی حکومت کی مالک بن جاتی ہے۔ انّ فی ذٰلک لعبرۃ لاولی الالباب۔

اس تحریک کے متعلق ہم نے المسوّی کے مقدمہ میں ایک حاشیہ لکھا تھا۔ اُسے یہاں نقل کر دینا خالی از فائدہ نہ ہوگا۔ یہ نسخہ مکہ معظمہ میں طبع ہو چکا ہے

النھضۃ[2] التی قام بھا الامام عبد العزیز الدھلوی ارتقت من ۱۲۴۲ھ الی الحکومۃ الموقتۃ الھندیۃ فی جبال الافغانیین

[1] دو سال تک یہ لوگ دیکھتے رہے کہ آیا یہ تحریک پھر اٹھتی ہے یا نہ؟ جب دیکھا کہ تحریک قطعاً ختم ہو چکی ہے تو انہوں نے اپنی حکومت کا اعلان کر دیا۔

الامیر الشہید کی تحریک کے حقیقی بانی

[2] یعنی سید صاحب کو بڑی کشف و کرامت کا مالک بنا کر اس ساری جماعت کا امام منوایا گیا ہے۔ یہ چیز حقیقت کے سراسر خلاف ہے۔ یہاں کشف و کرامت کا مذکور ہی کیا ہے! اصل امام عبد العزیز ہے۔ وہ امام عبد العزیز کی جماعت کے سپاہی تھے۔ وہ فوجی جرنیل کے فرائض اچھی طرح ادا کر سکتے ہیں۔ ان سے غلطی ہوئی۔ خدا تعالیٰ انہیں معاف کرے۔ بغرض ہم مدت سے اصل شاہ عبد العزیز کو مانتے ہیں۔ یہی غرض اس قطعہ کے نقل کرنے سے ہے۔ سید صاحب کی بزرگی میں مولانا عبد الحی اور مولانا محمد اسمٰعیل کا اشتراک ہے۔ کیا اُن کو سید صاحب نے تیار کیا تھا؟ ہرگز نہیں یہ لوگ امام عبد العزیز کے تربیت یافتہ تھے۔ سید صاحب کو روپیہ شاہ اسحاق صاحب بھیجتے ہیں۔ کیا ان کو سید صاحب نے تیار کیا تھا؟ یہ سارا کام امام عبد العزیز کا تھا۔ انہوں نے آدمی تیار کیے۔ پروگرام بنایا۔ انہوں نے

من حدود الهند۔ و رئیس تلک الحکومۃ الشّرعیّۃ کان امیر المومنین السید احمد الدهلوی (الامیر الشهید) و صدارۃ وزرائها تستند الی مولانا عبد الحی الدهلوی (الصدر السعید) والامور الحربیۃ والسیاسیۃ کانت موکولۃ الی مولانا محمد اسمٰعیل الدهلوی (الصدر الشهید) واما الامور التی تشبه الداخلیۃ من جمع الاموال وحشد الرجال

بقیہ صفحہ ۱۷۳ کام شروع کیا۔ پھر غلطیاں اس قدر ہوئیں۔ کہ ان کا لازمی نتیجہ شکست تھا۔ پہلے زمانے میں ہم یہاں پہنچکر رو لیتے۔ اور زمانے کی شکایتیں کرتے کہ لوگ اسلام سے بہت دُور ہو گئے ہیں مگر یورپ کی انقلابی تحریکوں کی تاریخ پڑھنے سے ہماری تمام خدشات رفع ہو گئے ہیں۔ اس طرح کی انقلابی تحریکیں بار بار شکست کھاتی ہیں۔ تب جا کر کہیں برگ و بار لاتی ہیں۔ اور اپنا مقام حاصل کرتی ہیں۔

ہم اس سلسلے کو زندہ مانتے ہیں۔ مولانا شیخ الہند کی صحبت کا یہی خصوصی فیض ہے۔ جو ہماری سیاسی حاجت کو پورا کر گیا۔ مولانا شیخ الہند کی صحبت میں رہ کر ہم اس تحریک کے خفیہ کاموں سے کافی واقفیت رکھتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ تحریک اپنے آپ کو دوبارہ تیار کر رہی ہے ہمیں مولانا شیخ الہند نے کابل بھیجا۔ تو ان کی پچاس سالہ محنت کا نتیجہ کامیابی سے ہم نے دیکھ لیا۔ امیر امان اللہ خاں کا بروئے کار آنا۔ مولانا شیخ الہند کی جماعت کے کام کی ایک برکت ہے۔ وہ پھر شکست کھا جاتا ہے۔ مگر ہم نہیں گھبرائے۔ اس کی شکست کا نتیجہ ہمارا وہ مستقل پروگرام ہے جسے ہم انڈین نیشنل کانگریس میں قائم کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں اس کے اخفا کی کوئی ضرورت نہیں ہے ✦

وغیرھما فکان وکیلھا فی الدھلی مولانا محمد اسحاق (الصدر الحمید) وفی السابع والعشرین من ذی القعدة سنة ۱۲۴۶ھ یوافق ۱۰ مایو سنة ۱۸۳۱ء[1] استشھد الامیرُ واصحابہ فی بالاکوٹ قریة علی حدود کشمیر۔ کتبہ عبید اللہ بن الاسلام السندھی الدیوبندی۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین ۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ واقعہ بالاکوٹ پر امام ولی اللہ اور امام عبد العزیز کی اجتماعی تحریک کا ایک دَور ختم ہو گیا۔ لیکن چالاک تاریخ نویس اس واقعہ کو خود تحریک کا خاتمہ قرار دینا چاہتا ہے۔ وُہ پہلے امیر شہید کی عظمت پر زور دے کر اُن کو ساری تحریک کا ماں باپ ثابت کرتا ہے۔ اُس کے خیال میں اس تحریک کی اس قدر کامیابی میں نہ امام عبد العزیز کا دخل تھا۔ اور نہ امام ولی اللہ کا۔ اور نہ پشاور کی حکومت موقتہ کو دہلی میں مولانا محمد اسحاق کی امامت یا صدارت سے (جو روپیہ اور مجاہدین پہنچانے کی ذمہ دار تھی) کوئی تعلق تھا۔ اس کے بعد وُہ آسانی سے امیر کی شہادت سے تحریک کے ختم ہونے کا نتیجہ نکال لیتے ہیں:

---

[1] ۱۰ ہجری مہینہ کی تاریخ محفوظ ہے۔ اسے انگریزی جنتری میں تطبیق دی جائے۔ تو پہلے ہم ۱۰ مئی مقرر کرتے رہے۔ مگر دوسری جنتریوں کی مدد سے وُہ ۶ مئی معین ہوتی ہے۔

عبید اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

امام ولی اللہ کی تحریک کا دوسرا دور

(جو الصدر الحمید مولانا محمد اسحاق دہلوی نے سنہ ۱۲۴۶ھ میں شروع کیا اور سنہ ۱۳۳۹ھ میں شیخ الہند مولانا محمود الحسن دیوبندی قدس سرہٗ کی وفات پر ختم ہوا)

الصدر الحمید مولانا محمد اسحاق دہلوی نے بالاکوٹ کے واقعہ کے بعد گیارہ سال[1] کے غور و فکر سے امام ولی اللہ کی اجتماعی تحریک کا نیا پروگرام مکمل کر لیا۔

---

[1] امیر شہید اور مولانا شہید کی شہادت سے تقریباً گیارہ سال بعد سنہ ۱۲۶۰ھ میں مولانا محمد اسحاق اور مولانا محمد یعقوب (ان کے بھائی) نے اپنے متبعین اور متوسلین سمیت ہندوستان سے ہجرت کر کے حرم محترم کو اپنا نشیمن بنا لیا۔

مولانا شاہ عبد الغنی بن ابی سعید عمری کو ابھی ہندوستان ہی چھوڑا گیا۔ آپ کی عمر ہنوز پچیس سال کی تھی۔ تقریباً سنہ ۱۲۶۵ھ سنہ ۱۸۵۲ء میں شیخ الاسلام مولانا محمد قاسم دیوبندی اور شیخ الاسلام مولانا رشید احمد گنگوہی نے بسلسلہ احادیث نبویہ، شاہ عبد الغنی سے فیوض و کمالات کا اکتساب کیا۔

اُن کے پروگرام کے دو اصول زیادہ اہمیّت رکھتے ہیں۔

(الف) حنفی مذہب کی پابندی۔

(ب) اور ترکی سلطنت سے اتّصال۔

(۲ الف) الصدر الحمید کا قطعی فیصلہ تھا۔ کہ سب سے پہلے تحریک کو اس عنصر سے پاک کر دیا جائے۔ جو امام ولی اللہ اور امام عبد العزیز کے اصول اور طریقۂ کار کو عملاً تسلیم نہیں کرتا۔ اس طرح حزب ولی اللہ کا نظام، عرب کی مبنی نجدی تحریکوں سے علیحدہ ہو کر ہندوستانی مُسلمانوں کی اکثریت کو اپنے اندر جذب کر سکتا ہے، اور ہندوستانی مُسلمانوں کے اہم عنصر پشتونوں کو بھی مطمئن رکھ سکتا ہے۔

مدرسۂ دیوبند پہلی درس گاہ ہے جس نے مدرسہ دہلی کے بعد اس اصول پر کام شروع کیا۔ دیوبندی نظام نے پچاس سال میں جس طرح کامیابی حاصل کی ہے

(بقیہ صفحہ ۱۷۷) اور خدمت میں رہ کر وُہ تمام برکتیں حاصل کیں۔ جو ایک مقدس استاذ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ شاہ عبد الغنی اور شاہ احمد سعید دہلی میں مولانا محمد اسحاق کی نمایندگی کرتے رہے۔ اس اثنا میں ۱۸۵۷ء کا ہنگامہ پیش آیا۔ اسی ہنگامہ میں آپنے ہندوستان سے ہجرت فرمائی۔ اور ۶ محرم ۱۲۹۶ھ بعمر ساٹھ سال مدینہ طیبہ میں وفات پائی۔ ھ۔ ش۔ م صفحہ ۵۶۳ و صفحہ ۶۶۹۔ شاہ عبد الغنی کا ترجمہ ابجد العلوم صفحہ ۹۲۹ میں ملاحظہ ہو۔

مدرسۂ دیوبند کی تاسیس

ائمۃ الحزب الدهلوی اجتمعوا فی الحجاز واجمعوا علی تاسیس مدرسۃ دینیۃ جامعۃ فی الهند علی

(بقیہ صفحہ ۱۷۸) تمثال المدرسۃ الدھلویۃ۔ التی اسست فی زمان الامام عبدالعزیز وکان المدرسون بھا الصدر السعید مولانا عبدالحی الدھلوی ثم شیخ مشائخنا الشیخ رشید الدین الدھلوی (لہ ترجمۃ فی ابجد العلوم وقد مر بعض منہ۔ نور) ثم استاذ الاساتذہ مولانا مملوک العلی الدھلوی۔ و سُدّت بعد المحاربۃ۔ فی ۱۲۷۴ھ۔

فما قدروا علی ذلک الا فی دیوبند قریبًا من دھلی۔ فاشتغلوا بتاسیس المدرسۃ وتکمیلہ من ۱۵ محرم ۱۲۸۳ھ (۲۱ مئی ۱۸۶۶ ھندی) ومن تلک الایام سمیت الطائفۃ بالدیوبندیۃ وقبل ذلک لا یعرفون الا بالدھلویۃ۔

وامراء الطائفۃ کانوا مجتمعین بالحجاز۔ منھم الامیر امداد التانوی۔ و منھم الامام عبدالغنی الدھلوی۔ وکانوا یریدون تثبیت المرکز الاسلامی فی الحجاز وتجدید النھضۃ الھندیۃ فی جبال الافاغنۃ۔ وکان وکیل الامیر امداداللہ فی الھند شیخ شیخنا شیخ الاسلام محمد قاسم النانوتوی۔ توفی ۱۲۹۷ھ ذکرہ فی الکمالات الامدادیۃ۔ "حضرت حاجی صاحب نے ارشاد فرمایا۔ کہ اللہ تعالی اپنے بعض بندوں کو ایک لسان عطا فرماتے ہیں جیسا کہ شمس تبریزی کے واسطے مولانا رومی کو لسان بنایا۔ اور مجھ کو مولانا محمد قاسم لسان عطا ہوئے ہیں۔ جو میرے قلب میں آتا ہے مولانا اس کو بیان کر دیتے ہیں۔ ھ۔ فقام مقامہ شیخ الاسلام شیخنا رشید احمد الگنگوھی۔ رئیس الجامعۃ القاسمیۃ۔ وکان شیخنا شیخ الھند" نائب رئیس الجامعۃ" ولما توفی شیخ الاسلام رشید احمد فی ۱۳۲۳ھ صار شیخنا شیخ الھند رئیس الجامعۃ القاسمیۃ۔ قلت ذکر الشیخ حسین احمد الدیوبندی عن الامیر امداداللہ التانوی انہ قال۔ مولوی محمود الحسن کو کم نہ سمجھو۔ وہ اپنے زمانے کا شیخ ہوگا۔ ھ۔ کتاب التمھید فی ائمۃ التجدید مولانا عم فیضہم محمد نور الحق۔

وہ اس تجدید کی صداقت کے لئے شاہد عدل ہے۔

(ب) اس نظام کو پختہ بنانے کے لئے عوام کو بتلایا گیا۔ کہ جس قدر رہنما فقہ حنفی اور ہندوستانی تصوّف چھوڑنے کی دعوت دیتے ہیں۔ وُہ حقیقت میں شیعہ پارٹی کا کام کرتے ہیں۔ اس زمانے میں حزبِ ولی اللہ کا متوسط طبقہ ہر ایسے انسان کو جو فقہ اور تصوّف کا انکار کرتا۔ چھوٹا رافضی[۱] کہتا رہا ہے۔

(ج) اس نظام کو اور زیادہ مستحکم بنانے کے لئے الصدر الحمید نے ترکی خلافت سے اشتراک پیدا کرنا ضروری سمجھا۔ اور وُہ اپنا مرکز مکہ معظمہ[۲] لے گئے۔ اس کا لازمی نتیجہ ہوگا۔ کہ یمینی۔ نجدی تحریکیں دوبارہ معاملہ بگاڑ نہیں سکیں گی۔

۲۔ الصدر الحمید مکہ معظمہ میں اپنے بھائی مولانا محمد یعقوب دہلوی کو اپنے

---

[۱] چھوٹا رافضی۔ شاہ اسحاق کے متبعین جس کو اس قسم کا پاتے عوام سے کہتے۔ کہ یہ چھوٹا رافضی ہے۔ یہ جملہ دراصل امیر شہید کا بنایا ہوا ہے۔ مگر کثرت سے استعمال اس کا شاہ اسحاق کے متبعین نے کیا۔ ۱۰ نومبر سنہ ۱۹۴۱ء۔

[۲] قول جلی شیخ محمد عاشق سے ہم امام ولی اللہ کا ایک الہام شاہ اسحاق اور شاہ یعقوب کے بارے میں نقل کر چکے ہیں۔ یہاں اس پر ہم اتنا اضافہ کرتے ہیں۔ کہ امام ولی اللہ کی سیاسی تحریک جو ان کی اولاد ذکور کے ہاتھ میں تھی۔ اس کا سلسلہ مولانا شہید کی شہادت پر ختم ہو جاتا ہے۔ اس لئے ان کو الہام ہوتا ہے کہ یہ سلسلہ پھر ان کی اولاد اناث سے شروع ہوگا۔ جیسے امام ولی اللہ نے کام حجاز سے شروع کیا۔ اور ہند واپس آ کر اس کی تکمیل میں لگ گئے۔ یہ نیا سلسلہ بھی اسی طرح کام کرنے کے لئے حجاز ہی سے اقدام کریگا۔

اپنے ساتھ لے گئے۔ اور دہلی میں مولانا مملوک علی کی صدارت سے مولینا قطب الدین دہلوی، مولینا مظفر حسین کاندھلوی، مولینا عبد الغنی دہلوی کو ملا کر ایک بورڈ بنا دیا۔ جو اس نئے پروگرام کی اشاعت کر کے، نئے سرے سے جماعتی نظام پیدا کرے گا۔ یہی جماعت آگے چل کر دیوبندی نظام چلاتی ہے۔

مولانا مملوک علی

مولانا مملوک علی الشیخ محمد هاشم الذی ینتهی نسبه الی قاسم بن محمد بن ابی بکر الصدیق۔ خط له السلطان شاہجہان خططا بکورة "نانوتہ" فاستوطنها و نبغ من اولاده جماعة وهم کانوا عمدة الحزب الدهلوی بعد هجرة الصدر الحمید مولانا محمد اسحاق الی الحجاز۔

منهم الشیخ العلامة مولانا استاذ العصر مملوک العلی۔ بن احمد بن علی۔ بن غلام شرف بن عبد اللہ بن فتح بن محمد مفتی بن عبد السمیع بن الشیخ محمد هاشم۔ النانوتوی الدهلوی۔ اخذ عن الشیخ رشید الدین۔ تقدم فی العربیة والفقه وفنون التحصیل علی علماء عصره۔ ونصب مدرسا فی "دهلی کالج" بعد شیخه مولانا رشید الدین۔ اخذ عنه مولانا محمد مظهر النانوتوی والشیخ عبد الرحمان الغانی فتی۔ والشیخ احمد علی السهارنفوری وشیخ الاسلام مولانا محمد قاسم النانوتوی وشیخ الاسلام مولانا رشید احمد الکنکوهی، والشیخ محمد یعقوب ابن مملوک علی وجماعة۔ واخذ عنه السید احمد الدهلوی موسس الجامعة الاسلامیة فی علی گڈھ۔ والشیخ نذیر احمد الدهلوی مترجم القرآن والاستاذ ذکاء اللہ۔ وغیرهم من نوابغ العصر فی آثار الصنادید۔ جناب مولوی مملوک علی شاگرد مولوی رشید الدین خاں۔ علم معقول و منقول میں استعداد کامل۔ اور کتب درسیہ کا ایسا استحضار ہے۔

(بقیہ صفحہ ۱۸۱) کہ اگر فرض کرو کہ ان کتابوں سے گنجینۂ عالم خالی ہوجائے۔ تو اُن کے لوح حافظہ سے پھر اُن کی
نقل ممکن ہے۔ چودہ پندرہ سال سے مدرسہ شاہجہان آباد میں عہدۂ مدرسی رکھتے تھے۔ لیکن اب کئی سال
سے سرگروہ مدرسین ہیں۔ھ توفی الشیخ ۱۲۷۶ھ۔ ودفن فی مقبرۃ الامام ولی اللہ الدھلوی

قلت وولدہ الشیخ محمد یعقوب صار رئیس المدرسین بالمدرسۃ
الدیوبندیۃ۔ وعندہ اخذ شیخنا شیخ الھند۔ھ تمھید۔

مولانا مملوک علی سرکاری مدرسہ کے ملازم تھے۔ ان کی نگرانی میں یہ کام شبہات سے بالا رہ کر چل
سکتا تھا۔ مدرسہ ریزیڈنٹ کی نظر نہایت تیز تھی۔ مگر مولانا مملوک علی کو آزاد کام کرنے والے ساتھی چاہئیں
امیر امداد اللہ شاہ اسحاق کے مدرسہ کے پرانے طالب علم اور ان کے داماد مولوی نصیر الدین کے شاگرد ہیں۔
ان کی طبیعت عالمانہ رنگ کی نہ تھی امیر شہید سے ملتی جلتی طبیعت رکھتے تھے۔ اس لئے وہ سید صاحب کا
نمونہ تھے۔ مولانا محمد قاسم اور مولانا رشید احمد اُن کے ساتھ اس طرح کام کرتے رہے۔ جیسے امیر شہید کے
ساتھ مولانا عبدالحی اور مولانا شہید تھے۔ھ

الشیخ مظفر حسین الکاندھلوی ۵۲

شیخ قطب الدین دہی نواب قطب الدین خاں ہیں۔ وقد مر ترجمتہ۔ توفی ۱۲۸۹ھ

بالمدینۃ المنورۃ۔ واما الشیخ مظفر حسین الکاندھلوی فکان ورعا تقیا امارا
بالمعروف وناھیا عن المنکر اخذ عن عمہ المفتی الٰہی بخش وعن الصدر الحمید
مولانا محمد اسحاق واسترشد عن مولانا محمد یعقوب الدھلوی۔ وکان نائبہ فی
الھند۔ وھو الذی اجلس شیخ الاسلام مولانا محمد قاسم الدیوبندی علی منبر
الوعظ۔ توفی ۱۰ محرم ۱۲۸۳ھ ودفن بالبقیع ھ کتاب تمھید۔ رحمہ مولانا عبدالغنی
ان کا ترجمہ گذر چکا ہے۔ مزید حالات کے لئے دیکھو یانعہ جنی ۵۵ قلت اخذ عندہ الحدیث من
مشائخنا الدیوبندیۃ۔ شیخ الاسلام مولانا محمد قاسم وشیخ الاسلام مولانا رشید احمد
وشیخ الھند وکان ماموره مولانا رفیع الدین مدبرا للامور العامۃ فی دار العلوم
الدیوبندیۃ ھ۔ تمھید ۱۲ محمد نور الحق۔ ۹ نومبر ۱۹۴۱ء

دیوبندی نظام

دیوبندی جماعت اور اس کی سیاسی مصلحت سمجھنے کے لئے اس حقیقت کو مستحضر کر لینا چاہیئے۔ کہ جس دیوبندی جماعت کا تعارف ہم کرنا چاہتے ہیں وہ اس دہلوی جماعت کا دوسرا نام ہے۔ جو مولانا محمد اسحٰق کی ہجرت کے بعد اُن کے متبعین نے اُن کی مالی اعانت اور اُن کے افکار کی اشاعت کے لئے بنائی تھی۔ اس جماعت کی صدارت سب سے پہلے استاذ اساتذۃ الہند مولانا مملوک علی صدر مدرس دہلی کالج کے لئے مخصوص رہی۔ اُن کے بعد مولانا اسحٰق نے مولٰینا امداد اللہ کو اس کام کے لئے مقرر کیا:

مولانا امداد اللہ

هو العارف بالله والجامع بين الشريعة والطريقة المجتهد في اعلاء كلمة الله - الشيخ الامام امداد الله الفاروقي - ولد سنة ۱۲۳۳ھ في نانوتہ اخذ عن الشيخ محمد قلندر - والشيخ الهي بخش الكاندهلوي واخذ عن الشيخ نصير الدين الدهلوي الامير بعد شهادة الامير الشهيد لما استشهد الامير واكابر اصحابه في بالاكوٹ - اجتمع من بقي منهم على امارة الامير نصير الدين وهو الذي بايعه الامير امداد الله اولاً (حاشيه تمهيد) واخذ عن الشيخ نور محمد الجھنجھانوي، عن الامير الشهيد توفي الشيخ نور محمد سنة ۱۲۵۹ھ وجاء الامير امداد الله الى الحرمين في سنة ۱۲۶۱ھ ولقي الشيخ محمد اسحٰق واخذ عنه طريق الدعوة - ثم عاد الى الهند في سنة ۱۲۶۲ھ وكان اسم الشيخ امداد حسين - فغيره الشيخ محمد اسحٰق وسماه امداد الله (حاشيه تمهيد) وقصده الناس من اطراف البلاد واجتمع عليه الاكابر من اهل العلم

مولانا محمد اسحاق نے اوّلاً مکہ معظمہ پہنچکر پوری آزادی سے اپنی ہندوستانی تحریک کی رہنمائی کا کام شروع کر دیا تھا۔ اس پر دولت عثمانیہ کی وزارت خارجیہ کو اُن کے اخراج پر آمادہ کرنے کی کوشش کی گئی۔ اس بیرونی دباؤ کے مخمصہ[۵] سے نجات حاصل کرنے کے لئے مولانا محمد اسحاق نے شیخ الحرم کو واسطہ بنایا! اُ

(بقیہ صفحہ ۱۸۳) مثل مولانا محمد قاسم و مولانا رشید احمد۔ والشیخ فیض الحسن السهارنفوری۔ وجمیع کبیر من علماء الهند۔ وفی ایام محاربة دهلی کان امیراً فی غزوة شاملی۔ ثم خرج مختفیاً مهاجراً فوصل الی الحرمین فی سنة ۱۲۷۶ه واقام بمکة وکان امیر الطائفة الدیوبندیة۔ توفی سنة ۱۳۱۷ه کتاب تمهید۔

[۵] حضرت سید صاحب اور مولانا شہید نے ۱۲۳۸ھ و ۱۲۳۹ھ مطابق ۱۸۲۶ء و ۱۸۲۷ء یعنی ایک سال سے کچھ زیادہ عرصہ تک حجاز میں قیام فرمایا۔ اس سے پہلے حجاز پر ترکوں کا ۱۸۱۸ء میں کامل تسلط ہو چکا تھا۔ مولانا شہید نے نجدیوں کے پاس اپنا آدمی بھیجا تھا۔ مگر وہ چونکہ حجاز میں نہیں آسکتے تھے انہوں نے نامہ بر کو واپس کر دیا کہ ہم اس وقت دُعا کے سوا اور کوئی اعانت نہیں کر سکتے۔ یہ واقعہ مکہ معظمہ میں نجد کے ثقہ عالموں سے معلوم ہوا۔

دہلوی تحریک کو جس قدر مؤرخ نجدی تحریک سے ملاتے ہیں۔ اُن میں سے موافقین تو ناواقفی کا شکار ہوئے! اور مخالفین نے اپنی سیاسی شرارت کے لئے اُسے وسیلہ بنایا۔

بالاکوٹ کے بعد علاوہ علمی اختلافات کے سیاسی اصول پر بھی دونوں تحریکیں نہیں مل سکتیں نجدی اور یمنی عرب ایسٹ انڈیا کمپنی کے دوست ہیں۔ اور ترکوں کے مخالف تھے۔ الصدر الحمید نے دوست عثمانیہ سے تعلق پیدا کر کے عربی تحریکوں سے قطعاً علیحدہ رہنا ضروری سمجھا۔

ایک پناہ گیر کے طور پر حجاز میں رہنے کی اجازت حاصل کرلی۔ اس اجازت کے شروط میں یہ ضروری فیصلہ بھی داخل تھا۔ کہ مولینا محمد اسحاق دولت عثمانیہ کی سیاسی رہنمائی پر کاملاً اعتماد کرتے ہیں۔ اس طرح اُن کے اتّباع میں اُن کی معاون دہلی جماعت نے بھی اس فیصلہ کو قبول کرلیا۔ تاکہ انہیں اپنے کام سے ربط رکھنے میں آسانی ہو۔

یہ دہلوی جماعت اس وقت تک اپنے گھر ہی میں کام کرتی رہی۔ جب تک دہلی کا شاہی اقتدار بحال رہا۔ لیکن ۱۸۵۸ء میں جب اس پرانی انقلابی تحریک کو جو تعلیمی لباس میں کام کرتی رہی تھی۔ اپنے موطن میں اپنا وجود سنبھالنا ممکن نہ رہا۔ تو اس کا مرکز ایسے شہر میں منتقل کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ جو انگریزی حکومت کے قانونی احاطہ میں واقع ہو۔

اس جماعت کی مرکزی قوت ایک اختلاف کی بنا پر (جو ایام محاربہ میں سلطان کی طرفداری اور غیر جانبداری سے پیدا ہوا تھا) دو حصوں میں تقسیم ہوگئی۔ اور دہلی کے عوض۔ دیوبند اور علی گڑھ۔ دو مرکز بن گئے جس طرح مولینا محمد قاسم دہلی کالج کے عربی حصّہ کو دیوبند لے گئے۔ اسی طرح سر سید احمد خاںؒ نے دہلی کالج کے انگریزی حصّہ کو علی گڑھ پہنچا دیا۔

کالج پارٹی انگریزی حکومت کے ساتھ پورے اشتراک کے بغیر اپنا کام شروع ہی نہیں کر سکتی تھی۔ اس لئے اُس نے برٹش گورنمنٹ کی وفاداری کو اپنی سیاسی مصلحت کا جزء بنا لیا۔

مگر دیوبندی جماعت (جو مولینا محمد اسحٰق کے زمانہ سے دولت عثمانیہ کو اپنی سیاسی رہنما مان چکی تھی) اضطراری حالات کے سوا حکومت کی کامل وفاداری کا اعلان نہیں کر سکتی تھی۔ اس نے معتدل حالات میں برطانوی سیاسی مصالح سے غیر جانب داری کو اپنا مسلک بنایا۔ لیکن یہ غیر جانبداری بھی اس وقت قطعاً ختم کر دی جائے گی جب دولت عثمانیہ اور دولت برطانیہ میں لڑائی کا فیصلہ ہو جائے گا۔

ہم مولانا شیخ الہند کو اپنے مشائخ اربعہ مولانا امداد اللہ، مولینا محمد قاسم

(حاشیہ صفحہ ۱۸۵) لہ اخذ عن استاذ الاساتذہ مولانا مملوک علی۔ اخذ عن الشیخ رشید الدین۔ اخذ عن الامام عبد العزیز طریقۃ التحریر و یربع فیہ و اخذ عن الامام عبد القادر۔ و الصدر السعید عبد الحی۔ لکنہ لازم الامام رفیع الدین۔ و السید احمد الدھلوی موسس الجامعۃ فی علی گڈھ ولی اللھی ۔کتاب التمہید۔

مولانا محمد قاسم | ھو الشیخ ابو الھاشم محمد قاسم بن اسد علی بن غلام شاہ

مولانا محمد یعقوبؒ دیوبندی اور مولانا رشید احمدؒ کا جانشین مانتے ہیں۔ ہم اٹھارہ سال تک اُن کی صحبتِ خاصہ میں رہ کر اُن کے سیاسی مسلک کو سمجھتے اور پھر اُس پر عمل کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ جس قدر ہم اس دیوبندی مسلک کو سمجھ سکے ہیں اِس کا خلاصہ ہم نے اپنے الفاظ میں لکھ دیا ہے۔ واللہ المستعان

(بقیہ صفحہ ۱۸۶) بن محمد بن علاء الدین بن محمد فتح بن محمد مفتی بن عبد السمیع بن محمد ھاشم النانوتوی۔ ولد سنہ ۱۲۴۸ھ۔ واخذ عن عمہ مولانا مملوک علی و الشیخ عبد الغنی والشیخ احمد علی والامیر امداد اللہ وجماعۃ۔ اسس دار العلوم الدیوبند یہ فی سنہ ۱۲۸۳ (دو شہر عوانی تاسیس مدرسۃ العلوم بعلی گڈھ من ۲۴ مئی سنہ ۱۸۷۵ء موافق سنہ ۱۲۹۲ھ) وکان من المجددین علی راس المائۃ الرابعۃ عشر وھو الذی وفق لتقمیص العلوم الولی اللھیۃ بالقمص الجدیدۃ الھندیۃ۔ واخذ عنہ جمع۔ منھم شیخنا شیخ الھند وکان امام الحرکۃ الملیۃ فی درجتھا الثالثۃ۔ التی یتخلص فیھا عن اختلاط الامراء۔ فان الاعتماد فی دعوۃ مولانا محمد قاسم ما کان علی الامراء و اصحب الثروۃ بل علی اللہ و علی الضعفاء۔ توفی سنہ ۱۲۹۷ھ وکان شبیھا بالصدر الشھید۔

مولانا رشید احمدؒ گنگوھی

واما شیخ الاسلام الگنگوھی فھو ابو مسعود۔ رشید احمد بن ھدایت اللہ الانصاری۔ ولد سنہ ۱۲۴۴ھ۔ واخذ عن مولانا مملوک علی و الشیخ عبد الغنی والشیخ احمد سعید والامیر امداد اللہ۔ وجماعۃ۔ الی

(بقیہ صفحہ ۱۸۷) اخذت عنہ قطعۃً کبیرۃ من سنن ابی داؤد۔ تفقھًا۔ ونفعنی اللہ بھا۔ ولصحبۃ الشیخ اثر فی نفسی۔ یمنعنی عن التحول عن مسلکہ وتجلی لی الطریقۃ الولی اللھیۃ فعرفت مواضع الفقہ والسلوک۔ ومواضع العربیۃ والاصول والمعقول من الکتاب والسنۃ۔ ورایت بعینی راسی اماماً متقناً مجتھداً فی مذھب الامام ابی حنیفۃ۔ وکان شیخنا جبل الاستقامۃ علی طریقۃ شیخہ الامام عبد الغنی الدھلوی وکان ولی اللھیا شبیھًا بالصدر الحمید مولانا محمد اسحٰق الدھلوی۔ اخذت معنی السنۃ والبدعۃ عن کتابہ "البراھین القاطعۃ" (صنفہ ذبًّا عن "ایضاح الحق" للصدر الشھید۔) کان امیر الطائفۃ الدیوبندیۃ بعد الامیر امداد اللہ۔ واما مھا بعد الامام محمد قاسم اخذ عنہ اکثر من ثلث مائۃ مشائخ۔ علوم الدین۔ توفی سنۃ ۱۳۲۳ھ۔

مولانا محمود الحسن

واما شیخ الھند فھو استاذی وفی العلوم علیہ اعتمادی مولانا محمود الحسن بن ذی الفقار علی الاموی الدیوبندی۔ ولد سنۃ ۱۲۶۸ھ ۱۸۵۱ء اخذ عن ابیہ وعمہ مبادی الکتب۔ ولما اسس المعھد العلمی بدیوبند سنۃ ۱۲۸۳ھ ۱۸۶۶ء اخذ عن مولانا محمد یعقوب بن مملوک العلی۔ ومولانا محمود الدیوبندی۔ ولازم شیخ الاسلام محمد قاسم وبہ تخرج واستجاز من مولانا احمد علی والشیخ محمد مظھر النانوتوی۔ والشیخ عبد الرحمٰن الفانیفتی اساطین الطائفۃ الدیوبندیۃ۔ فاجازوہ۔ وکذلک استجاز لہ شیخ الاسلام محمد قاسم عن الشیخ عبد الغنی لما حضر عندہ فی المدینۃ المنورۃ فاجازہ۔ وکذلک اخذ عن الامیر امداد اللہ تبعًا لامر شیخہ الذین تخرجوا علی مولانا محمد قاسم فاق علیھم ثلثۃ منھم۔ وکان شیخنا شیخ الھند اشد الثلاثۃ حبًّا للشیخہ۔ واکثرھم معرفۃ بہ واتباعًا لہ۔ وانا قرأت علیہ

جملہ معترضہ | واقعہ بالاکوٹ کے بعد امام عبدالعزیز کی جمعیۃ مرکزیہ کا کوئی رکن البحر الصدر الحمید مولانا محمد اسحاق دہلوی کے باقی نہیں رہا تھا۔ انہوں نے حقیقت حال سے واقف ہو کر اپنے رفقا کے ساتھ مشورہ کیا۔ اور ابقاء تحریک کے لئے راستہ بنایا۔ اور اپنی عقل اور ہمّت کے موافق اس کو چلایا۔ خدا نے اسے قبول فرما کر اس میں برکت دی۔ اُن کے اتباع جیسے حالات پیش آتے گئے۔ اپنے قدم آگے بڑھاتے گئے۔ اس سوسائٹی نے تقریباً سو سال تک اس راستہ پر چلنے کی محنت برداشت کی ہے۔ تب اُن کی نوّے سالہ مشقتوں کا نتیجہ دیوبندی نظام نکلا ہے۔

لیکن یہ نہیں سمجھنا چاہیئے۔ کہ دہلی سے باہر جس قدر جماعتیں حزب ولی اللہ سے تعلق رکھتی تھیں۔ اُن تمام جماعتوں نے الصدر الحمید کی رہنمائی پر اتفاق کر

(بقیہ صفحہ ۱۸۸) حجۃ الاسلام" للشیخ الاسلام محمد قاسم۔ قد رأیت فی بعض الاحیان ان العلم والایمان ینزل فی قلبی والذی اعتقد فی حق شیخ الہند انہ کان ذکی الفطرۃ من المفہمین فی اصطلاح الامام ولی اللہ۔ وکان الغالب علیہ اتباعاً للشیخ نسبۃ التواضع والانکسار التی سیمھا الامام ولی اللہ نسبۃ اہل البیت" توفی شیخ الہند فی ۱۸، ربیع الاول سنۃ ۱۳۳۹ھ و ۳۰، نومبر سنۃ ۱۹۲۰ء بعد مائۃ سنۃ من وفات الامام عبدالعزیز الدہلوی۔ ھ۔ کتاب التمہید ص ۲۲۵۔

کیا تھا۔ بلکہ اس تلخ حقیقت کو تسلیم کر لینا چاہیے۔ کہ بالاکوٹ کی مصیبت عظمی اپنے پیچھے اپنی مستقل یادگار چھوڑ گئی ہے۔ وہ ہے انشقاق الجماعۃ یعنی اس کے بعد حزب ولی اللہ دو پارٹیوں میں تقسیم ہو گیا جس تفصیل کے ساتھ ہم دہلوی (دیوبندی) پارٹی کے حالات جانتے ہیں اس قدر (صادقپور) پٹنہ کی تحریک سے آشنا نہیں۔ تتمیم بحث کے لئے ہم اس دوسری پارٹی کے مجمل حالات بیان کرتے ہیں۔

مولانا ولایت علی رئیس حزب صادقپوری

بعد تلک الواقعۃ الھائلۃ رای

شھادۃ الامیر، بایع من بقی منھم فی بالاکوٹ علی امارۃ الامیر نصیر الدین الدھلوی ختن مولانا محمد اسحاق۔ وحدث فی جماعۃ الامیر نصیر الدین الانشقاق الفکری بسبب عدم وجدان جنازۃ الامیر الشھید فی القتلی فانقسموا الی طائفتین اھل الحل والعقد منھم استیقنوا بالشھادۃ وشرذمۃ قلیلۃ اصروا علی الانکار وثبوا الغایبۃ لانتظار رجعتہ۔ وھذا الذی حدث فی المعرکۃ تاثر منہ الانصار فی الھند۔ فالصدر محمد اسحٰق واصحابہ فی دھلی کانوا قاتلین بالشھادۃ۔ والامیر ولایت علی العظیم آبادی۔ صادقپوری کان یعتقد بغیبوبۃ الامام۔ ومولانا ولایت علی کان من عظماء خواص اصحاب الصدر الشھید وکان الامیر الشھید یرسلہ داعیًا الی الجھاد فی الھند۔ وما کان حاضرًا فی بالاکوٹ فما استیقن بالشھادۃ۔ فعظم الافتراق۔ والمخالفون من

(بقیہ صفحہ ۱۹۰) المسلمین کانوا یضحکون علیہم۔ والکفار یتغلبون علی البلاد یومًا فیومًا۔ والصدر مولانا محمد اسحٰق واصحابہ۔ داوموا علی اعمالہم الی ۱۲۵۸ھ لکن ما قدروا علی رفع الشقاق فہاجر الشیخ الی الحجاز فتوفی فی مکہ ۱۲۶۲ھ وبعد ما توفی ظہر فے المنتسبین الی الطریقۃ الولی اللہیۃ الطائفتان۔ الحزب الدہلوی۔ والحزب الصادقپوری۔

والامیر ولایت علی انضم الیہ عامۃ الشرقیین من البہار والبنغالۃ و قام الی تجدید بیعۃ الجہاد بمحل اقامۃ صادقپور فے ۱۲۴۸ھ ودعا الی نفسہ لانہ خلیفۃ الامیر الغائب وانضم الیہ الشیخ عبد الحق بن فضل اللہ البنارسی الذی ینتسب الی الصدر الشہید۔ واخذ عن الامام الشوکانی۔ فاشتغلوا فی تنظیم الحزب الصادقپوری۔ لکن بسبب احترام الصدر محمد اسحاق ما کانوا یجاہرون بالدعوۃ فی دہلی واطرافہ والامیر ولایت علی جاء الی الحجاز ۱۲۵۰ھ وسار الی الیمن واخذ عن الشوکانی۔

وبعد ما ہاجر الصدر مولانا محمد اسحٰق اوفد الامیر ولایت علی اخاہ عنایت علی فی ۱۲۵۸ھ الی البونیر مرکز المنتظرین لرجعۃ الامیر۔ وبعد ما توفی الصدر محمد اسحٰق۔ ذہب الامیر ولایت علی بنفسہ الی البونیر فی ۱۲۶۲ھ فاستقام لہ الامر۔ وتوفی الامیر ولایت علی فی ۱۲۶۹ھ۔ ثم قام مقامہ الامیر عنایت علی لکن ما حصل الاتفاق علی الجہاد والقتال بل جلسوا منتظرین فتوفی ۱۲۷۳ھ۔

وکان الاصل السیاسی للصادقپوریین اعتقاد غیبوبۃ الامیر الشہید ومن لوازم ہذا الاصل عدم الاشتراک مع امراء المسلمین، وسلاطینہم اذا اقاموا المحاربۃ الکفار قبل ظہور الامام لکن حدث فی اصحاب الامیر عنایت علی جمع من المجاہدین ما وافقوہم علی ہذا الاصل بل مالوا الی الدہلویین۔

واقعہ بالاکوٹ میں بقیۃ السیف مجاہدین کو امیر شہید کا جنازہ نہیں ملا۔ اس کا اصلی سبب یہ تھا۔ کہ سکھوں نے امیر شہید کا سر کاٹنے کے بعد مقامی مسلمانوں کی معرفت فوجی اعزاز کے ساتھ[ل] اُسے دفن کرادیا تھا۔ اس طرح شکست فاش کا تصوّر مجاہدین کے فکر سے کوسوں دور تھا۔ اس اضطراب میں یہ خیال پیدا ہوا کہ ہو نہو۔ امیر کہیں غائب[ل] ہوگئے ہیں ؏

(بقیہ صفحہ ۱۹۱) من اکابر الطائفۃ الصادقپوریۃ وائمتہم شیخ الاسلام السید نذیر حسین الدھلوی البھاری۔ ولد سنۃ ۱۲۲۰ھ واستمر علی اخذ العلوم من سنۃ ۱۲۳۷ھ فے صادقپور۔ ثُم جاء الی دھلی فی سنۃ ۱۲۴۳ھ فاخذ عن اصحاب مولانا محمد اسحٰق ثم استفاد الکثر الطیب من الصدر نفسہ۔ وکان من اذکیاء عصرہ۔ جامعًا بین العلوم النقلیۃ العقلیۃ والادبیۃ۔ وکان یفتی علی طریقۃ شیخہ متقیدًا بالمذھب الحنفی وکان الفتاوی العالمگیریۃ بین عینیہ کانہ یحفظھا۔ ولا یمیل الی الصادقپوریین الا قلیلا۔ لکن بعد سنۃ ۱۲۷۴ھ استقل بالاجتھاد۔ وانتسب الی الصدر الشھید فی اکثر الامور۔

ومنہم الامیر القنوجی لغی الامیر ولایت علی۔ واخذ عن الشیخ عبد الحق البنارسی واخذ عن علماء الیمن وکان مشغوفا یجب الشوکانی ومکتاب التمھید ۱۲۰۶

ل۔ چنانچہ سکھوں کا رسالہ جنازہ کے ساتھ تھا۔ شیر سنگھ نے اپنا خاص دوشالہ جنازہ پر ڈالنے کے لئے بھیجا۔ اور مقامی ملاؤں سے جنازے کی نماز پڑھوائی۔ اور فوجی اعزاز سے دفن کرایا۔ لیکن مجاہدین اسوقت سخت پریشان۔ اور آشفتہ دماغی کا شکار ہو رہے تھے امیر مع اپنے معتمدین کے فوت ہو چکے ہیں۔ اسلئے اگر اُن کو یہ اعزاز اور دفن کا واقعہ معلوم نہ ہو۔ تو چنداں بعید نہیں۔

بعض اتفاقی واقعات اس کے موید بن گئے۔ امیر شہید بالاکوٹ کے واقعہ سے چند روز پیشتر اپنے اصحاب کو وصیت کرتے رہے ہیں۔ کہ اگر بالفرض کسی ضرورت کیلئے ہم چند روز غائب ہوجائیں۔ تو آپ لوگ مایوس نہ ہونگے بلکہ اپنے کام پر مستقل طور پر قائم رہیں۔ درحقیقت وہ اس اشارے اور کنایے سے پیش آنے والے واقعات کے لئے ذہنیتوں کو تیار کرتے تھے۔ مگر پریشان دماغی اس قدر سوچنے کا موقعہ کب دیتی ہے اس طرح یہ روایت پیدا ہوئی۔ اور مخالفوں نے سارے ہندوستان میں پھیلا دی۔ تاکہ تحریک اپنے عمل کے اعتبار سے ختم ہوجائے۔

پٹنہ کے مولانا ولایت علی مرحوم[1] معرکہ بالاکوٹ میں حاضر نہیں تھے۔

(بقیہ صفحہ ۱۹۲) [2] قال النواب القنوجی فی "حجج الکرامۃ"۔ جمعی از عظیم آباد و بنگالہ در بارہ سید احمد بریلوی مرحوم نیز ایں گماں کردہ اند لیکن [illegible] سبب مہدویت [illegible] بعض از مریدان ایشاں بہل حدیث دریں باب [illegible] بودہ و [illegible] را مہدی و منتظر قرار دادہ۔ قال لغلیبوبت ایشاں در [illegible] ہند شدہ منتظر [illegible] بودہ اند۔ وایں رائے عظیم است۔ ولیکن از سید مرحوم ایں دعوی نکردہ۔ و [illegible] خود نہ [illegible] تصدیق مے نمود۔ [illegible] شہید ۲۱

[1] مولانا شہید نے حجۃ اللہ البالغہ کے بعد فقہ حنفی پر عمل کرنے والی ایک جماعت بنائی جو رفع یدین اور آمین بالجہر کیا کرتی تھی۔ مگر شہید کے [illegible] عام [illegible] ختم کر دیں [illegible] مولانا ولایت علی [illegible] جماعت کے ممبر تھے۔ اب وہ [illegible] دراصل اسی جماعت کا اصل مقصد [illegible]

وُہ مولانا اسمٰعیل شہید کی اس جماعت کے خاص رکن تھے۔ جو مولانا شہید نے دہلی میں امام ولی اللہ کے اتباع کے لئے بنائی تھی۔ اور ہجرت کے موقعہ پر مصلحت عامہ کی رعایت میں ختم کر دی گئی تھی +

مولانا ولایت علی نے مولانا محمد اسحاق صدر حمید کا اصلاحی فکر قبول نہیں کیا۔ اور اس روایت علیبوبت کی آڑ میں اپنی مستقل جماعت بنانے کا فیصلہ کر لیا۔ انہوں نے حجاز کا سفر کیا۔ اور یمن و نجد کی عربی تحریکوں کا مطالعہ کرنے کے لئے اُن ممالک کی سیاحت کرتے رہے۔ اُن کے فکر میں ترکوں سے اتصال کے عوض عربی تحریک سے اتصال زیادہ محبوب تھا جبوقت الصدر الحمید دہلی سے حجاز پہنچ گئے۔ اس کے بعد مولینا ولایت علی نے پٹنہ میں اپنی مستقل پارٹی کا اعلان کر دیا۔ بخلاف اس کے الصدر الحمید نے دہلی میں جو انتظام کیا تھا۔ اُسے کمپنی کے کارندوں سے مخفی رکھنا ضروری سمجھتے تھے۔ انہوں نے اپنا مرکز مولینا مملوک علی کو بنایا تھا۔ جو ایک سرکاری ملازم تھے۔ اور اپنے خاص اصحاب کی جماعت اُن کے تابع کر دی۔ اس طرح مولانا

لہ۔ اصلاحی فکر یعنی حنفی مذہب کی پابندی اور ترکوں سے اتصال۔ وُہ حنفی مذہب کی پابندی کو حجۃ اللہ کے خلاف اور ترکوں سے اتصال کو یمنیوں اور نجدیوں کے خلاف جانتے تھے۔

ولایت علی کی پارٹی زیادہ نمایاں[1] ہوگئی جب ہندوستانی عالم کو، جو مذہبا
زیدی شیعہ تھا، امیر شہید نے اپنی جماعت سے نکلوا دیا تھا۔ وہ بھی مولینا
ولایت علی کے ساتھ شامل ہوگیا۔ نواب صدیق حسن خاں اُسی استاذ کے
توسط سے امام شوکانی کے شاگرد ہیں۔ مولینا نذیر حسین دہلوی اور مولینا
عبداللہ غزنوی بھی مولانا ولایت علی کی پارٹی سے خاص تعلق رکھتے ہیں۔

اِس پارٹی کا مرکزی فکر یہی بتایا جاتا ہے۔ کہ امیر شہید غیر معین عرصے
کے لئے غائب ہوگئے ہیں۔ اُن کے انتظار میں جہاد کی تیاری کرتے رہنا
چاہیئے۔ وہ ضرور آئیں گے۔ اور ان کی امامت میں کام کرنے سے ہمیں
نجات مل سکتی ہے۔

بظاہر یہ فکر نہایت غیر معقول ہے۔ مگر بڑے بڑے عالموں اور صوفیوں
کا، جو حضرت ولی اللہ سے اختصاص رکھتے ہیں۔ اس تحریک کی شمولیت میں
اُن کا نام بھی لیا جاتا ہے۔ اس لئے اس کی تاویل یہی ہوسکتی ہے۔ کہ عوام و
خواص کو تحریک کے ساتھ وابستہ رکھنے کیلئے یہ ایک سیاسی چال تھی۔

---

[1] کیونکہ بظاہر مولانا اسحاق ہندوستانی کام چھوڑ گئے تھے۔ اور ان کے بجائے مولانا ولایت علی نے کام سنبھال لیا تھا۔ مگر درحقیقت مولانا اسحاق نے وہاں پہنچکر بھی وہی کام کیا۔ جو یہاں کیا کرتے تھے۔

مولانا ولایت علی نے ہندوستان کے مشرقی حصہ پر اپنا اثر قائم کرلیا اور افغانی پہاڑوں میں اپنا مستقل مرکز بنایا۔ اُن کی اولاد اب تک اس علاقے میں اپنی امارت اور اپنا مرکز رکھتی ہے۔ مخالفوں کو بھی ماننا پڑتا ہے کہ وہ ایک چھوٹے پیمانے پر امیر شہید کی حکومت موقتہ کی یادگار ہے ؂

ہمارا اپنا خیال مولینا ولایت علی کی تحریک کے متعلق یہ ہے کہ وُہ مولینا [illegible] کی اس خاص جماعت کو زندہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اسی لئے مولانا نذیر حسین اور نواب صدیق حسن خاں جیسے عالم بھی اُن کا ساتھ دیتے ہیں ؂

(۱) مولانا نذیر حسین مولینا ولایت علی کے مدرسہ (صادق پور) پٹنہ کے ابتدائی طالب علم ہیں۔ بہار سے جب دہلی پہنچے۔ تو الصدر الحمید اور اُن کے اصحاب کی صحبت میں ہی علمی تکمیل سے فارغ ہوئے۔ غرض وہ دہلی تک مولانا محمد اسحاق کے مسلک کے پابند رہے۔ اُس کے بعد اگرچہ بضرورت نجدی تحریک اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ کی طرف میلان ظاہر کرتے رہے۔ مگر فتاوی عالمگیریہ کا مشغلہ اور ہدایہ کی تدریس اور وحدۃ الوجود کا فلسفہ اُن کی پرانی ذہنیت کا عنوان آخر تک قائم رہا ؂

اگر عوارض سے قطع نظر کرلی جائے۔ تو وُہ مولانا شہید کی اُس مذکورہ

سوسائٹی کے احیاء کے سوا اور کوئی مقصد نہیں رکھتے تھے۔

حکومت کے اثرات کا ایک نتیجہ سمجھنا چاہیئے۔ کہ مولانا احمد علی سہارنپوری[1]
کلکتہ میں۔ اور مولانا نذیر حسین دہلی کے مرکز میں بیٹھتے ہیں۔ تاکہ ہر ایک اپنے
اپنے مرکز میں کام نہ کر سکے۔

(۲) نواب صدیق حسن خاں کے والد ماجد مولانا رفیع الدین[2] کے خواص

---

[1] هو مولانا احمد علی بن لطف الله الانصاری۔ اخذ عن مولانا مملوک علی وعن وجیه الدین السهارنپوری۔ وعن الصدر الحمید۔ مولانا محمد اسحاق الدهلوی ثم بعد الفراغ اشتغل بالتدریس برهة من الزمان۔ ثم انشاء المطبعة الاحمدیة فی دهلی وطبع فیها القرآن العظیم وکتب الحدیث بالتصحیح التام۔ فکان حافظا للحدیث علی تقید الحالات فی ذلک العصر وکتب تعلیقا علی الصحیح للامام البخاری۔ واشترک فیه شیخ الاسلام محمد قاسم الدیوبندی وکتب الشیخ ذیولا علی اکثر کتب الحدیث واستفاض به علم الحدیث فی اطراف الهند۔ واخذ عنه شیخ الاسلام مولانا محمد قاسم وشیخنا شیخ الهند۔ توفی سنة ۱۲۹۷ھ۔ تهذیب ص ۲۲۶

[2] هو حسن بن علی بن لطف الله الحسینی ذکرت له ترجمة حافلة فی اتحاف النبلاء۔ سافر الی دهلی فی سنة ۱۲۳۳ھ وتلمذ علی الشیخ عبد العزیز والشیخ رفیع الدین وصحب السعید الکبیر العارف السید احمد البریلوی وجاهد معه فی سبیل الله۔ توفی سنة ۱۲۵۳ھ

ص ابجد العلوم

اصحاب میں سے ہیں۔ نواب صاحب نے مولانا صدرالدین دہلوی سے تحصیلی کتابیں پڑھی ہیں۔ اور مولانا محمد یعقوب دہلوی سے سند حدیث حاصل کی۔ الحطہ کی تصنیف تک حزب ولی اللہ کے معارف کی ترجمانی کرتے رہے۔ لیکن اس کے بعد اُن کی ریاسی مصلحت نے ان کو امام شوکانی کے اتباع پر مجبور کر دیا۔

آخر میں اس پارٹی کے مرکزی فکر کے متعلق مولانا شمس الحق عظیم آبادی (تلمیذ خاص سید نذیر حسین) کی عون المعبود سے چند جملے نقل کر کے ہم اس جملہ معترضہ کو ختم کرتے ہیں۔

زعم اکثر العوام وبعض الخواص[1] فی حق الغازی الشہید الامام الامجد السید احمد البریلوی رضی اللہ عنہ انہ المہدی الموعود، وانہ لم یستشہد فی معرکۃ الغزو۔ بل انہ

---

[1] قلت مرادہ من بعض الخواص الشیخ الجلیل الامیر ولایت علی المذکور دعا الی ہذہ العقیدۃ دعوۃ حثیثۃ وتبعہ علیٰ ذلک جماعۃ کبیرۃ اضمحلت بالتدریج۔ وہٰؤلاء ھم الذین احتاجوا الی ان یخرجوا من الحنفیۃ الرحیمیۃ الولی اللہیۃ العزیزیۃ الاسمٰعیلیۃ الاسحاقیۃ، وما دخلوا فی محاربۃ دہلی ونسمیہم الحزب الصادق پوری واللہ الہادی۔ ھ

کتاب التمہید

اختفى عن اعين الناس وهو حى موجود فى هذا العالم الى الآن حتى افرط بعضهم فقال انا لقيناه فى مكة المعظمة حول المطاف ثم غاب بعد ذلك، ويزعمون انه سيعود، وهذا غلط و باطل. والحق الصحيح ان السيد الامام استشهد ولم يختف عن اعين الناس قط والحكايات المروية فى ذلك كلها مكذوبة مخترعة. وما صح منها فهو محمول على محمل حسن. وقد طال النزاع فى الامير السعيد الشهيد من حياته واختفائه حتى جعلوه جزء العقيدة و يجادلون من ينكره. والى الله المشتكى من صنيع هؤلاء ونعوذ بالله من هذه العقيدة المنكرة الواهية. ھ

(۳) الصدر الحمید مولانا محمد اسحٰق دہلوی کی نئی تنظیم پر پورے تیس برس بھی نہیں گذرے تھے۔ کہ دہلی کے آخری بادشاہ کی انگریزی کمپنی سے لڑائی ہو گئی۔

(الف) سلطان دہلی اگرچہ بظاہر ایک وظیفہ خوار رئیس کی صورت میں نظر آتا تھا۔ مگر عام لوگوں کی نظروں میں وہ اب تک سارے

ہندوستان کا موروثی سلطان مانا جاتا تھا۔ ایسٹ انڈیا کمپنی بھی چونکہ اسی کے نام سے عوام پر حکومت کرتی تھی۔ چنانچہ ڈھنڈورے میں کہا جاتا تھا "خلق خدا کی۔ ملک بادشاہ کا، حکم کمپنی بہادر کا" اس لئے عوام الناس کی رائے اُسے ملک کا حقیقی مالک ماننے میں تامل نہیں کرتی تھی۔

سقوط دہلی کا یہ واقعہ جو ۱۸۵۷-۵۸ء میں وقوع پذیر ہوا۔ اسلامی دنیا کی تاریخ میں ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ مگر ہماری رائے میں ہندوستانی وہی ہے۔ جو اس ہندوستانی سلطنت کے زوال کو اپنی قومی مصیبت سمجھتا ہو۔

(ب) اس داہیۂ کبری میں مولانا محمد اسحاق کی نئی جماعت بھی دو حصوں میں تقسیم ہوگئی۔ الصدر الحمید نے جس طائفہ کو نئی تنظیم میں مرکزی اختیارات دئے تھے۔ وہ طائفہ تو سلطان دہلی کا طرفدار ہوگیا۔ اور سلطانی تحریک کی شکست کے بعد مولینا محمد اسحاق کی طرح حجاز میں پہنچگیا۔ چنانچہ امیر امداد اللہ اور مولانا عبدالغنی، مولانا محمد یعقوب دہلوی کے ساتھ حجاز میں بیٹھکر اپنی ہندوستانی تنظیمات کی رہنمائی کرتے رہے۔

(ج) اس کے ساتھ یہ بھی ایک حقیقت ہے۔ کہ مولینا محمد اسحاق کے متبعین کی پہلی صف میں سے علماء اور صوفیہ کا کثیر حصہ سلطان دہلی کی

لڑائی میں غیر جانب دار بن گیا۔ اس کا حاصل یہ سمجھنا چاہیئے۔ کہ الصدر الحمید کی تنظیم کے بالمقابل اگر ٹینہ میں پارٹی قائم ہو چکی تھی۔ تو اب خود الصدر الحمید کے اپنے فرقہ میں سے۔ ایک مخالف جماعت دہلی میں بھی پیدا ہو گئی ہو لینا سید نذیر حسین دہلوی۔ اور مولانا شیخ محمد تھانوی اس دوسری جماعت کے مشہور بزرگوں میں سے ہیں ؎

مولانا شیخ محمد تھانوی

تھانہ بھون کے یہ بزرگ مولانا شیخ محمد تھانوی محدث کے نام سے مشہور ہیں۔ آپ کی رائے اس تحریک حریت کے خلاف تھی۔ مولانا حسین احمد صاحب صدر دیوبند نے ایک مرتبہ سہارنپور میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا تھا۔ کہ امیر امداد اللہ اور شیخ الاسلام محمد قاسم اور حضرت مولانا گنگوہی وغیرہ حضرات نے ایک مرتبہ مولانا شیخ محمد کی مسجد میں جا کر جہاد حریت کے متعلق تبادلہ خیالات کیا۔ مولانا شیخ محمد نے اہل ہند کی بے سروسامانی کا ذکر فرما کر جہاد کی مخالفت کی مولانا محمد قاسم نے فرمایا۔ کہ کیا ہم اصحاب بدر سے بھی زیادہ کمزور ہیں؟ امیر امداد اللہ نے طرفین کی گفتگو سننے کے بعد فرمایا۔ کہ الحمد للہ انشراح ہو گیا۔ اور واپس آ کر جہاد کی تیاری شروع کر دی۔ امیر امداد اللہ نے امامت قبول کی۔ اور شیخ الاسلام نانوتوی سپہ سالار قرار پائے۔ اور شیخ الاسلام گنگوہی قاضی مقرر ہوئے۔ اسطرح قصبہ تھانہ بھون ایک دار الاسلام بنا لیا گیا۔ پھر پیش قدمی کر کے قصبہ شاملی ضلع مظفر نگر بھی فتح کر لیا۔ (ش م صفحہ ۶۷)

شیخ محمد تھانوی وہ بزرگ ہیں جن کے مسلک پر مولانا اشرف علی صاحب کاربند ہیں۔ اور شیخ الہند کی جماعت کی سیاست کو غلط مانتے ہیں۔ مولانا اشرف علی صاحب کے سوانح حیات جو شائع ہو چکے ہیں اُن میں تصریح ہے۔ کہ آپ مولانا شیخ محمد صاحب کے مسلک کے پیرو ہیں۔ مولانا شیخ محمد اور امیر امداد اللہ ایک

جملہ معترضہ عجیب بات ہے کہ امام عبدالعزیز کے حزب میں انشقاق کا جو بیج، بالاکوٹ کی ہزیمت کے نتیجہ میں بویا گیا تھا۔ اس کے تلخ ثمرات کا تسلسل کسی طبقہ میں نہیں ٹوٹتا۔ جیسے مولانا محمد اسحاق کی جماعت دو حصوں میں تقسیم ہوگئی تھی۔ اسی طرح پر امیر امداداللہ کی جماعت میں، اور پھر اُن کے بعد مولانا شیخ الہند کی جماعت میں مخالف پارٹی کے افراد اور گروہ مخلوط چلے آتے ہیں ؛

امام عبدالعزیز کی حزب کو اس قسم کے مخالف عناصر سے قطعی طور پر پاک کرنے پر جب تک دانشمند نوجوان کمرِ ہمّت نہیں باندھیں گے۔ تحریک کبھی مفید نتیجہ[1] نہیں پیدا کر سکتی ؛

(بقیہ صفحہ ۲۰۱) ہی مرشد کے خلیفہ ہیں۔ اور اسی مسئلہ جہاد پر آپس میں مخالف ہوگئے۔ اور جماعتیں دو حصوں میں منقسم ہوگئیں۔ تو اب امیر امداداللہ کی جانشینی کا استحقاق مولانا اشرف علی صاحب کو کس طرح پہنچ سکتا ہے؟ یہ ایک نہایت ہی خطرناک استادی ہے۔ جو مولانا شیخ الہند اور ان کے اساتذہ کے خصوصی کاموں کو بے کار بنا دینا چاہتی ہے ؛

[1] ہم یہ حکم اسلئے لگاتے ہیں۔ کہ ہم یورپ کی سیاسیات کا مطالعہ کر چکے ہیں۔ اُن کے ہاں پارٹی کے نظام کو مخالف عنصر سے پاک رکھنا سب سے اول درجہ کا فرض ہے۔ اور وُہ اس بارے میں کشت و خون سے ذرہ برابر نہیں گھبراتے۔ اسی میں ان کی فلاح اور کامیابی کا راز مضمر ہے ؛

(۴) الصدر الحمید کی بنائی ہوئی جمعیۃ مرکزیہ حجاز میں بیٹھ کر پروگرام کی تکمیل میں رہنمائی کرتی رہی ہے۔

(الف) مولانا محمد اسحٰق، اور اُن کے بعد امیر امداد اللہ کو مکہ معظمہ میں بیٹھ کر اپنی تحریک جاری رکھنے میں جسقدر مشکلات پیش آئی ہیں۔ اُن پر غالب آنا اُن کے حزم اور حلم کی روشن دلیل ہے۔ اور ہم اُسے امام عبد العزیز کی تربیت مسلسلہ کی برکات میں شمار کرتے ہیں۔ اگر یہ حضرات امام عبد العزیز کے تربیت یافتہ نہ ہوتے۔ تو کبھی اپنا کام جاری نہ رکھ سکتے۔

ہم اگر مکہ معظمہ[1] میں اس قسم کی زندگی کا خود تجربہ نہ کرتے۔ اور حضرت

---

[1] مکہ معظمہ میں کوئی خفیہ تحریک پیدا نہیں کی جاسکتی۔ اور نہ چلائی جاسکتی ہے۔ ہر کام کرنے والے کے سر پر اس قدر غیر منظم عوام کا ہجوم مسلط رہتا ہے۔ کہ اُسے سر کھجلانے کی بھی فرصت نہیں ملتی۔ مگر جو لوگ کام کرنا چاہتے ہیں۔ وہ اپنے لئے وقت نکال لیتے ہیں۔ میں حیران رہ گیا جب مجھے معلوم ہوا۔ کہ مولانا اشرف علی صاحب جو مولانا شیخ محمد کے مسالک کے متبع ہیں۔ وہ امیر امداد اللہ کے مخصوص اصحاب میں رہ چکے ہیں۔ اس کے بعد مولانا شیخ الہند کے اسی طرح قریبی دوست حجاز کے سفر میں ہر وقت اُن کے ساتھ رہتے تھے۔ تاکہ وہ کوئی خفیہ کام نہ کر سکیں۔ مجھے معلوم ہے کہ وہ اس قسم کے کام کرتے رہے۔ اور انہوں نے اپنے لئے اوقات فرصت نکال لئے۔ تو اس سے مجھے قیاس کرنے میں آسانی ہوئی۔ کہ اسی طرح امیر امداد اللہ بھی اپنے لئے وقت نکال لیتے ہونگے میں خود بھی اسی طرح کی مصیبت میں مبتلا رہا ہوں۔ اگرچہ میرا ہندوستان سے کوئی تعلق باقی نہیں

مولانا شیخ الہند کے واقعات ہمارے سامنے نہ ہوتے تو ہم ان اکابر کی محنت کی قدر نہ کر سکتے ؛

دلِ من داند و من دانم و داند دلِ من

(۵) سقوطِ دہلی کے نو برس بعد ۱۲۸۳ھ ۱۸۶۶ء میں مدرسہ دیوبند کی[1] تاسیس ہوئی ؛

(الف) امیر امداد اللہ نے مکہ معظمہ میں ۱۲۷۶ھ سے فیصلہ کیا۔ کہ اطراف دہلی میں امام عبدالعزیز کے مدرسہ کے نمونہ پر ایک مدرسہ بنایا جائے ؛

(ب) مولانا محمد قاسم سات سال مسلسل کوشش کرتے رہے تب کہیں ایک جماعت کو دیوبند میں مدرسہ بنانے پر آمادہ کر سکے۔ اس کے بعد اُن کی

(بقیہ صفحہ ۲۰۳) رہا تھا۔ مگر یورپ میں میرے دوست کافی موجود تھے۔ اور کابل کے لوگ بھی مجھ سے ملتے رہے۔ تو مجھے اس میں نہایت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ لہذا میں ان اپنی تکالیف اور مولانا شیخ الہند کی مجبوریوں کو سامنے رکھ کر حاجی امداد اللہ صاحب کے کام کی جسقدر میں اہمیت سمجھتا ہوں۔ دوسرا شخص اس کا اندازہ نہیں لگا سکتا۔

[1] اب تک امیر امداد اللہ کی رہنمائی تھی۔ جو مکہ معظمہ میں بیٹھ کر کام کرتے رہے۔ تو اس جماعت نے مدرسہ دیوبند کو مرکز بنا لیا۔ اور اس کی تمام چیزیں امیر امداد اللہ کی مصلحت پر چلتی رہیں۔ دیوبند کی روح دراصل امیر امداد اللہ کی مصلحت پر چلنا ہے۔

دوڑ دھوپ سے اسی طرز پر ایک مدرسہ سہارنپور میں[1]، اور ایک مراد آباد میں بن گیا۔ جو مدرسہ دیوبند کی شاخیں ہیں ؛

(ج) مدرسہ دیوبند کے لئے ہفت سالہ نصاب تعلیم، اور مستقل نظام عمل او اساسی قواعد مولانا محمد قاسم نے بنائے انہوں نے اپنی سکیم میں امام عبدالعزیز کے مدرسہ اور حزب ولی اللہ کے مقاصد کو محفوظ کر دیا ہے ؛

جملہ معترضہ | اس کے بعد دوبارہ اس نصاب پر نظر ثانی ہوئی ہے۔ پہلی دفعہ مولانا محمد یعقوب دیوبندی کے زمانہ میں ہشت سالہ نصاب کی صورت میں دوسری بار مولانا شیخ الہند کی جمعیۃ الانصار کی تحریک پر۔ الحمدللہ کہ دونوں دفعہ حزب ولی اللہ کی تعلیم[ا]نی روح محفوظ رہی ؛

---

[1] دار العلوم دیوبند اسس فی ۱۲۸۳ھ فاقتدی الناس فی تاسیس الفروع۔ فاول فرع تأسس بعد ستۃ اشہر فی سہارنپور۔ حتی وصلت الی اربعین فرعًا۔ لکن نظامہا علی اللامرکزیۃ وکنت فی اول زمان تنظیم جمعیۃ الانصار احب ان اغیر نظام الفروع المذکورۃ الی المرکزیۃ۔ ولکن شیخنا شیخ الہند ما کان یلتفت الی ذلک الا قلیلا۔ و بعد ثلث سنین تبینت لی حکمۃ اللامرکزیۃ بالتجارب۔ فان الحکومۃ لا تسہل لہا ان تتحامل وتغلب علی ذلک النظام۔ و حفظ الحریۃ مقدم علی تحسین الصورۃ۔ ھ۔ کتاب التمہید ص ۱۵۵

اس کے بعد جب کبھی ترمیم نصاب کا سوال پیدا ہوتا ہے۔ تو میں اس پہلے ہفت سالہ نصاب کو محفوظ دیکھنا چاہتا ہوں۔ میں ڈرتا ہوں۔ کہ مصر و شام کی تقلید میں قطع و برید کرنے سے اس نصاب کی وُہ استعداد ختم نہ کر دی جائے جس کے سبب سے اَب تک وُہ امام ولی اللہ کی حکمت کے مطالعہ کے لئے مقدمہ بنتا رہا ہے ؛

(۶) مدرسہ دیوبند کے لئے مرکزی فکر اور سیاسی مصلحت کے اصول امیر امداد اللہ اور اُن کے رفقا، مولٰینا محمد قاسم۔ مولانا رشید احمد۔ مولانا محمد یعقوب دیوبندی کے اجتماع نے معین کئے ہیں۔ اس لئے دیوبندی پارٹی کی مرکزی جماعت میں وُہ شخص شامل نہیں ہوسکتا۔ جو یہ اصول کا عملًا تسلیم نہ کرتا ہو[۱] ؛

(الف) مدرسہ دیوبند کا اساسی اصول یہ ہے۔ کہ حزب ولی اللہ نے اپنے پہلے دَور میں جسقدر علوم و معارف کی اشاعت ضروری سمجھی۔ حنفی فقہ کی پابندی سے ان علوم و معارف کو تدریس و تصنیف کے وسائل سے زندہ رکھا جائے ؛

(ب) اس مدرسہ کی باقاعدہ تعلیم سے جسقدر علماء تیار ہوں گے وُہ

---

(۱) مولانا اشرف علی صاحب کے اتباع کا مرکز پر قبضہ کرنے طے شدہ اصول کے بالکل خلاف ہے ؛

مساجد اور مدارس میں کام کرنے کے لئے پوری استعداد رکھتے ہیں ؞

(ج) اس تعلیم کے بعد جسقدر علما امام ولی اللہ کے جادہ قومیہ اور حکمت کی حفاظت کرنا چاہیں یا حکومت کے مناصب عالیہ کی اہلیت پیدا کریں تو اُن کے لئے کوئی خاص نصاب معین نہیں۔ بلکہ درسی کتابوں سے فارغ ہو کر اساتذہ کی صحبت میں رہیں مثلاً مولینا محمد قاسم کی صحبت میں امام ولی اللہ کی حکمت سے آشنا ہو سکتے ہیں۔ مولانا رشید احمد کی خدمت میں فقہ اور تصوف کی تکمیل کر سکتے ہیں۔ مولانا محمد یعقوب دیوبندی کی رفاقت میں سیاسی اصول سمجھ میں آسکتے ہیں! در امیر امداد اللہ کی بیعت سے پارٹی میں منسلک ہو جاتے ہیں ؞

(د) مدرسہ دیوبند کے لئے ضروری ہے کہ حکومت کابل میں اپنا وقار ثابت کرتا رہے۔ اس لئے ماوراء السند کے لئے جس قدر طلبہ دیوبندی نظام میں تعلیم پائیں۔ انہیں ہدایت دی جائے گی۔ کہ اپنی اقوام کے نظام اور اپنی حکومت کے نظام کو برہم نہ کریں[1] ؞

(الف) جسطرح ہند میں دیوبندی جماعت مسلمانوں کی دوسری

---

[1] یعنی وہاں جاکر اہل بدعت اور اہل حدیث کے رد کے جھگڑے پیدا نہ کریں۔

جماعتوں کے ساتھ بالاضطرار منازعت میں مبتلا ہو گئی ہے۔ ان جھگڑوں کو ماوراء السند میں پھیلنے سے روکا جائے ؛

(ب) مدرسۂ دیوبند کے لئے ضروری ہے۔ کہ مکہ معظمہ کے مرکز کے توسط سے سلطنت عثمانیہ کے ساتھ اپنا ربط زیادہ مستحکم کرتا رہے ؛

(ج) مدرسہ دیوبند کے لئے ضروری ہے۔ کہ اضطراری حالات کا استثناء قائم رکھ کر حکومت انگریزی کے مصالح سے غیر جانب داری اختیار کرتا رہے ؛

(۸) مدرسہ دیوبند کی تاریخ کا پہلا دور، مولانا رشید احمد کی وفات پر ۱۳۲۳ھ میں ختم ہوتا ہے۔ اس چہل سالہ دور کا سب سے بڑا کارنامہ علمی تحریک کی توسیع اور مرکزی فکر کی حفاظت ہے :-

(الف) علمی تحریک اطراف ہند سے نکل کر افغانستان و ترکستان تک اور حجاز و قازان تک پہنچ گئی ؛

(ب) دیوبند کے مرکزی فکر پر جس قدر حملے ہوئے۔ وہ نصاریٰ اور ہنود کی طرف سے ہوں یا شیعہ و مبتدعین کی طرف سے۔ یا نجدی و یمنی ذوق رکھنے والے ہندوستانیوں کی طرف سے یا یورپین ذہنیت رکھنے والے نوجوانوں

کی طرف سے اُن میں سے اکثر اعتراضات کے جوابات محققانہ اور مجادلانہ تیار ہو گئے ؛

(۹) ۱۳۲۳ھ سے حضرت مولانا محمود الحسن دیوبندی شیخ الہند کی صدارت میں مدرسہ دیوبند کا دُوسرا دَور شروع ہُوا۔ جو ۱۳۳۹ھ میں شیخ الہند کی وفات پر ختم ہُوا۔ اگر امام عبدالعزیز کی وفات پر ۱۲۳۹ھ میں حزب ولی اللہ کا پہلا دَور ختم کر دیا جائے۔ اور امام ولی اللہ کے کام کو ۱۱۴۴ھ سے پانچ سال پہلے سے (جب انہوں نے ترجمہ قرآن لکھنا شروع کیا) شروع مان لیں۔ تو پہلا دَور بھی سو سال ہجری کا بن جاتا ہے۔ اور دوسرا دَور بھی پورے سو سال کا قرار پاتا ہے ؛

(الف) سب سے پہلے مولانا شیخ الہند نے مدرسہ دیوبند کے پرانے فارغ شدہ عالموں کو "جمعیۃ الانصار" میں جمع کرنا شروع کیا۔ اِسطرح دیوبندی نظام کی تعلیمیافتہ جماعتوں کی ساری اجتماعی طاقت منظم ہو گئی۔ اِس نظام میں جسطرح ہندوستانی ممالک کے علماء داخل ہوئے۔ اسی طرح افغانی اور ترکستانی علماء بھی شامل ہو گئے ؛

(ب) درجہ تکمیل جواب تک غیر منظم صورت میں تھوڑے سے

افراد پر مشتمل تھا۔ اس کے قواعد وضوابط منضبط ہو گئے۔ مولانا شیخ الہندؒ نے امام ولی اللہ اور مولانا محمد قاسمؒ کی کتابوں کو اس درجہ کی تعلیم کا لازمی عنصر قرار دیا گیا +

(ج) مدرسہ دیوبند کو دارالعلوم کے درجے تک پہنچایا۔ دارالحدیث کو اس کی مرکزی درسگاہ (کالج) قرار دیا +

(۱۰) ۱۹۱۴ء کی حرب عمومی میں ٹرکی کے شامل ہونے کے بعد جمعیۃ الانصار کے توسط سے اپنی پارٹی کی پوری طاقت کو دولت عثمانیہ کی تائید میں استعمال کرنے کا فیصلہ کیا کیونکہ عثمانی سلطان خلافت اسلامیہ کا حامل تھا۔

(الف) مولانا شیخ الہند کی تحریک (باوجودیکہ ایک مذہبی اساس پر مبنی تھی) دنیا کی انقلابی تاریخ کا اہم واقعہ ہے۔ جس طرح انقلاب فرانس بھی ایک مذہبی عالم کی تحریک سے شروع ہوا تھا۔ اور اس سے اس کی انقلابی طاقت کی توہین نہیں ہو سکتی۔ اس وقت مولانا شیخ الہند کی تحریک کی تفاصیل ان صفحات پر نہیں لکھنا چاہیے۔ ہم یقین رکھتے ہیں۔ کہ آنے والے دور کے بہترین مؤرخ اسے نہایت صفائی سے لکھیں گے۔ ہندوستان، انگلستان

لہ پہلے ہمارا خیال تھا۔ کہ مولانا شیخ الہند کے ان واقعات سے متعلق اجمالی اشارے حاشیے میں لکھوا

افغانستان، ترکستان کی تاریخ تو اس واقعہ کے بغیر مکمل ہو ہی نہیں سکتی۔ اس کے ساتھ یورپ کی انقلابی طاقتیں بھی اس کا احترام کرنے پر مجبور ہیں ۔

(ب) الصدر الحمید مولانا محمد اسحاق نے ۱۲۳۹ھ کے بعد دوسرے دور کو دولت عثمانیہ کے اتصال سے شروع کیا تھا۔ اور مولانا شیخ الہند کے مشائخ

دیں گے۔ جس سے بہت سی غلط فہمیاں دور ہو جائیں گی ۔ لیکن بعد میں ہماری رائے بدل گئی کیوں کہ اس بڑے معاملہ میں اشاروں سے کام نہیں نکلے گا۔ اب ہمارا فیصلہ ہے کہ اس موضوع پر مستقل رسالہ انگریزی میں لکھوائیں گے۔ جس میں پہلے تو مولانا شیخ الہند کا اس تحریک میں اصلی مقام کیا تھا۔ اسے معین کریں گے۔ مولانا محمد قاسم حکیم الہند امام ولی اللہ کی حکمت اور انقلاب کے مجدد تھے اور مولانا شیخ الہند اپنے استاذ مولانا محمد قاسم کے علم و عمل کے آرگنائزر۔

اس کے بعد سر پرسے کاکس اور مسٹر مانٹیگ وغیرہ برطانوی مدبرین کے بیانات نمایاں کر دئے جائیں گے۔

مولانا شیخ الہند جب مالٹا میں اسیر ہوئے۔ تو وہاں دول یورپ کے مختلف نمائندوں سے ملاقاتیں ہوئیں۔ وہ حیران تھے۔ کہ ایک ہندوستانی جو برطانوی سبجکٹ ہے گورنمنٹ سے لڑائی کا اعلان کرتا ہے وہ کس طرح سزائے موت سے بچ گیا۔ اور پھر اسے جنگی قیدی کا اعزاز کیوں دیا گیا۔

مولانا شیخ الہند کے خدام جو یوروپ میں کام کر رہے تھے۔ ان حکومتوں کے لوگ جب ان سے ملے تو انہیں اس تحریک کی تحقیق کا موقعہ ملا۔ ہم سے بھی جب کبھی یہ لوگ کابل میں یا یورپ میں ملے تو انہی مسائل کے متعلق بحث کرتے رہے ۔ اس رسالہ میں ان مباحث کا خلاصہ بھی دے دیا جائے گا۔ مضمون کی نوعیت کا تقاضا ہے۔ کہ یہ کتاب انگریزی میں شائع کی جائے۔

عبید اللہ سندھی

نے اسے تکمیل تک پہنچایا۔ مگر دولت عثمانیہ گزشتہ حرب عمومی میں ساقط ہو گئی۔ اس لئے دولت عثمانیہ کی شکست پر حزب ولی اللہ کا دوسرا دور ختم ہوا۔[1]

مولانا شیخ الہند نے دولت عثمانیہ کی تائید کے لئے جو تحریک شروع کی تھی۔ اس کی مرکزیت چونکہ دہلی میں تھی۔ اس سے ضمنی طور پر ہندوستانی انقلاب کی تائید میں ایک غیر متوقع صورت پیدا ہوگئی۔ دولت عثمانیہ کی شکست کے بعد مولانا شیخ الہند نے اس ہندوستانی تحریک کو اپنا مستقل موضوع بنا لیا۔ اس سے ہم حزب ولی اللہ کا تیسرا دور شروع کرتے ہیں۔

(۱) مولانا شیخ الہند نے (۱) امام ولی اللہ کی حکمت پڑھانا ضروری قرار دیا ہے۔ اس سے ہم ایک خاص نتیجہ اخذ کرتے ہیں۔ وہ یہ ہے۔ کہ ہم امام ولی اللہ کی فلاسفی کو اپنی مستقل پارٹی کا اساسی اصول بناتے ہیں۔ یہ فلاسفی غیر مسلم ہندوستانی کو اپنے ساتھ لا سکتی ہے۔ یہ فلاسفی یورپین ازم کی لادینیت کو فنا کر سکتی ہے۔ یہ فلاسفی اپنی اقتصادی مصلحت سے دنیا پر تفوق حاصل کر سکتی ہے۔

(۲) مولانا شیخ الہند نے کالج پارٹی کے انقلابی عنصر کو اپنی تحریک

[1] کیونکہ اس دور کی ابتدا ترکی اتصال سے شروع ہوئی۔ جب ترکی حکومت ختم ہوگئی۔ تو وہ پرانا پروگرام بیکار ہوگیا۔

میں شامل کرلیا تھا۔ اُن کے پارٹی پروگرام کو چلانے والے مولانا کفایت اللہ اور مولانا حسین احمد کے ساتھ ڈاکٹر مختار احمد انصاری اور مولانا محمد علی مساوی درجے پر شریک تھے۔ اس سے ہم ایک خاص نتیجہ اخذ کرتے ہیں۔ ہم یورپین ازم کو اپنی مستقل پارٹی کے پروگرام میں داخل کرتے ہیں۔ کیونکہ ہم یقین رکھتے ہیں۔ کہ کانگریس پارٹی کا انقلابی عنصر ترقی کر کے کمالی پروگرام منظور کرے گا۔ البتہ ٹرکی کی طرح ہم لادینیت پر سکوت نہیں کرتے۔ بلکہ امام ولی اللہ کی فلاسفی سے اس کا علاج کر لیتے ہیں ؞

(۳) مولانا شیخ الہند نے انڈین نیشنل کانگریس کی شرکت منظور کرلی اس سے ہم ایک خاص نتیجہ اخذ کرتے ہیں۔ ہم عدم تشدد کی پالیسی سے ڈومینین اسٹیٹس حاصل کرنے کو اپنی مستقل پارٹی کے پروگرام میں داخل کرتے ہیں۔ ہم ثابت کرسکتے ہیں۔ کہ عدم تشدد کا پابند ڈومینین اسٹیٹس ہی حاصل کر سکتا ہے ؞

ہمارے تیسرے دَور کے پروگرام کا خلاصہ یہی تین اصول ہیں۔

(۱۲) جس طرح پہلے دَور کے خاتمے پر اللہ تعالیٰ نے مولانا محمد اسمٰعیل شہید اور اُن کے رفقا کے کارناموں سے تحریک کو زندگی بخشی۔ اسی طرح

ہم امید کرتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے دوسرے دَور کے خاتمہ پر مولانا شیخ الہند اور اُن کے مشائخ کی خدمات قبول فرمائے گا۔ اور اُن کے عزائم میں اس قدر برکت نازل کرے گا۔ کہ امام ولی اللہ کی تحریک اپنے تیسرے دَور میں ہند کی اصلاح کے توسّط سے دنیا کی رہنمائی کا ذریعہ بن جائے۔ واللہ الموفق۔

وآخر دعونا ان الحمد للہ رب العلمین۔

جمنا، نربدا، سندھ ساگر پارٹی کا مختصر

اساسی پروگرام

(۱) دارالرشاد کے پرانے کارکن جو وطنی خدمت کو اپنا مذہبی فرض سمجھتے ہیں۔ انڈین نیشنل کانگرس کے اندر ایک مستقل پارٹی تشکیل کرتے ہیں۔ جسے شمال مغربی ہند کے محدود رقبہ جات سے تعلق ہوگا۔

(الف) اس پارٹی کا نام "جمنا نربدا، سندھ ساگر پارٹی" ہوگا۔

(ب) اس پارٹی کا میدانِ عمل چار حصوں پر منقسم ہے۔ (۱) آج کا صوبہ سندھ جس کا مرکز کراچی ہے (۲) دریائے سندھ اور اس کے معاونین کی زمین جس کا مرکز لاہور ہے (۳) دوآبہ گنگا جمنا اور اس کا زیر اثر اجمیری۔ بنارسی علاقہ جس کا مرکز دہلی ہے (۴) ہند کا ایسا حصّہ جو اپنے فیصلے سے پارٹی میں شامل ہو۔

۲۔ اس پارٹی کے نظری اصول یہ ہیں۔

(الف) عدم تشدد کی پابندی سے کامل آزادی حاصل کرنا (ب) کاشتکار اور دستکار محنت کش کی معاشی حالت درست کرنا۔ اور اسے ترقی دے کر یورپ کے محنت کش کے برابر بنانا (ج) ہند کو ایک ملک نہیں۔ بلکہ یورپ کی طرح مجموعۂ ممالک ماننا۔ زبان اور معاشرت کو ملکی تقسیم کا اساس بنانا (د) ہر ایک ہندوستانی ملک میں مستقل سکونت رکھنے والے ہر مرد و عورت کا مساوی حق ماننا۔ اور جمہوری نظام پر قومیت کو ترقی دینا۔ نسل، مذہب، قدامت کو تفوق کا ذریعہ نہ بنانا (ہ) ہر ایک ہندوستانی ملک کی عام آبادی کو اس کی مادری زبان میں تعلیم دے کر ووٹ کی قیمت سمجھانا (و) ترقی یافتہ یورپ کے صنائع کو اپنے ملک میں پیدا کرنے کے لئے اور وطن کی خدمت و حفاظت میں ہر مرد و عورت کو جوانمردی سکھانے کے لئے یورپین معاشرت اختیار کرنا (ز) فکر اور اخلاق اور سیاست میں یکسانی پیدا کرنے کے لئے امام ولی اللہ دہلوی کی حکمت اور فلسفے کو پارٹی کا عقلی اساس ماننا۔ اور اس راستے سے انسانیت کی خدمت کے لئے تیار کرنا۔ (ح) ہندوستان کی وحدت کو فیڈریشن میں منحصر سمجھنا (ط) فیڈریشن کی تکمیل کے لئے ایک کافی لمبی مدت تک برٹش کامن ویلتھ میں رہنے کا فیصلہ کرنا (ی) فیڈریشن کی زبان ترقی یافتہ ہندوستانی (اردو) اور انگریزی کو ماننا۔

۳- پارٹی کے عملی اساسی اصول یہ ہیں:۔

(الف) پارٹی اپنے نظریات کو پھیلانے کے لئے خاص تعلیم گاہوں میں خدام خلق تیار کرے گی۔ فقط وہی لوگ پارٹی کے ممبر بن سکیں گے۔ جو انسانیت کی خدمت کو اپنا فرض قرار دیں گے۔ اور عدمِ تشدد کی پابندی سے اس غرض کی تعمیل میں ہر قسم کی مشقت برداشت کرنے کا عہد کریں گے۔ کہ وہ تکلیف دینے والوں پر کسی صورت میں ہاتھ نہیں اٹھائیں گے۔ (ب) پارٹی کے جس قدر ممبر حکومت میں شریک ہوں گے۔ وہ اپنی کرسی پر بیٹھ کر ملک کے ہر ایک فرد کے ساتھ یکساں معاملہ کریں گے۔ اور رشوت لینا بند کرائیں گے (ج) پارٹی کے تجارت پیشہ ممبر ماپ اور تول میں کمی بیشی نہیں کریں گے۔ حساب لکھنے میں خیانت نہیں کریں گے۔ اور ربا بند کرائیں گے (د) پارٹی کے زمیندار ممبر کاشتکار سے جو معاہدہ کریں گے۔ اس کے پابند رہیں گے۔ کاشتکار کے خاندان کی بڑھتی ہوئی ضروریاتِ زندگی بہم پہنچانے میں پوری مدد دیں گے (ہ) پارٹی کے کاشتکار ممبر حکومت کا مقررہ خراج اور زمیندار کا حصہ معاہدے کی پابندی سے پورا ادا کریں گے (و) پارٹی کے دستکار ممبر جس سے معاملہ کریں گے۔ امانت کو اپنا شعار بنائیں گے (ز) پارٹی کے جس قدر ممبر علمی یا اخلاقی خدمت کرنے کے لئے مخصوص ہیں۔ وہ اپنے ملک کی جہالت دور کرنے میں انتہائی جد و جہد کریں گے۔ وہ ادنیٰ ضروریاتِ زندگی پر اکتفا کریں گے (ح) پارٹی کے ہر علمی ممبر کا فرض ہوگا۔ کہ وہ ہر ایک مرد و عورت کو لکھنا پڑھنا سکھائے (۱) اپنی ملکی زبان میں (۲) اپنی بین الاقوامی زبان میں (۳) ہر ایک پابند مذہب کو اس کی مذہبی زبان میں (ط) پارٹی کے ہر اس ممبر کا جو اخلاقی استاد یا مرشد مانا جاتا ہے۔ فرض ہوگا کہ وہ اپنے ملکی بھائیوں کو حقوق کا احترام سکھائے۔ یہاں تک کہ اس کے ملک کا ہر ایک شخص کسی انسان کی جان، و مال، عزت کو نقصان پہنچانا اخلاقاً حرام سمجھے (ی) پارٹی کا ہر ایک ممبر اپنی ضروریاتِ زندگی خود کما کر حاصل کرے گا۔ اس کا فرض ہوگا۔ کہ ملک سے بیکاری کی زندگی کو ختم کر دے۔ ہر امیر و غریب کو کسی نہ کسی طریقے سے محنت کش بنایا جائے۔ و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

عبید اللہ سندھی
مؤسس۔ ج۔ ن۔ سندھ ساگر پارٹی